Presented by: Rana Jabir Abbas

1558
1306

رموز کلام انیس

ڈاکٹر سید رضوان حیدر

[illegible] رستم نگر لکھنؤ ۳
فون: ۳۹۰۷۵
280756

کاشانۂ رضویہ
۲۰/۱۹۔ بخشی بازار، الہ آباد۔ انڈیا
فون نمبر: ۶۱۲۱۸۹

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب	:	رموز کلام انیسؔ
مصنف	:	ڈاکٹر سیّد رضوان حیدر
کتابت	:	قربان علی
سنہ اشاعت	:	مئی ۱۹۹۶ء
تعداد	:	چھ سو
ناشر	:	مصنف
قیمت	:	Rs. 150/- روپیہ یا ۴ ڈالر یا ۳ پاؤنڈ

مراکز حصول

۱۔ ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس۔ لال کنواں دہلی ۶
۲۔ یونیورسل بک ایجنسی۔ سی/۱۵ اکبری اسکیم۔ الہ آباد۔
۳۔ نصرت پبلشر۔ امین آباد لکھنؤ۔
۴۔ ایجوکیشنل بک ہاؤس، شمشاد مارکیٹ۔ علی گڈھ
۵۔ محفوظ بک ایجنسی۔ مارٹن روڈ۔ کراچی

RUMOOZ-E-KALAM-E-ANEES

By Dr. SYED RIZWAN HAIDER

"کلام انیسؔ میں مذہبی عناصر"۔ قرآنی آیات، احادیث رسول، اقوال معصومین، فقہی مسائل، تاریخی شخصیات، واقعات اور محاربات کے مصادر و ماخذ کی تلاش اس مقالہ کا محرک ہے۔ اسی تحقیقی مقالہ پر الہ آباد یونیورسٹی نے ڈاکٹر آف فلاسفی کی ڈگری تفویض کی۔

میری قدر کر اے زمین سخن
تجھے بات میں آسماں کر دیا
میر انیسؔ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انتساب

استاد محترم پروفیسر **جعفر رضا**

(صدر شعبہ اردو الہ آباد یونیورسٹی)

کے نام

اظہار تشکر

دنیائے علم وادب کی باعمل شخصیت جناب ملّا اصغر صاحب مدظلہ العالی صدر ورلڈ خوجہ فیڈریشن لندن جو افریقہ سے لے کر یورپ امریکہ اور کناڈا تک اپنی مسلسل کوشش اور مختلف زبانوں میں حکیمانہ بیانات سے اعلیٰ قدروں کو بیدار کرنے کے لئے نئی روح پھونکتے رہے ہیں۔ ساری دنیا میں بہت سے تعلیمی اداروں کا فروغ، علمی اور اخلاقی کتابوں کی اشاعت کا سلسلہ ان کی قومی بصیرت اور مجاہدانہ اقدام کی بدولت آج تک جاری ہے۔

خدا سے دعاگو ہوں کہ ان کے خدمات کا یہ تسلسل صالح اور صحت مند معاشرہ کی فکری اور عملی تربیت کیلئے برقرار رہے، اس کتاب کی اشاعت بھی انھیں کی کرم فرمائی اور قابل قدر تعاون کا ثمرہ ہے۔

مصنف

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فہرست

حرف آغاز ۱ ——— ۶

باب اوّل: مذہب اور ادب ۷ ——— ۵۰

مذہب کی تعریف ص ۸ مذہب ایک فطری حقیقت ص ۱۱ مذہب کی سماجی ضرورت ص ۱۶
مذہب اخلاقی اصولوں کا ضابطہ ص ۱۸ مصائب زندگی برداشت کرنے کی قوت ص ۱۹ نظریاتی خلاء کو پُر کرنا ص ۱۹
علم و دانش کی ترقی میں اعانت ص ۲۰ توحید کو قائم کرنا ص ۲۱ حیات بعد الموت کی اطلاع ص ۲۱
عالمی مذاہب میں اسلام کی ضرورت ص ۲۲ کتب سماوی کے برحق ہونے کی تصدیق ص ۲۲ کتب سابقہ کی غلطیوں کی اصلاح ص ۲۲
گمشدہ توحید کو قائم کرنا ص ۲۳ تکمیل انسانیت ص ۲۳ تکمیل شریعت ص ۲۳
مذہبی اختلاف کا فیصلہ ص ۲۴ اللہ کے ارادۂ ازلی کی تکمیل ص ۲۴ مذہب سے ادب کا رشتہ ص ۲۶
نظریاتی اور فلسفیانہ حیثیت ص ۲۷ اخلاقی حیثیت ص ۲۸ شخصی اور غیر آفاقی حیثیت ص ۲۸
مذہب اور ترقی پسند تحریک ص ۲۹ اردو ادب اور مذہب ص ۳۲ مذہب اور غزل ص ۳۴
مذہب اور قصیدہ ص ۳۶ مذہب اور مثنوی ص ۳۸ مذہب اور مرثیہ ص ۴۰ مرثیہ اور تصوف ص ۴۱

باب دوئم: قرآن کا انعکاس کلام انیس میں ۵۱ ——— ۱۴۵

قرآن کی آیات: آیت الم ص ۵۶ - آیت نور ص ۵۷ - آیت معراج ص ۵۸ - آیت قاب قوسین ص ۵۹
آیت تطہیر ص ۶۱ - آیت مودت ص ۶۳ - آیت اطاعت ص ۶۵ - آیت مباہلہ ص ۶۸ - آیت درود ص ۷۰

آیت صادقین ص ۷۲ - آیت قل کفیٰ ص ۷۳ - آیت ولایت ص ۷۵ - آیت نذر ص ۷۸ - آیت امام مبین ص ۸۰ -
آیت کمال ص ۸۲ - آیت علم ص ۸۵ - آیت مرج البحرین ص ۸۷ - آیت ایثار و خیر ص ۸۹ - آیت ایفاء عہد ص ۹۱
آیت فدیہ ص ۹۳ - آیت شفاعت ص ۹۵ -

قرآن کے موضوعات: - حکومت الٰہیہ ص ۹۹ - جبر و اختیار ص ۱۰۰ - بقا و فنا ص ۱۰۲ - عفو ص ۱۰۳
رزق ص ۱۰۳ - یاد الٰہی ص ۱۰۵ - دعا ص ۱۰۶ - اعمال صالح ص ۱۰۷ - صبر ص ۱۰۹ - جہاد ص ۱۱۰ - شہید ص ۱۱۱
خوں بہا ص ۱۱۴ - یتیم ص ۱۱۵ - وصیت ص ۱۱۶ موت ص ۱۱۸ - پانی ص ۱۱۹ خاک ص ۱۲۰ - بیعت ص ۱۲۱
جائے امن ص ۱۲۲ - نور و نار ص ۱۲۳ - آدم ص ۱۲۴ - یعقوب ص ۱۲۵ - صالح ص ۱۲۶ - یوسف ص ۱۲۷ - داؤد ص ۱۲۸
سلیمان ص ۱۲۹ - موسیٰ ص ۱۳۱

قرآن کے الفاظ: - بسم اللہ ص ۱۳۲ - غضب اللہ علیہم ص ۱۳۲ - شراباً طہورا ص ۱۳۳ - اولی الابصار ص ۱۳۳
ماشاء اللہ ص ۱۳۳ - خیط ابیض ص ۱۳۳ - قرض حسن ص ۱۳۳ - انفسنا انفسکم ص ۱۳۴ - ولا رطب ولا یابس ص ۱۳۴ -
لمن ص ۱۳۴ - صفا ص ۱۳۴ - یٰسین ص ۱۳۴ - کن فیکون ص ۱۳۵ - ذبح عظیم ص ۱۳۵ - لا اسئلکم ص ۱۳۵ - مودۃ ص ۱۳۵
نور السمٰوات والارض ص ۱۳۵ - قرۃ ص ۱۳۶ - ھل اتیٰ ص ۱۳۶ - واللیل اذا سجیٰ ص ۱۳۶ - والشمس وضحٰہا ص ۱۳۶
قدر ص ۱۳۷ - اذا زلزلت الارض ص ۱۳۷ - کوثر ص ۱۳۷ - صادقین ص ۱۳۷ - توکلت علی اللہ ص ۱۳۷ رعد ص ۱۳۸
لن ترانی ص ۱۳۸ - یداللہ ص ۱۳۸ - سبحان اللہ ص ۱۳۸ - وحی ص ۱۳۸ - قل کفیٰ ص ۱۳۹ فی النار ص ۱۳۹
سبحان ربنا ص ۱۳۹ - حی قدیر ص ۱۳۹ - فسیکفیکہم اللہ ص ۱۳۹ -

قرآن کے سورے: سورۂ حمد ص ۱۴۱ - سورۂ فتح ص ۱۴۲ - سورۂ کوثر ص ۱۴۲ - سورۂ شمس ص ۱۴۳
سورۂ والعادیات ص ۱۴۳ - سورۂ نصر ص ۱۴۴ -

باب سوئم: کلام انیس میں احادیث رسولؐ اور اقوال معصومینؑ ۱۴۶ - ۲۱۴

احادیث: - حدیث نور ص ۱۵۳ - حدیث ثقلین ص ۱۵۶ - حدیث قرطاس ص ۱۵۹ - حدیث کساء ص ۱۶۱
حدیث مودت ص ۱۶۴ - حدیث وصایت ص ۱۶۶ - حدیث مدینۃ العلم ص ۱۶۹ - حدیث محبت ص ۱۷۰ - حدیث کمال محبت ص ۱۷۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیث لحمک لحمی ص ۱۷۴ ۔ حدیث فضیلت ص ۱۷۶ ۔ حدیث خیبر ص ۱۷۸ ۔ حدیث لوکان البحر ص ۱۸۰ حدیث غدیر ص ۱۸۲ حدیث حق ص ۱۸۵

حدیث ایمان ص ۱۸۶ ۔ حدیث سفینہ ص ۱۸۸ ۔ حدیث الوّدہ ص ۱۸۹ ۔ حدیث شفاعت ص ۱۹۰ ۔ حدیث امامت ص ۱۹۲

حدیث حسین منی ص ۱۹۳ ۔ حدیث سیادت ص ۱۹۴ ۔ حدیث حجت ص ۱۹۶ ۔ حدیث دعا ص ۱۹۸ ۔ حدیث ردالبلاء ص ۱۹۹

حدیث فقر وقناعت ص ۲۰۰ ۔ حدیث محن ص ۲۰۱ ۔

اقوال :- اقوال حضرت علیؑ ص ۲۰۲ تا ۲۰۴ اقوال امام حسین ص ۲۰۵ تا ۲۰۷، اقوال امام محمد باقر و امام جعفر ص ۲۰۸

قول امام جعفر صادق ص ۲۰۹ ۔ قول امام مہدی ص ۲۱۳ ۔

باب چہارم کلام انیس میں فقہی مسائل ۲۱۵ — ۲۵۸

اصطلاحات : واجب ص ۲۲۰ ۔ حرام ص ۲۲۱ مستحب ص ۲۲۱ مکروہ ص ۲۲۱ ۔ مباح ص ۲۲۱

حاکم شرع ص ۲۲۱ ۔ آب قلیل ص ۲۲۱ ۔ آب کر ص ۲۲۱ ۔ آب مضاف ص ۲۲۱ ۔ آب مطلق ص ۲۲۱

فرض ص ۲۲۱ ۔ استطاعت ص ۲۲۱ ۔ قصد قربت ص ۲۲۱ ۔ قضا ص ۲۲۲ فرادی ص ۲۲۲ ۔ سنت ص ۲۲۲ ۔ کفارہ ص ۲۲۲

موضوعات : عبادت ص ۲۲۲ ۔ وضو ص ۲۲۴ ۔ تیمم ص ۲۲۵ ۔ نماز ص ۲۲۶ ۔ قبلہ ص ۲۲۸ ۔

قیام وقعود ص ۲۳۰ ۔ رکوع ص ۲۳۱ ۔ سجدہ ص ۲۳۳ قنوت ص ۲۳۷ تشہد ص ۲۳۹ ۔ نماز عصر ص ۲۴۰ ۔

سجدۂ شکر ص ۲۴۱ ۔ مصافحہ ص ۲۴۲ ۔ خضوع وخشوع ص ۲۴۳ ۔ نماز شب ص ۲۴۴ ۔ روزہ ص ۲۴۵

نیت ص ۲۴۶ ۔ افطار ص ۲۴۷ ۔ کفارہ ص ۲۴۸ ۔ حج ص ۲۴۹ ۔ احرام ص ۲۵۱ ۔ عمرہ ص ۲۵۲ طواف ص ۲۵۲

زکوٰۃ ص ۲۵۳ ۔ احکام میت ص ۲۵۴ ۔ غسل وکفن ص ۲۵۵ ۔ پردہ ص ۲۵۶ ۔

باب پنجم کلام انیس میں تاریخ اسلام کی شخصیات، واقعات ومحاربات — ۲۵۹ ——— ۳۵۸

انبیاء کرام :- آدمؑ ص ۲۶۵ ۔ نوحؑ ص ۲۶۶ ۔ ابراہیمؑ ص ۲۶۹ ۔ خضرؑ ص ۲۶۹ ۔ یعقوبؑ ص ۲۷۰

یوسفؑ ص ۲۷۱ ۔ موسیٰؑ ص ۲۷۲ ۔ الیاسؑ ص ۲۷۳ ۔ ایوبؑ ص ۲۷۳ ۔ داؤدؑ ص ۲۷۴ ۔ سلیمانؑ ص ۲۷۵

یونسؑ ص ۲۷۵ ۔ عیسیٰؑ ص ۲۷۶ ۔

پنجتن پاک :- (۱) محمد مصطفیٰؐ — فضائل ص ۲۷۷ ۔ معجزہ شق القمر ص ۲۷۸

(۲) حضرت علیؑ — ولادت ص ۲۸۰ ۔ آغوش رسول میں قرآن کی تلاوت ص ۲۸۰

معجزات وکرامات ص ۲۸۰ ۔ سیرت وکردار ص ۲۸۱ ۔ ضربت ص ۲۸۲ ۔ وصیت ص ۲۸۲ شہادت ص ۲۸۲

(۳) فاطمہ زہراؑ — القاب ص ۲۸۵ ۔ مرسل اعظمؐ کا بیٹی کی تعظیم کرنا ص ۲۸۸ ۔ شہادت ص ۲۸۸

(۴) امام حسنؑ ص ۲۹۰ ۔ منصب امامت ص ۲۹۱ ۔ اخلاق ص ۲۹۱ ۔ شہادت ص ۲۹۱

(۵) امام حسینؑ — تاریخ ولادت ص ۲۹۵ ۔ کمال طہارت ص ۲۹۵ ۔ شہادت ص ۲۹۵

امام حسن وامام حسین (حسنین) کے مشترک فضائل : جنت سے لباس آنا ص ۲۹۶ ۔

رسول کا ناقہ بننا ص ۲۹۶ ۔ خوش نویسی کا مقابلہ ص ۲۹۷ ۔

واقعات ومحاربات : شب ہجرت ص ۳۰۰ ۔ جنگ بدر ص ۳۰۱ ۔ جنگ احد ص ۳۰۱ ۔ جنگ بیرالعلم ص ۳۰۴

جنگ خندق ص ۳۰۶ ۔ جنگ خیبر ص ۳۰۸ ۔ فتح مکہ ص ۳۱۰ ۔ جنگ حنین ص ۳۱۱ ۔ جنگ جمل ص ۳۱۲ ۔ جنگ صفین ص ۳۱۳

ناصران اسلام اور اصحاب رسولؐ : ابوطالبؑ ص ۳۱۴ ۔ عقیلؑ ص ۳۱۵ ۔ جعفر طیارؑ ص ۳۱۶

حمزہؑ ص ۳۱۷ ۔ مالک اشترؓ ص ۳۱۸ ۔ قنبرؓ ص ۳۱۹ ۔ بلالؓ ص ۳۲۰ ۔ سلمانؓ ص ۳۲۱

ابوذرؓ ص ۳۲۲ ۔ مقدادؓ ص ۳۲۳ ۔ عمارؓ ص ۳۲۵

مقدس خواتین : حواؑ ص ۳۲۶ ۔ سارا ص ۳۲۷ ۔ آسیہ ص ۳۲۹ ۔ مریم ص ۳۳۰ ۔ خدیجہؑ ص ۳۳۱

فاطمہؑ ص ۳۳۲ ۔ ام البنینؑ ص ۳۳۳ ۔ زینبؑ ص ۳۳۴ ۔ ام کلثومؑ ص ۳۳۵ ۔ فضہ ص ۳۳۶ ۔ فاطمہ کبریٰؑ ص ۳۳۷

فاطمہ صغریٰؑ ص ۳۳۸ ۔ سکینہ بنت الحسین ص ۳۳۸

اعوان وانصار امام حسینؑ : حر ابن یزید ریاحی ص ۳۳۹ ۔ سعد ابن عبداللہ ص ۳۴۰ ۔ زہیر ابن قین ص ۳۴۰

ابوثمامہ صیداوی ص ۳۴۱ ۔ عابس ابن شبیب شاکری ص ۳۴۲ ۔ ہلال ابن نافع ص ۳۴۲

حبیب ابن مظاہر ص ۳۴۳ ۔ عامر ابن سلامہ دالانی ص ۳۴۴ ۔ اسد کلبی ص ۳۴۵ ۔ قاسم ص ۳۴۶

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عباس ص۳۴۶ ۔ علی اکبر ص۳۴۷ ۔ علی اصغر ص۳۴۸ ۔ عون ص۳۴۸ ۔ محمد ص۳۴۹ ۔ مسلم ص۳۴۹

دشمنان خدا و رسول : ابلیس ص۳۵۰ ۔ شداد ص۳۵۱ ۔ نمرود ص۳۵۲ ۔ فرعون ص۳۵۲ ۔ قارون ص۳۵۳
ابولہب ص۳۵۴ ۔ عمر ابن عبدود ص۳۵۴ ۔ مرحب ص۳۵۵ ۔ عنتر ص۳۵۵ ۔ یزید ص۳۵۶ ۔ پسر سعد ص۳۵۶
شمر ذی الجوشن ص۳۵۷ ۔ حصین بن نمیر ص۳۵۷ ۔ حرملہ بن کاہل ص۳۵۷ ۔ سنان ص۳۵۸

باب ششم واقعات کربلا کا تاریخی منظر نامہ ۳۵۹ ــــ ۴۳۳

واقعۂ کربلا کی پیشین گوئی ص۳۶۸ ۔ مدینہ سے روانگی ص۳۶۹ ۔ امام حسینؑ کا مکہ پہونچکر حج کو عمرہ سے بدلنا ص۳۷۱
امام حسینؑ کی مکہ سے روانگی کے بعد کے واقعات ص۳۷۲ ۔ حر کے لشکر سے ملاقات ص۳۷۴ ۔ جناب مسلم کی
خبر شہادت ص۳۷۵ ۔ شہادت فرزندان مسلم بن عقیل ص۳۷۶ ۔ امام حسینؑ کا وارد کربلا ہونا ص۳۷۷ ۔
فرات کے کنارے خیام حسینی کا نصب ہونا ص۳۷۹ ۔ ساتویں سے بندش آب ص۳۸۰ ۔ لشکر یزید کی تعداد ص۳۸۱
امام حسین کے لشکر کی تعداد ص۳۸۲ ۔ شب عاشور ص۳۸۲ ۔ صبح عاشور اور اذان علی اکبرؑ ص۳۸۳ ۔ آغاز جنگ ص۳۸۴
شہادت حر ابن یزید ریاحی ص۳۸۵ ۔ شہادت حبیب ابن مظاہر ص۳۸۷ ۔ ہنگام ظہر ص۳۸۸ ۔ شہادت عون و محمد ص۳۸۹
شہادت حضرت قاسم ص۳۹۰ ۔ شہادت حضرت عباس ص۳۹۲ ۔ شہادت حضرت علی اکبرؑ ص۳۹۳ ۔ شہادت حضرت
علی اصغرؑ ص۳۹۶ ۔ امام حسینؑ کا اہل حرم سے رخصت ہونا ص۳۹۹ ۔ امام حسینؑ کا انداز جہاد ص۴۰۰ ۔ امام حسینؑ
کا گھوڑے سے زمین پر گرنا ص۴۰۲ ۔ حضرت عبداللہ ابن حسن کی شہادت ص۴۰۳ ۔ ہنگام عصر حضرت
امام حسینؑ کی شہادت ص۴۰۵ ۔ بعد شہادت سر حسینؑ نوک نیزہ پر ص۴۰۶ ۔ امام حسینؑ کی لاش کی
پامالی اور ظلم کی انتہا ص۴۰۷ ۔ امام حسینؑ کی شہادت کے وقت کائنات میں تلاطم اور گریہ ماتم ص۴۰۹
قربانیٔ حسینؑ کی یادگار اور وعدۂ پروردگار ص۴۱۱ ۔ تاراجیٔ خیام ص۴۱۲ ۔
شام غریباں ص۴۱۲ ۔ اسیریٔ اہل حرم ص۴۱۴ ۔ بازار کوفہ میں ہجوم عام اور اہل حرم
کا داخلہ دربار میں ص۴۱۵ ۔ سر حسینؑ اور تلاوت قرآن پاک ص۴۱۶ ۔ دربار یزید میں
اہل حرم کا داخلہ ص۴۱۷ ۔ دربار یزید میں جناب زینب کا خطاب یزید سے ص۴۱۸ ۔ سر حسینؑ سے

یزید کا بے ادبی کرنا ص۴۱۹ ۔ دربار یزید میں امام زین العابدینؑ کا خطبہ ص۴۲۰ ۔ زندان شام
اور اہل حرم ص۴۲۱ ۔ زندان شام میں سکینہ بنت الحسین کی شہادت ص۴۲۲ ۔ ہندہ زوجۂ
یزید کا خواب ص۴۲۴ ۔ اہل حرم کی رہائی ص۴۲۶ ۔ ظالم کے دربار میں مظلوم کا ماتم ص۴۲۷
کربلا ہو کر اہل حرم کی مدینہ واپسی ص۴۲۸ ۔

حرف آخر ۴۳۴ ــــ ۴۴۳

کتابیات ۴۴۴ ــــ ۴۵۱

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حرفِ آغاز

میر انیسؔ کے کلام میں مذہب کے بنیادی عناصر قرآنی آیات، احادیثِ رسول، اقوال معصومین، تاریخی شخصیات، واقعات، محاربات اور واقعات کربلا کے تاریخی مآخذ کی تلاش اس مقالے کا محرک ہے۔ کلام انیسؔ میں ادبی عناصر کا جائزہ ضرور لیا جاتا رہا ہے لیکن اردو ادب کے اس عظیم شاعر پر اب تک جو کچھ لکھا گیا ہے اس میں اس رُخ کا فقدان تھا کہ کلام انیسؔ میں مذہبی عناصر کی جڑیں اور ادبی شعور کتنا پختہ ہے۔ لہٰذا اس پر مزید تبصرے کی ضرورت کا احساس باقی تھا۔ دوسری طرف یہ تصور کہ انیسؔ کے یہاں مذہبی ادب بالخصوص واقعۂ کربلا کا تذکرہ ہے لہٰذا ان کی حیثیت ایک مخصوص طبقے کے شاعر سے زیادہ نہیں۔ لیکن اگر انصاف کی نظر سے دیکھا جائے تو اردو ادب میں انیسؔ ہی وہ واحد شاعر ہے جس نے مذہب کو ادب سے اور ادب کو مذہب سے اتنا قریب کر دیا کہ فنکاری حقیقت نگاری کی ترجمان بن گئی۔

جب کسی عظیم شاعر کا شعری سرمایہ مذہبی ہوتا ہے تو اس پر تبصرہ نگار کی نظر کا افراط و تفریط کی زد میں آجانا کوئی حیرت کی بات نہیں ہے۔ اسی لیے جب کسی کی نظر کلام انیسؔ کے ادبی پہلو پر پڑتی ہے تو اسے مذہب بے جوڑ معلوم ہونے لگتا ہے۔ اس کا وقتی تاثر یہ ہوتا ہے کہ اگر انیسؔ نے اپنا میدان بدل دیا ہوتا تو زیادہ کامیاب ہوتے اور دوسری طرف جب کسی کی نظر انیسؔ کے کلام میں مذہبی پہلو پر ٹھہرتی ہے تو وہ انیسؔ کو عالمی شعراء کی صف میں لانے سے اس لیے گریز کرتا ہے کہ اسلامی مواد عالمی مذاق

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے الگ ایک مخصوص طبقے کی دلچسپی کا سرمایہ ہے۔ لیکن عالمی ادب پاروں کو سامنے رکھنے کے بعد ادب اور مذہب باہم بے ربط ہیں اور ان کے اتحاد سے کوئی ادب پارہ پیدا نہیں ہوسکتا۔ اس نظریہ میں ترمیم اس لیئے کرنی پڑتی ہے کہ ملٹن کی نظم - PARADISE LOST، تلسی داس کی رامائن، فردوسی کا شاہنامہ اور مولانا روم کی مثنوی وغیرہ میں مذہبی استعارات کی آمیزش نے ان کی شاعرانہ عظمت کو قدآور شعراء کی صف سے نہیں نکلنے دیا۔

یونان کی عظیم شعری اور ادبی روایت میں استعاروں کا اہتمام ضرور ملتا ہے۔ لیکن یہ دراصل مذہبی نظام ہی کا قائم مقام ہے۔ روم کی عیسائی فکر میں بھی بائبل کی شخصیات و واقعات کی آمیزش سے ادبی جمال اور تنوع کا کام لیا گیا ہے۔ عہد وسطیٰ کا پورا ادب بھی مذہبی محور کے گرد گردش کر رہا ہے اسی لئے بلا کسی جانبداری کے یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ اگر یونان و روم سے لے کر یورپ تک کے ادبی شاہکاروں میں مذہبی فکر کے غلبہ نے ان کو محدود نہیں بنایا تو انیسؔ کے موضوع سخن کو مذہبی قرار دے کر انیسؔ کی شخصیت کو بھی محدود نہیں کیا جاسکتا۔

عالمی ادب کے تمام عظیم شعراء کے علی الرغم انیسؔ کی ایک امتیازی فضیلت جو پوری کائنات ادب پر بھاری ہے اور وہ یہ کہ عظیم شعراء نے استعاروں کی جلالت پر اکتفا کر لی ہے اور ان کی حقیقت کو محسوس کیا ہے۔ ان شعراء کو حقیقت کے ہم پلہ کوئی واقعی شخصیت نہیں مل سکی ورنہ وہ استعاروں پر اکتفا نہ کرتے اور شخصیت کو افسانوی دیو مالائی یا فرضی دنیا سے پیدا کرنے کے بجائے حقیقی تاریخ سے نکال لیتے۔ یہ فقط انیسؔ کی انفرادیت ہے کہ جس نے استعاروں سے شخصیت نہیں بنائی بلکہ تاریخ کی ٹھوس اور حقیقی شخصیتوں سے استعارے تخلیق کئے۔

میر انیس کو مذہب کی اعلیٰ قدریں وراثت میں ملی تھیں لیکن ابتداء میں مذہبی

مزاج سے ہٹ کر کچھ غزلیں ضرور کہیں مگر جب غزل گوئی کا مزاج ایک بارگی منقلب ہوگیا تو انیسؔ نے اس راستہ کو چھوڑ کر اپنی زندگی کے آخری لمحات تک کے لیئے اس راستہ کا انتخاب کیا جس پر چل کر ایک طرف ان کے شعری ذوق کی تسکین ہوئی تو دوسری طرف ان کو اپنی عاقبت بخیر ہونے کا یقین ہوگیا۔ چونکہ اسلامی افکار کی اساس قرآن کریم، احادیث رسول اور فقہہ کے سرچشمے ہیں لہٰذا میر انیس کی فکر انھیں سرچشموں سے سیراب ہوکر ان کے کلام میں پوری شادابی کے ساتھ نمایاں ہوئی ہے۔

راقم الحروف نے اس مقالے میں یہ بات ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ میر انیسؔ کا کلام افراط و تفریط کے نقائص سے پاک ہے اور وہ تمام الزامات جو انیسؔ کی غیر معمولی شخصیت اور فنکارانہ صلاحیت کو مجروح کرتے ہیں وہ سب بے بنیاد ہیں۔ اس مقالے کو حرف آخر تو نہیں کہا جا سکتا اس لئے کہ موجودہ حرف آخر آئندہ تحقیق کی تمہید بن جاتا ہے اور یہ کارواں عہد بہ عہد ارتقا کی منزلیں طے کرتا رہتا ہے۔ تحقیق عقل کی ایک ایسی مشق اور لطیف غذا ہے جس سے عقل میں سدھار اور نکھار پیدا ہوتا ہے اور معلومات وانکشافات کی نئی راہیں کھلتی ہیں۔ وجود عقل خود دلیل ہے کہ حقائق پر پردے ڈالے گئے ہیں جنھیں عقل کی مدد سے ہٹانا مقصود ہے۔ اگر عقل ہوتی اور اس کے سامنے مسائل نہ ہوتے تو فکر کی رفتار میں یک لخت جمود ہوتا اور علم کا دریا کبھی رواں دواں نہ ہو پاتا نہ اس کی گہرائیوں میں چھپے ہوئے حقائق کے موتی ساحل کے کنارے لگتے۔ اور نہ معلومات کی لہروں سے شعور کی تجلیاں پھوٹتیں عقل پر بہت بڑا کرم ان پردوں کا ہے جو حقائق پر ڈال دیئے گئے ہیں تاکہ عقل ان پردوں کو اٹھا کر اپنی بقا کا سامان بھی کرتی رہے اور حقائق بھی ظاہر ہوتے رہیں لیکن جتنا لطف کسی حقیقت تک پہونچنے میں ہے اسی طرح تحقیق وجستجو میں سرگرداں رہنے میں ہے۔ شاعر کا کلام تو زمان و مکان میں تاریخی اعتبار سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

محدود ہوتا ہے مگر تحقیق تاریخ کی حدوں کو عبور کرکے تحسین کلام سے نئے نئے راستے پیدا کرلیتی ہے۔ کلام انیسؔ میں تحقیق کا میدان اب بھی وسیع ہے۔ اس لئے کہ شاعر کا فعال ذہن معلوم اور نامعلوم سمتوں سے مواد شاعری اکٹھا کرتا ہے اور یہی مواد جستہ جستہ کلام کے تنقیدی مطالعہ کے نتیجہ میں اپنی شعوری اور لاشعوری پرتوں کو کھولنے لگتا ہے۔ جیسا کہ پروفیسر مسعود حسن ادیب نے اپنے مضمون ''میرانیسؔ کی علمی استعداد'' میں کلام انیسؔ میں متعدد علوم کی نشاندہی کی ہے جس سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ اعلیٰ شاعری کی طرح کلام انیسؔ کی گرفت میں فن سپہ گری، علم نجوم، رمل، منطق و فلسفہ، علم طب، علم رجال علم صرف و نحو اور علم عروض وغیرہ بھی ہیں۔ اس کے علاوہ آفاقی شاعری کی طرح کلام انیسؔ میں ابھی آئندہ تنقیدی غواصی سے فکر و فن کے نئے نئے موتی برآمد ہوں گے، جو علوم کے مختلف شعبوں سے متعلق ہیں کیوں کہ شاعر اپنے کلام کی ایسی خصوصیات سے بے خبر ہوتا ہے جو صدیوں کے تنقیدی شعور کی تجلیوں کی منتظر ہوتی ہیں اور فن کی جانچ میں نئے زاویہ کا کام دیتی ہیں۔ مرثیہ میں اور بالخصوص کلام انیسؔ میں فکر و فن کی زندگی کا ایک راز اس صنف کے جامع الاصناف ہونے میں پوشیدہ ہے۔ جیسے جیسے منقولات و معقولات کے نئے نئے معیار و میزان معین ہوتے رہیں گے۔ اصناف ادب کے جائزے میں مرثیہ کا تحقیقی افق بھی بلند ہوتا اور پھیلتا رہے گا۔ بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ تنقید کے پیمانے وقت کے ساتھ بدلتے رہتے ہیں لیکن آفاقی شاعر کے کلام میں لہریں لیتی ہوئی حیات کا چشمہ کبھی خشک نہیں ہوتا۔ بلکہ اس کی رفتار میں تیزی ہی آتی جاتی ہے اور تازگی میں اضافہ ہی ہوتا رہتا ہے۔ میرانیسؔ کے یہاں عالمی ادب کی اسی شناخت کے وجود نے ان کے کلام کو فرسودہ ہونے سے محفوظ رکھا ہے۔ چونکہ عہد بہ عہد نئے نئے فن پارے سامنے آتے رہتے ہیں اور ان پر عصری آگہی کا نیا ردعمل تازہ ترین مذاق تحسین پیدا کرتا ہے۔ اور اسی لذت تحسین کو لے کر قاری جب انیسؔ کے مراثی کا دوبارہ مطالعہ کرتا ہے تو اسے

مرثیوں میں نئی زندگی کا احساس ہوتا ہے۔ کلام انیسؔ میں اسی تخلیقی جوہر نے انیس کی شخصیت اور فن کو لافانی بنا دیا۔ جیسا کہ خوشؔ نے انیسؔ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ''اے مینارۂ صداقت کے خطیب' اے زلف نفسیات کے گرہ کشا' اے عدیم النظیر مورخ کربلا تجھ پر کروڑوں سلام۔ تو اس فاتح حسین کا مدّاح ہے جس نے سر دے دیا لیکن قرآن پر یزیدیت کو پاؤں رکھنے کی اجازت نہیں دی ....

اے انیسؔ تیری شاعری کی گھنی اور مہکتی چھاؤں میں اس قدر معنی و بیان کے شہر آباد ہیں جب انھیں گنا جاتا ہے تو اعداد کی سانس رک جاتی ہے۔''[1]

یہ مقالہ چھ ابواب پر مشتمل ہے۔ اس کا خاکہ حسب ذیل ہے۔

پہلے باب میں مذہب اور ادب کی تعریف و تشریح' مذہب سے ادب کا رشتہ اور اردو ادب کی جملہ اصناف سخن کا جائزہ لیتے ہوئے میرانیسؔ کے مذہبی اور ادبی شعور کی نشاندہی کی گئی ہے۔

دوسرا باب قرآنی آیات، الفاظ، سورۃ اور قرآنی موضوعات سے متعلق ہے جس میں کلام انیسؔ میں قرآن کا انعکاس کس حد تک ہے۔ اس کا تجزیہ کیا گیا ہے۔

تیسرے باب میں کلام انیس کی روشنی میں احادیث رسول اور اقوال معصومین کا جائزہ لیتے ہوئے میرانیسؔ کی حدیث شناسی کے شواہد پیش کئے گئے ہیں۔

چوتھے باب میں فقہ جعفری کے نقطۂ نگاہ سے کلام انیسؔ میں فقہی مسائل کا تجزیہ پیش کیا گیا ہے۔

پانچویں باب میں تاریخ اسلام سے واقعات و شخصیات اور محاربات کا جائزہ کلام انیس کی روشنی میں لیا گیا ہے۔

---

[1] عاشور کاظمی۔ مرثیہ نظم کی اصناف میں "جدید مرثیہ اور آغا سکندر مہدی۔ ص ۱۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چھٹے باب میں واقعات کربلا کا تاریخی منظر نامہ پیش کیا گیا ہے جس میں واقعات کربلا کا ترتیب وار جائزہ یعنی مدینہ سے مدینہ تک کے واقعات کو کلام انیسؔ کی روشنی میں تلاش کیا گیا ہے اور معتبر تواریخ اور مستند مقاتل سے اس کے شواہد فراہم کیے گئے ہیں۔

آج یہ مقالہ تکمیل کی سرحدوں سے گذر کر شکریہ کی منزل میں ہے۔ میرے محسنین کی تربیت و کرم فرمائی اور مخلصین کا بے پایاں خلوص، بے پناہ محبتیں اور ان کے ناقابل فراموش تعاون نے میری زبان سے شکریے کے الفاظ چھین لئے ہیں۔

زیرِ نظر مقالہ کی تکمیل و تدوین راقم الحروف کے لئے 'سنگلاخ وادی سے گزرنے کے مترادف تھی۔ آج یہ مقالہ آپ کی نگاہوں سے مشرف ہے۔ یہ تحقیق و تدقیق سے دلچسپی رکھنے والے ہر محترم قاری کے ذہن کو ان تمام صبر آزما دشواریوں سے قریب تر کردے گا جس سے راقم الحروف کو گزرنا پڑا۔

یہ سچ ہے کہ صالح اور سعادت مند تلامذہ دانش گاہ کا مقدر بنتے ہیں۔ اور صاحب علم و فضل اساتذہ انھیں تلامذہ کا سرمایۂ افتخار کہلاتے ہیں۔ میں اپنی خوش نصیبی پر جتنا ناز کروں کم ہے کہ مجھے انھیں سرمایۂ افتخار اساتذہ میں سے ایک مشفق اور طلاب نواز استاد کی نگرانی میں مقالہ لکھنے کا شرف حاصل ہوا اور میں اس مقالے کو استاد محترم پروفیسر جعفر رضا صاحب کی بے پناہ شفقتوں، اہم ترین ہدایتوں اور موقع بہ موقع ضروری تادیبوں کا نتیجہ سمجھتا ہوں۔

۱۹۹۷ء سید رضوان حیدر

باب اوّل

مذہب اور ادب

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میرانیس کے مذہبی وادبی شعور کے مطالعہ سے قبل مناسب ہوگا کہ ادب اور مذہب کے باہمی تفاعل پر گفتگو کرلی جائے۔ اس کے وجود کا مقصد مختلف تعبیروں اور اسی وجودی مقصد کا نام انسان کے اختیار کی رعایت سے بدل کر مذہب ہوجاتا ہے مذہب میں اختلاف کے باوجود جنگل سے لے کر تمدن کی ہر ارتقائی منزل میں مذہب انسانی زندگی سے نہ الگ ہوا ہے نہ ہوسکتا ہے۔ اسی لئے کہ جنگل کے انسان کا بھی ایک طریقۂ زندگی ہوتا ہے اور متمدن انسان کا بھی۔ چونکہ مذہب کچھ غیبی عقائد سے اتنا مربوط ہوگیا ہے کہ اگر طریقۂ زندگی سے عقائد کا جز والگ کردیا جائے تو اسے عام اصطلاح میں لامذہبیت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ لیکن لامذہبیت بھی طریقۂ زندگی ہونے کی وجہ سے بہرحال ایک طرح کا مذہب ہے۔ یہاں مناسب ہوگا کہ مذہب کی تعریف میں عالمی ادب میں پائے جانے والے اقوال کا جائزہ لیا جائے۔ مفکرین نے مختلف الفاظ میں مذہب کی تعریف یوں بیان کی ہے۔ **مذہب کی تعریف**

ٹیلر (TAYLOR) ۔ "مذہب روحانی موجودات پر ایمان لانے کا نام ہے"۔[۱]

کانٹ (KANT) ۔ "ہر فریضہ کو خدائی حکم سمجھنا یہ مذہب ہے"۔[۲]

شوپن ہار SCHOPEN HOUOR: مذہب موت کے تصورات سے وابستہ ہے"۔[۳]

برونائٹ ہیڈ (BRONIGHT HEAD) ۔ "مذہب اعتقاد کی اس قوت کا نام

---

۱ انسائیکلوپیڈیا آف برٹانکا: جلد ۱۹ ص ۱۰۳ ایڈیشن ۱۳ ۱۹۲۹ء

۲ بحوالہ سید حامد حسین قادری: امام غزالی کا فلسفۂ مذہب و اخلاق، ص ۱۸۱

۳ بحوالہ غلام رسول: مذاہب عالم کا تقابلی مطالعہ ص ۲۴

ہے جو انسان اور انسانی کردار میں انقلاب پیدا کردیتی ہے بشرطیکہ ان کو خلوص کے ساتھ قبول کیا جائے اور بصیرت کے ساتھ سمجھا جائے"۔[۱]

فرید وجدی: "مذہب ان معقول خیالات کے مجموعہ کا نام ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ تمام افراد انسانی رشتے میں منسلک ہوجائیں اور جسمانی فائدوں سے اس طرح بہرہ یاب ہوں جس طرح قوت عقلیہ سے ہدایت حاصل کرتے ہوں"۔[۲]

اوپنسکی (OSPANSIKI) نے گرجیف کے حوالے سے لکھا ہے۔

"مذہب ایک انسانی تصور ہے۔ جس قسم کی انسان کی اپنی سطح ہوگی اسی قسم کا اس کا مذہب ہوگا۔ اس لئے ہوسکتا ہے کہ ایک آدمی کا مذہب دوسرے آدمی کے لیے قطعاً موزوں نہ ہو"۔[۳]

مشہور عالم نفسیات پروفیسر جیمز اچ لیوبا (PROF. JAMES H. LEVABA) نے اپنی تصنیف[۴] میں مذہب کی مختلف تعریفات نقل کی ہیں جو مذہب کے کسی نہ کسی ضروری جزو پر حاوی ہیں۔ ان تعریفات میں چند تعریفیں نقل کی جاتی ہیں:۔

"۱۔ مذہب نام ہے اس احساس کا جو کسی مقدس، بالاتر اور ان دیکھی ذات کا وجود انسان کے قلب و دماغ میں پیدا کرتا ہے۔

۲۔ مذہب نام ہے ایک ازلی اور ابدی حقیقت پر ایمان لانے کا جس کی حیثیت اور ارادہ انسانی منشا اور ارادے سے بالاتر ہے اور جس کا تعلق انسانی زندگی

---

۱ بحوالہ سید حامد حسین قادری: امام غزالی کا فلسفۂ مذہب و اخلاق ص ۱۸۱

۲ تطبیق الدیانۃ الاسلامیہ: بحوالہ غلام رسول۔ مذاہب عالم کا تقابلی مطالعہ ص ۲۴

۳ ایضاً ایضاً ص ۲۹۹

۴ ایضاً ایضاً ص ۱۲۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے ساتھ بہت گہرا ہے۔

۳۔ مذہب ایک روحانی اور نفسی خاصّہ ہے جس کی بنیاد یہ عقیدہ ہے کہ انسان اور کائنات میں ہم آہنگی پائی جاتی ہے۔

۴۔ مذہب نام ہے ان مافوق الانسان قوتوں کی رضاجوئی کا جو انسانی زندگی پر حکمراں ہیں۔

۵۔ مذہب نام ہے اس جستجو کا جو انسانی زندگی کے حقیقی مقاصد کے ادراک کے لئے کی جاتی ہے

مذکورہ بالا تعریفوں پر گہری نظر ڈالی جائے تو بات کھل کر سامنے آجاتی ہے کہ کوئی مذہب کے جامع تصور پر حاوی نہیں ہے بلکہ مذہب کے کسی ایک پہلو کو ظاہر کرتی ہے۔ اگر ان تمام پہلوؤں کو جمع کر لیا جائے اور آخرت میں فلاح و نجات کے پہلو کو خدائی نظام کے ساتھ شامل کر لیا جائے تو ایک جامع تعریف سامنے آتی ہے جو قرآنی تعریف کے ہم معنی ہو جاتی ہے یعنی مذہب ـــــ جسم، روح، عقل، نفس دنیا و آخرت کی مجموعی سلامتی اور سعادت کے لئے مرتب ہونے والے طریقۂ زندگی پر اپنے فکر و عمل کے بروئے کار لانے کا نام ہے۔[۱]

اس تعریف کی اساس پر فلسفۂ مذہب کی جو عمارت بلند ہوتی ہے وہ عقائد و فرائض کے ایک مبسوط نظام کی شکل میں نمودار ہوتی ہے اور اخلاق انسانی کے ہر پہلو پر حاوی ہو جاتی ہے اور شعور کو بہترین آگہی، نفس کو ہمہ گیر معرفت اور جسم کو تمام تر طہارت سے مستحکم کرتی ہوئی انسان کو آخرت کی ابدی حیات کی اہلیت سے آراستہ کر دیتی ہے۔ چونکہ ان تمام پہلوؤں کا حصول خدا کی معرفت اور اس کے حکم

---

[۱] قرآن سورہ آلِ عمران آیت ۱۹

پر اپنی سپردگی یا تسلیم ہی سے ممکن ہے لہٰذا مجموعی طور پر مذہب کو قرآن نے اسلام کے نام سے موسوم کیا ہے اور یہ بھی واضح کر دیا ہے کہ مذہب تو خدا کے نزدیک بس اسلام ہی ہے (اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الاِسْلَامُ[۱]) اور اس کے دو بنیادی ستون قائم کئے ہیں۔ ایک تسلیم ـــ یعنی خدا کے تئیں اپنے کو اس طرح سپرد کر دینا جیسے کائنات کی ہر شے خدا کو تسلیم کئے ہوئے ہے۔ اور دوسرا احسان ـ یعنی مخلوقات اور بندوں کے ساتھ بہترین سلوک۔ انھیں دونوں امور کو خدا نے قرآن میں یوں بیان فرمایا ہے: "بَلٰی مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ[۲]" (ہاں جس نے اپنے آپ کو اللہ کا فرمانبردار بنایا وہ احسان کرنے والا ہے تو اس کا اجر اس کے رب کے پاس ہے اور ان کو کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔)

مندرجہ بالا بحث کی روشنی میں مذہب کی تعریف یوں کی جاسکتی ہے کہ مذہب خدا پر ایمان کی روشنی میں ایک جامع تحریک اور ایک ذہنی احساس ذمہ داری کا نام ہے جس کا مقصد خیالات اور عقائد کی اصلاح، اعلیٰ قدروں کی تائید، معاشرے کے مابین اچھے تعلقات کا قیام، اور ہر قسم کے ناجائز امتیاز کا خاتمہ ہے۔

مذہب ایک فطری حقیقت مذہب کے فطری ہونے کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ ہر قوم اور ہر نسل میں بھوک پیاس کی فطری حس کی طرح مذہب بھی ایک مشترک امر ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ اگر مذہب فطری چیز نہ ہوتا تو تمام دنیا کا کسی موہوم اور باطل چیز پر جمع ہو جانا عقل کے نزدیک متفقہ ہوتا۔ یہ اور بات ہے کہ جس طبقہ میں

---

[۱] قرآن۔ سورہ آل عمران آیت ۱۹

[۲] قرآن۔ سورہ بقرہ آیت ۱۱۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مذہب سے گریز پایا جاتا ہے وہاں بھی مذہب کا وجود سماجی کلچر یا اخلاقی معتقدات کی شکل میں موجود ہوتا ہے۔ مذہب کی اسی فطری ہمہ گیری کی نشاندہی بعض اہم مفکرین کے اقوال سے ظاہر ہوتی ہے۔

پلوٹارک (PLUTARCH) کہتا ہے کہ "کسی انسان نے کوئی ایسی بستی نہیں دیکھی جس میں مذہب نہ ہو۔[۱]"

والٹیر (VOLTAIR) فرانس کا مشہور مفکر کہتا ہے:

"درشترت (ZOROASTER) منو (MANO) سولن (SOLAN) اور سقراط سب کے سب ایک ہی کی پرستش کرتے تھے اور یہی فطرت ہے۔[۲]"

"مذہب ابدی چیز ہے۔ مذہب جس حاسہ کا نتیجہ ہے وہ کسی زمانے میں کبھی معدوم نہیں ہو سکتا۔[۳]"

پروفیسر سبیٹر (SABATER) لکھتا ہے:

"میں کیوں پابند مذہب ہوں؟ اس لئے کہ اس کے خلاف ہو ہی نہیں سکتا۔ کیوں کہ پابند مذہب ہونا میری ذاتیات میں ہیں۔ لوگ کہیں گے کہ یہ وراثت یا تربیت یا مزاج کا اثر ہے۔ میں نے خود اپنی رائے پر اعتراض کیا ہے لیکن میں نے دیکھا ہے کہ سوال پھر پیدا ہوتا ہے اور وہ حل نہیں ہوتا۔ مذہب کی ضرورت جس قدر مجھ کو اپنی ذاتی

---

[۱] PLUTARCH ؛ صـ۲۱۱ HUMANITY AND DEITY

[۲] مارٹن لوتھر (MARTIN LUTHER) کتاب الفلسفہ (ترجمہ عربی) مطبوعہ بیروت بحوالہ امام غزالی کا فلسفۂ مذہب و اخلاق۔ سید حامد حسین قادری صـ۳۰

[۳] شبلی نعمانی : الکلام صـ۲۳

زندگی کے لئے ہے۔ اس سے زیادہ عام سوسائٹی کو ہے۔ مذہب کے شاخ و برگ ہزاروں مرتبہ کاٹے گئے ہیں لیکن جڑ ہمیشہ قائم رہی۔ جو کبھی زائل نہیں ہو سکتی۔ مذہب کا چشمہ روز بروز وسیع ہوتا جاتا ہے اور فلسفیانہ فکر اور زندگی کے دردناک تجربے اس کو اور گہرا کرتے جاتے ہیں۔ انسانیت کی زندگی مذہب ہی سے قائم ہوئی ہے۔ اور اسی سے قوت پائے گی۔[۱]"

مذہب کا وجود تاریخ کے ماقبل سے ملتا ہے اور یہ انسانی برادری کی خاص توجہ کا مرکز رہا ہے۔ انسانی حالات کے تحت ان میں تبدل و تغیر ہوتا رہا، خدا بنتے رہے اور معبودوں کی کثرت ہوتی چلی گئی۔ ان میں بعض خیالی مجسموں کے طور پر پیش کئے گئے۔ بعض کو جانوروں کی شکل دی گئی۔ اور بعض کو انسانی ہیولا عطا کیا گیا۔ اس طرح رفتہ رفتہ یہ تصور طبعیات و روحانیت اور پھر مشاہدات کی منزلوں کو طے کرتا ہوا حقیق مذہب کی سنجیدہ فکر میں بدل گیا۔

مذہب جس طرح ایک فطری اور ابدی حس کی طرح ہر دور میں رہا اسی طرح یہ مذہبی حس عقائد اور مشاہدات کے درمیان الجھی بھی رہی۔ چونکہ عقاید کا تعلق متخیلہ اشیاء سے تھا اس لئے وہ مشاہدات یعنی قابل دید اشیاء کے مقابلہ میں زیادہ دشوار تھے۔ عالم شہود کا مان لینا سہل اور عالم عقول کا یقین مشکل تر ہے۔ آفتاب ہمیشہ مشاہدے میں تھا لہٰذا ایک درخشاں موجود کی طرح مانا گیا۔ لیکن اس کے مرکبات عناصر اور ساخت کی تشریح فقط مشاہدے سے نہیں طے ہو سکی لہٰذا مفروضے وضع ہوتے رہے یہاں تک کہ کوئی بات طے ہوئی پھر بھی کچھ حقیقتیں اندھیرے

---

[۱] شبلی نعمانی : الکلام۔ صـ۲۴-۲۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بس رہیں۔

چوں کہ مذہب شعور کی ایک فطری حقیقت ہے اس لئے اس کا مقصد بھی انسانی فطرت کے تقاضوں کو اسی طرح پورا کرتا ہے جس طرح وہ اپنے مادّی تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ مادّی تقاضے مخلوقات و موجودات، خاندان معاشرہ، حکومت اور بین الاقوامی امور کے گرد گھومتے ہیں اور مذہبی تقاضے ان سب کو خلق کرنے والی ذات کی تصدیق و تحقیق اور معرفت کے گرد گھومتے ہیں چوں کہ فکر کی وہ گردش جو مخلوقات پر تمام ہو جاتی ہے وہ پائیدار نہیں ہو سکتی اس لئے کہ مخلوقات متغیر اور قابل تبدیل ہیں لہٰذا انسان شعوری یا غیر شعوری طور پر ایک پائیدار مرکز کی تلاش یا کرید اپنی فطرت میں محسوس کرتا ہے اور مشاہدات سے نکل کر عقائد میں پناہ لینا ضروری سمجھتا ہے۔

قرآن نے انسان کو اسی فطرت پر قائم رہنے کی ضرورت کو دین سے تعبیر کیا ہے۔ چونکہ ہر دین کی طرف سے یہ ضمانت نہیں لی جا سکتی کہ اس میں انسان کے اس فطری تقاضے کو پورا کرنے کی صلاحیت ہے لہٰذا لفظ دین کو قرآن نے "دین حنیف" کی عبارت سے ممتاز کر دیا ہے۔ تاکہ شعور کی طلب کو غلط دین سے مطمئن ہونے کی عادت نہ پڑ جائے۔ اسی لئے قرآن نے متوجہ کرتے ہوئے کہا کہ فاقم وجھك للدّین حنیفا فطرۃ اللہ التی فطر النّاس علیھا ہ لا تبدیل لخلق اللہ ہ ذالك الدین القیم ولکن اکثر النّاس لا یعلمون[1] (پس اپنا چہرہ دین حنیف کی طرف موڑ دو یہی (دین) وہ فطرت الٰہیہ ہے جس فطرت پر اللہ نے انسان کو پیدا کیا ہے۔ اللہ کی پیدا کی ہوئی حالت کو کوئی تبدیل نہیں کر سکتا۔ یہی قائم رہنے والا (پائیدار) دین

---

[1] قرآن: سورہ روم۔ آیت ۳۰

ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

فرسودہ اور دیو مالائی قصے نیز وحشی قبائل کے عقائد سے لے کر دور حاضر کے علوم و تجربات اور نظم تخلیق اور قانونِ فطرت کی دریافت دراصل اسی فطری تقاضہ کی بدلتی ہوئی ارتقائی شکلیں ہیں جو اپنے درمیانی مرحلہ میں ہیں اور ان کی پرواز عقائد کے تزکیہ اور حقیقی مذہب کی دریافت میں اب بھی جاری ہے۔ افکار کے ذخائر سے نظریات کا برآمد ہونا اور نظریات کی روشنی میں اقدار کی پرکھ اور نئے نئے ادوار کا وجود میں آنا دراصل اسی فطرت کی فعالیت کا مظہر ہے۔

یہاں یہ بات بے جا نہ ہوگی کہ اکثر اہل دانش اور سائنسداں طبقہ کے حوالہ سے مذہب کو توہمات اور مفروضات کا پلندہ کہا گیا ہے۔ لیکن یہ اعتراض دراصل موجودہ مذاہب کی صورت حال پر ہے نہ کہ مذہب کی فطری ابدیت پر۔ اس اعتراض سے خود یہ بات جھلکتی ہے کہ معترض کو موجودہ مذاہب میں وہ جنس نہیں نظر آئی، جو اس کے فطری تقاضہ کو بحال کر سکے یا اس کے مبلغ علم و آگہی کو مطمئن کر سکے نہ یہ کہ اسے مذہب کی ضرورت ہی نہیں۔ اعتراض کا مفہوم انکار کے مفہوم سے الگ ہوتا ہے۔ اعتراض ترمیم چاہتا ہے۔ انکار تردید، چوں کہ مذہب میں ایک اجتماعی اخلاق کی بحث آتی ہے جب یہ بحث "خدا" اور "حیات بعد موت" کے ایسے موضوعات سے الجھتی ہے۔ جو عقل انسانی کی رسائی سے اتنے قریب نہیں ہوتے جتنا کہ سائنس کے موضوعات یا وہ موضوعات جنہیں ہم INTELLECTUAL CATAGORIES میں رکھتے ہیں، لہٰذا اختلاف رائے کی نوعیت بسا اوقات اعتراض کی شکل اختیار کر لیتی ہے لیکن مباحث کی یہ گرمی خود اس آگ پر دلیل فراہم کرتی ہے جو آگ مذہب کی فطری اور ابدی حس سے انسانی شعور میں روشن ہوتی ہے۔ خود سائنس کا تنقیدی مواد اور فلسفی سائنس دانوں میں اکثر اقوال مذہب کی ابدی حس پر روشنی ڈالتے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پاسکل (PASCOOL) لکھتا ہے ــــ" وجودِ باری تعالیٰ کی جتنی دلیلیں قلبِ انسانی میں آتی ہیں وہ عقل کی پہونچ میں نہیں آتیں یا عقل کی دسترس ہی وہاں تک نہیں ہے[۱]۔"

ول ڈوراں DR. WILL DURANT لکھتا ہے ــــ" دین ایک فطری شے ہے جو براہِ راست ہماری طبعی ضرورت اور احساسات سے پیدا ہوتی ہے[۲]۔"

ڈاکٹر الیکس کیریل (DR. ALEXIS CARREL) کہتا ہے ــ" عرفانی حس ہماری بنیادی جبلّت کی زبردست تحریک ہے۔ خدا انسان کی لازمی ضرورت ہے جس طرح اس کو پانی کی ضرورت ہے[۳]۔"

مادہ پرست دہریت ایک مختصر سی اقلیت کی خصوصیت ہے۔ نوعِ انسانی کی عظیم اکثریت کو پورے طور پر ڈھانپ لینے والی فطرت (مذہبی حس) کے قانون میں اس گروہ کی حیثیت انحراف پسند جیسی ہے اور فقط بطور استثنا ہے اور اس مستثنیٰ گروہ کے اکثر اقوال و اعمال بھی غیبی سہارے کی فطری ضرورت کی غمازی کرتے ہیں۔

اکثر سائنس دانوں نے اپنے مقالات میں اسی قسم کے الفاظ استعمال کئے ہیں جن سے ان کے علتِ اولیٰ کی ہستی پر ایمان کا ثبوت ملتا ہے۔ اس سے ان کے عقیدے کا اظہار ہوتا ہے کہ فطرت، مقصد، عزم، منشا اور لائحہ عمل رکھتی ہے۔ دراصل وہ اکثر لفظ "فطرت" کو اللہ کے ہی نام کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

مذہب کی سماجی ضرورت موجودہ علمی تحقیقات کے پس منظر میں مذہب کے فلسفے سے زیادہ سماج

۱۔ پاسکل (PASCOOL) RISE OF WISDOM IN EUROPE صہ ۱۸

۲۔ لاری : خداشناسی صہ ۲۴

۳۔ " " صہ ۲۴

سے جوڑ کر دیکھا گیا ہے۔ چونکہ فلسفہ سائنسی اندازِ تحقیق پر اپنا مواد اکٹھا نہیں کرتا، بلکہ استدلال و منطق پر مشتمل ہوتا ہے اور موجودہ سماجیات کو بڑی حد تک سائنٹفک مطالع پر پرکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ لہٰذا موجودہ علمی ذوق کی سیری کے لئے مذہب کو سماجیات کا موضوع بنا کر اس کا مطالعہ کیا گیا جس میں یہ بات منکشف ہوگئی کہ عقائد کے متعدد اختلاف کے باوجود انسان کے سماجی عمل میں مذہب کا بہت گہرا رول ہے مذہب انسان کی انفرادی اور سماجی عمل کی ساخت میں اتنی گہرائی تک اثر انداز ہوا ہے کہ سماجی مفکرین بھی مذہب کی فقط جزوی معرفت کا اعتراف کر سکے ہیں۔ مذہب کی کامل تشخیص پر انسان کی عاجزی کی تصویر برٹینکا کے جدید ترین ایڈیشن میں دیکھی جا سکتی ہے ــ" مذہب بنیادی طور پر انسانی نجات کا ایک راستہ ہے لیکن اس راستہ کی نوعیت پر باہمی اختلافات اتنے شدید ہیں کہ ان کا آسانی سے تذکرہ ہو سکتا ہے اور نہ ان کی قدریں معین کی جا سکتی ہیں۔ اسی لئے مفکرین سماجیات نے اپنے مطالعہ کو صرف ان مذہبی عقائد کی دریافت تک محدود رکھا ہے۔ جو مختلف معاشرے کے گروہ اور افراد میں موجود ہوتے ہیں اور نہ کہ یہ ان عقائد کے درمیان باہمی ردِ عمل کی نوعیت کیا ہے[۱]۔"

سماج پر مذہب کے گہرے اثرات کے بارے میں مفکرین سماجیات کا اتفاق اور مذہبی عقائد کا کثیر اختلاف ظاہر کرتا ہے کہ سماج کا مذہب کی ضرورت سے بہت گہرا رشتہ ہے۔ لیکن اختلاف کا وجود ثابت کرتا ہے کہ ابھی سماج کی عام بصیرت سے مذہب کی حقیقت یا سچے مذہب کی تشخیص اوجھل ہے۔

حقیقی اور صالح مذہب کی دریافت ہی عالمِ انسانیت کا عظیم ترین مسئلہ

۱۔ انسائیکلوپیڈیا آف برٹینکا۔ جلد ۲۶ جدید ایڈیشن ۱۹۸۵ء صہ ۵۳۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے جس کی غمازی علم وادب کے تحت الشعور سے ہوتی ہے۔ مذہب ہی بنی نوع انسان کی اہم ترین ضرورت ہے جس کے وجوہ مندرجہ ذیل ہیں:۔

۱۔ مذہب اخلاقی اصولوں کا ضابطہ ہے:

مذہب اخلاقی اصولوں مثلاً عدل، راست بازی، دیانت داری، اخوت مساوات، پاک دامنی، رواداری، ایثار، خدمت خلق اور ایسی ہی دوسری انسانی خوبیوں کے قاعدے معین کرتا ہے۔ جن کے بغیر صرف یہی نہیں کہ ہماری زندگی نظم و ضبط کھو بیٹھتی ہے بلکہ وہ ایک میدان کارزار میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ بلاشبہ مذہب کے بغیر بھی ان اخلاقی خوبیوں کا حصول ممکن ہے تاہم یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ ایک مذہبی عقیدہ کی عدم موجوگی میں یہ خوبیاں محض سفارشات کی شکل اختیار کر لیتی ہیں یا کسی دوست کے مشورے سے زیادہ وقعت نہیں رکھتیں جسے قبول یا رد کرنا ہماری اپنی مرضی پر موقوف ہو جاتا ہے۔ مذہب انسان میں ایک غیبی قادر مطلق ہستی پر ایمان پیدا کر کے ایک طرف ان خوبیوں کے حصول کا ذوق پیدا کرتا ہے دوسرے ان خوبیوں کو قرض کی طرح پیش کرتا ہے اور ان پر احساس مسئولیت پیدا کر کے فرض شناس بناتا ہے۔

مشہور فلسفی اور مورخ ول ڈیوراں (DR. WILL DURANT) اپنی کتاب لذائذ فلسفہ (PLEASURE OF PHILOSOPHY) میں لکھتا ہے کہ "مذہب کی پشت پناہی کے بغیر اخلاق کی حیثیت محض زبانی جمع خرچ ہے کیوں کہ اس صورت میں ذمہ داری کا احساس ختم ہو جاتا ہے[۱]۔"

---

۱ گروہ دانشمنداں: اسلام دین فطرت۔ مترجم محمد فضل حق صد ۱۳

۲۔ مصائب زندگی برداشت کرنے کی قوت

مذہب مایوسی اور ناامیدی کے ردعمل کے مقابلہ میں ایک فصیل کا کام دیتا ہے۔ ایک دین دار انسان خدا کو تنہائی میں اپنا رفیق اور مصائب میں اپنا مددگار سمجھتا ہے۔ لہٰذا مصائب نہ اس کے اعصاب کو شکستگی اور نہ اس کے نفسیات کو ناامیدی اور ناآسودگی کا شکار بناتے ہیں وہ مذہب کی ہی تقویت سے اپنے سخت لمحات میں دعا کا باب کھول کر اپنے عزم و تحمل کا مزید سہارا پیدا کر لیتا ہے۔

برٹرینڈ رسل (BERTRAND RUSSELL) کہتا ہے کہ "نازی حکومت کے زوال کے بعد جرمنی میں ذہنی اور نظریاتی بغاوت کا خطرہ پیدا ہو گیا تھا لیکن بلاشبہ اس ملک کے دوبارہ استحکام حاصل کرنے میں مذہب کا بڑا ہاتھ رہا ہے[۱]۔"

ڈاکٹر ڈیوراں (DR. WILL DURANT) کے مطابق جس شخص کو مذہب پر ایمان نصیب نہ ہو اس کا طرز عمل ایک مخصوص نفسیاتی الجھاؤ کا شکار ہو جاتا ہے[۲]۔

۳۔ نظریاتی خلاء کو پُر کرنا:

انسان زیادہ عرصہ تک نظریاتی خلاء کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ اور اس صورت میں غلط نظریہ اور باطل اقدار کی جانب اس کا رجحان قطعی ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اوہام حتّٰی کہ تباہ کن خیالات اس کے دماغ میں در آتے ہیں اور اپنے زہریلے عناصر چھوڑ جاتے ہیں۔ انسان کی بت پرستی، آدم پرستی، اوہام سے رغبت، غیر ذی شعور اشیاء کے انسانی مقدر پر اثر انداز

---

۱ گروہ دانشمنداں: اسلام دین فطرت۔ مترجم محمد فضل حق صد ۱۵
۲ " " " " " " صد ۱۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہونے کے اعتقاد کی شہادتیں ہمیں دنیا کے بڑے بڑے روشن خیال اشخاص کے یہاں بھی مل جاتی ہیں۔ ان تمام غلط اعتقادات کا مآخذ روحانی خلا ہے۔ یہ مذہب ہی ہے جو صحیح تعلیمات کے ذریعہ نظریاتی خلاء کو پُر کر کے انسان کو غیر منطقی اور مہمل اعتقادات سے نجات دلاتا ہے اور فاسد خیالات سے نبرد آزما ہونے میں بڑا اہم رول ادا کرتا ہے۔ البتہ اس میں بھی کلام نہیں کہ اگر مذہب کو صحیح طور پر سمجھا جائے تو یہی خامی غلط اعتقادات کی ترویج میں معاون ثابت ہوتی ہے۔

۴۔ علم و دانش کی ترقی میں اعانت

مذہبی اعتقاد کی رو سے اس کائنات کا مآخذ لامحدود علم ہے۔ یہ کائنات ایک عظیم کتاب کی مانند ہے جس کا ہر صفحہ بلکہ ہر سطر اور ہر لفظ ایک کھلی سچائی کا حامل ہے اور عمیق مطالعہ اور غور و فکر کا سزاوار ہے۔

موجودہ دور کے عظیم فلسفی اور سائنس داں البرٹ آئین اسٹائن (EINSTEIN) نے اپنے ایک مشہور خطبہ میں اس امر کی وضاحت کی تھی کہ "بڑے بڑے مفکرین اور موجدین مذہب میں کیوں دلچسپی رکھتے ہیں۔ اس کا کہنا ہے کہ عظیم مفکرین میں شاید ہی کوئی شخص ملے جو ایک مخصوص مذہبی حس نہ رکھتا ہو[1]۔"

عصر حاضر کا کیمیا داں ایبرنیتھی (ABERENTHI) کہتا ہے کہ "اپنی تکمیل کے لئے سائنس داں کو چاہیے کہ اللہ پر ایمان کو اپنا مسلمہ اصول سمجھے[2]۔"

مذہب کے خلاف اگر ہم یہ تصور کریں کہ یہ کائنات محض بے شعور میکانکی عوامل

---

[1] گروہ دانشنداں: اسلام دین فطرت۔ مترجم محمد فضل حق ص۱۷

[2] " " " " " ص۱۸

کی پیداوار ہے اور یہ یقین نہ رکھیں کہ اس کا ایک ذی شعور خالق ہے تو یہ خیال پیدا ہوگا کہ یہ کائنات ایسے اسرار و رموز کی حامل نہیں ہو سکتی کہ ان کو دریافت کرنے کی شعوری ذمہ داری کا جواز پیدا ہو۔

۵۔ توحید کو قائم کرنا :

مذہب کی اساس توحید پر ہے۔ توحید پوری کائنات میں ایک ہستی کے قانون تخلیق اور قانون اخلاق کی طرف متوجہ کر کے انسان کو ہر مخلوق سے ممتاز اور انسانی عظمت و شرف پر یقین دلاتی ہے اور کائنات کی ہر شے کی تسخیر کا جذبہ پیدا کرانے کے ساتھ خود کو اللہ کے قانون اطاعت میں مسخر کر دینے کا احساس بیدار کراتی ہے۔ یہی مذہبی اساس نسل انسانی میں اتحاد کی ضامن ہوتی ہے اور عالم گیر اخوت کی بنیاد قائم کر کے امنِ عالم کی راہ ہموار کرتی ہے بشرطیکہ توحید کی مذہبی حقیقت کو سنجیدگی سے سمجھا جائے اور خلوص کے ساتھ اختیار کیا جائے۔

۶۔ حیات بعد الموت کی اطلاع :

مذہب انسان میں جزا و سزا کا احساس پیدا کرتا ہے اور اس عارضی حیات کو اصل حیات کا مقدمہ اور انسانی کردار کی آزمائش کا وقفہ کہہ کر پیش کرتا ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایک حقیقی مذہبی انسان نیکی کے لئے دنیا میں ناجائز منفعت اور ناروا مادی فائدوں سے گریز کرتا ہے تاکہ یہی ایثار اس کے حسن عمل کی دلیل بن جائے اور موت کے بعد کی اصل زندگی میں اسے باوقار مقام عطا ہو جائے۔ مذہب نے حیات بعد الموت کا عقیدہ نہایت تاکید کے ساتھ پیدا کرایا ہے اور یہی وہ مرکزی عقیدہ ہے جس کے بغیر خدا پر ایمان بھی مفروضہ سے آگے نہیں بڑھتا۔ اس عقیدہ کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بغیر عدل الٰہی ناتمام رہ جاتا ہے اور دنیا کے ظالم کو نہ سزا ملنے کا خیال پیدا ہو سکتا ہے اور نہ مظلوم کو اس کے صبر کی جزا ملنے کا۔ بغیر حیات بعد الموت کے دنیا میں انسانی وجود کے مقصد میں نہ زیادہ وقعت پیدا ہو سکتی ہے اور نہ سنجیدگی۔

عالمی مذاہب میں اسلام کی ضرورت

موجودہ عالم مذاہب کے سیاق و سباق میں اسلام کی ضرورت کیوں ہے۔ اس کے مندرجہ ذیل اسباب قابل لحاظ ہیں:-

۱۔ پہلی ضرورت۔ کتب سماوی کے برحق ہونے کی تصدیق:

قرآن کے نزول سے پہلے ہر نبی کی بعثت قومی سطح پر ہوتی تھی اور مذہبی احکام کی نوعیت اس قوم سے مخصوص ہوتی تھی اور وہ قوم دوسری قوموں سے اپنے کو ممتاز سمجھ کر قومی تعصب کا شکار ہو گئی۔ اسلام نے ہر نبی کو برحق قرار دیتے ہوئے ان پر ایمان لانا ضروری کر دیا۔ جس کے بغیر کوئی شخص اسلام میں داخل نہیں ہو سکتا، جب تک کہ وہ پہلی کتابوں پر ایمان نہ لائے۔ اس طرح قومی تعصب کے دائرے کو اسلام نے توڑ دیا۔

۲۔ دوسری ضرورت۔ کتب سابقہ کی غلطیوں کی اصلاح:-

قوموں نے سابقہ کتب سماوی میں غلط باتوں کو شامل کر کے ان کی سماوی روح کو مسخ کر دیا۔ انبیاء کی طرف غلط باتیں منسوب کیں اور احکام کو توڑ مروڑ دیا۔ اسلام نے ہر نبی کے کردار کی پاکیزگی اور ان کے معصوم ہونے کا اقرار کر لیا اور احکام کو اصلی شکل میں پیش کیا۔

۳۔ تیسری ضرورت۔ گم شدہ توحید کو قائم کرنا:

نزول قرآن سے پہلے توحید کا وہ چراغ جو مختلف انبیاء نے اپنے عہد میں روشن کیا تھا وہ شرک و الحاد کی ہواؤں سے بجھ گیا تھا۔ خدا کے نام پر بہت سے خرافات، توہمات اور قیاسات رائج ہو گئے تھے۔ اسلام نے شرک کی جڑ کو توحید کے دھارے سے کاٹ دیا اور خرافات و قیاسات کے دروازے بند کر دیئے۔ اس طرح گم شدہ توحید کو دوبارہ قائم کیا۔

۴۔ چوتھی ضرورت۔ تکمیل انسانیت:

قوموں میں افراط و تفریط سے انسانیت کے قویٰ کی نشو و نما متاثر ہو رہی تھی۔ یہودی مذہب انتقامی جذبہ کو زیادہ ابھارتا تھا اور عیسائیت جذبۂ رحم کو افراط کی حد تک لے گئی تھی اور انتقام کی فطری افادیت کو بھی حرام قرار دے رہی تھی۔ اسلام نے افراط و تفریط کے مضر اثرات کو اعتدال کی تعلیم سے دور کیا اور اعتدال کو اپنی شریعت کا کلیہ بنا دیا۔

۵۔ پانچویں ضرورت ــ تکمیل شریعت

اسلام سے پہلے شریعتیں باعتبار قوم اور باعتبار عصر اور آگہی تھیں۔ اسلام جملہ شریعتوں کا نچوڑ آخری اور باقی شریعت میں رکھا۔ اور شرعی افادات کے سارے پہلوؤں سے ایک کلی اور ہمہ گیر شریعت کا نقشہ ذکر دیا جو آئندہ کی ہر ضرورت کی کفیل بن سکے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۶۔ چھٹی ضرورت ـــــ مذہبی اختلاف کا فیصلہ

اسلام سے قبل ابن اللہ کا عقیدہ مسئلہ تثلیث، یہودیوں کا اپنے کو خدا کا چہیتا سمجھنا اور ہر صورت میں قابلِ مغفرت سمجھنا اور دوسری قوموں پر اپنی برتری کا دعویدار ہونا، ہندوؤں کا عقیدۂ تناسخ، کفارہ کا عقیدہ کہ دوسرا گناہوں کا بوجھ اٹھائے گا، جبر و اختیار پر مبنی عقائد، روح اور مادہ کی ازلیت کا عقیدہ، رہبانیت اور خدا کی صفات میں شریک ہونے کے عقیدے جو اقوام عالم میں رائج تھے ان سب کی تردید کر کے واضح معقولات سے ایک فطری اور عقلی مذہب کی دعوت دی اور توحید کے جامع پرچم کو لہرا کر تمام انسانوں کو وحدت کی ایک کڑی میں منسلک ہونے کی اپیل کی۔

۷۔ ساتویں ضرورت ـــــ اللہ کے ارادۂ ازلی کی تکمیل

خدا کا وہ ارادہ جس سے اشیاء کو پیدا کرتا ہے وہ اس وقت تک پایۂ تکمیل کو نہیں پہونچ سکتا جب تک فطرت کے قوانین کی طرح انسانی معاشرہ بھی مکمل عدل سے مستحکم اور ظلم سے بری نہ ہو جائے۔ عدل پر مبنی ایک دستور نازل ہو چکا لیکن نافذ نہیں ہوا اس لئے کہ قہراً نافذ کرنا خلاف عدل ہے لیکن جب ظلم اتنا پھیل جائے گا کہ قہراً نافذ نہ کرنا ہی خلاف عدل ہو جائے گا تو عدل کا قہری نفاذ بھی ہو سکتا ہے اور یہی اللہ تعالیٰ کے ازلی ارادے کی تکمیل ہے جس کی طرف ادب اور مذہب دونوں نے اشارہ کیا ہے۔ ادب نے سماج کی خوشحالی اور اخلاقی بحالی کو ہدف بنا کر سماج کے مختلف طبقات میں توازن قائم کرنا چاہا ہے۔ مارکسی ادب ایسے سماج کی پیشن گوئی کرتا ہے جو طبقات سے پاک ہو۔ جدید ادب داخلی نفسیات میں انتشار کے علل کی عکاسی

کر کے اس کے تدارک اور تنقیح کی تلاش کرتا ہے۔ مذہب انہیں مقاصد کو نفاذ عدل کے عنوان سے پیش کرتے ہوئے انسانی مسائل کو آسمانی منصوبہ سے حل کر کے عدل کو پایۂ تکمیل تک پہونچانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ غرض دونوں کے مقاصد مشترک ہیں فرق فقط تعبیرات و تفسیرات کا ہے۔

ادب کی مختلف تعریف کا خلاصہ یہ ہے کہ ادب زندگی اور تہذیب کا عکاس ہوتا ہے وہ خارجی مشاہدات، حقائق، تجربات کو داخلی آئینہ میں پیش کرتا ہے جس میں زندگی کی حقیقت اور فن کا سچا احساس ہونا بنیادی شرط ہے۔ ادب برائے زندگی اور ادب برائے ادب اپنے احساس فن میں قدرے مختلف ضرور ہیں۔ دونوں زندگی ہی کے خارجی اور داخلی پہلوؤں پر زور دینے سے ایک دوسرے سے ممتاز ہو گئے ہیں۔ زندگی کی حقیقت کی صحیح تعبیر دونوں کا نصب العین ہے۔

ابن خلدون نے اپنی کتاب کے مقدمہ میں ادب کی تعریف اس انداز سے کی ہے:-

> "ادبا نے ادب کی تعریف ان الفاظ سے کی ہے کہ ادب نام ہے اشعار و اخبار عرب کے یاد کر لینے کا اور ساتھ ہر علم سے ضروری معلومات بہم پہونچائی جائے یعنی علوم لسانیہ بھی علوم شرعیہ سے بھی ......"[1]

اس طرح ادب کی جڑیں علوم شرعیہ یا مذہبی مواد سے اندر ہی اندر ایک دوسرے سے پیوستہ ہیں۔

[1] مقدمہ ابن خلدون۔ مترجمہ سعد حسن خاں یوسفی ص۵۴۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مذہب سے ادب کا رشتہ

مذہب انسان کے شعور و جذبات، جسم و روح، دنیا و آخرت، عقاید اور نظریات، فرد اور سماج، مسائل اور علاج مسائل، غرضیکہ زندگی کے ہر پہلو پر شعوری یا لاشعوری طور سے اثر انداز ہوا۔ یہی تاثرات جو زندگی کے تجربات کی مختلف سطحوں سے ابھرتے ہیں ادب میں ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ انسانی شعور و فکر پر مذہب کے غلبہ اور ہمہ گیری کا ایک اہم پہلو مذہب سے انسان کا ردعمل ہے۔ یعنی تائید اور تردید دونوں کا امکان ہے۔ خدا کو ماننا یا اس سے انکار کرنا۔ موت کے بعد حیات ابدی کا اقرار کرنا یا نہ کرنا۔ یہ دونوں اسی فکری ردعمل کے دو اہم خطوط ہیں۔ بادی النظر میں اگرچہ یہ دونوں یعنی اقرار و انکار ایک دوسرے کی ضد ہیں اور اقرار کو مذہب اور انکار کو لامذہبیت یا دہریت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ لیکن دونوں کی اصل ایک ہے یعنی مذہبی حس کا تنقیدی تنوع جو پوری دنیائے انسانیت میں بہ اختلاف مقدار و معیار پایا جاتا ہے جو مذہبی نظریات کے رد و قبول کی متعدد شکلوں میں ہر عہد میں موجود ہوتا ہے۔

اسی مذہبی حس کے آفاقی ہونے سے ادب بھی چاہے کسی ملک کا ہو یا کسی زبان کا ہو انسانی معاشرہ کے لئے دلچسپی کا باعث ہوتا ہے۔ اس دلچسپی کے دو اہم نفسیاتی اسباب ہیں۔ پہلا سبب یہ ہے کہ ادب خود انسان کے دل و دماغ میں ابھرنے والے سوالات کو چھیڑ کر اسے ــــ ہیئت اور مواد عطا کرتا ہے اور اسے زبان و بیان سے دلکش بناتے ہوئے ان سوالات کی تربیت اور تدوین کرتا ہے۔ چونکہ یہ سوالات وجدان سے ابھرتے ہیں اس لئے ادب وجدان کی تربیت و تدوین کا اعلیٰ ترین وظیفہ ہے۔ یہ اس وقت تک ادب کہلاتا ہے جب تک اس پر کسی غیبی یا آسمانی قانون کی پابندی نہیں ہے اور جہاں سے یہ پابندی شروع ہوتی ہے وہیں وجدان انسانی کی ترتیب و تدوین

کا نام مذہب ہو جاتا ہے لیکن دونوں کا مواد ایک ہی نصب العین سے پیدا ہوتا ہے انسانی ضمیر و وجدان کو شعوری حرکت دے کر دونوں ہی بصیرت اور مسرت پیدا کرتے ہیں۔ مذہب بصیرت کو عبرت اور خوف خدا سے متصل کر کے اور مسرت کو نجات کی ضرورت سے جوڑ کر ادب سے زیادہ سنجیدہ راہ پر نکل جاتا ہے۔ لیکن ہر مذہب اس راہ کی سنجیدگی کے باوجود اس سفر کی ہر ضرورت کو پورا نہیں کرتا۔ ضرورت سے پیدا ہونے والے خلا کو انسان ادب کی تخلیق سے پورا کرتا ہے۔ غرضیکہ ادب اور مذہب کا باہمی رشتہ بہت مستحکم ہے اور ایک دوسرے سے محض شاخوں کی حد تک الگ کیا جا سکتا ہے۔ جڑیں دونوں تقریباً لاینفک ہیں۔ مذہب اور ادب شعور کی تقریباً ایک مرکز سے ابھر کر اپنی ہیئت میں آگے چل کر ایک دوسرے سے مختلف ہو جاتے ہیں۔ مذہب کی ہیئت میں معتقدات اصول کی تفصیل، کردار کا تعین اور تشخیص اور احکام یا رسوم کی نشاندہی ہوتی ہے۔ ادب مذہبی مواد کو پس منظر میں رکھ کر اصول و کردار کے موضوعات اور مفاہیم کو تمثیلات، علائم، اشاریئے رمزیات اور ضمنیات کے نظام میں جذب کر کے اسے ترسیلی اور آفاقی بنا دیتا ہے۔

مذہب کے پورے مواد کو ادب تین حیثیتوں سے شامل کرتا ہے۔

ا۔ نظریاتی اور فلسفیانہ حیثیت :-

خدا اور اس کے وجود سے متعلق مثبت اور منفی سوالات، عدل اور ظلم اور کائنات و انسان، جذبات اور شعور یا عقل و نفس کا ٹکراؤ اور نیکی و بدی کی نوعیت، جبر و اختیار، بے ثباتی دنیا اور دہر میں شر کی بالادستی، آخرت، حقیقت یا واہمہ موت انجام یا آغاز، حسن و شباب اور مقصد یا آزمائش، آزادی، فریب یا حقیقت وغیرہ وغیرہ سارے مباحث عالمی ادب میں مذہبی عناصر کے ادبی مظاہر ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۲۔ اخلاقی حیثیت :۔

ادب میں تمثیلی رعایت سے نیکی اور بدی کے سادے اور پیچیدہ مرقعے کسی پلاٹ پر متحرک کرکے اخلاقی حس کو تقویت دینا بھی ادب کا ایک وظیفہ رہا ہے۔ اگرچہ موجودہ نظریہ ادب کو اخلاق سے براہ راست نہیں جوڑتا بلکہ ادب کے وظیفہ و عمل میں کسی خارجی مقصدیت کی آمیزش کو خالص ادب کے منافی سمجھتا ہے اور ادب میں وسیلہ اور مقصد کا ارتکاز کرکے دونوں کو ایک ہی سطح پر متحرک کرتا ہے چاہے اس تحریک سے قاری پر کیسا ہی اثر کیوں نہ پڑے۔ اخلاق سازی قاری کی ذمہ داری ہے جو برائی عریاں تصویروں سے بھی درس عفت حاصل کرسکتا ہے۔ بہرحال ادب کسی مکتب فکر سے کیوں نہ منسلک ہو، اس میں اخلاق کی مثبت اور منفی دونوں قدروں کا التزام ادب کی اساسی ضرورت ہے فرق فقط لطیف اور غیر لطیف طرز اظہار کا ہوسکتا ہے۔ لیکن اخلاقی قدروں کا دامن، چھوٹ جائے یہ ممکن نہیں۔ خیر و شر، ضبط و بیخودی، بہادری اور بزدلی، وفا اور بے وفائی، جرأت عمل اور فرار، شہوت و عفت وغیرہ اقدار اور ضد اقدار پر مبنی تصورات ادب کی ناگزیر اساس ہوتے ہیں۔

۳۔ شخصی اور غیر آفاقی حیثیت

اس میں کسی خاص مذہب کے عقائد اور رسومات اس کی تاریخ اور کرداروں کے تذکرے شامل ہوتے ہیں۔ جو ایک خاص حلقہ کے لئے دلچسپی کا باعث ہوتے ہیں۔ اس طرح کے ادب میں بھی انسانی قدریں، آفاقی نظریات اور فلسفیانہ اور اخلاقی مبادیات شامل ہوتے ہیں۔ لیکن ان پر شخصی عقاید و رسوم کی حدبندیاں اسے محدود کردیتی ہیں اسی لئے وہ ادب عام مذاق کی وسعت سے کٹ جاتا ہے۔ رسوم و عقاید پر مشتمل مذہبی فکر سماج

کو بھی نقصان پہونچاتی ہے۔ انسان موروثی عقائد میں بغیر کسی استدلال کے داخل ہوجاتا ہے اور اس کے توہمات کو اپنی سماجی زندگی کا ضروری جز سمجھ لیتا ہے۔ بسا اوقات یہی توہمات یا مفروضات اس کے جوہر تحقیق و استدلال کو کمزور کردیتے ہیں اور ذاتی مذہب کے نام پر بہت سی جہالتوں کو قبول کرلینے میں کوئی باک محسوس نہیں ہوتی۔ مارکس نے مذہبی عقاید کے اسی منفی اثر کو 'افیم' سے تعبیر کیا ہے جو سماج کے بہت سے ناہموار امور پر انسان کو متوجہ ہونے سے بے حس بنا دیتا ہے اور مارکسی فکر کے زیر اثر ادب نے بھی اسی لئے مذہب کا بہتر قائم مقام مارکسی نظریات کو تسلیم کرتے ہوئے ترقی پسند تحریک کے عنوان سے مذہب کی درپردہ مخالفت بھی کی ہے۔

مذہب اور ترقی پسند تحریک

ترقی پسند تحریک نے مذہب کو اس انداز سے پیش کیا کہ مذہب دانشوروں کے حلقہ میں ایک غیر ضروری، مضر، قدامت پرستی کا عادی بنانے والا منفی آلۂ کار بن گیا۔ ترقی پسند تحریک ایک ردعمل کے طور پر ابھری اور بہت تیزی سے ادب اور فکر میں سرایت کرگئی۔

جن امور کے ردعمل میں اس کا خمیر پیدا ہوا وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ رومانوی ادب میں جذبات کی افراط اور حقیقت پسندی سے کنارہ کشی۔

۲۔ ادب میں خواص اور سربرآوردہ شخصیتوں کو ہیرو بنانے کی روایت۔

۳۔ سماج میں امراء، جاگیردار افراد کی بالادستی۔

۴۔ عالمی جنگوں میں بے پناہ و بے خطا عوام کی بربادی۔ فاشزم کا تسلط۔

۵۔ انگریزی سامراجیت کے خلاف جذبۂ احتجاج۔

۶۔ مذہب کا منفی اثر۔

۱۹۱۷ء میں روس کا انقلاب برپا ہوا اور اس کامیابی کا اثر پوری دنیا پر پڑا ان تمام

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عوامل کا ردعمل ارباب علم و ادب پر ہونا فطری بات تھی لہٰذا ۱۹۳۶ء میں تحریک کے مینفسٹو پر اردو ادب کے ممتاز افراد نے دستخط کئے اور ادب کو زندگی سے جوڑنے، مزدوروں، محنت کشوں اور عوام کے وقار کو بحال کرنے اور ان کے استحصال کا سدّباب کرنے کو ادب کا نصب العین قرار دیا۔ اس تحریک نے نظم و نثر، غزل اور افسانہ ہر ایک پر اپنی گہری چھاپ ڈالی اور تنقیدی شعور کی نئے سرے سے پرورش کی اور پسماندہ طبقہ میں قوت احتجاج کا نفوذ کرنے میں سرگرم عمل ہو گئی۔

مارکسیت کے زیر اثر ترقی پسند تحریک نے خدا اور آخرت دونوں کو غیبی مفروضات کی حیثیت دیتے ہوئے سماج ہی کو حقیقی اور مرکزی حقیقت تسلیم کیا ہے اور معاشرے کی تمام اصلاح کا انحصار اقتصادی مساوات کو ہی قرار دیا ہے۔ حالانکہ چند مذاہب کی داخلی کمزوریوں سے پیدا ہونے والے منفی اثرات کو دلیل بنا کر خود مذہب یا خدا اور آخرت یا آسمانی قانونِ انسانیت کو مسترد کر دینا خلاف عدل ہے۔ لیکن مارکسی نظریات کے سیلاب میں 'یہ خلاف عدل' کام اس لئے ہوتا رہا اور بہ نظر استحسان دیکھا جاتا رہا کہ اس کے بانی اور عقیدت مند، دونوں کی نگاہیں مذہب کی حقیقی بنیادوں اور ان بنیادوں پر بلند ہونے والے اہم ستون پر جو حیات کے ہر شعبہ کو سنبھال سکیں اکثر اوجھل رہیں۔

اردو کے دانشوروں کا مذہبی اور اسلامی شعور خام اور نامکمل تھا۔ لہٰذا جہاں عام مذاہب کی قدامت پرستی اور توہم پسندی کے خلاف بالواسطہ طور پر انہوں نے قلم اٹھایا اور نظم و نثر بالخصوص افسانے اور تنقید کے مواد میں مذہب سے بیزاری کا عنصر نمایاں رکھا۔ وہیں ناتمام اور ناپختہ معلومات کی وجہ سے مذہب کو عاقلانہ تفسیر اور حکیمانہ گفتگو سے محرومی کے سبب نہ صرف مذہب کو شدید نقصان پہونچایا بلکہ ادب کو بھی ایک زندگی بخش چشمہ سے کاٹ دیا۔ لطف کی بات یہ ہے کہ اس ضرر انگیز غفلت کے باوجود اپنے کو خوش فہمی میں "ادب اور زندگی" دونوں کا بہی خواہ سمجھتے رہے۔

لیکن یہ بات ہر صاحب بصیرت پر واضح کرنا ضروری ہے کہ اگر ترقی پسند تحریک ایک ردعمل ہے اور عدل و انصاف پر مبنی ہے تو وہ عمل جس کے خلاف یہ ردِ عمل ابھرا وہ ظلم اور ناانصافی ہی کا حامل رہا ہوگا اور تاریخی جدلیت کے اصول کی بنیاد پر وہ عمل بھی کسی سابق عمل کے خلاف ردعمل کے طور پر ــــــ نمو نہ پذیر ہوا ہوگا۔ اب اگر یہ طے ہے کہ وہ ظلم و ناانصافی پر مبنی تھا تو جس عمل کے ردعمل میں یہ ہوا وہ یقیناً عدم ظلم یا عدل کا حامل رہا ہوگا۔ یعنی عدل ایک مستقل آفاقی حیثیت سے رہنے والا حقیقت ہے۔ اس سے انحراف یا اس کے زوال کے امکانات فقط حادثاً اور ردعمل تو ہو سکتے ہیں، بجائے خود ایک مستقل عمل یا منصوبہ نہیں کہے جا سکتے۔ عدل کے وجودی استقلال و استمرار کی تفصیل کا دوسرا نام مذہب ہے جس پر حادثات یا ردعمل کی گرد پڑنے سے اس کی مستقل اور اصل شکل بدل جاتی ہے جو ایک مزید ردعمل سے اپنی گرد جھانٹ کر پھر ظاہر ہوتی ہے لہٰذا ترقی پسند تحریک زیادہ سے زیادہ ایک 'ردعمل'، 'انتقام' یا 'احتجاج' کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کی حیثیت کسی مستقل عمل یا آفاقی منصوبہ کی نہیں ہے۔ یعنی ترقی پسند تحریک ایک انتقام بن کر آگے بڑھی، انتظام بن کر نہیں۔ اور جو تحریک کسی جذبۂ انتقام کا نتیجہ ہو وہ وقتی بحالی کی ضامن ہے، دائمی نہیں یہی وجہ ہے کہ جب مزدور یا محنت کش احتجاج پر جری ہوتے ہوتے خود ظلم اور زیادتی کی حد میں داخل ہو جاتے ہیں تو انھیں خط اعتدال پر واپس لانا ضروری ہو جاتا ہے۔ خط اعتدال پر واپس لانے کی ضرورت ہی مذہب کا اساس ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ مذہب ہر شعبہ حیات کا خط اعتدال رکھتا ہے۔ اور ترقی پسند تحریک صرف اقتصادی شعور، مساوات اور اس کے سماجی اثرات پر منتہی ہو جاتی ہے اور دوسری قدروں کو اقتصادی بحالی یا اقتصادی مساوات پر منحصر مان لیتی ہے۔ مذہب ہر شعبہ کے امتیاز کو برقرار رکھتے ہوئے حیات کی پوری وسعت اور نزاکت پر مطلع کرتا ہے۔

یہی سبب ہے کہ مذہب کا گہرا شعور ہی انسان کو حقیقی معنوں میں دانشور بناتا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور چھوٹی بڑی دوسری تحریکات انسان کو وقتی دانشور یا PSEUDO INTELLECTUAL ہی بنا سکتی ہیں اور ان کے فکر و قلم سے پیدا ہونے والا ادب بھی ناپائیدار اور تشنہ رہ جاتا ہے۔ ترقی پسند تحریک سے پیدا ہونے والے افسانوں، نظموں اور تنقیدی مضامین میں یہی نقص تھا جو اسے ہمہ گیر، ہمہ جہت اور ہمہ مکان و زبان نہیں بنا سکا۔ اور اس کی گرفت اب رفتہ رفتہ کمزور ہو چلی ہے اور وہ مذہب جس کے خلاف قلم اٹھا تھا وہ اپنی توانائی پر پھر توجہ کرنے لگا ہے۔ تاریخ انسانیت میں واقعۂ کربلا کی ابدی عظمت سے ترقی پسند ادیب کا بھی نہ انکار کرنا دراصل مذہب کی ابدیت کا اقرار ہے اور ادب کا وہ حصہ جو مذہبی ادب سے تعبیر کیا جاتا ہے یعنی مرثیہ قصیدہ وغیرہ وہ آج بھی اپنے موضوع کی ہمہ گیری کی وجہ سے تازہ اور غیر فرسودہ ہے اور تمام انسانی اقدار پر محیط ہونے کی وجہ سے آگے بھی برقرار رہنے کی پوری استعداد رکھتا ہے اور یہ ثابت کرتا ہے کہ ادب مذہب ہی کا رہین منت ہے۔

اُردو ادبُ اور مذہبُ

یوں تو پورے عالمی ادب میں دورِ قدیم، عہدِ وسطیٰ اور نشاۃ الثانیہ سے لے کر آج تک مذہبی افکار کی صدائے بازگشت کبھی واضح اور کبھی بالواسطہ اشاروں کی معنویت کے پردوں میں سُنائی دیتی ہے اور خدا و آخرت، کائنات، انسان، جزا و سزا جسم و روح، بدی و نیکی اور نجات و تلوث جیسے مسائل پر فن کی آڑ میں استفسار اور جواب استفسار ہوتا رہا۔ لیکن اردو ادب پر فارسی زبان اور مذہب اسلام کا خاصا اثر پڑا۔ اسلئے نظریات اور فلسفیانہ افکار کے پہلو بہ پہلو فارسی زبان، اسلامی نظریات و رسوم اور ہندوستانی تہذیب و ثقافت کے ملے جلے اثرات کی ایک دبیز چادر پھیلی ہوئی ہے۔

اسلام کے مذہبی عناصر تصوف کی شکل میں ظاہر ہو کر ادب کے لئے بہت کچھ آفاقی اور عالمی ہو گئے لیکن اس کی ہیئت پر بھی فارسی اور اسلامی رنگ غالب ہے۔ اردو کے تمام اصناف سخن پر مذہب کے اثرات نمایاں ہیں۔ صرف صنف کی انفرادی نوعیت سے غزل، مثنوی، قصیدہ اور مرثیہ میں مذہبی اثرات الگ الگ مقدار و معیار پر ظاہر ہوئے ہیں۔

مغربی اثرات سے پہلے اردو ادب میں بطور روایت آغاز کلام میں حمد و نعت کا التزام تھا چاہے موضوع کلام براہ راست مذہبی ہو یا نہ ہو۔ لیکن مغربی اثرات، سائنس کی ترقی اور فطرت پر انسان کی دسترس نے رفتہ رفتہ اس روایت کو غیر دانشورانہ حماقت محسوس کراتے ہوئے اسے بالآخر نکلوا ہی دیا۔ حمد و نعت کا قدیم روائتی انداز فقط مذہبی شاعری تک محدود ہو کر رہ گیا۔ پھر بھی اردو شاعری مغربی روح کو اپنے جسد میں اس لئے نہیں اتار سکی کہ وہ فارسی زبان اور مذہب کے ملے جلے خمیر سے تیار ہوا تھا۔ جنہوں نے مغربیت کو زیادہ ہضم کرنے میں اور اردو ادب و تنقید میں شامل کرنے کی کوشش کی وہ نقالی اور پیوند گری سے زیادہ آگے نہیں بڑھ سکے۔ اردو ادب کی شناخت اور ماہیئت اور ہیئت میں عربی و فارسی کے اثرات کارفرما ہیں۔ ان زبانوں نے اپنے استعارے اور علامتیں مذہب ہی سے حاصل کی ہیں اس لئے اس کو صرف نظر نہیں کیا جا سکتا چونکہ عربی اور فارسی موضوع سے باہر ہے۔ اس لئے اصناف شاعری میں صرف مذہب کے اثرات اور اس کے اظہار کا مختصر جائزہ لینا ہے اور یہ دیکھنا ہے کہ تمام اصناف شاعری میں مرثیہ کی صنف نے مذہبی اثرات کو کس مقدار میں جذب کیا۔ اور اپنے اسلوب اظہار میں ادب اور مذہب دونوں کے توازن کو کیوں کر برقرار رکھا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مذہب اور غزل :-

اردو شاعری نے فارسی سے جملہ اصناف سخن مستعارے کر اپنانے کی کوشش کی لیکن فارسی کا خاص اثر غزل پر پڑا۔ شعراء کے ذہن کی پرورش ایرانی فضا میں ہوتی رہی۔ حافظ و سعدی کی تقلید نے غزل میں جمالیات اور مذہب کے عناصر کو داخل کر دیا۔ اور ابتداءً جنوب ہند میں غزل کی کونپل پھوٹی اور شمال تک ولی کا پہونچنا تھا کہ اس کی روشنی سے غزل کی دوسری شمعیں روشن ہونا شروع ہوئیں۔ ان غزلوں میں مذہب کا اثر بہت نمایاں ہے۔ ولی سے لے کر داغ تک مذہبی عقاید کا اظہار کبھی تمثیلی پیرائے میں اور کبھی واضح طور پر ہوتا رہا لیکن سب سے زیادہ اثر تصوف کا پڑا۔ جس کی وجہ سے غزل کے مضامین میں بالعموم فنا، تسلیم و رضا، جبر و اختیار، قناعت، دنیا سے بے نیازی و بیزاری، فنا فی العشق وغیرہ بطور روایت داخل ہو گئے۔

مذہبی اثرات میں تصوف کے علاوہ شرع اور اخلاقیات کے ذخیرے بھی کم نہیں۔ زہد و ورع، عبادت و اطاعت، حمد و نعت اور اخلاقی اقدار پر اشعار کی خاصی تعداد پائی جاتی ہے۔

اردو غزل کے پورے پورے مصرعوں پر مذہب کا اثر غالب تھا۔ یہ مصرعے اگر مذہبی اثرات سے ہٹ کر ادا کئے جاتے تو قاری کے لئے نامانوس اور اجنبی طور پر ثقیل محسوس ہوتے لیکن غزل کا خمیر مذہبی پردے میں اس طرح تحلیل ہو گیا کہ نہ اجنبیت محسوس ہوئی اور نہ گرانی کا احساس ہوا۔ پھر مطالب کے اظہار کے لئے انہیں محاوروں اور فقروں کا مختلف مواقع پر استعمال رفتہ رفتہ انھیں ایسی عمومیت دے گیا کہ وہ جاہل و عالم کے لئے بلا تکلف استعمال کی زبان بن گئے۔

"اردو غزل میں تشبیہات کا اچھا خاصہ ذخیرہ بھی مذہبی خصوصیات سے مستعار لیا گیا جو نہ صرف ندرت و شگفتگی کا باعث ہوا بلکہ اس سے معنویت میں کافی اضافہ ہوا، اشخاص، اشیاء، مقامات، مکانات، ہر ایک کی خصوصیات جو عالمگیر ہو چکی تھی اور جن کے اثرات مذہب ذہن نشین کر چکا تھا، ان کو خاص ترکیب سے نہایت ہی اختصار کے ساتھ ہماری زبان کے بنانے والوں نے اپنے ادب میں چن کر اس طرح کر لیا کہ زبان کے خزانے کو ایک نایاب اہمیت حاصل ہوئی"۔ [1]

غزل میں مذہبی اشخاص، مقامات، رسوم، عقائد کے کچھ نہ کچھ اشارے مل جاتے ہیں۔ یہی اشارے اپنے تاریخی پس منظر اور اعتقادی پھیلاؤ کے ساتھ آگے چل کر علامتوں میں تبدیل ہو گئے اور ان کے پس پشت پیچیدہ اور مخصوص تصورات کی دنیا قائم ہو گئی، مثلاً معراج، قیامت، کربلا، خضر، ابلیس، فقط ایک خاص واقعہ تک محدود نہیں رہ گئے بلکہ ان کی خصوصیات اگر کسی واقعہ یا شخص میں ملے تو ان کو بھی انھیں الفاظ میں جوڑ کر عمومیت دے دی گئی۔ اور ذہن ان کے علامتی مفاہیم کی طرف موڑ دیا گیا۔

"غزل کی ساخت میں مذہب کا حصہ کافی ہے اور بالواسطہ غزل کی حیات و تربیت میں مذہب ہی کا حصہ زیادہ ہے۔ غزل کی جان و وسعت داستانِ حسن و عشق ہے اور اس داستان کی نشو و نما میں مذہب کا پورا ہاتھ ہے۔ محبت ہر مذہب کی

---

[1] اعجاز حسین : مذہب و شاعری ص۱۵۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

روح ہے۔ بغیر اس کے کوئی مذہب لقمہ نہیں توڑتا۔ بعض ایسے مذاہب ہیں جو خدا کے عشق پر زیادہ زور دیتے ہیں اور اس کو حقیقی عشق سمجھ کر اہمیت بھی زیادہ دیتے ہیں۔ اور بعض ایسے بھی ہیں جو انسان سے محبت کرنے کو خدا کی محبت سمجھتے ہیں۔ خدمت خلق کو عبادت خدا سے کم نہیں مانتے۔ بہر حال بغیر محبت کے کوئی مذہب جی نہیں سکتا چاہے کوئی فرد بے حیائی سے زندہ رہے۔" [1]

مذہب اور قصیدہ

قصیدہ عربی سے فارسی اور فارسی سے اردو میں رائج ہوا۔ مدحیہ شاعری میں بزرگان دین کی مدح اور بادشاہوں کی تعریف قصیدہ کا خاص موضوع رہا۔ اور ہیئت اور مواد دونوں فارسی ادب سے مستعار لئے گئے ہیں مذہب اور دربار قصیدے کی دو پرورش گاہیں رہیں۔ دربار کے ختم ہوجانے کے بعد مذہب ہی پر قصیدے کی زندگی آج تک قائم ہے وہ بھی اسی مذہب میں جس میں بزرگان دین بہ اعتبار کردار یا بہ اعتبار حیات زندہ ہیں۔

غزل سے زیادہ قصیدہ پر مذہب کا اثر نمایاں ہے لیکن دونوں کے مذہبی عناصر میں ایک بڑا لطیف واہم فرق ملتا ہے۔ غزل میں زیادہ تر تصوف کے مختلف مسائل وعقائد کارفرما ہیں۔ الفاظ وضرب المثال محاورات واستعارات، صوفیانہ نقطہ نگاہ سے مذہب کے نام پر غزل میں

---

[1] اعجاز حسین : مذہب وشاعری۔ صـ ۱۵۹

لائے گئے لیکن قصیدہ میں حدیث و قرآن سے زیادہ کام لیا گیا۔ اصول دین، قیامت، حج، نماز، روزہ، عدل وغیرہ پر زیادہ دلچسپی لی گئی۔ بزرگان دین کی سیرت میں چونکہ مذہب بطور اساس پایا جاتا تھا لہٰذا زیادہ تر متشرع عقائد پر اپنی توجہ رکھی۔ اور صوفیانہ خیالات سے بچنے کی کوشش کی گئی۔ ولی، سودا، غالب مومن و ذوق کے یہاں مجموعی طور پر قصیدہ کا بڑا حصہ مذہب کا رہین منت ہے بادشاہوں کی تعریف میں کہے گئے قصیدے بھی بادشاہ کو "ظل الٰہی" یا "اولی الامر" سمجھ کر کہے گئے ہیں۔ اس لئے دربار کی فضا بھی قصیدہ کے مذہبی عناصر میں حائل نہیں ہوئی۔ ممدوح کی کردار نگاری میں صفات مثلاً عدل، سخاوت اور مذہبی خیالات (عید، شب برات، نوروز وغیرہ) پائے گئے۔

ابتدا میں حدیث و قرآن کے اشارات قصائد میں امتیازی حیثیت رکھتے تھے۔ ولی اور سودا کے یہاں دونوں اجزا، کافی ملتے ہیں مگر جیسے جیسے شاعری کو فروغ ہوتا گیا مضمون آفرینی اور رنگینی بڑھتی گئی اور قرآنی تلمیحات کم ہوتی گئیں۔ ان کی جگہ تخیل اور باریک بینی نے لے لی۔

اگر مذہب نے قصیدے کی نشو ونما کی تو قصیدے نے بھی مذہب کی اشاعت میں نمایاں کام انجام دیا۔ عوام تک مذہبی عقائد، واقعات، حمد و نعت ائمہ کی منقبت وغیرہ کو محفلوں کے ذریعہ پہنچایا گیا۔ قصیدہ خوانی نے مذہبی اور ادبی دونوں مذاق کے طبقے کو ایک نقطہ پر اکٹھا کر دیا۔ اور مذہب و ادب دونوں کی اشاعت کا ایک دلچسپ ذریعہ بن گیا۔ قصیدہ گو کے لیے اسلامی معلومات قرآن، حدیث، تاریخ اور سیرت سے واقفیت ضروری تھی۔ اور عوام کے لئے بھی مذہبی تلمیحات اور اشارات کا سمجھنا ضروری تھا۔ لہٰذا دونوں کے لئے دین فہمی ناگزیر ہوگئی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قصیدہ میں مبالغہ آرائی ضروری تھی لیکن اس میں بھی بعض ممدوح مثل رسولؐ خدا اور ائمہ اپنی لامحدود روحانیت کی وجہ سے مبالغہ میں حدبندی کا حسن پیدا کر دیتے تھے۔ ڈاکٹر اعجاز حسین نے رسولؐ خدا اور ائمہ کے صفات و کمالات میں نظم کئے جانے والے مبالغہ آمیز اشعار کو خیالات اور محالِ عقلی پر محمول کیا ہے :-

"اگر تمام اشجار قلم ہو جائیں اور تمام دنیا کے سمندر سیاہی ہو جائیں تب بھی ایک شمہ تعریف ان بزرگوں کی نہیں ہو سکتی جن لوگوں کے عقائد و ایمان اس حد تک بڑھ گئے ہوں ان کے نزدیک نہ ممدوح کی کبھی تعریف پوری ہو سکتی ہے اور نہ ایسے قصیدہ گویوں کو مبالغہ کا احساس ہو سکتا ہے۔"[1]

امراء کی شان میں جو قصیدے کہے گئے ان میں بھی ان کو غیر معمولی انسان کی طرح پیش کیا گیا۔

اِس طرح مذہب نے قصیدہ کی صنف کو پروان چڑھایا اور قصیدہ اور مذہب شیر و شکر بن گئے۔

مذہب اور مثنوی :-

یہ صنف بھی فارسی شاعری سے اردو ادب میں آئی اور اپنے تسلسل تنوع کی وجہ سے جملہ اصناف سخن کی بہ نسبت زیادہ کارآمد اور اہم ثابت ہوئی۔ دوسرے اصناف بیان، محاکات، تسلسل اور تنوع میں مثنوی کے ہم پلّہ نہ ہو سکے۔

---

[1] اعجاز حسین : مذہب و شاعری - ص ۱۸۱

مثنوی میں جس شرح و بسط کے ساتھ عقاید کو نظم کیا جا سکا اس کی صلاحیت غزل اور قصیدہ دونوں میں مفقود ہے۔ یہ فقدان اس لئے ہوا کہ جو تسلسل مثنوی میں ممکن تھا دوسری اصناف میں دشوار تھا۔ اس کے علاوہ شاعرانہ رسوم اور وضعداری کی پابندی کا جذبہ بھی کارفرما رہا۔ اسی لئے قصیدہ کو پوری آزادی اور خلوص کے ساتھ مثنوی ہی میں برتا جا سکتا تھا۔ قصائد میں غزل سے زیادہ آزادی کا امکان تھا۔ لیکن اس میں مدح کے موضوع ہونے سے ایک پابندی بھی حائل تھی تاکہ بزرگان دین کی شان میں کوئی ناروا بات نہ نظم ہو جائے۔ اس کے علاوہ قصیدہ میں مثنوی کی طرح وسعت بھی نہ تھی کہ اتنے تسلسل کے ساتھ پورا پورا واقعہ نظم کیا جا سکے۔ چونکہ قصیدے میں اشعار کی تعداد بھی مدنظر رہتی ہے۔ مدح اور دعا کے علاوہ تشبیب میں اتنی گنجائش نہیں رہ جاتی کہ شاعر پورا واقعہ نظم کر سکے۔

مثنوی کی امداد کے لئے مذہب جزئیات و تفصیلات کے لئے بھی تراکیب دیتا رہا۔ ان امور کے علاوہ یہ ایک نمایاں مدد اور تھی کہ قرآن کی آیتیں و حدیث کی روایتیں بھی مثنوی کو نظم کرنے کے لئے مذہب سے ملتی رہیں جس کی تفسیر و تفہیم میں شاعر کو کافی صلاحیت کا ثبوت دینا پڑتا تھا۔ مختلف زاویہ نگاہ سے خیالات ذہن نشین کراتا تھا۔ اور اپنے ذاتی تجربات پر بھی زور دے کر نئی باتیں پیدا کرنے کی سعئ بلیغ کرتا تھا۔ جس کی وجہ سے مثنوی میں مذہبی مواد بہ نسبت غزل اور قصیدہ کے زیادہ ہو گیا اور اس اعتبار سے اس کی سطح بہت بلند نظر آنے لگی۔[1]

---

[1] سید اعجاز حسین : مذہب و شاعری - ص ۱۱۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مذہب اور مرثیہ :-

مرثیہ کا خمیر مذہبی مواد بالخصوص واقعہ کربلا کے المیہ سے پیدا ہوا اور اپنے تنوع میں عقائد و نظریات، رسوم و عبادات، قرآن و حدیث، فقہ و تاریخ سب کو سمیٹ لیا۔

"مرثیہ کی تعمیر ہی مذہب پر ہوئی تھی۔ ساری فضا مذہب یا مذہب کے متعلقات سے اتنی متاثر تھی کہ مرثیہ کا طرز تخیل ہی مذہبی ہو گیا تھا۔ کوئی پہلو ایسا مشکل سے ملے گا جس کے دیکھنے میں مذہب کی عینک سے کام نہ لیا گیا ہو۔ یہاں تک کہ مرثیہ گو عموماً اور خاص کر خاندان انیسؔ وضو کئے بغیر مرثیہ کہنا شروع نہیں کرتا تھا۔ وہ اس کو شرعی فریضہ سمجھتا اور اس پر بڑی توجہ کرتا تاکہ مرثیہ میں کوئی بات خلاف شرع نہ ہونے پائے۔ چنانچہ منجملہ اور وجوہ کے شرعی ذہنیت کا کافی سے زیادہ دخل اس اثر میں شامل ہے کہ مذہبی امتیاز کے لحاظ سے غزل و قصیدہ اور مثنوی کے برخلاف مرثیہ میں تصوف نام کو بھی نہیں ــــ تصوف چونکہ متشرع دنیا میں پسندیدہ نگاہوں سے نہیں دیکھا جاتا تھا۔ اس لئے مرثیہ میں داخل کرنا نامناسب سمجھ کر شعراء نے یک قلم اس عنصر کو نظر انداز کیا ورنہ بہت سے ایسے مواقع تھے جہاں صوفیانہ انداز میں کچھ کہا جا سکتا تھا۔ پند و نصائح میں، اخلاقیات میں غرض کہ کہیں نہ کہیں تصوف کو جگہ مل سکتی تھی مگر اس التزام کے ساتھ یہاں مذہب کو قلمبند کیا گیا کہ تصوف

کو ہمیشہ مرثیہ سے مایوس ہونا پڑا۔ یہ ایک ایسی خصوصیت ہے جو مرثیہ کے مذہبی مواد کو دوسرے اصناف یعنی قصیدہ، مثنوی، رباعی وغیرہ کے مذہبی مواد سے الگ کر دیتی ہے[1]۔"

مرثیہ اور تصوف :-

اردو کے اصناف سخن میں تصوف کا بالعموم پایا جانا اور مرثیہ میں بالخصوص نہ پایا جانا ایک اہم سوال پیدا کرتا ہے جیسا کہ ڈاکٹر اعجاز حسین نے مرثیہ کی اس خصوصیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے توجیہی اشارہ بھی کیا ہے۔ مرثیہ میں سختی سے شرعی ملحوظات نے تصوف کے دروازے بند کر دیئے جس سے یہ ضرور واضح ہو گیا ہے کہ شریعت اور تصوف کا کوئی بنیادی تضاد ضرور رہے۔ بہتر ہے کہ اس تضاد کا تصوف کی تاریخ اور تعریف کی روشنی میں جائزہ لے لیا جائے ایک بڑا اہم اور فطری سوال یہ ہے کہ اسلام میں بحیثیت مذہب کون سی کمی یا زیادتی تھی جس کی بنا پر تصوف ایک مستقل مسلک بن کر اسلام سے قدرے ممتاز حیثیت کا حامل ہو گیا۔ جب ہم تصوف کی تاریخ دیکھتے ہیں تو بقول مولانا سعید احمد اکبر آبادی ؎

"تصوف کا مادہ اشتقاق کیا ہے؟ بعض لوگ کہتے ہیں یہ صفو سے مشتق ہے۔ چونکہ تصوف میں صفائے باطن پر زیادہ زور ہوتا ہے اس لئے صفائے باطن کے حصول و ذرائع و وسائل کا نام تصوف ہو گیا۔ بعض حضرات کے نزدیک اس لفظ کی اصل

---

[1] اعجاز حسین : مذہب و شاعری ص ۸-۲۷۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صفہ ہے جس کے معنی چبوترہ ہیں۔ چوں کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں کچھ اصحابِ زہد و فقر تھے جنہوں نے دنیا ترک کر دی تھی اور مسجد نبوی میں ایک چبوترے پر شب و روز عبادتِ الٰہی اور اوراد و وظائف میں مصروف رہتے تھے اس بنا پر یہ اصحابِ صفہ کہلاتے تھے۔ چونکہ صوفیا کا طریقِ زندگی یہی ہوتا ہے اس لیے ان کے طور و طریق کو تصوف کہنے لگے۔ لیکن عربی زبان کے قواعد اشتقاق کی رو سے پہلا قول درست ہے نہ دوسرا بلکہ صحیح یہ ہے کہ یہ لفظ صوف سے مشتق ہے جس کے معنی اُون کے ہیں۔ چونکہ یہ حضرات عام طور پر اُون کا لباس استعمال کرتے اور نرم و نازک کپڑوں سے اجتناب کرتے تھے ان کو متصوفین کہا جاتا تھا۔[1]"

اور جب تصوف کے تاریخی پس منظر کو پیش نظر رکھتے ہیں تو ہمیں، محسوس ہوتا ہے کہ اپنے اصول اور تصوف نے دو اہم بنیادوں پر زور دیا ہے پہلی بنیاد کا نام ہے صفائے باطن۔ جسے زہد و تقوی، ریاضت نفس یا تزکیہ نفس سے بھی تعبیر کیا گیا ہے۔ صفائے باطن کے حصول کا ذریعہ احکام الٰہی کی پابندی ہے۔ شریعت سے متعلق تصوف کی دوسری اہم بنیاد عشق الٰہی ہے جس میں بندہ اپنے پورے وجود کو جلوہ پروردگار میں فنا کی حد تک ضم کر دینا چاہتا ہے بہ ظاہر یہ دو الگ الگ شاخیں ہیں۔ لیکن حقیقتاً تصوف میں ان دونوں کی اصل ایک ہی ہے جس سے شریعت اور عشق کی شاخیں پھوٹتی ہیں۔ فرق

---

[1] سعید احمد اکبر آبادی: اقبال اور تصوف ص۱۲

محض اتنا ہے کہ شریعت کا ظہور احکام الٰہی کی پابندی سے ہو جاتا ہے لیکن عشق درون باطن میں موجزن تو ہوتا ہے مگر یوں ظاہر نہیں ہوتا کہ وہ ظاہری اعمال کی شکل اختیار کرلے۔ عشق ایک باطنی کیفیت کی حیثیت سے زندہ اور مستور رہتا ہے لیکن ظاہر و باطن کے یہ دونوں پہلو تصوف میں ایک ہی ہونے کے باوجود شریعت اور طریقت دو الگ الگ پہلوؤں سے یاد کئے جاتے ہیں یہ تاریخی المیہ ہے کہ اہل تصوف شریعت سے زیادہ طریقت یعنی عشق الٰہی پر زور دیتے رہے اور تصوف کو ایک منزل پر شریعت سے منقطع کر دیا۔ اور وحدت الوجود داؤ ر وحدت الشہود کے راستے پر بے اختیار نکل پڑے جس سے اہل تصوف کا مرکزی تصور اسلام کے توازن سے منقطع ہو گیا اور دوسرے خارجی اثرات مثل ویدانت وغیرہ کے داخل ہو جانے سے فنا للّٰہ کا اسلامی تصور فنا فی اللہ کے غیر اسلامی تصور تک پہونچ گیا۔ للّٰہیت میں عبدیت محفوظ تھی اور فی الٰہیت میں عبدیت مجروح ہو گئی اس لئے کہ لفظ 'فی' سے ظرف و مکان کی پابندی کا تصور پیدا ہوتا ہے اور خدا حدود و مکان کا پابند نہیں۔ وہ لا محدود و لامکاں ہے۔ للّٰہیت سے بندے کی خلقت کا مقصد وابستہ ہے کہ وہ خدا کی بندگی کے لئے پیدا کیا گیا ہے نہ کہ اس میں ضم ہو جانے کے لئے جو اصولاً محال ہے۔ قرآن مجید نے بندوں کے اسی احساس بندگی کو بیدار کرنے کے لئے جو تعلیم دی اس میں یہ کہا کہ انا للّٰہ نہ کہ انا فی اللہ۔ چونکہ فی الٰہیت کا رجحان شرک کے ڈانڈے سے مل جاتا ہے۔ اس لئے اکثر صوفیا علماء اسلام کی نظر میں اچھا مقام نہیں رکھتے۔ اگرچہ صوفیا کرام کی قلیل تعداد اس الزام سے بری بھی ہے کیوں کہ انہوں نے تصوف کے مزاج کو اسلام سے منقطع نہیں ہونے دیا۔

دوسری خرابی جس نے تصوف کو مراتی میں آنے سے روک دیا وہ یہ ہے کہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تصوف بندوں میں خانقاہی مزاج پیدا کرتا ہے اور سماج کی منجدھار سے کاٹ دیتا ہے
شخصیت کو فقط روحانیت ہی تک محدود رکھتا ہے، سماجی مسائل، سیاسی بحران۔ اخلاقی
قدروں کا سماجی نفاذ، انسانی رشتے، حاکم و رعایا کے مابین نظام عدل، خیر و شر کی
میدان جہاد میں معرکہ آرائی جیسے اہم اور وسیع موضوعات پر صوفیہ کا انداز فکر فاصلہ
اختیار کر لیتا ہے۔ لہٰذا تصوف کی زمین پر کوئی ایسا شاہکار نہیں ابھرتا جو انسانی حیات
کے تمام پہلوؤں پر محیط ہو سکے۔ صوفی فقط روحانی ہو کر رہ جاتا ہے جب کہ حیات
بشری کی مجموعی نمائندگی میں ایک انسان کا روحانی ہونے کے ساتھ ساتھ میدان جنگ
کا سپاہی ہونا۔ عسکری نظام کا قائد ہونا، نفسیات بشر کا ماہر ہونا، عدل الٰہی کا علمبردار ہونا۔
حالات کی پیچیدگیوں کا مبصر ہونا۔ سماجی رشتوں کے شعار کا بہترین ترجمان ہونا۔ محنت و
مشقت سے کسب حلال کر کے سعی جمیل کا بہترین کردار ہونا۔ زمانے کی بے وفائی اور
حالات کی سختیوں پر صابر ہونا، عوام سے اتنا ہی مانوس ہونا جتنا جابر امراء اور ظالم
شہنشاہ کو مرعوب کر دے۔ ان تمام پہلوؤں کا ہونا ضروری ہے۔ لہٰذا مرثیہ میں کسی
ایسے ہی نمائندہ کردار کو محور بنا کر پلاٹ کی توسیع کی جا سکتی ہے۔ اسی لئے تصوف کا
مزاج مرثیہ کے فن کو راس نہیں آتا۔ مرثیہ کے وسیع پلاٹ میں تصوف ایک جزوی
حیثیت سے داخل ہو سکتا ہے۔ لیکن کلی طور پر غالب نہیں ہو سکتا جب کہ دوسرے
اصناف میں تصوف کے غالب ہونے کا امکان زیادہ ہے۔

اردو مرثیہ میں تصوف کے رواج نہ پانے کا تیسرا سبب یہ ہے کہ وہ
انسانی قدریں یا کردار جو مرثیہ کے مذاق کا موضوع بنتے ہیں وہ صوفی شاہکار میں
سمٹ کر فقط نفس بشر کی فنا فی الٰہی کیفیت کے لمحات میں محدود ہو جاتی ہیں کیوں کہ
صوفی انداز فکر انسان کو گوشہ نشینی کی طرف لے جاتا ہے جسے تصوف کی اصطلاح میں
[illegible] کہتے ہیں۔ اسی لئے تصوف کی ساری اصطلاحیں مثلاً الوہیت، انا، جلال و جمال،

اتصال و وصال، تجرید و تعزیہ، ذکر و شغل، شریعت و طریقت، ظاہر و مظہر، عل[illegible] موص کفر و
عشق و عرفان، فنا و بقا، فقر و قناعت، معجزات و کرامات، وجود [illegible] بے
ثباتی دنیا اور حیات چند روزہ، حجاب [illegible] وغیرہ سے جو کردار ابھرتا ہے وہ ایک
راہب، تارک الدنیا صوفی (MYSTIE) یا ایک یوگی کا ہو سکتا ہے جس نے سماج
یا دنیا سے اور اس کے ضمن میں آنے والے تمام افعال و اشغال سے کنارہ کشی اختیار کر لی
ہو لہٰذا مندرجہ بالا ساری اصطلاحوں میں وحدت الوجود اور وحدت الشہود کا عقیدہ
کارفرما ہو کر ایک مخصوص دائرۂ فکر و عمل میں محدود کر دیتا ہے اور اسلامی افکار کی اساس
سے دور کر دیتا ہے اور اسلامی افکار کی اساس قرآن حکیم کے ارشادات و احکامات
پر، احادیث نبوی رسول کریم کی بتائی ہوئی باتوں پر اور فقہی مسائل کی بنیاد پر ہے۔
اور تصوف ایک مکتب فکر کی حیثیت سے ممتاز ہو گیا ہے۔ لہٰذا بعض
اصطلاحات جو تصوف میں رائج ہیں ان کا مفہوم عام اسلامی اصطلاح سے قدرے
مختلف ہو گیا ہے۔ مثلاً فنا اور بقا کے الفاظ تصوف کی مخصوص لغت میں جو مفہوم رکھتے
ہیں وہ جسم و روح اور وحدت الوجود و وحدت الشہود کے غیر حقیقی پردوں کو چاک
کر کے اصل ہستی میں ہم آہنگ ہو جانے کا نام ہے جو غیر حقیقی مظاہر کے خاتمہ (فنا) اور اصل
ہستی سے ہم رنگ ہو جانے (بقا) کا باطنی عمل ہے جب کہ فنا و بقا کا عام مفہوم یہ ہے
کہ خدا کے سوا ہر شے فانی ہے اور بقا صرف اللہ کے لئے ہے[1]

ذکر و شغل کی اصطلاح تصوف میں بہت سے سماجی علائق کی یاد سے رشتہ
توڑ کر فقط یاد الٰہی میں مشغول ہو جانے کی ارتکازی کیفیت کا نام ہے اور اس اصطلاح کا
عام اسلامی مفہوم سماج کے ہر ضروری مرحلہ میں حکم خدا کی طرف متوجہ رہنے کو کہتے ہیں

---

[1] قرآن: سورۂ رحمٰن۔ آیت۔ ۲۶

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شخصیت اکہ قرآن میں ہے کہ جب نماز پڑھ لو تو زمین پر فضل الٰہی کی تلاش میں پھیل جاؤ اور اللہ کا سماتو سے یاد کرو[1] آیت میں زمین پر فضل الٰہی کی تلاش کا مفہوم تجارت تلاش معاس، بندگان خدا سے معاملات اور ان سارے معاملات میں خدا کے حکم کو یاد رکھنے سے متعلق ہیں۔

شریعت اور طریقت کی اصطلاح تصوف میں ایک ساتھ استعمال ہونے کی وجہ سے خود شریعت کا مفہوم بھی ہم رنگ تصوف ہو گیا ہے۔ اسی لئے اکثر صوفیوں کے یہاں فروعات دین مثلاً نماز، روزہ کی اہمیت اسی وقت تک مانی جاتی ہے جب تک بندے میں نفس کی ریاضت جاری ہے اور جیسے ہی نفس فنا فی اللہ پر سطح یاب ہو جاتا ہے وہ فروعات کی قید سے آزاد ہو جاتا ہے۔ اسلام میں شریعت کا مفہوم بہت مرکزی ہے اسلام میں ایک قانون تکوینی ہے جو پوری فطرت میں جاری ہے۔ اس کے مقابلہ میں قانون تشریعی ہے جو نفس انسانی کی تربیت نمو اور ارتقا کے لئے بنایا گیا ہے۔ کوئی بندہ چاہے کتنا ہی بلند کیوں نہ ہو قانون شریعت کی قید سے آزاد نہیں ہو سکتا۔ اسی لئے قرآن نے نبی کو مخاطب کر کے کہا کہ ہم نے تم کو ایک شریعت پر پابند بنایا ہے تو خبردار جاہلوں کا اتباع نہ کرنا[2] یعنی قرآن شریعت میں طریقت کے اضافہ سے ترمیم کو جہالت سے تعبیر کر رہا ہے۔

مجاہدہ: تصوف میں مجاہدہ نفس اور روح کے مابین آویزش پر مشتمل ہے یعنی روح کو خیر کا مرکز اور نفس کو شر کا مرکز مان کر خیر و شر کے باطنی ٹکراؤ میں خیر کی حمایت اور شر پر غلبہ کو تصوف میں مجاہدہ کہتے ہیں۔ اسلام کے عام مفہوم میں مجاہدہ

---

[1] قرآن۔ سورۂ جمعہ۔ آیت۔۱۰

[2] قرآن۔ سورۃ جاثیہ۔ آیت۔۱۸

کا یہ باطنی میدان خارج میں پھیل کر ہر دائرۂ خیر و شر سے گزرتا ہے اور بالخصوص کفر و شرک کے انسانی لشکر سے برسرپیکار ہونے کے لئے فن حرب و ضرب، شہ سواری، اصول جنگ اور قوانین جہاد کے بسیط موضوع کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ قرآن نے جہاد کے اسی پہلو کو لفظ قتال سے واضح کیا ہے اور فقط باطنی جہاد سے بات کو آگے بڑھا کر کُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ[1] (تم پر قتال واجب کر دیا گیا) کہہ کے جہاد کے پورے مفہوم کو نمایاں کیا ہے۔

مندرجہ بالا اصطلاحات میں تصوف اور اسلام کے مفاہیم میں امتیاز سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اسلام کی قرآنی روش تصوف کے مزاج سے ممتاز اور قدرے مختلف ہے۔ چوں کہ نظریات کے فرق کا براہ راست اثر کردار کی پیکرگری پر پڑتا ہے لہٰذا وہ کردار جو تصوف کے مفاہیم سے ڈھالے جائیں گے، وہ ان کرداروں کی ماہیئت سے مختلف ہوں گے۔ جو کردار قرآنی مفاہیم سے پیدا ہوں گے۔ لہٰذا مرثیے میں تصوف کی گنجائش اس لئے نہیں ہو سکی کہ قرآنی کردار کی نمائندگی میں تصوف کو اساس بنانا ناکافی، ناقص اور منافیٔ ہدف ہو جاتا۔ چوں کہ مرثیہ کا خاکہ واقعۂ کربلا کے محور پر گردش کرتا ہے۔ اور کربلا والوں کا کردار فنا اور بقا کے انفرادی تصور ہی پر نہیں بلکہ بقائے دین اور فنائے دنیا کے عظیم گہرے اور وسیع مفہوم کا علمبردار تھا۔ وہاں ذکر و شغل فقط یاہو کے نعرے ہی نہیں بلکہ خوف، بھوک، پیاس، اعزا کی قربانی اور دشمن سے گفتگو، شمشیر زنی، قیام نماز وغیرہ متعدد مرحلوں میں خدا کے حکم کی تعمیل، اور تحفظ شریعت پر مبنی تھا وہاں مجاہدہ فقط نفس کی خاموش ریاضت ہی نہیں بلکہ مبارزہ جنگ اور دوران جنگ قیام عدل اور جوہر صبر و رضا کے بروئے کار لانے

---

[1] قرآن۔ سورۃ بقرہ۔ آیت ۲۱۶۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کا نام ہے لہٰذا مرثیہ نگار کا سرمایۂ فکر و فن تصوف کے خمیر سے نہیں پیدا ہو سکتا۔
چوں کہ انیسؔ کے یہاں باضابطہ طور پر مرثیہ کی صنف میں ایک نمایاں تکامل پایا جاتا ہے اور مرثیہ و واقعۂ کربلا کے پلاٹ پر جو ادبی فضا پیدا کرتا ہے وہ مذہب سے فطرتاً ہم آہنگ ہوتی ہے لہٰذا کلام انیسؔ میں قطعہ، رباعی، سلام اور مرثیہ ہر ایک میں مذہب، اشارے اور کنایہ کے بجائے براہ راست اور واضح طور پر موجود ہے۔
مرثیہ مواد میں مختلف ہونے کے باوجود زبان و بیان میں غزل کی رنگینیوں سے خالی نہیں ہے جس کا سبب بقول پروفیسر جعفر رضا یہ ہے :-

"لکھنوی زندگی پر تعیش اور رنگینی کے تسلط کی بنا پر مرثیہ گوئی تغزل سے اپنا دامن نہیں بچا سکتی تھی۔ لیکن غزل اور مرثیہ کی فضائیں مختلف ہونے کی وجہ سے ان کے الگ الگ مطالبات تھے جن میں مفاہمت کی صورت یوں تیار کی گئی کہ مرثیہ گویوں نے اپنے سامعین کی تفننِ طبع کے لئے درمیان سے غزلیہ مضامین کے لئے گوشے پیدا کرنا شروع کئے جس سے بیان کی دلچسپی میں اضافہ ہو گیا۔ اس سے یہ فائدہ ہوا کہ مصائب کے بیان میں مسائل رنج و الم کے واقعات سننے سے جو اضمحلال اور سلب گریہ کے امکانات پیدا ہو جاتے تھے، کم ہو گئے بلکہ جب سامعین کو تھوڑی دیر کے مسرت آمیز بیانات کے بعد مصائب کی طرف توجہ کیا جاتا تو ان کے جذبات کا ردعمل شدید ہوتا اور مرثیہ کی غمنا کی زیادہ اثر کرتی ہے"[1]

سب سے زیادہ قابل لحاظ بات جو مرثیہ نگاروں میں بالعموم اور انیسؔ میں بالخصوص دیکھی جا سکتی ہے وہ یہ ہے کہ حسن و عشق کے جذبات میں ڈوبا ہوا ادبی ماحول

---

[1] جعفر رضا : دبستان عشق کی مرثیہ گوئی۔ ص ۵۳

جس زبان کو پیدا کرتا ہے اس کی رنگینی اور چاشنی کو ضائع کئے بغیر ذہن کو عقبیٰ، آخرت اور مذہبی تزکیہ سے قریب کر دینا مرثیہ کا کارنامہ ہے کہ نہ تو دین کے موضوع سے خشکی پیدا ہونے پائی ہے اور نہ رنگینیٔ زبان و بیان سے حسن و عشق کے مادی اور دنیاوی جلوے پیدا ہوتے ہیں، بلکہ حق و صداقت، دین و دیانت اور حق و باطل کی رزم گاہ سے ایک ایسی فضا پیدا ہوتی ہے جہاں مذہب و ادب نہ صرف شیر و شکر ہو جاتا ہے بلکہ ان کے اتحاد سے ایک روحانی اور مقدس تجلی بھی پیدا ہوتی ہے۔ انیسؔ کے کلام کا وزن مذہب و ادب کے اسی اتحاد اور اسی تجلی میں مضمر ہے جہاں آیات واحادیث، فقہی مسائل اسلامی، حقائق اور شاعری کی لطافت سب ایک منزل پر کار فرما نظر آتے ہیں۔ بقول ڈاکٹر اعجاز حسین :-

"آیات قرآنی و حدیث نبوی کے مفہوم کو مرثیہ گو شعراء نے جابجا درمیان کلام میں اس خوبی سے واضح کرنے کی سعی مشکور کی ہے کہ اردو ادب کو ایک راستہ مل گیا۔ مذہبی مسائل کو دلچسپ اور دلنشیں طریقہ سے شاعری میں پیش کر سکے۔ شاعرانہ لطافت میں نہ مفسرانہ شرح بست کی الجھن پیدا ہوتی ہے اور نہ ترجمہ محض کی خشکی اور اختصار کی بے کیفی سے گھبراہٹ پیدا ہوتی ہے۔ خاص خوبی یہ ہے کہ پڑھنے یا سننے والے کو اس کے لئے تیار ہو کر نہیں بیٹھنا پڑتا کہ وہ قرآن و حدیث کے اہم مسائل پر غور و فکر کرے گا۔ وہ واقعات کربلا اور بعض جذباتی مظاہروں کو مرثیوں میں دیکھنے یا سننے کی امید لے کر آتا ہے لیکن انھیں بیانات میں جب آیات واحادیث کے اشارے مل جاتے ہیں تو وہ بلا تامل اثر لیتا ہے اور شاعرانہ لطافت کے ساتھ مفہوم کو جلد از جلد قبول کر لیتا ہے۔"[1]

---

[1] اعجاز حسین : مذہب و شاعری ص ۲۸۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شاعر کی ذہنی تربیت کو اس کے شعری اظہار میں خاصا دخل ہوتا ہے۔ مرثیہ گو شاعر کی تربیت میں مذہبی اثرات کا ہونا ناگزیر ہے۔ انیسؔ نے خوش قسمتی سے ایسے علمی اور ادبی ماحول میں آنکھ کھولی جہاں مذہب کا عنصر غالب تھا۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد ماجد سے حاصل کی اس کے بعد میر مولوی نجف علی اور مولوی حیدر علی کے سامنے زانوئے ادب تہہ کئے اور علوم و فیوض سے مستفیض ہوئے۔ عربی و فارسی کی تکمیل تعلیم اساتذۂ کرام سے حاصل کرلی۔ چوں کہ میر انیسؔ کی والدہ محترمہ بھی ذی علم خاتون تھیں لہٰذا بقول امجد علی اشہری "میر صاحب کی والدہ مسائل شرعیہ سے بخوبی واقف تھیں اور فارسی کی اتنی اچھی استعداد رکھتی تھیں کہ جامع عباسی کے رموز و نکات اچھی طرح سمجھ لیتی تھیں اور اس کتاب کا درس بھی دیتی تھیں[1]۔"

جو شعور ایسی فضا میں پروان چڑھے گا وہ یقیناً فقہی، ادبی اور موزونیت کلام کے جوہر سے آراستہ ہوگا۔ ماں کی آغوش ہی سے میر انیسؔ نے علم و ادب کی حرارت کو جذب کرنا شروع کر دیا تھا۔ گھر کی مذہبی فضا نے دینی شعور کی آمیزش سے ان کے مزاج و طبیعت کو مرثیہ کے مواد کے لئے ہموار کر دیا۔ انیسؔ نے اپنی انفرادی صلاحیت سے ادب اور مذہب دونوں کے گہرے شعور کو نہایت خوبی کے ساتھ انگیز کیا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے کلام میں حسنِ بیان، چاشنیٔ زبان، سلاست، بلاغت، نشستِ الفاظ فضا آفرینی سے ادب کی نمائندگی اور اصول و عقائد اور مذہبی حقائق کے منظوم مواد سے مذہب کی نمائندگی ہوتی ہے۔

---

[1] امجد علی اشہری۔ حیاتِ انیسؔ صفحہ ۲۰

بابِ دوم

قرآن کا انعکاس کلامِ انیسؔ میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میر انیسؔ کی قرآن شناسی کے مطالعہ میں اس حقیقت پر نظر رکھنے کی ضرورت ہے کہ انہوں نے اپنے کلام میں ان کرداروں کا جائزہ لیا ہے جو اپنے اقوال و افعال میں قرآنی تعلیمات کے مظہر تھے۔ قرآن اور قرآنی تعلیمات کے مختلف مباحث کے تجزیئے سے قبل اسلامی زاویۂ نظر سے قرآن کی اہمیت سے واقفیت ضروری ہے۔

اللہ کی طرف سے بنی نوع انسان کی ہدایت و رہنمائی کے لئے جو کتاب رسول کریم پر نازل ہوئی اس کا نام قرآن ہے۔ قرآن کا لفظ قراۃ سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں پڑھنے کے۔ "قرآن کے اصل معنی لغت اور محاورہ کے اعتبار سے جمع کرنے کے ہیں۔ کتاب کے عام رواج سے پہلے کسی نظم یا نثر کو جمع کرنا اس طرح کہ وہ محفوظ ہو جائے۔ بہترین طریقہ یہی تھا اسے سینہ میں محفوظ یعنی از بر یاد کر لیا جائے۔ اسی بنا پر صدر اسلام میں قراءت بمعنی حفظ مستعمل تھا اور حافظ قرآن کو قاری کہتے تھے۔"[1]

قرآن تیس پاروں اور ایک سو چودہ سورتوں پر مشتمل ہے جو پیغمبر اسلام پر بذریعہ وحی تیئس ۲۳ سال کے عرصۂ تبلیغ میں مسلسل سورتوں اور آیات کی شکل میں نازل ہوتا رہا۔ قرآن مجید کے نزول کی سب سے پہلی منزل لوح محفوظ ہے جس پر شب قدر میں پورا قرآن نازل ہوا[2]۔ یہ قرآن براہ راست رفتہ رفتہ روح الامین کے ذریعہ قلب مرسلِ اعظم پر نازل ہوا[3]

[1] سید علی نقی نقوی : مقدمۂ تفسیر قرآن ص۵

[2] قرآن : سورۂ انا انزلنا ۔ آیت ۱

[3] قرآن : سورۂ شعراء ۔ آیت ۱۹۴

قرآن کا اعلان فضائے کائنات پر تحریر ہے کہ "اگر جن و انس ملکر بھی اس قرآن کا جواب لانا چاہیں تو نہیں لاسکیں گے"[1] جب کوئی جواب نہیں آیا تو پھر قرآن نے آواز دی۔ "اگر تم یہ سمجھتے ہو کہ یہ کتاب رسول نے خود بنالی ہے تو اگر تم میں طاقت ہے تو دس سورۃ ہی بنالاؤ۔"[2]

منکرین قرآن نے سوچا کہ اب مرحلہ آسان ہوگیا لیکن کوششوں کے باوجود جب یہ بھی نہ کر سکے تو قرآن کی آیت نازل ہوئی کہ "اگر دس سورتوں کا جواب ممکن نہیں تو ایک ہی سورہ کا جواب لے آؤ۔"[3] قرآن کی اس آیت کے بعد عرب کے چار[4] فصیح البیان ادیب جن کی قادر الکلامی کا شہرہ تھا اور جن کے نام ابن ابی العوجاء، ابو شاکر دیصانی، ابن مقفہ، عبدالملک مصری ہیں ایک مقام پر یکجا ہوئے اور سال بھر کی کوشش کے باوجود ایک سورۂ قرآنی کا بھی جواب نہ لا سکے تو چاروں نے یک زبان ہو کر کہا "ماھذا کلام البشر" یہ بشر کا کلام نہیں ہے۔

قرآن معجزہ ہے۔ اس دعوے کی دلیل میں قرآن مجید کی ان آیات کا حوالہ دیا جاتا ہے جن میں غیب کی خبریں ہیں۔ چونکہ غیب کا علم سوائے عالم الغیوب کے کسی اور کو نہیں ہو سکتا جو دلیل ہے کہ قرآن بندے کا کلام نہیں بلکہ اس خالق کائنات کا کلام ہے جہاں علم بالذات ہے۔

[1] قرآن : سورۂ بنی اسرائیل آیت ۸۸

[2] قرآن : سورۂ ہود آیت ۱۳

[3] قرآن : سورہ بقرہ آیت ۲۳

[4] سید ظفر حسن : تفسیر القرآن ص۱۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دوسری دلیل اعجاز قرآن کے سلسلہ میں یہ پیش کی جاتی ہے کہ اس میں ماضی کے واقعات ہیں۔ کسی بشر کے مشاہدات اور فکر کی حدِ امکان سے باہر ہے کہ وہ ماضی کے واقعات کو اس اختصار اور اتنی جامعیت کے ساتھ بیان کر سکے لیکن قرآن فصاحت و بلاغت کا وہ بے مثل نمونہ ہے جس کے ہر لفظ اور ہر عبارت کے لاجواب ہونے پر تمام اہل ادب کا اتفاق ہے۔

قرآن مجید وہ واحد کتاب ہے جس میں ابتدا سے انتہا تک ناہمواری کا گزر بھی نہیں اور ایک لفظ بھی مقصد قرآن سے الگ نہیں ہے۔ آیات کے الفاظ میں جو حسن پایا جاتا ہے اس میں ایسی جاذبیت ہے کہ چودہ سو سال گزرنے کے بعد آج بھی جب کوئی قرآن کی تلاوت کرتا ہے تو اس کی تازگی کا ویسا ہی احساس ہوتا ہے جیسا اس وقت تھا، جب پہلی بار نازل ہوا تھا اور عربی زبان سے ناواقف بشر بھی تلاوت قرآن سے لذت دوام اور فرحت روحانی حاصل کرتا ہے۔ قرآن مجید کے علاوہ جتنی بھی کتابیں آسمان سے نازل ہوئیں وہ ہمارے عقیدت کا جزو ہیں مگر منسوخ ہو جانے کی وجہ سے قابل عمل نہیں ہیں۔ اس لئے کہ گذشتہ پیغمبروں کی طرف سے جو معجزات پیش کئے گئے وہ سب ان کے دور تک محدود تھے۔ "مگر قرآن حکیم ان معجزات سے جداگانہ ہے۔ وہ ہمہ گیر بھی ہے اور ہمہ جہت اور ہمہ وقت بھی۔ اس کی تابانیاں آج چودہ سو سال بعد بھی یونہی قائم ہیں جیسے مرسل اعظم کے دور میں تھیں۔ نہ اس کی تابانیوں میں فرق آیا نہ اس کی تازگی میں۔ علم و دانش کی بڑھتی ہوئی رفتار نے اس کی تابندگی کو اور زیادہ کر دیا اور ہمارے لئے اس سے استفادہ کرنے کے امکانات دورِ قدیم سے کہیں زیادہ روشن ہو گئے"[۱]

قرآن میں جملہ علوم کا ذکر موجود ہے۔ تاریخ، فلسفہ، منطق، نفسیات، اقتصادیات

۱؎ السید ذیشان حیدر جوادی۔ قرآن حکیم اور آخری پیغمبرؐ صہ ۳۵

معاشیات، فلکیات، بحریات، معلوم قدیمہ و جدیدہ سبھی پر جامع ارشادات ایک منزل پر دستیاب ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج تک قرآن پر جتنی تفسیریں لکھی گئیں اور آئندہ جتنی تفسیریں لکھی جائیں گی ان کا صحیح اندازہ لگانا مشکل ہے۔ لیکن قرآن میں نسبتاً اقوام عالم کا تذکرہ جس کثرت اور تکرار و تفصیل کے ساتھ ملتا ہے اتنا کوئی دوسرا تذکرہ نہیں ملتا یہ واقعات فن تاریخ نویسی سے پہلے کے ہیں اور مورخین عالم نے جو تاریخیں لکھی ہیں ان میں زیادہ تر سلاطین کے حالات، محاربات، طرز جہانبانی اور بادشاہوں کے مظالم کے تذکروں سے اوراق کو سیاہ کیا گیا ہے۔ ان کا تعلق نہ عبادات سے ہے نہ اخلاقیات سے لیکن قرآن مجید کا چھوٹا سا واقعہ بھی اپنی تہہ میں کوئی نہ کوئی اخلاقی پہلو ضرور لئے ہوئے ہے جو قاری کو دعوت فکر و نظر دیتا ہے۔ قرآن میں وہ تمام عوامل موجود ہیں جو انسان کی کردار سازی اور صالح معاشرے کی تشکیل کے لئے درکار ہوتے ہیں۔

میر انیس کے نزدیک قرآن کی اخلاقی زمین سے ابھرنے والے انسانی اقدار کو محرک کر دینا اور انسانیت اور شرافت کے قرآنی شاہکار کو فن واقعہ نگاری سے بلند کرنا ایک اہم ترین رُخ تھا۔ قرآن نے انسان کو خود شناسی، خداشناسی اور حصول کمال میں صبر و ایثار، اطاعت و عبادت، شر سے نبرد آزمائی، خیر کے قیام میں صبر و ثبات اور عدل و احسان کی تعلیم دی ہے اور خیر و شر کے معرکہ میں سابق قوموں کا تذکرہ کر کے جو درس عبرت فراہم کیا ہے۔ اس کا نچوڑ واقعہ کربلا میں موجود ہے۔ چوں کہ واقعہ کربلا تعلیمات قرآنی کے تحفظ کی دلیل ہے۔ لہٰذا انیسؔ نے فن واقعہ نگاری میں درس قرآنی کو اس طرح جذب کیا ہے کہ کلام انیسؔ کا مطالعہ قاری کے ذہن کو قرآنی فضا سے مانوس کر دیتا ہے۔ اس باب میں قرآن حکیم کی روشنی میں کلام انیسؔ کا تجزیہ مندرجہ ذیل اعتبار سے کیا گیا ہے :-

(الف) قرآن کی آیات کلام انیسؔ میں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(ب) قرآن کے موضوعات کلام انیسؔ میں ؛
(ج) قرآن کے الفاظ کلام انیسؔ میں
(د) قرآن کی سورتیں کلام انیس میں

(الف) قرآن کی آیات کلام انیسؔ میں

آیت الف۔لام۔میم

الم ٥ ذالك الکتاب لاریب فیہ [1]

ترجمہ : وہی کتابِ (خدا) ہے جس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے [2]

میر انیسؔ نے مذکورہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں یوں نظم کیاہے۔ ؎

لیکن ڈگیں نہ پاؤں رہِ مستقیم سے
پہلے اشارہ ہے یہ الف لام میم سے [3]

الف لام میم۔ الف لام را۔ یہ الفاظ وہ ہیں جو قرآن مجید میں چوراسی [84] مرتبہ استعمال ہوئے ہیں اور جنہیں حروف مقطعات سے تعبیر کیا گیا ہے۔" ان حروف کے معنی سے عوام کو اطلاع نہیں دی گئی۔ شاید حامل وحی کو تبلادیا گیا ہو [4]"

---

[1] قرآن : سورہ بقرہ آیت ۱
[2] قرآن : ترجمہ فرمان علی ص ۳
[3] مراثیٔ انیس : نولکشور۔ جلد ۴ ص ۲۶
[4] حاشیہ قرآن : ص ۳ اشرف علی تھانوی

قرآن مجید میں جتنے حروف مقطعات پائے جاتے ہیں اگر ان کی تلخیص (تکرارات) کو حذف کر دیا جائے تو چودہ حروف ہوتے ہیں یعنی 'ص'، 'ر'، 'ط'، 'ع'، 'ل'، 'ی'، ا، 'ح'، 'ق'، 'ن'، 'م'، 'س'، 'ک'، 'ہ'۔" ان چودہ [14] حروف سے جتنی بھی عبارتیں بنتی ہیں سب مہمل ہیں سوائے اس ایک عبارت کے صراط علی حق نمسکہ (علی کا راستہ حق ہے اسی پر ہم قائم ہیں) [1]"

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں پہلے جس صراط مستقیم کی بات کی ہے اس کا رمز حروف مقطعات میں چھپا ہوا ہے اور الف لام میم انھیں حروف سے متعلق ہے۔ اسی لئے لفظ 'اشارہ' استعمال کر کے ذہن کو صراط مستقیم کی طرف موڑ دیا تاکہ الف لام میم سے مفہوم کا جو بھی راز ہو وہ صراط مستقیم کے مرکزی خط سے الگ نہ ہونے پائے۔

آیت نور

اللہ نور السمٰوات والارض [2]

ترجمہ : اللہ زمین وآسمان کا نور ہے [3]

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں یوں نظم کیا ہے ؎

قرآں میں کون نورِ سماوات وارض ہے [4]
نزع میں نور الٰہی کی زیارت کرلے [5]

---

[1] تفسیر القرآن جلد اول ص ۶۳ سید ظفر حسن
[2] قرآن : سورۃ نور ۔ آیت ۳۵
[3] قرآن : ترجمہ فرمان علی ۔ ص ۴۲۴
[4] مراثیٔ انیس : نولکشور جلد ۱ ص ۱۹۶
[5] " " " " ص ۱۰۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تفسیروں میں اس نور سے مراد نور سرکار دو عالم ہے [1]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں فلسفۂ نور کو ملحوظ رکھا ہے۔ نور اس طاقت کو کہتے ہیں جو روشن ہونے کے لئے دوسرے کی محتاج نہ ہو اور ہر دوسری شے روشن ہونے کے لئے نور کی محتاج ہو۔ نور کی اس تعریف سے یہ بحث پیدا ہوتی ہے کہ نور اپنے کو کسی وسیلہ سے ظاہر کرتا ہے یا اپنے ظہور میں کسی وسیلہ کا محتاج نہیں ہے۔ لیکن اگر نور کے ظہور کا سوال اٹھایا جائے تو یہ ماننا پڑے گا کہ وہ کبھی ظاہر نہیں تھا اور کسی آن یا کسی لمحہ ظاہر ہوتا ہے۔ اور تب وہ خدا کا نور نہیں ہو سکتا، اس لئے کہ خدا کے یہاں تبدیلی محال ہے کہ وہ ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدیل کرے تو حادث ہو جائے گا۔ اور حادث مخلوق ہوتا ہے خالق نہیں۔ لہٰذا نور کا ظہور آسمان اور زمین کے لئے تبھی قابل قبول ہوگا جب یہ تسلیم کر لیا جائے کہ کوئی مخلوق بحیثیت نور کے کسی لمحۂ امکان میں ظاہر ہوئی اور اس کے ظہور سے مخلوقات کے دوسرے سلسلے عالم وجود میں آتے چلے گئے۔ اسی لئے 'نور الٰہی' اور 'نور آسمان و زمین' سے مراد ذوات محمدؐ و آل محمدؐ ہیں [2] اور لفظ کون مصرعہ کو سوالیہ بنا کر اسی جستجو کی دعوت دے رہا ہے۔

آیت معراج

سبحان الذی اسریٰ بعبدہ لیلا من المسجد الحرام الی المسجد الاقصیٰ [2]

ترجمہ: پاک ہے وہ ذات جو اپنے بندے (محمدؐ) کو شب کے وقت مسجد الحرام (خانہ کعبہ) سے مسجد اقصیٰ تک لے گئی جس کے ارد گرد برکت ہی برکت ہے [3]

---

[1] حاشیہ قرآن: اشرف علی تھانوی صد ۳۵۶ تفسیر القرآن: جلد سوم۔ سید ظفر حسن صد ۳۷۹

[2] قرآن: سورۂ بنی اسرائیل۔ آیت ۱

[3] قرآن: ترجمہ فرمان علی۔ صد ۳۴۳

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے ؎

روشن ہے شب ماہ سے معراج کا جانا
کافر ہے وہ اس بات کو جس نے نہیں مانا [1]

معراج سے جو اس کو ملا رتبۂ اعلیٰ
یہ رتبہ کسی اور پیمبر نے نہ پایا [2]

انیسؔ نے یہاں لفظ 'کافر' کا استعمال کر کے معراج کو ایمان کے موضوع سے وابستہ کر دیا ہے اور چونکہ ایمان کا مصدر قرآن کریم ہے اس لئے "شب" اور "معراج کا جانا" کی لفظی ترکیب سے قرآن کی اس آیت کو ذہن سے قریب کر دیتا ہے جو آیۂ معراج کے نام سے مشہور ہے اور معراج کے 'رتبۂ اعلیٰ' اور 'یہ رتبہ کسی اور پیمبر نے نہ پایا' نظم کر کے آخری نبی سرکار دو عالم کی انفرادی فضیلت کو بھی قرآن کے دامن ہی سے چنا ہے جہاں خدا نے 'بندہ' کے حوالہ سے اپنی بلندی اور پاکیزگی کا ذکر فرمایا ہے اور ظاہر ہے کہ کسی نبی کی بلند ترین منزل اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتی ہے کہ اس کو بھیجنے والا اسے اپنا ہم سفر بنائے اور اس کی معراج کو اپنے تعارف کا ذریعہ قرار دے۔

آیت قاب قوسین

ثمّ دنا فتدلّیٰ فکان قاب قوسین او ادنیٰ [3]

ترجمہ: پھر وہ قریب ہوا اور آگے بڑھا اور دو کمانوں کا فاصلہ رہ گیا یا اس سے بھی قریب [4]

---

[1] مراثی انیس: نولکشور۔ جلد ۴ صد ۱۱۱

[2] 〃 〃 جلد ۲ صد ۲

[3] قرآن: سورۂ نجم۔ آیت ۹

[4] قرآن: ترجمہ فرمان علی صد ۶۲۳ تا صد ۶۲۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

ع ماناکہ وہ ہیں جن کے قدم عرش کے سرتاج [1]
قوسین مکاں ختم رسُل صاحب معراج

ع اللہ اللہ قرب معراج رسول
دو کماں سے فرق ادنیٰ رہ گیا [2]

قرآن کی اس آیت میں پروردگار نے اپنی ذات سے اپنے بندے محمدؐ کی قربت کا ذکر کیا ہے " یہاں تک کہ دو کمان سے بھی کم کا فاصلہ رہ گیا۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ خدا سے حضور کے درمیان دو کمان کا فاصلہ رہ گیا۔ خدا کے لیے تو کوئی جگہ کا تعین نہیں ہے۔ وہ تو لامکاں ہے بلکہ دائرۂ عظمت و جلال میں جہاں تک کسی کا گزر نہیں ہے۔ یہ حضور کی خصوصیت ہے کہ جسم مادی وہاں تک پہونچ گیا جہاں تک کوئی مخلوق جا ہی نہیں سکتی۔" [3]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں 'قدم' کو نظم کرکے رسول کی جسمانی معراج کو ثابت کیا ہے۔ اس شرف کو اس کی خاتمیت سے وابستہ کیا ہے کہ بلندیاں ذات رسول پر ختم ہوگئیں۔ دوسرے مصرعوں میں انیسؔ نے قرآن کی آیت کے عربی الفاظ سے آیت کے مفہوم کو نہ صرف واضح کیا ہے بلکہ اس کی لطافت میں حسین اضافہ بھی کر دیا ہے۔ 'دو کمان سے فرق' نظم کرکے عبد و معبود کے درمیان فرق کو قائم رکھا ہے لیکن 'ادنیٰ رہ گیا' نظم کرکے اتنا قریب کر دیا ہے کہ فاصلہ اور قرب کے درمیان خطِ فاصل تو کھینچا جا سکتا ہے

---

[1] مراثی انیس۔ نولکشور۔ جلد اول صـ۱۵
[2] " " " جلد سوئم صـ۱۸۶
[3] تفسیر القرآن۔ جلد ۵ صـ۱۶۵ سید ظفر حسن

لیکن کہاں کھینچا جائے یہ ہمت صرف اس کو ہو سکتی ہے جو خدا کی پوری معرفت بھی رکھتا ہو اور رسول کا بھی پورا پورا عارف ہو۔ یعنی اس 'ادنیٰ' کو کوئی اعلیٰ ذہن ہی طے کر سکتا ہے یہی وجہ ہے کہ رسول کی معرفت بھی تقریبًا اتنی ہی دشوار ہے جتنی خدا کی۔ رسول کی فضیلت بلندی اور خاتمیت کو چند مصرعوں میں معراج کے حوالے سے سمیٹ دینا کہ اس کو پھیلایا جائے تو دفتر فضیلت بن جائے یہ انیسؔ کے یہاں ایجاز کلام کی مثالوں میں سے ایک مثال ہے۔

آیت تطہیر

انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت
ویطھّرکم تطھیرا [1]

ترجمہ۔ اے اہل بیت اللہ کا ارادہ ہے کہ تم کو ہر برائی سے دور رکھے جو پاک و پاکیزہ رکھنے کا حق ہے [2]

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

ع یہ وہ ہیں خدا نے جنھیں خود پاک کیا ہے [3]

ع قرآں میں کہا حق نے انھیں طاہر و اطہر [4]

ع خاتون جناں مالک تطہیر ہے زہرا [5]

حضرت عمر بن ابی سلمہ جن کی پرورش حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کی فرماتے

---

[1] قرآن: سورۂ احزاب آیت ۳۳
[2] قرآن: ترجمہ فرمان علی صـ۵۰۵
[3] مراثی انیس: نولکشور۔ جلد اول صـ۴۳
[4] " " : " ۔ جلد ۴ صـ۱۱۱
[5] " " : " ۔ جلد ۳ صـ۴۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہ آیت نازل فرمائی تو حضرت ام سلمہ کے گھر میں نازل ہوئی اِنّمَا یُرِید اللّٰہِ لِیذھب عنکما لرجس اَھْلَ الْبَیتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیرا ۝ (اے پیغمبر کے گھر والو! اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ تم سے ناپاکی کو دور کرے اور تم کو پاک وصاف بنا دے) تو نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ زہراؑ حضرت حسن اور حضرت حسین کو بلایا اور کملی انھیں اڑھا دی اور حضرت علیؑ آپ کے پیچھے تھے۔ ان کو بھی کملی میں لے لیا۔ پھر فرمایا۔ الٰہی یہ میرے اہل بیت ہیں۔ ان سے نجاست دور کر اور ان کو ہر طرح پاک وصاف بنا دے۔ (یہ شان اطہر و تطہیر دیکھ کر) حضرت ام سلمہ نے عرض کیا۔ اے پیغمبر خدا! میں بھی ان لوگوں کے ساتھ ہوں (یعنی کیا میں بھی اہل بیت میں شامل ہوں) آپ نے فرمایا تم تو اپنی جگہ پر ہو۔ اور تم بھلائی پر ہو[1]

یہی روایت[2] مختلف زاویوں سے کچھ الفاظ کی تبدیلیوں کے ساتھ کتبِ احادیث میں نظر آتی ہے۔

میر انیسؔ نے مذکورہ بالا مصرعوں میں آیت تطہیر کے مفہوم کو نظم کرتے ہوئے احادیث و تفاسیر کے بنیادی لفظ 'تطہیر' پر زور دیا ہے جسے خدائے برتر نے خود اپنے ارادے سے کچھ بندوں کے لئے مخصوص کر دیا ہے۔ طہارت کا مفہوم ہے ان تمام مادی اور معنوی نقائص سے پاک ہونا جو ایک انسان کے جسم و روح اور نفس میں کسی قسم کی کوئی کمی یا برائی پیدا کر دے۔ چونکہ ہدایت کے لیے انسانی کردار کے ایسے مکمل نمونے درکار ہوتے ہیں۔ جن کے کردار کے کسی پہلو میں کوئی نقص نہ نکالا جا سکے اور وہ کمال انسانیت کے لیے ایک حجت کی حیثیت رکھنے کے اہل ہوں لہٰذا اللہ نے ان رہنمایانِ اسلام

[1] ترمذی شریف۔ جلد ۲۔ مترجمہ آغا رفیق بلند شہری صفحہ ۲۲۹

[2] شیخ سلمان قندوزی سنی الحنفی: معالم العترہ ینابیع المودت۔ ترجمہ ملک محمد شریف صفحہ ۱۴۲

کو اپنے خاص ارادے سے طیب و طاہر بنایا اس اعتبار سے دو اہم امتیازات سامنے آتے ہیں۔ پہلا یہ کہ کسی اور کی طہارت کی ضمانت اللہ نے نہیں لی اور دوسرے یہ کہ ایسی طہارت کے مالک دوسرے بندے نہیں ہو سکتے۔ انیسؔ نے انھیں دو امتیازات کا احاطہ تینوں مصرعوں میں کر دیا ہے۔ پہلے مصرع میں کہا" یہ وہ ہے خدا نے جسے خود پاک کیا ہے۔" دوسرے مصرعے میں طہارت کی سند خدا کی طرف سے ہے اس مفہوم کو نظم کیا اور کہا" قرآں میں جسے حق نے کہا طاہر و اطہر" تیسرے مصرعے میں مزید وضاحت کر دی کہ اس طہارت کے مالک بس اہل بیت ہیں اور اس کا مرکز فاطمہ زہراؑ ہیں۔

آیت مودّت

قل لا اسئلکم علیہ اجرًا الا المودّۃ فی القربیٰ[1]

ترجمہ اے رسولؐ تم کہہ دو اس (تبلیغ رسالت) کا اپنے قرابت داروں (اہل بیت) کی محبت کے سوا کوئی صلہ نہیں مانگتا۔[2]

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے:

ع جو اجر رسالت ہے مودت ہے وہ اس کی
ہے کون مراد آیۂ لا اسئلکم سے[3]

ع الفت آل نبی میری خوش اقبالی ہے
سنگ ہے ان کی محبت سے جو دل خالی ہے[4]

[1] قرآن: سورۂ شوریٰ۔ آیت ۳۲

[2] قرآن: ترجمہ فرمان علی۔ صفحہ ۸۱۵

[3] مراثیٔ انیس۔ نولکشور جلد ۴ صفحہ ۱۱۲

[4] " " " جلد اول صفحہ ۹۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس آیت کی شان نزول یہ ہے کہ مسلمان ہونے کے بعد امت رسولؐ نے پیغمبر اسلام کی خدمت میں یہ گذارش کی کہ اے خدا کے رسول آپ نے تبلیغ اسلام میں بڑی مشقت و زحمت برداشت کی ہے۔ ہم آپ کو اس کا اجر دینا چاہتے ہیں۔ رسولؐ نے جواب دیا کہ اس امر میں مجھے کوئی اختیار نہیں ہے۔ جب حکم خدا آئے گا تب میں تمھیں جواب دوں گا۔ تب قرآن کی یہ آیت نازل ہوئی۔

حضرت طاؤسؓ کہتے ہیں کہ ابن عباس سے اس آیت کے متعلق دریافت کیا گیا قل لّاَ اَسْئَلُکُمْ علیہ اجرًا اِلّا الْمُوَدَّۃَ فِی القربٰی (آپ کہہ دیجئے کہ اس پر یعنی تبلیغ رسالت) پر میں تم لوگوں سے کوئی اجر نہیں مانگتا بجز میرے رشتہ داروں کی محبت کے (یعنی بس میرا اجر یہی ہے) اس پر حضرت سعد ابن جبیر نے فرمایا اس سے مراد آل رسول اللہ کی محبت ہے [۱]

چونکہ اہل بیت کی مودت رسالت کی اجر ہے اور رسالت دین سے حاصل ہوئی ہے لہٰذا جب تک امت باقی رہے گی دین کی تبلیغ کا اجر 'قربیٰ' کو بعنوان مودّت ادا کرنا پڑے گا۔ اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ قربیٰ کا سلسلہ ہر دور میں باقی رہے گا کیوں کہ سلسلۂ قربیٰ ختم ہو جانے کی صورت میں اجرت رسالت کی ادائیگی کا فرض ادا نہیں ہو سکے گا۔ بالفاظ دیگر خدا نے بندوں پر اجر رسالت فرض کیا ہے تو اس کو ادا کرنے کے امکانات کو باقی رکھنا خداوند عالم کے عدل کے پیش نظر لازمی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دور رسالت میں چونکہ 'قربیٰ' کی پانچ معصوم فردیں موجود تھیں لہٰذا انھیں کو جمع کرکے رسولؐ نے متعارف کرا دیا تھا۔ لیکن یہ معصوم سلسلہ امام حسینؑ کی نسل سے آگے بڑھا اور اس میں نو۹ امام معصوم پیدا ہوئے جو اپنے اپنے دور میں آیۂ مودت کے

۱؎ شیخ سلیمان قندوزی سنی الحنفی: معالم العترہ (ینابیع المودت۔ ترجمہ ملک محمد شریف صـ۱۹۱

مصداق تھے۔ انھیں میں آخری امام عصر یا امام مہدی کی حیثیت سے جلوہ افروز ہوں گے۔

انیس کے مذکورہ بالا مصرعوں میں ان بندوں کی محبت کو جو زمین پر الٰہی صفات کے نمائندے ہیں اور جن کی سیرت و کردار کی ضمانت پروردگار نے لی ہے قرآن کی تائید کے ساتھ ان کے معیار کو پیش نظر رکھا ہے۔ رسالت میں جملہ الٰہی پیغامات، تعلیمات و احکام شریعت محفوظ ہیں لیکن یہ سب انسان کو خدا کا مطیع اور حق کا فرمانبردار بنانے اور شر و فساد سے محفوظ رکھنے کے لئے ہے، اطاعت خالق اور نفس کے فساد سے حفاظت ایک سخت مرحلہ ہے کیوں کہ اطاعت پابندی کا نام ہے جسے انسان آسانی سے قبول کرنے کو تیار نہیں لیکن جب انسان کا کردار اطاعت الٰہی کا جزو بن جائے تو پابندی آزادی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ پھر یہی میلان اس بات کی ضمانت ہو جاتا ہے کہ رسالت کے تمام پیغام کی سختی کو انسان گوارا کرے گا۔ اس سے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اگر دل میں الٰہی صفات بندوں کی محبت آ گئی ہے تو گویا رسالت کا فریضہ کارگر ہو گیا۔ اسی لئے قرآن نے لفظ محبت سے ہٹ کر لفظ 'مودت' استعمال کیا ہے۔ اس لئے کہ ساری محبتیں انسان کو خالق سے دور کرتی ہیں اور اہل بیت کی محبت انسان کو خالق سے قریب کرتی ہے۔ انیسؔ کے الفاظ میں یہی محبت "خوش اقبالی" ہے اور یہی نہ ہو تو دل 'سنگ' یا 'پتھر' کے مثل ہے۔

آیت اطاعت

اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم [۱]

ترجمہ: (اے ایماندارو) خدا کی اطاعت کرو، رسول کی اطاعت کرو اور ان کی جو تم میں صاحبان امر ہوں [۲]

۱؎ قرآن: سورۂ نساء۔ آیت ۵۹ ۲؎ قرآن: ترجمہ فرمان علی صـ۱۳۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے :

ع طاعت وہ کس کی ہے جو زمانہ پہ فرض ہے [1]

ع طاعت خدا کی تھی تو اطاعت امام کی [2]

ع لازم یوں ہی ہے تم کو اطاعت امام کی [3]

اس آیت میں لفظ 'اولی الامر' میں اختلاف ہے۔ بعض مفسرین کے نزدیک اس سے مراد بادشاہ اور حاکم ہے مگر معتبر تفسیروں کے نزدیک 'اولی الامر' سے مراد معصوم رہنما ہے۔ چونکہ آیت کے پہلے لفظ سے نمایاں ہے کہ ایمان والو تم اطاعت کرو۔ تو اب جس کی اطاعت فرض قرار دی جائے گی وہ اطاعت کرنے والے سے بالاتر ہوگا۔ اگر اطاعت کرنے والا فقط صاحب ایمان ہے تو جس کی اطاعت واجب ہے اس کو کامل الایمان اور معصوم ہونا چاہیے۔ تاریخ گواہ ہے کہ بادشاہوں اور حکمرانوں کے کردار میں عصمت اور طہارت کی شرط نہیں رہی لیکن اسلام میں اطاعت خدا اور اطاعت رسول کے بعد مستحق اطاعت ہونے کے لئے معصوم ہونا ضروری ہے اسی لئے معتبر کتب احادیث میں 'اولی الامر' سے مراد علیؑ، حسنؑ اور معصوم ذریت لی گئی ہے۔ "عن معاویۃ بن ثعلبۃ عن ابی ذرؓ قال قال رسولُ اللہ :-
"مَنْ اطاعنی فقد اطاعَ اللہَ ومَنْ عصانی فقد عصَی اللہَ ومن

---

[1] مراثی انیسؔ۔ نولکشور۔ جلد ۴ صفحہ ۱۹۶

[2] " " " ۔ جلد اول صفحہ ۱۱

[3] باقیات انیس : اکبر حیدری۔ جلد اول صفحہ ۶۱

[4] شیخ سلیمان قندوزی سنی الحنفی۔ معالم العترہ (ینابیع المودت) مترجمہ ملک محمد شریف صفحہ ۱۸۵
ملا محمد صالح سنی الحنفی کوکب دری (مناقب مرتضوی) مترجمہ سید محمد سبطین صفحہ ۱۳۹
آغا محمد سلطان مرزا۔ البلاغ المبین۔ حصہ دوئم صفحہ ۴۸۹ تا صفحہ ۴۹

اطاع علیًا فقد اطاعنی ومن عصی علیًا فقد عصانی۔" [1]

"ترجمہ : معاویہ بن ثعلبہ نے حضرت ابوذر غفاریؓ سے روایت کی ہے کہ انھوں نے کہا " فرمایا رسول اللہ نے " جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی اور جس نے علی کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے علی کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی" [2]

میر انیس نے مذکورہ مصرعوں میں اطاعت کو بنیادی لفظ قرار دیا ہے ۔ 'اطاعت' عربی لفظ ہے۔ جس کے لفظی معنی جھکاؤ کے ہیں اور جھکاؤ ایک فطری عمل ہے جو دنیا کے ہر انسان میں پایا جاتا ہے اور شاید ہی کوئی فرد بشر ایسی ہو جو اس فطری عمل سے خالی ہو۔ اور کسی نہ کسی شخص کسی نہ کسی اصول یا کسی نہ کسی چیز پر جھکتی نہ ہو۔ لہٰذا اس فطری جھکاؤ یعنی 'اطاعت' کے عمل میں پوری انسانیت شریک ہے۔ اطاعت کے معنی و مفاہیم میں اختلاف نہیں بلکہ کس کی اطاعت کی جائے موضوع بحث رہا ہے۔ انسان جسے اپنے لیے مفید یا فرحت بخش سمجھتا ہے اسکی طرف فطرتاً جھکتا ہے۔ وہ اسی کو اپنی اطاعت کا موضوع بناتا ہے۔ لہٰذا خطا و صواب کا امکان اس کی سمجھ پر منحصر ہے کہ اس نے جسے موضوع اطاعت بنایا ہے وہ واقعی مفید اور حقیقتاً فرحت بخش ہے یا فقط ذاتی خیال ہی میں ایسا ہے۔ انسان کی تاریخ گواہ ہے کہ اس کی عقل نے ہزاروں چیزوں کو کبھی مفید کہا اور بعد میں اس کے ضرر کا قائل ہو گیا۔ لہٰذا ضروری ہے کہ موضوع اطاعت کسی ایسی عقل سے طے ہو کہ ایک بار جسے مفید اور فرحت بخش کہدے وہ ہمیشہ کے لیے مفید اور فرحت بخش ہو اور انسان کو اس کے

---

[1] المستدرک۔ جلد ۳ صفحہ ۱۲۱

[2] سید علی حسنین شیفتہ ۔ مقام مرتضیٰ صفحہ ۴۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

وسیع ترین اور دائمی فائدوں سے ہمکنار کر سکتی ہو۔ اور یہ بات طے ہے کہ یہ فیصلہ اگر کوئی عقل کر سکتی ہے وہ وہی ہے جس کے خطا نہ کر سکنے کی ضمانت خدا نے لی ہو۔ ایسی ہی عقل کا اصطلاحی نام رسول اور امام ہوتا ہے جنکی عقل صفت عصمت سے متصف ہوتی ہے لہٰذا اللہ نے انھیں کی اطاعت کو فرض بھی کر دیا ہے۔ میر انیسؔ نے عصمت واطاعت کے مسئلہ کو پیش نظر رکھ کر یہ مصرعے نظم کئے ہیں: پہلا مصرعہ " طاعت وہ کس کی ہے جو زمانے پہ فرض ہے " سوالیہ ہے جو عقل بشر سے ایک اہم سوال کے ذریعہ امام کی اطاعت کی ضرورت کو محسوس کرا رہا ہے۔ دوسرا مصرعہ بندے کی سیرت اور خدا کی مشیت کی ہم آہنگی کے پیش نظر دونوں کے ہم مرتبہ ہونے کی بات کر رہا ہے کہ " طاعت خدا کی تھی تو اطاعت امام کی " تیسرا مصرعہ بھی " لازم یونہی ہے تم کو اطاعت امام کی " اسی مفہوم کی ادائیگی کا ایک دوسرا عنوان ہے جہاں امام کی اطاعت کا التزام خدا اور رسول کی اطاعت کا ضمیمہ ہے۔ ان مصرعوں سے انیسؔ کی عقیدہ شناسی کا ثبوت فراہم ہوتا ہے۔

آیت مباہلہ

فمن حاجّك فيه من بعد ما جاءك من العلم فقل تعالوا ندعو ابناءنا وابناءكم ونساءنا ونساءكم وانفسنا وانفسكم ثم نبتهل فنجعل لعنة الله على الكذبين[1] ۝

ترجمہ: کہ جب تمہارے پاس علم آچکا اس کے بعد بھی اگر کوئی تم سے حجت کرے تو کہو (کہ) اچھا میدان میں آؤ۔ ہم اپنے بیٹوں کو بلائیں، تم اپنے بیٹوں کو

---

[1] قرآن: سورۂ آل عمران۔ آیت ۶۱

بلاؤ، ہم اپنی عورتوں کو بلائیں، تم اپنی عورتوں کو، ہم اپنے نفسوں کو بلائیں، تم اپنے نفسوں کو، اس کے بعد ہم مل کے (خدا کی بارگاہ میں) جھوٹوں پر خدا کی لعنت کریں[1]۔"

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے:-

ے ہے انفسنا انفسکم کس سے اشارہ[2]

ے نفس مباہلہ ہے کہو کس کی شان میں[3]

اس آیت کی شان نزول یہ ہے جب نجران کے عیسائی مرسل اعظم کی خدمت میں اس موضوع پر بحث کرنے آئے کہ عیسیٰ اللہ کے بیٹے ہیں اور نبیؐ سے گفتگو کرنے کے بعد ناکام ہو گئے لیکن اپنی شکست کا اعتراف نہیں کیا۔ تو قرآن کی آیت نازل ہوئی جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسول مباہلہ کے میدان میں اس انداز سے تشریف لائے کہ امام حسنؑ رسول کی انگلی پکڑے، امام حسینؑ رسول کی گود میں، فاطمہؑ ان کے پیچھے، علیؑ ان کے عقب میں۔ جب اسقف نجران نے ان کو دیکھا تو اپنی قوم سے کہا کہ میں ایسے پاکیزہ چہرے دیکھ رہا ہوں کہ اگر پہاڑ سے سوال کریں تو اپنی جگہ سے ہٹ جائیں سو تم مباہلہ نہ کرنا ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے۔[4]

سعد ابن وقاص کہتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی فقل تعالوا ندعو ابناءنا وابناءکم (یعنی بلا دیں ہم اپنے بیٹوں اور تمہارے بیٹوں کو۔ رسول اللہؐ نے علیؑ، فاطمہؑ، حسنؑ اور حسینؑ کو بلوایا اور فرمایا اے اللہ! یہ لوگ میرے اہلبیت ہیں۔[5]

---

[1] قرآن: ترجمہ فرمان علی ص۶۷

[2] مراثیٔ انیس۔ جلد ۴۔ نولکشور ص۱۱۲

[3] " " " " ص۱۹۴

[4] ترمذی شریف جلد ۲ ص۱۶۵، تاریخ الخلفاء ص۱۹۷، چشمۂ ہدایت ص۴۲

[5] مشکوٰۃ شریف کامل۔ ترجمہ آغا رفیق۔ بلند شہری ص۹۱۶

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں دو الگ فضیلتوں کو واقعۂ مباہلہ کے پس منظر میں نظم کیا ہے۔ پہلی فضیلت یہ کہ علیؑ کو رسول نے اپنا نفس کہا ہے اور اسی نص قرآنی کی بنیاد پر علی کو نفس رسول کہلانے کا امتیاز حاصل ہوا۔ دوسری فضیلت یہ کہ واقعہ مباہلہ میں نصرانیوں کے مقابلے پر خدا نے جنھیں صادقین بنا کر پیش کیا ہے انھیں میں ایک فرد علی کی ذات بھی ہے۔

پہلے اور دوسرے دونوں مصرعوں میں انیسؔ نے فضیلت کو خاص علی یا اہلبیت رسول پر مرکوز کرنے کے لئے لہجہ کو سوالیہ بناتے ہوئے انفسنا انفسکم کس سے اشارہ؟ اور نص کس کی شان میں؟ کی تکرار سے گویا مسلمانوں کے عام ضمیر سے یہ اقرار لیا ہے کہ سوائے علی کے کوئی اور ان امتیازات کا اہل نہیں ہو سکتا۔

آیت درود

انّ اللہ وملٰئکتہ یصلّون علی النبی یایّھا الذین اٰمنوا صلّوا علیہ وسلّموا تسلیما ۝ [1]

ترجمہ: بیشک خدا اور اس کے فرشتے پیغمبر اور اس کی آل پر درود بھیجتے ہیں تو اے ایمان والو! تم بھی درود بھیجتے رہو اور برابر سلام کرتے رہو [2]

بھیجو صلوات اور سلام اس پہ مکرر [3]
کی صلِّ علیٰ کہہ کے محمدؐ نے یہ تقریر [4]

[1] قرآن : سورۂ احزاب۔ آیت ۵۶
[2] قرآن : ترجمہ فرمان علی۔ ص ۵۷
[3] مراثی انیس۔ جلد دوم۔ نولکشور ص ۹۵
[4] 〃 〃 〃 جلد اول۔ 〃 ص ۵۶

جب یہ آیت نازل ہوئی تو لوگوں نے رسول کریم سے پوچھا کہ آپ پر درود و سلام کس طرح بھیجیں تو رسولؐ نے فرمایا کہ مجھ پر "دُم بریدہ" صلوات نہ بھیجا کرو۔ لوگوں نے پوچھا کہ دم بریدہ سے کیا مراد؟ آپ نے کہا اَللّٰھمّ صل علی محمدّ پر ہی نہ رک جایا کرو بلکہ آل محمد بھی کہا کرو [1] اسی حدیث درود کو پیش نظر رکھ کر امام شافعی نے اپنے شعر میں کہا تھا کہ اے اہلبیت اگر تم پر درود نہ بھیجا گیا تو نماز ہی نہ ہوگی [2]" اس انداز درود کے استدلال میں ایک روایت اور درج کی جاتی ہے "حضرت ابومسعود انصاری فرماتے ہیں کہ ہم لوگوں کے پاس حضرت رسول اللہ صلعم تشریف لائے۔ ہم اس وقت حضرت سعد بن عبادہ کی مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ کی خدمت میں بشیر بن سعد نے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم فرمایا ہے کہ آپ پر درود بھیجیں سو بتلایئے کہ ہم آپ پر کیسے درود بھیجیں۔ راوی کہتے ہیں کہ آنحضرت صلعم چپ رہے۔ حتیٰ کہ ہم لوگوں کو گمان ہوا کہ (کاش) انھوں نے پوچھا ہی نہیں۔ پھر رسول اللہ صلعم نے فرمایا۔ تم لوگوں کو یوں پڑھنا چاہیے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝ الٰہی محمد پر اور ان کی آل پر رحمت فرما جس طرح تو نے حضرت ابراہیم کی اولاد پر برکت فرمائی لوگ تیری حمد کرتے ہیں۔ تو بزرگ ہے، اور سلام اس طرح جیسا کہ تم جانتے ہو یا جس طرح تمھیں سکھایا گیا ہے [3]

[1] ملا محمد صالح سنی الحنفی کوکب دری۔ مناقب مرتضوی ترجمہ سید محمد سبطین ص ۱۳
[2] سید ظفر حسن حقائق القرآن ص ۱۹۳ ص ۱۹۲
[3] ترمذی شریف: جلد ۲ ص ۲۳۴۔ صحیح بخاری الجزو ثانی مطبوعہ مصر ص ۱۱۹ بحوالہ البلاغ المبین (حصہ اول سوئم) ص ۵۰۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انیسؔ نے مذکورہ بالا مصرعوں میں اس فضیلت کو نظم کیا ہے جو مستحق درود و صلوات ہیں۔ جنھیں درود بھیجے بغیر جب نماز[۱] اور دعا[۲] قبول نہیں ہوتی تو بھلا رسول کی تقریر کیسے شروع ہوسکتی ہے۔ انیسؔ نے اسی لئے کہا ہے "کی صلّی علیٰ کہہ کے محمد نے یہ تقریر"۔ درود یا صلوٰات میں یہ راز مضمر ہے کہ جن بندوں پر اللہ نے درود بھیجا ہے وہ کسی جامع اور مرکزی حیثیت کے حامل ہیں اور ان کو الگ کرنے کے معنی ہیں دین کو مرکز ہی سے محروم کر دینا۔ لہٰذا درود پر سختی سے تاکید فرمائی ہے۔

آیت صادقین

یاایھا الذین امنوا اتقوا اللہ وکونو مع الصادقین[۳]

ترجمہ: اے ایماندارو خدا سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ ہوجاؤ۔[۴]

میر انیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے:-

غیر از علی ملا شرف صادقین کسے
ہاتھ آیا زورِ دست جہاں آفریں کسے[۵]

یہ آیت اہل بیت رسول کے فضائل میں نازل ہوئی اور صادقین سے مراد

---

۱ سید ظفر حسن: حقائق القرآن ص۳۵
۲ اصول کافی: جلد ۲ (الشافی) کتاب دعا۔ ترجمہ سید ظفر حسن ص۴۸۱
۳ قرآن: سورۂ توبہ۔ آیت ۱۱۹
۴ قرآن: ترجمہ فرمان علی ص۲۴۵
۵ مراثی انیس: جلد ۴۔ نولکشور۔ ص۱۹۴

ائمہ معصومین ہیں"۔ ابن مردویہ نے ابن عباس سے اور ابن عساکر نے امام محمد باقر سے روایت کی ہے کہ صادقین سے مراد علی ابن ابی طالب ہیں۔[۱]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعہ میں صادقین کی بحث اٹھاتے ہوئے ذات علی کو اس شرف سے مخصوص کیا ہے۔ صداقت ایک ایسا وصف ہے جو انسان کے جملہ اوصاف پر اثر انداز ہوتا ہے۔ صداقت میں دو عناصر بنیادی ہوتے ہیں پہلا علم۔ دوسرا علم پر عملدرآمد کی اخلاقی ہمت۔ اگر جہل کا ہلکا سا سایہ بھی پڑ جائے گا تو معلوم بقدر جہل صادق ہو جائے گا۔ اور اس کا اثر عمل پر لازمی طور پر پڑے گا۔ دوسرے اگر معلوم صحیح و صادق ہو لیکن اس پر عمل کرنے کی اخلاقی ہمت نہ ہو تو نفس کی یہی کمزوری عمل کو غیر صادق بنا دے گی۔ چونکہ علی کو علم و یقین میں درجہ تامہ حاصل تھا اور نفس میں طہارت کی آخری منزل پر فائز تھے۔ لہٰذا ان کے یا ان جیسے ہم علم و ہم نفس بندوں کے علاوہ پوری کائنات میں کوئی 'صادقین' کی آئینی فہرست میں نہیں آسکتا۔ لہٰذا انیسؔ نے استدلال کو استفہامیہ طور پر بیان کرتے ہوئے کہا "غیر از علی ملا شرف صادقیں کسے"؟

آیت قل کفیٰ باللہ

قل کفیٰ باللہ شہیداً بینی وبینکم ومن عندہٗ علم الکتاب[۲]۔

ترجمہ: اے رسول کافر لوگ کہتے ہیں کہ تم پیغمبر نہیں ہو تو تم (ان سے) کہدو کہ میرے اور تمہارے درمیان گواہی کے واسطے خدا اور وہ شخص کافی ہے جسکے پاس کتاب کا علم ہے۔[۳]

---

۱ تفسیر درمنثور۔ جلد ۳ ص۲۹۔ مطبوعہ مصر۔ بحوالہ حاشیہ قرآن۔ ترجمہ فرمان علی ص۲۴۵
۲ قرآن: سورۂ رعد۔ آیت ۴۳
۳ قرآن: ترجمہ فرمان علی ص۳۰۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میرانیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے:

کہتی ہے خلق بادشہ قل کفیٰ کسے [1]
کافی سند کے واسطے ہے لفظ قل کفیٰ [2]

یہاں صاحب علم کتاب سے حضرت علیؑ کی ذات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ فصیل ابن یسار امام محمد باقرؑ سے روایت کرتے ہیں کہ یہ آیت حضرت علیؑ کے حق میں نازل ہوئی۔ آپ ہی اس امت کے عالم ہیں[3] اس روایت کی تصدیق میں ایک دوسری روایت تفسیر ثعلبی کے حوالے سے یوں نظر آتی ہے۔ "عبداللہ ابن سلام نے روایت کی ہے کہ میں نے رسول خدا سے پوچھا کہ جس شخص کے پاس کتاب کا علم ہے وہ کون ہے تو حضرت نے کلمۂ حصر کے ساتھ فرمایا کہ وہ علی کے سوا کوئی نہیں ہے[4]۔ حضرت علیؑ کے علم و تبحر کی جلالت کا اعتراف اسلام کی جلیل ترین شخصیتوں نے بھی کیا ہے۔" حضرت ابوبکر کا پہلا خطبہ مشہور ہے جس میں آپ نے جناب امیرؑ کی طرف رجوع کرتے ہوئے کہا کہ میں تم سے زیادہ علم رکھنے والا نہیں ہوں[5]

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں قرآن کی آیت کے ایک فقرے 'قل کفیٰ' کے اندر چھپی ہوئی علی کی ایک ایسی جلالت کو نظم کیا ہے جس کا پایہ خدا کی گواہی کی جلالت سے مل جاتا ہے۔ آیت میں جو بات قرآن نے اٹھائی ہے اس میں درمیان میں رسول کی رسالت ہے اور اس کے ایک سمت خدا اور علی کی شہادت ہے اور

---

1 مراثی انیس: جلد نہم نولکشور صفحہ ۱۹۴
2 " " " ۲ " صفحہ ۲۵
3 شیخ سلیمان قندوزی سنی الحنفی: معالم العترہ (ینابیع المودت) مترجمہ ملک محمد شریف صفحہ ۱۹۸
4 ملا محمد صالح سنی الحنفی: مناقب مرتضوی۔ ترجمہ سید محمد سبطین صفحہ ۱۳۳
5 آغا محمد سلطان مرزا: البلاغ المبین۔ حصہ اول و سوئم صفحہ ۵۰

دوسری سمت امت کی شہادت۔ لیکن دونوں شہادتوں کا ایک عظیم فرق یہ ہے کہ اگر امت کا کوئی انسان کہے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد خدا کے رسول ہیں تو اس سے اس انسان کا اسلام ثابت ہوتا ہے لیکن رسول کی رسالت ثابت نہیں ہوتی جیسا کہ اگر وہی انسان کہے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد خدا کے رسول نہیں ہیں تو اس کی نفی سے رسول کی رسالت کی نفی نہیں ہوتی یعنی رسول کی رسالت کا دار و مدار اس کے اثبات و نفی پر نہیں ہے بلکہ اس کے اپنے اسلام کا دار و مدار اس کے اقرار و انکار رسالت پر ہے۔ لیکن اگر خدا کہے کہ محمد میرے رسول نہیں تو خود رسالت ہی کا اعتبار ساقط ہو جائے گا۔ تو اگر وہی خدا کسی کو سند دے دے کہ اگر وہ کہے کہ میں محمد کو خدا کا رسول مانتا ہوں تو رسالت ثابت ہے اور اگر یہ کہدے کہ وہ رسول نہیں تو رسالت ساقط ہو جائے تو ماننا پڑے گا کہ رسول کی رسالت کا انکار اس انسان کی اثبات و نفی پر منحصر ہے۔ اسی انحصار کا دوسرا نام (قل کفیٰ) ہے جس کے مصداق علیؑ ہیں یعنی عام امتیوں کی گواہی (کفایت) کے مرتبہ میں ہے۔ یعنی علی گواہی نہ دیں تو خود رسالت کا اعتبار قطعیت سے محروم رہ جائے گا۔ اسی لیے انیس نے 'قل کفیٰ' کو بادشاہت یعنی ایک امتیازی اقتدار تعبیر کیا ہے اور دوسرے مصرعہ میں لفظ 'قل کفیٰ' کو کافی سند سے تعبیر کیا ہے۔

آیت ولایت

إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ [1]

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ تمہارا ولی ہے۔ اور رسول اس کا۔ اور مومنین

---

1 قرآن سورہ المائدہ۔ آیت ۵۵

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جو پابندی سے نماز ادا کرتے ہیں اور حالت رکوع میں زکوٰۃ دیتے ہیں [۱]

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے:۔

ے کونین میں ملا شرف انّما کسے [۲]

ے زیبا ہمارے تن پہ ہے تشریف انّما [۳]

ے قرآن سے ثابت ہے خدا کا وہ ولی ہے [۴]

ے حیدر سے یہ فرمایا کہ اے شاہ ولایت [۵]

یہ آیت حضرت علی علیہ السلام کی فضیلت میں نازل ہوئی۔" ابن عباس سے روایت ہے کہ ابوذر نے فرمایا کہ اے لوگو! میں ایک دن رسول خدا کے ساتھ مسجد میں نماز پڑھ رہا تھا کہ ایک سائل مسجد میں داخل ہوا اور لوگوں سے مدد طلب کی لیکن کسی نے کچھ نہ دیا تو اس نے اپنا ہاتھ آسمان کی طرف بلند کر کے کہا کہ خدایا گواہ رہنا کہ میں نے تیرے رسول کی مسجد میں مدد طلب کی لیکن کسی نے جواب تک نہیں دیا۔ ایسی حالت میں جب کہ حضرت علیؑ رکوع میں تھے اپنے داہنے ہاتھ کی چھنگلی سے اشارہ کیا۔ سائل قریب آیا اور انگوٹھی آپ کے ہاتھ سے اتار لی پیغمبر خدا جو حالت نماز میں تھے جب نماز سے فارغ ہوئے تو سر آسمان کی طرف بلند کیا۔ ابھی پیغمبر کی دعا ختم نہیں ہوئی تھی کہ جبرئیل نازل ہوئے اور رسول اللہ سے کہا کہ پڑھئے تو حضور نے کہا کیا پڑھوں تو جبرئیل نے کہا کہ پڑھئے آیت ولایت "تمہارا سرپرست

---

[۱] قرآن : ترجمہ فرمان علی ص۱۳۹

[۲] مراثی انیس ۔ جلد ۴ ۔ نولکشور ص۱۹۴

[۳] " " جلد ۲ ۔ " ص۷۵

[۴] " " جلد ۲ ۔ " ص۱۳

[۵] " " جلد ۱ ۔ " ص۷

اور رہبر صرف خدا ہے" اس کا پیغمبر اور وہ ہیں جو ایمان لائے اور انھوں نے نماز قائم کی اور حالت رکوع میں زکوٰۃ ادا کی ہے۔)" [۱]

دوسرے مقام پر یہ روایت یوں ملتی ہے۔

رواہ الطبرانی فی الاوسط فی ترجمہ محمد ابن صالغ وعند مردویہ من حدیث عماد ابن یاسر و فی اسنادہ خالد بن یزید العمری وھو متروک۔ رواہ الثعلبی من حدیث ابی ذر مطولاً واسنادہ ساقطہ [۲]

ترجمہ: پس یقیناً روایت کی ہے اس حدیث کی ابن ابی حاتم نے سلمہ بن کہیل کے سلسلہ سے۔ انھوں نے کہا کہ حضرت علی نے حالت رکوع میں اپنی انگوٹھی کا صدقہ دیا تو یہ آیت نازل ہوئی (انّما ولیکم الخ) [۳]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں علی کی ولایت کے پس منظر کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس ولایت کی بات کی ہے جو قرآن سے ثابت ہے اور قرآن نے جسے لفظ 'انّما' یعنی کلمۂ حصر کے ساتھ پیش کر کے چند بندوں کے اندر منحصر کر دیا ہے چونکہ اولیاء اللہ کی فہرست مسلمانوں میں بہت طویل ہے اور چھوٹے چھوٹے کرامات کی بنیاد پر صوفیائے کرام کو بڑی فراخدلی سے ولی اللہ کا لقب دیا جاتا رہا ہے لہٰذا ضرورت تھی کہ انیسؔ اس ولایت کو سامنے رکھتے جو خدا سے سند یافتہ تھی۔ خدا نے آیت میں خود کو، اپنے رسول کو اور ان بندوں کو اپنا ولی قرار دیا ہے جو عبادت پروردگار (رکوع) اور خدمت خلق (زکوٰۃ) کو یکجا کر دیں۔ یہ صفت رسول،

---

[۱] تفسیر نمونہ : جلد ۴ ص۳۱۵-۱۶ ۔ سید صفدر حسین نجفی

[۲] الکشاف : جلد ۱ ص۶۴۹

[۳] سید علی حسنین شیفتہ : مقام مرتضیٰ ص۱۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آل رسول اور علی میں منحصر تھی اور وہی ولایت کے حقیقی مصداق تھے۔ انیسؔ نے پہلے مصرعہ میں لفظ 'اتما'، دوسرے مصرعہ میں 'تشریف اتما' تیسرے مصرعہ میں قرآن سے 'ثابت' ہے اور چوتھے مصرعہ میں 'شاہ ولایت' جیسے الفاظ نظم کر کے علی کی ولایت کی انفرادیت کو نمایاں کرتے ہوئے اپنی قرآن فہمی اور علی شناسی میں کمال احتیاط کا ثبوت دیا ہے۔

آیتِ نذر

يُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُونَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيرًا ۝
وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا ۝ [1]

ترجمہ: (یہ) وہ لوگ ہیں جو نذریں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے جس کی سختی ہر طرف پھیلی ہوگی اور اس کی محبت میں محتاج، یتیم اور اسیر کو کھانا کھلاتے ہیں [2] كَانَ سَعْيُكُمْ مَشْكُورًا ۝ [3] ترجمہ: اور تمہاری کوششوں کے ہم شکر گذار ہیں [4]

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیات کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

؎ یہ وہ بندے ہیں کہ اللہ پہ حق جن کا ہے [5]
خاصگان کبریا ہیں پنجتن

؎ ہے انھیں بندوں کا حق اللہ پہ [6]

[1] قرآن: سورۂ دہر آیت ۸، ۷
[2] قرآن: ترجمہ فرمان علی ص ۶۹۵
[3] قرآن: سورۂ دہر آیت ۲۲
[4] قرآن: ترجمہ فرمان علی ص ۶۹۶
[5] مراثیٔ انیس: جلد اوّل نولکشور ص ۹۶
[6] 〃 〃 : 〃 ۳ 〃 ص ۵۳

؎ بھیجا ہماری شان میں خالق نے ہل اتیٰ [1]
؎ حق نے کیا عطا یہ عطا ہل اتیٰ کسے [2]

میر انیسؔ نے اس آیت کی طرف اشارہ کیا ہے جو اس سورۂ ھل اتیٰ میں ہے جو اس وقت نازل ہوئی جب حسنین بیمار پڑے تو ان کی مادر گرامی نے بچوں کی صحت کی خاطر روزے رکھنے کی نذر مان لی۔ حسنین کو صحت حاصل ہوئی تو ایفائے نذر کی وجہ سے مادر گرامی نے روزے رکھے۔ بچوں نے بھی رکھ لئے۔ ٹھیک افطار کے وقت سائل آگیا اور سائل کو پورا کھانا دے دیا۔ یوں ہی تین دن تک رہا۔ نوبت یہ ہوئی کہ پورا گھر اہلبیت کا بھوک سے نڈھال ہو گیا۔ آنکھوں میں گڈھے پڑ گئے۔ پیغمبر گھر میں تشریف لائے۔ یہ حالت دیکھ کر دعا فرمائی تو جبرئیل یہ آیت لے کر نازل ہوئے۔ [3]

اسی سورہ میں ارشاد ہوتا ہے کہ "تمہاری کارگزاریوں کے صلہ میں اور تمہاری کوششوں کے ہم شکر گذار ہیں"

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں ان بندگان خدا کو الگ کیا ہے جنہوں نے اپنے اخلاص سے بندگیٔ پروردگار میں اتنا اونچا مقام حاصل کیا کہ اللہ نے ان کا حق اپنی ذات پر واجب کر لیا ہے۔ جب کہ تمام بندگان خدا پر اللہ کا حق ہے لیکن خدا کی محبت میں جب بے نفسی اس حد تک شامل ہوتی ہے کہ فاقے پر فاقے

[1] مراثیٔ انیس۔ جلد ۲۔ نولکشور ص ۷۵
[2] 〃 〃 ۔ جلد ۴۔ 〃 ص ۱۹۴
[3] تفسیر کشاف زمخشری۔ بحوالہ البلاغ المبین آغا سلطان مرزا حصہ اول و سوئم ص ۵۰ ملا محمد صالح سنی الحنفی کوکب دری (مناقب مرتضوی) مترجمہ سید محمد سبطین ص ۱۴۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بھی اس ارادے میں حائل نہیں ہو پاتے کہ خدا کی خوشنودی کے لئے یتیم و اسیر و مسکین کو نظر انداز نہ کیا جائے چاہے ہماری ضرورت، بچوں کی بھوک اور فاقوں میں ناقابل برداشت شدت ہی کیوں نہ پیدا ہو جائے تو بندہ اس خلوص کا مالک ہوتا ہے جہاں رضائے پروردگار کی شدت اپنی ضرورت کی شدت پر غالب آجاتی ہے اور سب کچھ قربان کر دینے کا حوصلہ قوی تر ہو جاتا ہے اور خدا کی ادنیٰ سی ناراضگی برداشت کرنے میں ضعیف تر ہو جاتا ہے، اور نفس اس طہارت تک پہونچ جاتا ہے جہاں خدا کا حق بندے پر تمام ہو جاتا ہے اور خود بندے کا حق خدا پر شروع ہو جاتا ہے۔ اور وہ جزا کی پوری کائنات ایسے ہی بندوں کے حوالے کرنے کے بعد بھی ان کے خلوص کے مقابلے میں ہلکا پاتا ہے تو خدا ہو کر بھی بندوں کا شکریہ ادا کرتا ہے۔ ایسے ہی بندے انیسؔ کی زبان میں "خاصگان کبریا" سے تعبیر کئے گئے ہیں۔ انھیں کی شان میں بقول انیسؔ ھل اتیٰ اترنا چاہیے۔ اور انھیں کا حق خدا پر ہونا ممکن ہو سکتا ہے۔ یہی وہ امتیاز ہے جس میں وہ بندے فرید و وحید بے مثل و بے نظیر ہیں۔ انیسؔ نے کس اچھے عنوان سے اس امتیاز کو ایک مصرعہ میں یہ کہہ کر سمیٹ دیا ہے ؎ حق نے کیا عطا یہ عطا ھل اتیٰ کسے۔

آیت امام مبین

وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ فِي إِمَامٍ مُّبِينٍ ۝ [1]

ترجمہ: ہم نے ہر چیز کو امام مبین میں گھیر دیا ہے [2]

[1] قرآن: سورۂ یٰسین۔ آیت ۱۲

[2] قرآن: ترجمہ فرمان علی صـ۵۲۸

میرانیسؔ نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے:

؎ قرآن سے عیاں ہے بزرگی امام کی [1]

؎ یٰسین میں کہا ہے امام مبیں کسے [2]

جب یہ آیت نازل ہوئی تو اس وقت آنحضرت کے پاس حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کھڑے تھے۔ دونوں نے رسول اللہ سے پوچھا کہ کیا امام مبین سے مراد توریت ہے۔ فرمایا نہیں۔ پھر پوچھا کیا انجیل مراد ہے۔ فرمایا نہیں، پھر پوچھا قرآن مراد ہے۔ فرمایا نہیں۔ اتنے میں حضرت علی سامنے سے نمودار ہوئے تو حضرت نے فرمایا یہ ہے امام مبین۔ [3]

میرانیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں انسانی کمال کے اس درجہ کو جو انسانی نفس کی صلاحیت اور خدا کے خاص لطف کے باہمی عمل سے پیدا ہونے والے ایک خاص وصف سے حاصل ہوتا ہے۔ اس کا ذکر کیا ہے اس خاص درجہ کو اصطلاح قرآن میں 'امام مبین' سے تعبیر کیا گیا ہے۔ امام وہ انسان ہے جو اپنے پیکر بشری میں نفس کی ذاتی صلاحیت اور خاص لطف الٰہی کے تعاون سے ایک ایسی آگہی میں داخل ہو جاتا ہے جو پوری کائنات شہود کو اس کی نگاہوں کے سامنے منکشف کر دیتی ہے۔ اور دائرۂ موجودات کی ہر شے اس کی علمی حصار میں آجاتی ہے۔ اس پورے وصف سے متصف انسان کو قرآن میں 'امام مبین' کہا گیا ہے۔ انسان کی اشرفیت کا انحصار انسان کے شعور و عقل اور اس کی آگہی پر ہے اور آگہی اسی وقت اشرف ہو سکتی ہے جب اس کی گرفت ہر شے پر ہو اور کوئی شے اس کے حصار سے باہر

[1] مراثیٔ انیس۔ جلد اول۔ نولکشور صـ۳۸۳

[2] " " ۔ جلد ۴ ۔ " صـ۱۹۴

[3] تفسیر درمنثور: جلال الدین سیوطی۔ بحوالہ تفسیر القرآن۔ ظفر حسن۔ صـ۲۸۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہ جاسکے۔ آگہی اصولی طور پر جب اس نقطۂ کمال پر پہونچ سکتی ہے تو یہ ایک امکانی حقیقت کا درجہ رکھتی ہے۔ اسی امکانی حقیقت کو جس پیکر میں مجسم کردیا جائے وہ ذات انسان بھی ہوتی ہے اور امام بھی لیکن یہ وصف صرف ارتقائی نہیں بلکہ ارتقائی اور وہبی دو عناصر کا مرکب ہوتا ہے لہٰذا ہر عالم "امام مبین" نہیں ہوسکتا۔ البتہ اپنے شعبۂ علم کا رئیس یا قائد ضرور ہوسکتا ہے۔ انیس نے انسان کی اسی بزرگی کی طرف توجہ مرکوز کراتے ہوئے کہا ہے کہ "قرآن سے عیاں ہے بزرگی امام کی" اور "یٰسین میں کہا ہے امام مبیں کسے"۔ یعنی جسے امام مبین کہا گیا ہے وہ انسان کون ہے سوائے اس انسان کے جو "کتاب مبین"[1] کا علم رکھتا ہو اس لیے کہ کتاب بھی ہر شے پر محیط ہے تو عالم کتاب کو بھی ہر شے پر محیط ہونا چاہیے۔

آیت کمال

اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ط[2]

ترجمہ: آج میں نے تمہارے دین کو کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کردی اور تمہارے اس دین اسلام کو پسند کیا۔[3]

میر انیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے:۔

کس کے لیے اکملت لکم دینکم آیا
اتممت علیکم کا ملا ہے کسے پایا[4]

---

[1] قرآن: سورۂ یٰسین آیت ۱۲   [2] قرآن سورۂ المائدة آیت ۳

[3] قرآن: ترجمہ فرمان علی ص ۱۲۷

[4] مراثی انیس: جلد ۴۔ نولکشور ص ۱۱۲

حق نے قرآن کی سورہ میں کسے یاد کیا
کس کو اکملت لکم دینکم ارشاد کیا[1]

اس آیت کی شان نزول یہ بیان کی گئی ہے کہ جب رسول کریم آخری حج سے پلٹ رہے تھے تو غدیر خم کی منزل پر حاجیوں کے مجمع کے سامنے اعلان ولایت علی کیا۔ "جب اعلان ولایت کر چکے اور آنحضرت کا خطبہ ختم ہوا تو آنحضرت ابھی منبر سے نہیں اترے تھے کہ یہ آیت نازل ہوئی"۔[2] معتبر راویان اسلام کا بیان ہے کہ یہ آیت غدیر خم کے روز علی ابن ابی طالب کے حق میں نازل ہوئی۔[3]

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں علی کی ایک اور امتیازی فضیلت کو استفہامیہ عنوان سے پیش کیا ہے۔ دین ایک ایسی بسیط حقیقت ہے جو پورے عالم کون و مکاں پر محیط ہے۔ ہر شے کا ایک مخصوص قانون ہے جو اس کی ماہیئت، ہیئت اور اس کے خواص سے تشکیل پاتا ہے لیکن جہاں تک شے میں کوئی ذاتی نفس یا شعور نہیں ملتا وہاں تک ایک تکوینی قانون ہوتا ہے جس کی اشیا، قہری طور پر پابند ہوتی ہیں۔ اسی تکوینی اصول یا قانون کا سائنس کے مختلف شعبوں میں ہم مطالعہ کرتے ہیں۔ لیکن جہاں سے سلسلۂ شعور پیدا ہوتا ہے وہاں سے شے کا نام شعوری مخلوق یا 'انسان' ہوجاتا ہے۔ انسان بیک وقت عالم تکوین کا جزو ہونے کی وجہ سے مادی قوانین کا پابند ہونے پر مجبور رہتا ہے لیکن اپنے شعوری وجود میں اپنا دین خود اختیار کرلیتا ہے

---

[1] مراثی انیس: جلد ۴۔ نولکشور۔ ص ۲۶۴

[2] ملا محمد صالح ستی الحنفی کوکب دری (مناقب مرتضوی) مترجمہ سید محمد سبطین ص ۱۲۶
آغا محمد سلطان مرزا البلاغ المبین (حصہ اول وسوئم) ص ۵۹

[3] مشکوٰۃ شریف، درمنثور۔ جلد ۲۔ بحوالہ حاشیہ قرآن۔ فرمان علی۔ ص ۱۲۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اب چاہے دین صحیح ہو یا غلط، کامل ہو یا ناقص، چونکہ اختیاری ہوتا ہے اس لئے صحیح اور غلط کا فیصلہ نہ سائنس سے ہو سکتا ہے نہ فلسفہ سے اور نہ منطق سے۔ اس لئے منطق یا فلسفہ یا سائنس سے کامل دین دریافت ہو سکتا تو رفتہ رفتہ اختلافات ختم ہوتے رہتے۔ لیکن اختلافات کا برقرار رہنا اس بات کی علامت ہے کہ شعوری دین کی دریافت میں شعور ایک ناتمام صلاحیت کا نام ہے اور دین کامل طے کرنا فقط اس کا کام ہے جو شعور کا خالق ہے۔ شعور بھی ایک شے ہے اور جیسے ہر شے کا خالق اس شے کا قانون بناتا ہے ویسے ہی انسان کی شعوری حیات کا بھی ایک کامل دین ہے اسی لئے اللہ نے اس کا نمونہ بھی اپنی طرف چند بندگان خدا کی شکل میں بنایا ہے اور کمال دین کو ان کی سیرت پر منحصر کر دیا ہے۔ دور رسالت مآب میں یہ نمونہ خود ذات رسولؐ میں تھا۔ لیکن جب رسول دنیا سے رخصت ہونے لگے تو تکمیل دین کی ضرورت کو علی کی ذات اور اہل بیت طاہرین کے نمونہ سے پورا کرتے ہوئے اعلان فرمایا کہ خدا نے تمہارے دین کی تکمیل علی کی ولایت سے کی ہے اور تم پر نعمتوں کو تمام علی کے وسیلہ سے کیا ہے۔ یعنی علی شعور بشری کا وہ مکمل نمونہ ہے جس پہ دین کامل اور نعمتیں تمام ہوتی ہیں۔ علی کو ہٹا کر ہر شعور ناقص ہے دین ناقص اور ہر نعمت ناتمام رہ جاتی ہے۔ اسی لئے انیسؔ نے ہر اعتبار سے متوازن اور ہم آہنگ مصرعوں میں 'اکملت لکم دینکم' اور 'اتممت علیکم' کے خطوط کو ذات علی کی امتیازی برتری سے جوڑ کر سوالیہ فقرات سے ادعائی فضا پیدا کی ہے کہ علی جیسا صاحب فضل و شرف کوئی لا سکو تو لاؤ۔ اور اگر نہ لا سکو تو یہ سمجھ لو کہ دین کے تحفظ کا یقین علی کی ذات سے وابستہ ہے اور جس دین میں تحفظ کا انتظام نہ ہو وہی دین ناقص ہے کامل نہیں۔ لہٰذا رسول نے بھی کمال دین کا اسی وقت اعلان کیا جب اس کا انتظام بھی کر لیا۔

آیت علم

بَلْ هُوَ اٰیٰتٌۢ بَیِّنٰتٌ فِیْ صُدُوْرِ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ[۱]

ترجمہ: جن لوگوں کو خدا کی طرف سے علم عطا ہوا ان کے دلوں میں قرآن کی آیتیں روشن ہیں[۲]

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

ؔ رشتہ کچھ اس کو مصحف ناطق سے ہے ضرور
قرآں کے حرف حرف کے معنی پہ ہے عبور[۳]

ؔ تم پہ کرتا ہے حسینؑ آخری حجت کو تمام
پسر مصحف ناطق ہوں سنو میرا کلام[۴]

بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اس آیت کے مصداق ائمہ معصومین ہیں کیونکہ خدا کی بارگاہ سے ان حضرات کے علاوہ کسی کو علم نہیں عطا ہوا ہے[۵] سوائے رسول اور اہل بیت رسول کے کسی اور کو علم وہبی حاصل نہیں ہے لہٰذا 'اوالعلم' سے وہی لوگ مراد ہوں گے جو اپنے سینوں میں علم الٰہی رکھتے ہوں[۶]"

۱۔ قرآن: سورۂ العنکبوت۔ آیت ۴۹
۲۔ قرآن: ترجمہ فرمان علی۔ صفحہ ۴۸۱
۳۔ مراثی انیس: جلد ۴ نولکشور صفحہ ۲۸۴
۴۔ " " : جلد ۱ " صفحہ ۹۴
۵۔ حاشیہ قرآن: ترجمہ فرمان علی۔ صفحہ ۴۸۱
۶۔ تفسیر القرآن: جلد ۴۔ سید ظفر حسن صفحہ ۱۱۰۶

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں اس اصولی حقیقت کے پس منظر میں وارث قرآن کی فضیلت کو پیش کیا ہے جو لفظ و معنی کی مستقل بحث سے متعلق ہے۔ دنیا کے ہر ادب کی تنقید گواہ ہے کہ لفظ میں اختلاف نہ ہونے کے برابر ہوتا ہے لیکن جب اس لفظ پر معانی و مطالب کی موشگافیاں شروع ہوتی ہیں تو ایک لفظ سے مختلف مکاتب فکر جنم لیتے ہیں اور آخر تک یہ طے نہیں ہو سکتا کہ اس لفظ کے خالق کا معنوی اشارہ کیا ہے اور کہاں تک اس کی بلاغت کا دائرہ پھیلا ہوا ہے چوں کہ قرآن بحیثیت کتاب الفاظ و عبارات و فقرات یا آیات کا مجموعہ ہے لہٰذا پوری امت میں قرآن کی ملفوظی صداقت پر کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اختلاف کا سلسلہ مفسرین کے نطق سے ظہور پذیر ہوتا ہے۔ اور مختلف مکاتب و مسالک میں تقسیم ہوتا ہوا ایک دین کے مختلف ٹکڑے کر دیتا ہے بدیہی ہے کہ یہ اختلاف لفظ پر شعور کے ردعمل سے پیدا ہوتا ہے جب کہ شعور اپنی صلاحیت اور درجات میں الگ الگ ہوتے ہیں۔ اور کوئی شعور اس قرآنی الفاظ کے اس خالق کے پورے دائرۂ بلاغت تک نہیں پہونچ سکتا۔ جو لفظ کی تخلیق سے پہلے ارادۂ پروردگار میں تھا۔ لہٰذا ماننا پڑے گا کہ جب تک اسی دائرۂ بلاغت کو وہ کسی مخصوص بندے کے شعور کو مطلع نہ کر دے اس وقت تک اختلاف رائے کا سدباب نہیں ہو سکتا اور جیسے قرآن میں الفاظ جمع کر دینا خالق کا فریضۂ ہدایت ہے اسی طرح ایسے مخصوص ذی شعور بندے بھی پیدا کرنا اس کا فریضہ ہے جو لفظ کو معنی تک پہنچانے میں مفہوم پروردگار سے آشنا ہو۔ اسی لیے قرآن میں اللہ نے فرمایا کہ قرآن کا علم بندوں کو بطور خاص دیا گیا۔ اور انیس نے انہیں بندوں میں وارث قرآن کو منتخب کرتے ہوئے یہ کہا ہے کہ میں مصحف ناطق (یعنی قرآن کے بولتے ہوئے الفاظ) کا فرزند ہوں اور ؎ قرآن کے حرف حرف کے معنی یہ ہے عبور، یعنی ہم ہی

وہ ہیں جو قرآنی الفاظ کی طرح معنی قرآن کے طور پر پیدا کیے گئے ہیں انہیں کا تعارف قرآن مجید نے دوسرے مقام پر یوں کرایا ہے "پھر ہم نے اپنی کتاب کا وارث اپنے بندوں میں ان کو بنایا جن کو چن لیا ہے۔" [1]

آیت مرج البحرین

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ۝ لا بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ۝
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ ط يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ۝ ط [2]

ترجمہ: اس نے دو دریا بہائے جو باہم مل جاتے ہیں ــــ اور ان دونوں دریاؤں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں۔ [3]

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیت مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

؎ بحرین میں زہرا و علی اور وہ گہر ہیں [4]

؎ دو نور کے دریا کو جو ہم نے کیا یکجا [5]

یہ آیت مبارکہ علی و زہرا اور حسن و حسین کی شان میں نازل ہوئی۔ "ابن عباس اور انس بن مالک سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ نے فرمایا کہ دونوں

---

[1] قرآن : سورۂ فاطر۔ آیت ۳۲ ترجمہ فرمان علی ص۵۲۴

[2] قرآن : سورۂ رحمان۔ آیت ۲۲ - ۱۹

[3] قرآن : ترجمہ فرمان علی۔ ص۶۳۶

[4] مراثی انیس : جلد ۲ نولکشور ص۸

[5] مراثی انیس : جلد اول۔ نولکشور ص۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دریا علی و فاطمہ ہیں اور موتی و مونگے حسن و حسین ہیں۔" لے

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں لفظ 'بحرین' کی وضاحت میں (پہلے مصرعہ میں شخصیتوں کا سہارا لیا ہے اور دوسرے مصرعہ میں نور کا سہارا لیا ہے اور اگر دونوں مصرعوں کے ان پہلوؤں کو یکجا کر لیا جائے تو یہ بات روشن ہو جاتی ہے کہ انیس "نور" اور "شخصیت" کو ایک حقیقت کی دو تعبیریں سمجھتے ہیں۔ اور حقیقت بھی یہی ہے کہ دو دریا پانی کے دریا نہیں ہو سکتے بلکہ یہ فقط استعارے کے طور پر استعمال کیا گیا ہے جو دراصل معرفت کے بحر کے بہاؤ کا مفہوم اور ہدایت کی تشنگی کو دور کرنے کے معنی پر مشتمل ہے جس کی پیاس کا علاج دریا ہے اور ذہن و فکر کی پیاس کا علاج معرفت ہے جو دراصل بصیرت کا نور ہے جو حقائق کو روشن کر دیتا ہے۔ علی اور فاطمہ زہرا پیکر بشری میں کمال معرفت کی رعایت سے دو نور تھے جو سیل دریا کی طرح شعور اور فکر کو سیراب کرنے کے لئے چشمۂ عرفان الٰہی سے جاری کئے گئے تھے۔ اور انھیں دونوں کا ازدواج حقیقتاً نور کے دو دریاؤں کا یکجا ہو جانا تھا جس کے نتیجہ میں جو عرفانی تموج یا جو نغمۂ موج پیدا ہوتا ہے وہ بھی نور ہی کی ایک شکل ہوتا ہے اور جسے انیس نے دریا کی رعایت سے لفظ گہر سے تعبیر کیا ہے چونکہ 'گہر' دریا کی زینت ہوتا ہے اور دریا کا قیمتی ماحصل ہوتا ہے لہٰذا علیؑ و زہراؑ کے انوار سے حسنؑ و حسینؑ کا ظہور پذیر ہونا دریائے نور کی زینت کا سبب ہوا جیسا کہ تاریخ نے ثابت کر دیا کہ دین کی بقا کے ساتھ ساتھ قیام دین کی زینت انھیں شہزادوں سے ہوئی جنھیں عرف عام میں حسنین کہا جاتا ہے۔ مصرعوں کی فضا میں انیس کے یہاں بھی وہی پاکیزگی اور حلاوت ہے جو

لے تفسیر درمنثور: جلد ۶ مطبوعہ مصر بحوالہ تفسیر القرآن۔ سید ظفر حسن جلد ۵ صـ ۱۸۲

سورۂ رحمٰن کی آیت مرج البحرین کی فضا میں پائی جاتی ہے۔

آیت ایثار و خیر

لَن تَنَالُوا الْبِرَّ حَتَّىٰ تُنفِقُوا مِمَّا تُحِبُّونَ ۚ لے

ترجمہ: بیشک تم اپنی پسندیدہ چیزوں میں کچھ راہ خدا میں خرچ نہ کروگے نیکی کے درجہ پر فائز نہیں ہو سکتے۔ ٢ے

وَيُؤْثِرُونَ عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۚ ٣ے

ترجمہ: ایمانداروں میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو اپنے اوپر تنگی ہی کیوں نہ ہو لیکن دوسروں کو اپنے نفس پر ترجیح دیتے ہیں۔ ۴ے

میر انیس نے متذکرہ بالا آیات کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

ے وعدہ فقط اک سر کا تھا درگاہِ خدا میں
حضرت نے بہتّر دیئے سر راہِ خدا میں ۵ے

ے جتنا پانی ہے وہ پیاسوں کو پلا دو بھائی
کرم ساقیٔ کوثر تو دکھا دو بھائی ۶ے

لے قرآن: سورہ آل عمران۔ آیت ۹۲

٢ے قرآن: ترجمہ فرمان علی۔ صـ ۷۳

٣ے قرآن: سورہ حشر۔ آیت ۹

۴ے قرآن: ترجمہ فرمان علی صـ ۶۵۴

۵ے مراثی انیس۔ جلد ۴۔ نولکشور صـ ۲۴۹

۶ے " " ۔ جلد اول۔ " صـ ۹۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں قرآن کے معیار ایثار کو پرکھتے ہوئے حسینؑ کے حوصلۂ ایثار کو اس انداز سے پیش کیا ہے جو واقعتاً اس ایثار کی ترجمانی کرسکے قرآن کا معیار ایثار یہ ہے کہ بندہ اپنی محبوب شے میں سے راہ خدا میں سے کتنا لٹا سکتا ہے۔ جب محبوب شے ایک طرف ہو اور نفس دوسری طرف تو درمیان سے محبوب شے میں سے مطالبہ کا سوال دراصل شے سے متعلق نہیں ہوتا بلکہ نفس کے اس رشتہ سے ہوتا ہے جس نے اس شئے کو محبوب بنایا ہو۔ اگر رشتہ شئے زیادہ مضبوط ہو تو شے کی بہ نسبت جتنا زیادہ محبوب ہوگا اتنا ہی ایثار ممکن ہوگا۔ رشتہ محبت اپنے نفس سے شروع ہو کر اپنی اولاد اعزا، احباب، اپنے گھر اپنے راحت اور آرام تک پھیل جاتا ہے۔ لیکن اگر مطالبۂ ایثار کرنے والا رشتہ کے اس پورے پھیلاؤ کے مقابلہ میں کہیں زیادہ محبوب ہو تو رشتوں کی پوری کائنات قربان کر دینے کے بعد بھی یہ احساس باقی رہتا ہے کہ جیسا محبوب تھا ویسا ایثار نہ ہوسکا۔ حسینؑ کی مجبوری یہ ہے کہ سر فقط بہتّر ہیں اور حوصلہ لامحدود ہے۔ بہتّر سر محبوب چیزوں کی حد ہے لیکن حسینؑ کے ایثار کی حد نہیں ہے۔ پانی محدود ہے اور جو کچھ ہے وہ سب پلا دینے کا حکم ہے۔ اگر حسینؑ کچھ بچا لینے کا حکم دیدیتے تو ایثار کی حد معین ہو جاتی لیکن پانی کی مقدار معلوم ہے لیکن ایثار کی مقدار حسینؑ کا دل جانتا ہے یا علیم پروردگار۔ یہی وہ کمال ایثار ہے جسے قرآن نے "دوسروں کو اپنے نفس پر ترجیح دینے" سے متعارف کرایا ہے لیکن کتنی ترجیح دیتے ہیں۔ اس پر قرآن خاموش ہے اس لیے کہ کچھ بندے علیم پروردگار میں ایسے بھی ہیں کہ جن کے ترجیح دینے کے جذبہ کی حد یا اللہ کو معلوم ہے یا ان بندوں کے دلوں کو۔

آیت ایفائے عہد

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ[1]

ترجمہ: صاحبان ایمان میں وہ لوگ مرد ہیں جو اللہ سے کئے ہوئے وعدہ کو وفا کرتے ہیں۔[2]

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

جانبازیٔ و تسلیم و رضا ختم تھی ان پر
آقا پہ تصدق تھے وفا ختم تھی ان پر[3]

یہ آیت حضرت علی ابن ابی طالب کی شان میں نازل ہوئی اس لئے کہ وہ مرد میدان بھی ہیں اور کل ایمان بھی اور یہ دونوں سند آپ کو زبان رسالت سے ملی ہے۔[4]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں جوہر تسلیم اور خاصۂ وفا کی مثال میں اصحاب کے لئے "ختم تھی ان پر" کا حاشیہ نظم کر کے یہ احساس ظاہر کیا ہے کہ سپردگی وفا اور فداکاری کا جو بڑے سے بڑا امکانی تصور ذہن پیدا کر سکتا ہے وہ تصور اگر کسی زمان و مکان میں حقیقت بن سکا تو وہ واقعہ کربلا میں اصحاب حسینؑ کی

---

1 قرآن: سورۂ الاحزاب - آیت ۲۳
2 قرآن: ترجمہ فرمان علی - ص۵۰۳
3 مراثی انیس: جلد اول - نولکشور ص۴۰۱
4 خصال صدوق: تفسیر مجمع البیان - بحوالہ حاشیہ قرآن ترجمہ فرمان علی ص۵۰۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

شکل میں۔ اس لیئے آیئن وفا اور ایفائے عہد یہی ہے کہ خدا کی راہ میں بندہ نہ اپنی جان کو نہ اپنے مال کو نہ اپنے وطن کو نہ اپنی اولاد کو نہ اپنے اعزّا کو نہ اپنی بقا و آسائش کو کسی کو بھی آڑے نہیں آنے دیتا۔ حدیہ ہے کہ اپنے احساس تکلیف کو بھی حائل نہیں ہونے دیتا بلکہ سب کچھ لٹا کر بھی ایفائے عہد میں اپنی کوتاہی کا شکوہ کرتا ہے جیسے جو کچھ لٹایا وہ سب مل کر بھی بہت کم ہے اور جس کے لیے لٹایا وہ بلندیوں میں بہت زیادہ ہے۔ لہٰذا یہ فقط شاعری نہیں بلکہ واقعہ نے حقیقت کو تصور سے آگے بڑھا دیا۔ لہٰذا تصور کا ختم ہوجانا اور حقیقت کا باقی رہ جانا ہی وہ خاص بات ہے جو اصحاب حسین کے الفائے عہد میں پائی جاتی ہے اور اسی کو نظم کرتے ہوئے انیسؔ نے برمحل کہا ہے کہ اقدار شرافت ایسے باوفا ساتھیوں پر ختم ہوگئی تھی۔ ؎

جانبازی و تسلیم و رضا ختم تھی ان پر
آقا پہ تصدق تھے وفا ختم تھی ان پر

مزید یہ کہ انیسؔ نے مصرعوں میں اس خاص ترتیب کو بھی ملحوظ رکھا ہے جس ترتیب سے انسان کا جوہر ایمان انسانی قدروں کو پیدا کرتا ہے۔ منزل ایمان تک آجانے کے بعد جو قدر سب سے پہلے پیدا ہوتی ہے وہ جانبازی ہے۔ اسی جانبازی سے تسلیم کا مرحلہ سر ہوتا ہے اور اسی مرحلے کے طے ہوجانے کے بعد رضائے پروردگار حاصل ہوتی ہے اور انھیں تینوں قدروں کی اساس پر وفا کی تعمیر ہوتی ہے۔ انھیں نکات کو مدنظر رکھتے ہوئے میرانیس نے ترتیب اقدار کو نظم کیا ہے۔ "جانبازی"، "تسلیم" اور "رضا" کے بعد وفا کا لفظ رکھ کر اپنی قرآن فہمی کا احساس پیدا کر دیا ہے۔

آیت فدیہ

وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ [1]

ترجمہ: ہم نے (اسماعیلؑ) کا فدیہ ایک ذبح عظیم کو قرار دیا [2]

میرانیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

؎ وارثِ خلیل کا وہ شہِ مشرقین ہے
ذبح عظیم اشارہ قتل حسین ہے [3]

اس آیت کی شان نزول یوں بیان کی گئی ہے کہ جب حکم خدا کی تعمیل کے لئے جناب ابراہیمؑ نے اپنے فرزند جناب اسماعیلؑ کو مقام منیٰ میں لٹا کے اپنی آنکھوں پر پٹی باندھ کر اسماعیلؑ کے گلے پر چھری پھیری اور بعد میں پٹی ہٹا کر دیکھا تو بجائے اسماعیلؑ کے ایک دنبہ ذبح ہوگیا تھا۔ تو جناب ابراہیمؑ نے بارگاہ خدا میں عرض کیا کہ پروردگار کیا تیری بارگاہ میں یہ قربانی قبول نہیں ہوئی تو آواز آئی کہ اے ابراہیمؑ تم نے اپنا خواب سچ کر دکھایا اور ہم نے اس قربانی کو ذبح عظیم سے بدل دیا۔ اگر ذبح عظیم سے مراد عیدالضحیٰ کی قربانی مراد لے لی جائے تو جناب اسمٰعیل کے ذبح ہونے میں جو راز مضمر تھا وہ اس قربانی سے کیونکر پورا ہو سکتا ہے۔ فدیہ اسمٰعیل کوئی ذبح عظیم ہی ہوگا۔ ذبیحہ نہیں

---

[1] قرآن: سورۂ والصّٰفّٰت آیت ۱۰۷
[2] قرآن: ترجمہ فرمان علی ص۵۳۹
[3] مراثی انیس: جلد ۴ نولکشور ص۱۹۱
[4] حاشیہ قرآن۔ مولانا فرمان علی ص۵۳۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوسکتا تاکہ ذبح عظیم سے وہ عظیم مقصد حاصل ہو جائے جس کے لئے اسمٰعیلؑ کو بچایا گیا۔ اس لئے کہ مشیت کہیں انبیاء کو بچا کے اور کہیں قربان کر کے اپنا دین بچاتی ہے جس کا آغاز قربانی اسمٰعیلؑ ہے اور انجام قربانی حسینؑ ہے۔ بقول اقبال

عزیب و سادہ و رنگیں ہے داستان حرم
نہایت اس کی حسینؑ ابتداء ہے اسمٰعیلؑ [1]

ان دونوں واقعات کی بقا کی ذمہ داری پروردگار عالم نے اپنے اوپر لی۔ اسی لئے اسمٰعیلؑ کے واقعہ کی یادگار ۱۰ ذی الحجہ ہے اور حسینؑ کے واقعہ کی یادگار ۱۰ محرم۔ وہاں ایک قربانی کی یاد ایک دن۔ یہاں بہتر قربانی کی یاد بہتر دن ہے۔ چوں کہ ان قربانیوں کا محافظ پروردگار ہے اس لئے انھیں کوئی طاقت مٹا نہیں سکتی۔ قیامت تک ان یادگاروں کا سلسلہ باقی رہے گا [2]

انیس نے مذکورہ بالا مصرعوں میں خلیل کے خواب سے لے کر حسینؑ کی قربانی کے الٰہی منصوبہ کے تسلسل کے پس منظر میں یہ احساس پیدا کروایا ہے کہ خلیل و حسین کے درمیان زمانی فاصلہ تو ہے لیکن ان کے مقاصد میں وہی تسلسل ہے جو ابتداء اور انتہا کے درمیان اصولاً ہونا چاہیئے۔ خواب میں اولاد کی قربانی پہ آمادگی کا امتحان جب باپ کی چھری کو بیٹے کے گلے تک لے آیا تو ایک حصہ پیمانۂ کامیابی کا پورا ہو گیا۔ لیکن ہاتھ کی جنبش، دل کا اضطراب اور جذبات کے زیر و بم نے ابراہیم کے صبر کو دوسرے پیمانۂ صبر کی طرف متوجہ کر دیا کہ جہاں جنبش کے بجائے ثبات، دل کے اضطراب کے بجائے سکون اور جذبات کے زیر و بم کے

---

[1] علامہ اقبال۔ بال جبریل۔ ص ۹۳
[2] تفسیر القرآن جلد چہارم۔ سید ظفر حسن ص ۳۱۶

بجائے حوصلۂ شہادت پیدا ہو جانے کا علم پروردگار میں اس پیمانۂ صبر پہ حسینؑ کی ذات تھی لہٰذا دین ابراہیم میں 'ذبح عظیم' کا عنوان چھیڑ کر خدا نے اپنے معیار قربانی پر ابراہیمؑ کو منتظر بنا دیا اور اس طرح حسینؑ خلیل اللہ کے حوصلۂ قربانی کے وارث قرار پائے اور وہی خواب خلیل تھا۔ جو قربانی حسینؑ کی حقیقت سے شرمندۂ تعبیر ہو گیا۔ اسی لئے قربانی ابراہیم فقط ایک مقدمہ تھی۔ جس کی تکمیل کتاب کا نام 'قربانی حسینؑ' ہوا۔ یہی وجہ ہے کہ قربانی ابراہیم فقط یادگار رہی اور قربانی حسینؑ سے دین کو فروغ ملا اور بقا حاصل ہوئی۔

آیت شفاعت

لَا يَمْلِكُونَ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا [1]

ترجمہ: اس دن یہ لوگ شفاعت پر بھی قادر نہ ہوں گے مگر جس شخص نے شفاعت کا اقرار خدا سے لے لیا ہو [2]

میر انیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

جب تک شہ مظلوم مرا نام نہ ہوگا
امت کی شفاعت کا سرانجام نہ ہوگا [3]

اس آیت میں پروردگار نے روزِ حساب کی سختی میں احساس خطا اور اسکی

---

[1] قرآن: سورۂ مریم۔ آیت ۸۷
[2] قرآن: ترجمہ فرمان علی ص ۲۴۰
[3] مراثی انیس: جلد اول۔ نولکشور ص ۴۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بخشش کے ذرائع کی طرف ذہنوں کو موڑ دیا ہے جیسا کہ روایت میں ہے "قیامت میں کسی گنہگار کو اجازت نہ ہوگی شفاعت کرنے کی سوائے ان لوگوں کے جنہوں نے حق شفاعت لے لیا ہو اور وہ آلِ محمد ہیں۔" [1]

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں 'امت کی شفاعت' کے موضوع کو کچھ معصوم بندوں کی سفارش سے جوڑتے ہوئے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ اگر ان کی سفارش نہ حاصل ہوئی تو شفاعت حاصل نہیں ہو سکتی۔

شفاعت کا تصور آسمانی مذاہب میں مشترک طور پر پایا جاتا ہے۔ چنانچہ یہودی ہر فساد اور ہر شر کے بعد اپنے کو قابل بخشش اس لیے جانتے ہیں کہ وہ بہ گمان خود اللہ کے چہیتے اور اس کے نوازے ہوئے ہیں۔ وہ ان کی ناز برداری کرتا رہا ہے۔ عیسائی اپنی شفاعت میں اس لیے مطمئن ہیں کہ خدا کے بیٹے نے ان کے گناہوں کا کفارہ اپنے خون کو صلیب پر چڑھا کر مہیا کر دیا۔ لیکن اسلام میں شفاعت کا ایسا کوئی لچر تصور نہیں ہے بلکہ ایک آسمانی قانون حیات ہے اور ایک آسمانی عدالت ہے اور درمیان میں امت اور ہادی ہیں۔ امت کا کام ہادی کے بتائے ہوئے راستہ پر چل کر الٰہی قانون کی پابندی کرنا ہے۔ ہادی کا کام خدا کے نظام ہدایت پر بندوں کی رہنمائی کرنا ہے۔ آسمانی عدالت کا کام بندوں کے یہاں قانون کی پابندی یا بغاوت پر فیصلہ کرنا اور جزا و سزا کا اعلان سنانا ہے۔ قانون کی پابندی ایک امتحان اور ناگوار امر ہے۔ کیونکہ پابندی خواہشات کو ضبط کیے بغیر ممکن نہیں لہٰذا امت میں یوں تو سبھی مسلمان ہوتے ہیں لیکن خواہشات پر ضبط سب کے لیے ایک جیسی بات نہیں۔ کچھ بالکل ضبط نہیں کر پاتے اور

---

[1] تفسیر القرآن : جلد ۳ ص ۲۴ ۔ سید ظفر حسن

گناہوں کی کثرت میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور کچھ ضبط تو کرتے ہیں لیکن کبھی کبھی خواہشات کے غلبہ میں گناہ کر بیٹھتے ہیں۔ کچھ نہایت متقی بندے اکثر نیکیوں سے ہمکنار ہوتے ہیں۔ اور ان سے گناہ بہت کم ہوتے ہیں۔ لہٰذا گناہوں کی وجہ سے امت مختلف درجوں میں تقسیم ہو جاتی ہے اور چونکہ جنت گناہوں کو گوارا نہیں کرتی لہٰذا جنت میں داخل ہونے سے پہلے قرآن نے مذکورہ بالا آیت میں یہ احساس پیدا کیا ہے۔ کہ گنہگار کو جنت میں جانے کی قدرت نہیں۔ اگرچہ ایک ہی گناہ کیوں نہ ہوا ہو۔ اور وہ گناہ کتنا ہی چھوٹا کیوں نہ ہو۔ بلکہ گناہ کو چھوٹا سمجھنا ہی سب سے بڑا گناہ ہے۔ تو جب معمولی سے معمولی گناہ بھی داخلۂ جنت سے روک دیتا ہے تو بھلا اسے شفاعت یا سفارش کا حق کیوں کر ہو جائے گا جو اپنے دامن میں ہلکا سا گناہ کا شائبہ بھی لیے ہو۔ یہیں سے قرآن نے ان بندوں کو پہچنوایا ہے جن سے شفاعت کا عہد و پیمان ہوا۔ جس کا کھلا ہوا مطلب یہ ہے کہ وہ بندے ایسے ہیں کہ ان کا دامن اتنا پاک ہے جہاں جہالت کی پرچھائیں اور گناہ کا شائبہ بھی نہیں پایا جاتا۔ یعنی وہ نہ صرف یہ کہ معصوم ہیں بلکہ عصمت کے ایسے درجہ پر فائز ہیں کہ ان کا ایک رُخ اللہ کی پاکیزگی سے ملا ہے تو دوسرا رُخ بشریت سے ملا ہے۔ اگر یہ اپنی عصمت یا طہارت سے گنہگار کی خطاؤں کو دھو کر اسے داخلۂ جنت کا اہل بنا دیں تو کچھ بعید نہیں۔ یہ قدرت یا ملکہ اکسیر، اللہ نے عطا کیا ہے انیس نے مصرعہ میں یہی کہا ہے کہ اگر خدا اور بندے کے درمیان یہ نہ ہوئے تو شفاعت انجام نہیں پا سکتی۔ شفاعت میں عصمت کے وسیلے سے منطقی استدلال کے بعد ایک دوسری شق مظلومیت کی پیدا ہوتی ہے۔ معصوم تو متعدد بندے ہیں لیکن ان سب میں وہی معصوم سب سے زیادہ ذی اثر ہوتا ہے جو راہِ خدا میں سب سے زیادہ مظلوم ہو۔ زخموں سے چور اعزاء و اقرباء

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اولاد اور اہل حرم ہر ایک کا داغ اٹھائے ہوئے عدالت الٰہیہ میں بندوں کی شفاعت کا فریضہ انجام دے رہا ہو۔ انیسؔ نے حسینؑ کی زبان سے اسی تمنا کا اظہار کرتے ہوئے کہلوایا ہے ؎

جب تک شہِ مظلوم مرا نام نہ ہوگا
امت کی شفاعت کا سرانجام نہ ہوگا

(ب) قرآن کے موضوعات کلام انیسؔ میں

حکومت الٰہیہ

تَبٰرَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ [1]

ترجمہ: وہ خدا بڑا عالی شان ہے جس کے قبضہ میں تمام سلطنت ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ [2]

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے ؎

کچھ حاکم فاسق کی حقیقت نہیں او اشوم
حاکم تو ہے اللہ کہ سب جس کے ہیں محکوم [3]

چونکہ اسلام کی روح وقتی اور عارضی حاکموں سے قطع نظر کر کے خدا کی دائمی اور لازوال حکومت کے تئیں اپنے کو سپرد کر دینا ہے اور اسی حکومت کے قانون کو حقیقی ضابطۂ حیات بناتا ہے اس لئے انیسؔ نے ساری انسانیت کو محکوم اور خدا کو حاکم ماننے کا قرآنی تصور نظم کر کے یہ ضمنی اشارہ کرنا چاہا

---

[1] قرآن : سورۂ ملک آیت ۱
[2] قرآن : ترجمہ اشرف علی تھانوی ص ۵۶۵
[3] مراثی انیس : جلد ۳ نولکشور ص ۲۴

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے کہ اسلام میں کسی بندے کا دوسرے بندوں پر حکومت کرنے کا کوئی اصولی حق نہیں ہے اس لئے قرآن نے واضح نص سامنے رکھ دیا ہے کہ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ [1] (حکومت تو قطعی طور پر بس اللہ ہی کی ہے) انسان خدا کا نائب بن کر نظام عدل الٰہی کا نفاذ یا قیام تو کر سکتا ہے لیکن اپنی ملوکیت کی بنیاد نہیں رکھ سکتا۔ خلافت الٰہی کا شخصی ملوکیت میں تبدیل ہونا اسلام کا ایک سنگین المیہ ہے جیسا کہ علامہ مودودی نے حکومت الٰہیہ کی نیابت یعنی خلافت اسلامی کا جائزہ لیتے ہوئے تحریر کیا ہے۔

"یہ خلافت آخر کار ملوکیت میں تبدیل ہوئی اور ہم یہ بتائیں گے کہ اس تغیر نے مسلمانوں کی ریاست کو اسلام کے اصول حکمرانی سے کس قدر ہٹا دیا اور اس کے کیا اثرات مسلمانوں کی اجتماعی زندگی پر مرتب ہوئے" [2]

جبر و اختیار

إِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيلَ إِمَّا شَاكِرًا وَإِمَّا كَفُورًا [3]

ترجمہ: ہم نے اس کو (انسان کو) ہدایت تبلا دیا تو وہ شکر گزار ہو گیا یا ناشکرا۔ [4]

---

[1] قرآن: سورۂ فاطر آیت ۱۳

[2] ابوالاعلیٰ مودودی۔ خلافت و ملوکیت ص۹۶

[3] قرآن: سورۂ الدہر آیت ۳

[4] قرآن: سورۂ برأت آیت ۳ ترجمہ اشرف علی تھانوی ص۵۸۳

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

انساں کو اختیار ہے خود اپنے کام میں
مجھ کو شریک کرتا ہے قتل امام میں [1]

اسی آیت قرآنی میں پروردگار نے یہ واضح کر دیا ہے کہ ہدایت کا راستہ دکھا دینا ہمارا فریضہ ہے۔ عمل کرنا نہ کرنا یہ بندے کے اختیار کی بات ہے یہیں سے جبر و اختیار کے اس موضوع کی بحث شروع ہو جاتی ہے جہاں اسلام کے ایک فرقہ کا عقیدہ یہ ہے کہ جو کچھ بندہ کرتا ہے وہ از خود نہیں کرتا بلکہ خدا کراتا ہے اور فقہ جعفری میں یہ تصور بالکل اس کے برعکس ہے کہ بندہ اپنے افعال میں مختار ہے، مجبور نہیں۔ اگر بندہ ہر قدم پر مجبور رہتا تو پروردگار اسے صاحب عقل و ہوش بنا کے با اختیار نہ بناتا۔ وہ اپنی خلقت اپنے قد و قامت اپنے ملک و خاندان اور زبان و قوم میں تو بے اختیار ضرور ہے لیکن جبر کے اس دائرہ میں رہ کر بھی اچھے برے مفید و مضر کا شعور رکھنے کی وجہ سے اپنے اقدام و اعمال میں یقیناً مختار ہے۔

انیسؔ نے مذکورہ مصرعہ میں نہ اختیار کو مطلق بنایا اور نہ جبر کو بلکہ "مابین جبر و اختیار" کے عقیدہ کو نظم کرتے ہوئے 'کام' یعنی افعال و اعمال میں مختار قرار دیا ہے۔ یہی 'کام' یا 'افعال' وہ اختیاری کردار ہوتا ہے جس پر انسان کی بازپرس ہونا ہے۔ اگر افعال میں مجبور ہوتا تو بازپرس کا جواز نہ تھا۔

⁂⁂⁂⁂⁂⁂

---

[1] مراثی انیس: جلد ۲۔ نولکشور ص۱۷۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بقا و فنا

کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ وَّیَبْقٰی وَجْہُ رَبِّکَ ذُوالْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ ۔[1]

ترجمہ: جتنے روئے زمین پر موجود ہیں سب فنا ہو جائیں گے اور آپ کے پروردگار کی ذات جو کہ عظمت اور احسان والی ہے باقی رہ جائے گی۔[2]

میر انیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا۔

وہ حمد کے لائق ہے سزاوارِ ثنا ہے
ہے اس کو بقا اور ہر اک شے کو فنا ہے[3]

فنا اور بے ثباتی پر قرآن کے ساتھ مشاہدہ بھی ساتھ ہے اور یہ عمومی بے ثباتی کسی 'ذات باقی' کے قہری تسلط کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ جس کو فنا نہیں ہے۔ لہٰذا کائنات کی ہر شے اگر اپنے اندر مخصوص محاسن کی وجہ سے قابل تعریف ہے تو فنا ہو جانے کی وجہ سے دائمی تعریف کی مستحق نہیں ہو سکتی۔ دائمی تعریف کا استحقاق فقط اسے ہے جو حسن بھی رکھتا ہو کمال بھی اور فنا سے بھی الگ اور پاک ہو۔ اسی دائمی تعریف کو انیس نے "سزاوار ثنا" "حمد کے لائق" کے الفاظ میں نظم کیا ہے۔

[1] قرآن: سورہ رحمان آیت ۲۷ - ۲۶
[2] قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی ص ۱۲۲
[3] مراثی انیس: جلد ۴ نولکشور ص ۱۷۹

عفو

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ اِنَّہٗ کَانَ غَفَّارًا[1]

ترجمہ: تم اپنے پروردگار سے گناہ بخشواؤ۔ بیشک وہ بڑا بخشنے والا ہے۔[2]

میر انیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعہ میں نظم کیا ہے۔

عفو کر عفو کر اے چشمۂ فیض غفار[3]

انیس نے اس مصرعہ میں قرآن کی اس آیت کی طرف اشارہ کیا ہے جس میں پروردگار ارشاد فرماتا ہے کہ "تم اپنے پروردگار سے گناہ بخشواؤ بیشک وہ بڑا بخشنے والا ہے"۔ انسان کا کمال اللہ کے کمالات پر اپنے کو ڈھالنے میں منحصر ہے۔ جس طرح اللہ عالم، حکیم، صابر اور حلیم وغیرہ ہے اسی طرح بقدر امکان انسان کو بھی انھیں کمالات کی طرف پیش رفت کرنا اسکی بلندی اور سعادت ہے۔ اللہ کی ایک نمایاں صفت اس کا غفار ہونا ہے لہٰذا عفو اور بخشش کا مظاہرہ انسان کو عظمت کردار عطا کرتا ہے۔

رزق

وَمَا مِنْ دَآبَّۃٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزْقُھَا[4]

ترجمہ: کوئی جاندار روئے زمین پر ایسا نہیں کہ اس کی روزی اللہ کے ذمہ نہ ہو۔[5]

[1] قرآن: سورۂ نوح آیت ۱۰ — [2] قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی ص ۵۴۲
[3] مراثی انیس: جلد اول۔ نولکشور ص ۱۱ — [4] قرآن: سورۂ ہود آیت ۶
[5] قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی ص ۲۲۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میر انیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعہ میں نظم کیا ہے۔

ع ہر طرح خدا بندے کو پہونچاتا ہے کھانا [1]

انیس نے مذکورہ مصرعہ میں لفظ 'بندہ'، استعمال کرکے 'رزق الٰہی' یا "کھانا کھلانے سے اسے جوڑ کر یہ احساس پیدا کرایا ہے کہ جس نے اپنے بندوں کو پیدا کیا ہے۔ وہ 'ہر طرح' سے کھانا کھلانا یا رزق دینا اپنا فرض سمجھتا ہے 'ہر طرح'، میں جو تعمیمی مفہوم ہے۔ وہ یہ ہے کہ بندہ کے سرکش یا اطاعت گزار ہونے سے اس کے رزق پر کوئی روک خدا کی طرف سے نہیں ہوتی۔ بندہ چاہے سرکشی میں فرعون ہو یا اطاعت میں موسیٰ وہ رزق ہر ایک کو دیتا ہے۔ لیکن دنیا میں سرکش بندوں کے رزق پا جانے کے یہ مفہوم نہیں ہیں کہ وہ آخرت میں رزق کا حساب دینے سے محفوظ رہے گا۔

یادِ الٰہی

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا [2]

ترجمہ: اے ایمان لانے والو تم اللہ کو خوب کثرت سے یاد کیا کرو اور صبح و شام اسی کی تسبیح کرتے رہو۔ [3]

اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ۝ [4]

[1] مراثی انیس جلد اوّل۔ نولکشور ص ۴۰۹

[2] قرآن: سورۂ احزاب۔ آیت ۴۱

[3] قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی ص ۴۲۴

[4] قرآن: سورۂ مریم آیت ۵۸

ترجمہ: جب ان کے سامنے رحمٰن کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو سجدہ کرتے اور روتے زمین پر گر جاتے ہیں۔ [1]

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیات کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

ع اے مومنو مصروف رہو یادِ خدا میں [2]

ع رونا بشر کو خوفِ الٰہی میں چاہیئے [3]

ع زمزمہ کرنے لگے یادِ الٰہی میں طیور [4]

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں 'مومنوں'، کے لفظ کو" یادِ خدا، سے جوڑ کر 'مصروف'، رہنے کی رعایت سے آیت کے پورے مفہوم کو سمیٹ لیا ہے۔ ایمان کا خاصہ ہر شے کے پس منظر میں خالق کائنات کے کمال کا ادراک کرتے رہنا ہے۔ مومن کا یہی عمل اسے ہر آن یادِ الٰہی میں مصروف رکھتا ہے اور وہ شعوری طور پر وجود الٰہی اور کمالات الٰہی سے نہ صرف یہ کہ غافل نہیں رہتا بلکہ اس کی یاد سے اپنا تزکیہ بھی کرتا رہتا ہے۔ اور بسا اوقات یادِ الٰہی کی کیفیت میں وہ شدت پیدا ہوتی ہے کہ خدا کے جلال سے مرعوب ہو کر اور اس کی عظمت کے تصور سے بے خود ہو کر بے ساختہ اس کی آنکھوں سے آنسو نکل آتے ہیں۔ اور اسی عالم میں سجدے میں گر پڑتا ہے۔

[1] قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی ص ۳۱۱

[2] مراثی انیس: جلد اول۔ نولکشور ص ۳۶۹

[3] " " : جلد ۳ " ص ۱۲۸

[4] " " نائب حسین۔ ۱ ص ۴۰۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دعا

وقال ربکم ادعونی استجبلکم [1]

ترجمہ: مجھے پکارو میں تمہاری درخواست قبول کروں گا۔[2]

میرانیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

ے وقت دعا ہے خالق اکبر سے کر دعا [3]

ے طلب قوت ثابت قدمی ہے مولا [4]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں اس آیت کی طرف اشارہ کیا ہے جس میں پروردگار نے ارشاد فرمایا ہے "مجھکو پکارو میں تمہاری درخواست قبول کروں گا۔[5] انیسؔ نے قرآن کے اس درس کو پیش نظر رکھا ہے کہ بندوں میں جہاں سے اسباب وعلل اور اختیار و امکان کا سلسلہ کمزور پڑنے لگے وہاں خدا سے نصرت طلب کرلی جائے۔ چونکہ وقت امتحان مومن کی زندگی کا ایسا ہی اہم اور نازک وقت ہوتا ہے لہٰذا اس وقت اللہ کی نصرت کا بہترین محل اور دعا کا اہم ترین موقع ہوتا ہے اور دعا بھی ثبات قدم کیلئے کی جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ مومن کی نگاہ میں اسلحوں کا اعتبار نہیں بلکہ نصرت خدا کا اعتبار ہوتا ہے۔ اسی لئے خاصانِ

---

[1] قرآن : سورہ مومن ۔ آیت ۶۰

[2] قرآن : ترجمہ اشرف علی تھانوی ص۴۷۴

[3] مراثی انیس : جلد۴ نولکشور ص۲۹۲

[4] " " : جلد۱ ۔ نائب حسین ص۱۱۴

[5] قرآن : سورہ مومن آیت ۶۰ ترجمہ اشرف علی تھانوی ص۴۷۴

خدا نے ایسے ہنگام میں خدا سے دعا کی ہے "پالنے والے ہمارے اوپر صبر انڈیل دے۔ ہمارے قدموں کو ثبات بخش دے اور کافروں پر ہمیں نصرت عطا کر"۔[1]

اعمال صالح

وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِى الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ۝ [2]

ترجمہ: اور تمہارے اموال و اولاد ایسی چیز نہیں جو درجہ میں تم کو ہمارا مقرب بنا دے۔ مگر ہاں جو ایمان لائے اور اچھے کام (عمل) کرے سو ایسے لوگوں کے لئے ان کے (نیک عمل) کا دونا صلہ ہے اور وہ بہشت کے بالاخانوں میں چین سے ہوں گے۔[3]

اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ج وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ۝ [4]

ترجمہ: مال اور اولاد حیات دنیا کی ایک رونق ہیں اور جو اعمال صالح باقی رہنے والے ہیں وہ آپ کے رب کے نزدیک ثواب کے اعتبار سے ہزار درجہ بہتر ہیں۔[5]

---

[1] قرآن: سورۂ بقرہ آیت ۲۸۵ [2] قرآن : سورہ سبا آیت ۳۷

[3] قرآن : ترجمہ اشرف علی تھانوی ص۴۳۳

[4] قرآن: سورہ الکہف آیت ۴۶

[5] قرآن : ترجمہ اشرف علی تھانوی ص۲۹۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیات کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

ع دولت گئی ساتھ نہ اطفال گئے
ہمراہ اگر گئے تو اعمال گئے [1]

ع جز نیک عمل جا نہیں سکتا کوئی ہمراہ [2]

ع کر لو عمل خیر یہی ناموری ہے [3]

ع عمل نیک ہر اک وقت میں کام آتا ہے [4]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں نیک اعمال یا نیکیوں کی افادیت اور بُرائیوں کی ضرر رسانی کو قرآن کے ارشادات کے پس منظر میں نظم کیا ہے بُرائیوں میں جو کشش یا فائدہ یا لذت ہے وہ سب وقتی اور عارضی ہے لیکن انسان کی دنیاوی، دینی اور آخرت کی زندگیوں میں جو کام اعمال صالحہ یا نیکیوں کا ہے وہ دائمی اور مستقل ہے۔ نیکیوں سے فکر میں لطافت، پاکیزگی اور کردار میں وزن پیدا ہوتا ہے۔ ضمیر میں قوت وہمت اور زبان میں حق گوئی کی جرائت اور کلام میں اثر پیدا ہوتا ہے۔ نیکیاں انسان کی فکر کو جاوداں بناتی ہیں اور تاریخ میں محفوظ کرتی ہیں۔ آخرت میں یہی نیکیاں یقین کا پیمانہ بنتی ہیں۔ غرضکہ انسان کی سعادت کا پورا دائرہ نیکیوں کی گرفت میں ہوتا ہے۔ اسی لئے انیسؔ نے نیک اعمال کو مال، اولاد سے زیادہ قیمتی اور 'جز نیک عمل'، 'عمل خیر'، 'یہی ناموری ہے'

---

[1] مراثی انیس : جلد ۴۔ نولکشور ص۲۱۸
[2] مراثی انیس : ″ اول۔ نولکشور ص۶۳
[3] ″ ″ : ″ اول۔ ″ ص۳۶۹
[4] ″ ″ : ″ اول۔ ″ ص۹۳

'عمل نیک ہر اک وقت میں کام آتا ہے' وغیرہ نیک عمل کی مرکزیت کو الفاظ کی نشست میں ملحوظ رکھا ہے۔

صبر

وَاصْبِرُوْا اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ [1]

ترجمہ: صبر و کرو۔ بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ [2]

وَبَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ الَّذِیْنَ..... ھُمُ الْمُھْتَدُوْنَ ۝ [3]

ترجمہ: صابرین کو بشارت سُنا دیجئے کہ جب ان پر کوئی مصیبت پڑتی ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ کی مِلک ہیں اور ہم اللہ ہی کے پاس واپس جانے والے ہیں۔ ان لوگوں پر خاص خاص رحمتیں بھی پروردگار کی طرف سے ہوں گی۔ [4]

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیات کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

ع اب صبر کر کہ صبر خدا کو پسند ہے [5]

ع صابر رہو کہ صبر خدا کو پسند ہے [6]

ع صابر جو ہیں ملتا ہے انھیں رتبۂ عالی [7]

---

[1] قرآن : سورہ انفال۔ آیت ۴۶
[2] قرآن : ترجمہ اشرف علی تھانوی ص۱۸۴
[3] قرآن : سورہ بقرہ آیت ۵۶-۱۵۵
[4] قرآن : ترجمہ اشرف علی تھانوی ص۲۵
[5] مراثی انیس : جلد ۲ ۔ نولکشور ص۱۶۷
[6] ″ ″ : ″ ″ ″ ص۲۵۲
[7] ″ ″ : جلد ۷ ″ ص۱۷۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں صبر کی مرکزی افادیت کو نظم کیا ہے۔

صبر حکم الٰہی پر عمل کرنے کے لئے اس قوت نفس کا نام ہے جو اطاعت کو کمزور کرنے والی ہر خواہش کو دبا دے۔ اسی قوت سے تقویٰ یا پاکیزگیٔ کردار کا خمیر پیدا ہوتا ہے۔ اور یہی وہ بشری جوہر ہے جو عظیم مقاصد تک رسائی کے لئے انسان کو ہر دشواری سے نبرد آزما بناتا ہے۔ صبر میں اختیار ایک اہم عنصر ہے۔ ورنہ مجبوری یا بے اختیاری میں ہو جانے والے عمل کو کبھی صبر کا درجہ حاصل ہو جاتا لیکن اختیار رکھ کے اور مشیئت الٰہی سے انحراف کا اختیار رکھنے کے باوجود جب ضبط نفس کی قوت کو مشیئت پروردگار کی اطاعت میں اس لئے لگا دے کہ "یہی خدا کو پسند ہے"۔ اور اس کی خوشنودی کا موجب ہے تو یہی اختیاری قوت صبر کہلاتی ہے انیسؔ نے صبر کے ان تمام پہلوؤں پر خدا کی خوشنودی کو مقدم کرتے ہوئے صبر کی دعوت کا یہی پہلو اجاگر کیا ہے کہ ؎ اب صبر کرکہ صبر خدا کو پسند ہے ــ اور چونکہ انسان کے مراتب کا انحصار اسی پر ہے کہ اس کا صبر کس درجہ کا ہے۔ اور کس منزل پر ہے۔ لہٰذا انیس نے تیسرے مصرعہ میں یہ کہہ کے کہ ؎ صابر جو ہیں ملتا ہے انھیں رتبۂ عالی ــ قاری کو صبر کے درجات سے پیدا ہونے والے فرق مراتب کا احساس دلایا ہے۔

جہاد

وَجَاهِدُوا فِي سَبِيلِهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ○ [1]

ترجمہ : اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا کرو۔ امید ہے کہ تم کامیاب ہو جاؤ۔ [2]

---

[1] قرآن : سورۂ المائدہ۔ آیت ۳۵ [2] قرآن : ترجمہ۔ اشرف علی تھانوی

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

؎ بولے یہ رنگ دیکھ کے شبیر خوش نہاد
ہاں اے مجاہدو رہ حق میں کرو جہاد [1]

میر انیسؔ نے اس مصرعہ میں 'جہاد' کو 'رہ حق' کے ساتھ جوڑ کر جہاد کو عام جنگ و قتال سے الگ تناظر میں پیش کیا ہے۔ "جہاد ظاہری" دراصل انسان کے اندر خیر و شر کی باہمی آویزش میں خیر کی حمایت میں شر کو مسلسل کچلتے رہنے کی نفسیاتی جدوجہد کا ایک ظاہری مظہر ہے۔ اسی لئے میدان جنگ کے جہاد کو 'جہاد اصغر' اور نفس کے جہاد کو 'جہاد اکبر' [2] سے تعبیر کیا گیا ہے۔ میدان میں وہی ٹھہرتا ہے یعنی قتال میں قتل کرنے اور قتل ہو جانے کی ہمت بھی وہیں پائی جاتی ہے جہاں نفس میں حق کے قیام اور باطل کی سرکوبی کا ارادہ غالب آگیا ہو۔

شہید

وَلَا تَقُولُوا لِمَن يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتٌ ط
بَلْ أَحْيَاءٌ وَلَٰكِن لَّا تَشْعُرُونَ ○ [3]

ترجمہ : جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کئے جاتے ہیں ان کو مردہ نہ کہو بلکہ وہ تو زندہ ہیں لیکن تم حواس سے (اس حیات کا) ادراک نہیں کر سکتے۔ [4]

---

[1] مراثی انیس۔ جلد اول۔ نولکشور ص ۸۵
[2] سید ذیشان حیدر جوادی۔ قمر بنی ہاشم ص ۱۷۸
[3] قرآن سورہ بقرہ آیت ۱۵۴
[4] قرآن : ترجمہ اشرف علی تھانوی ص ۲۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ط
بَلْ اَحْيَاۗءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ۝ لے

ترجمہ: جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کیے گئے ہیں ان کو مردہ مت خیال کرو بلکہ وہ لوگ زندہ ہیں اپنے پروردگار کے مقرب ہیں اور ان کو رزق بھی ملتا ہے۔ ۲ے

میر انیس نے متذکرہ بالا آیات کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے:

ے زندہ ہے وہ جو راہ الٰہی میں مرگیا ۳ے

ے سب کو یہی حسرت ہے لڑیں راہ خدا میں
گر مرگئے ہو جائیں گے داخل شہدا میں ۴ے

شہادت وہ عظیم شرف ہے جو راہ خدا میں معرفت خدا کے ساتھ سر کٹانے کے بعد ملتا ہے۔ چوں کہ مجاہد اپنا پورا وجود پروردگار کے حوالے کرکے مقصد دین کا تحفظ کرتا ہے اس لئے پروردگار عالم مرنے کے بعد بھی اس کے جسم، اس کے لہو، کو بھی عام افراد کے جسم اور خون سے کہیں زیادہ محترم قرار دیتا ہے۔ شہادت کے درجات ہوتے ہیں۔ "سب سے اونچا درجہ معصوم شہید کا۔ دوسرا درجہ میدان جنگ میں شہید ہونے والوں کا۔ تیسرا درجہ ان کا جو میدان جنگ میں زخمی ہو کر اپنے بستر پر دم توڑے۔ چوتھا درجہ ان کا

لے قرآن: سورہ آل عمران - آیت ۱۶۹
۲ے قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی صـ۴۳
۳ے مراثی انیس: جلد اول - نولکشور صـ۵۴
۴ے مراثی انیس: جلد ۴ - نولکشور صـ۱۵۱

جو تبلیغ اسلام کی وجہ سے قتل ہوئے۔ پانچواں درجہ ان کا جو حدود سلطنت اسلامیہ کی حفاظت میں مرے۔ اور چھٹا درجہ ان کا جن کو دشمنان اسلام نے مسلمان سمجھ کر قتل کر دیا ہے۔ میدان جنگ میں شہید ہونے والوں کا لباس ہی ان کا کفن ہوتا ہے اور خون ان کا آب غسل ہوتا ہے۔ ان کی مقدس لاشوں پر مخلوقات ارضی میں سے کسی کا تسلط نہیں ہوتا۔ وہ بدستور اپنے مرقد میں رہتے ہیں۔" لے

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں شہید کی عظمت کا راز بتاتے ہوئے زندگی کی حقیقی ابتدا کو شہادت سے جوڑ دیا ہے اور کہا ہے کہ ے زندہ ہے وہ جو راہ الٰہی میں مرگیا، جس میں انیس کا زور بیان "راہ الٰہی" پر ہے۔ چونکہ راہ الٰہی میں معرفت الٰہی کے ساتھ سر کٹانے کے بعد شہادت کا شرف ملتا ہے۔ یہی وہ شرط لازم ہے جس کو نظر انداز کر دینے کے بعد ہلاکت حاصل ہوتی ہے شہادت نہیں۔ شہید کے پیش نظر ایک عظیم مقصد ہوتا ہے جس کی بقا کے تحت اپنی جان قربان کر دیتا ہے۔ چوں کہ مقصد فانی نہیں ہے اور لافانی مقصد کے تحفظ میں بندے نے اپنی فانی زندگی قربان کر دی ہے لہٰذا خدا نے اسے لافانی زندگی عطا کر دی ہے۔ انیس نے اسی لیے کہا ہے کہ ے گر مرگئے ہو جائیں گے داخل شہدا میں، چونکہ مرجانے کے بعد جس کو لافانی حیات مل جائے تو اسی کو شہید کہتے ہیں۔

لے تفسیر القرآن - جلد اول - سید ظفر حسن صـ۲۶۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

دِیَتْ (خوں بہا)

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَأً .....
... وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ [1]

ترجمہ: جو شخص کسی مومن کو غلطی سے قتل کر دے تو اس پر ایک مسلمان غلام یا لونڈی کا آزاد کرنا (اور یہی اس کا) خوں بہا ہے جو اس کے خاندان والوں کے حوالے کر دی جائے ..... اور جو شخص کسی مسلمان کو قصداً قتل کر ڈالے اس کی سزا جہنم ہے اور اس کو ہمیشہ ہمیشہ اس میں رہنا ہے۔[2]

میر انیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

مقدور تجھے کیا ہے تو کیا دیوے گا ظالم
کس کس کا ابھی خون بہا دلوے گا ظالم [3]

انیسؔ نے اس مصرعہ میں قانون قصاص کے پیش نظر یہ فکر اٹھائی ہے کہ اگر قانون قصاص میں ایک فرد کی جان تلف ہو تو عدالت میں اس کا خوں بہا معین ہے اور اس معینہ خوں بہا کو جو ادا نہ کر سکے وہ ظالم ہے۔ لیکن وہ فرد جس کی جان تلف ہوئی ہو کوئی ایسی جامع ہستی ہو جس میں جناب آدمؑ سے جناب ختمی مرتبتؐ تک اور پنجتنؑ پاک کے چار افراد علی و فاطمہ، حسن و حسین، سب کی وارث ہو تو اس کا خوں بہا اور کیوں کر ادا ہو سکتا ہے اور جب

---

[1] قرآن: سورہ نساء۔ آیت ۹۳-۹۲
[2] قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی صـ۹۴
[3] مراثی انیس: جلد ۴۔ نولکشور۔ صـ۳۱۳

تک یہ ادا نہ ہو جائے، خون بہانے والا ظالم ہی رہے گا۔ انیسؔ نے "کس کس کا خوں بہا ابھی دلوائے گا ظالم" کہہ کر خنجر ظلم سے کٹ جانے والے ہزاروں معصوم گلے اور بہتر۷۲ بے گناہ افراد کا جلالت انگیز تصور ابھار دیا ہے اور ظلم کی سنگینی اور وسعت کے ساتھ حسینؑ کی مظلومیت کا وزن بھی محسوس کرایا ہے۔

یتیم

فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝ [1]
ترجمہ: یتیم پر سختی نہ کیجئے۔ [2]

وَاٰتُوا الْيَتٰمٰٓى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ
وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا ۝ [3]

ترجمہ: اور جن بچوں کا باپ مر جائے ان کا مال انھیں کو پہونچاتے رہو اور تم اچھی چیز کو بری چیز سے مت بدلو اور ان کے مال مت کھاؤ۔ اپنے مالوں (کے رہنے) تک ایسی کاروائی کرنا بڑا گناہ ہے [4]

میر انیس نے متذکرہ بالا آیات کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

---

[1] قرآن: سورہ ضحیٰ آیت۔ ۹
[2] قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی۔ صـ۶۰۱
[3] قرآن: سورہ نساء۔ آیت۔ ۲
[4] قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی صـ۷۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

؎ قرآں میں حق نے کی ہے سفارش یتیم کی [1]

؎ مرجائے جس کا باپ وہ بچہ یتیم ہے [2]

انیسؔ مذکورہ مصرعوں میں یتیم کی عام تعریف سے وابستہ اس تصور کو کہ اس کا باپ نہیں ہوتا اس اسلامی تصور کو جوڑ دیا ہے کہ جب باپ کی جگہ خالی ہوتی ہے تو وہ حق کی سفارش سے پوری ہوتی ہے۔ یعنی یتیم کا براہ راست تعلق ہر صاحب درد مومن سے ہو جاتا ہے جو حق کی سفارش کے وزن کو محسوس کرتا ہے۔ لہٰذا ایک باپ کی کمی کو ایک بڑے دائرۂ سرپرستی سے جوڑ کر یتیم کی عزت اور عظمت کو نمایاں کیا ہے۔ اور انیس نے یتیم کی عمر کے قانونی پہلو کو بھی نظر انداز نہیں کیا ہے اس لئے کہ یتیم سن و شعور کو پہونچنے کے بعد خود اپنا سرپرست ہو جاتا ہے۔ لہٰذا انیسؔ نے اس مصرعہ میں ؎ 'مرجائے جس کا باپ وہ بچہ یتیم ہے' بچہ کا لفظ استعمال کیا ہے ورنہ مصرعہ یوں بھی ہو سکتا تھا ؎ 'مرجائے جس کا باپ وہ بیٹا یتیم ہے'، چونکہ بیٹے میں بلوغ شامل ہونے کا امکان ہے بچہ میں نہیں۔

وصیّت

اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا جِ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ [3]

---

[1] مراثی انیس : جلد ۴ - نولکشور صہ ۲۸۴

[2] " " : جلد ۳ - " صہ ۱۲۲

[3] قرآن : سورہ بقرہ آیت ۱۸۰

ترجمہ : تم پر فرض کیا جاتا ہے کہ تم میں سے جب کسی کو موت نزدیک معلوم ہونے لگے بشرطیکہ کچھ مال بھی ترکہ میں چھوڑا ہو تو والدین اور اقارب کے لئے معقول طور پر کچھ کچھ بتلا جاوے اس کا نام وصیّت ہے۔ جن کو خدا کا خوف ہے ان کے ذمہ یہ ضروری ہے ۔ [1]

وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ط.... وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝ [2]

ترجمہ : ابراہیم نے نصیحت کی میرے بیٹو۔ اللہ نے اس دین کو تمہارے لئے منتخب فرما دیا ہے سو تم بجز اسلام کے کسی حالت پر جان مت دینا۔ [3]

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیات کو مندرجہ ذیل مصرعہ میں نظم کیا ہے۔

؎ دم رکا ہے تو اشارے سے وصیت کر لے [4]

انیس نے اس مصرعہ میں اسلامی اہمیت کو ایک ایسے موڑ پر پیش کیا ہے جس سے زیادہ قوی موڑ دوسرا نہیں ہو سکتا۔ مرنے والے کا دم رکا ہوا ہے اور وہ اپنے ہونٹ بھی نہیں ہلا سکتا۔ لیکن اتنی مجبور گھڑی میں وہ وصیت کی اہمیت سے غافل نہیں ہے۔ اور ہاتھوں کی جنبش سے بقدر اشارہ ہی سہی لیکن فریضۂ وصیت کو ادا کرنا چاہتا ہے لہٰذا انیس نے 'دم رکا ہے تو اشارے سے وصیت کر لے' میں لفظ وصیت پر زور دے کر اس کی شان اور اہمیت

---

[1] قرآن : ترجمہ اشرف علی تھانوی ص ۲۸

[2] قرآن : سورۂ بقرہ آیت ۱۳۲

[3] قرآن : ترجمہ اشرف علی تھانوی صہ ۲۹

[4] مراثی انیسؔ ۔ نولکشور جلد ۱ - ص ۱۰۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کا نہایت حسین اور عمیق اثر پیدا کرایا ہے۔

موت

وَمَا کَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰہِ کِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ط [1]

ترجمہ: اور کسی شخص کو موت آنا ممکن نہیں بدون حکم خدا کے اس طور سے کہ اس کی میعاد معین لکھی ہوئی رہتی ہے۔ [2]

میر انیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

؎ کچھ وقت معین نہیں انسان کو اجل کا
آج اٹھ گئے وہ کرتے تھے سامان جو کل کا [3]

انیس نے مذکورہ مصرعہ میں انسانی علم کے اعتبار سے یہ کہا ہے کہ موت کا کون سا وقت معین ہے یہ انسان کے علم میں معین نہیں۔ لہٰذا یہ فرض کر لینا ہوش مندی ہے کہ پتہ نہیں موت کل ہی آجائے تو کیوں نہ نیک اعمال جمع کرنے میں تیزی اور سبقت سے کام لیا جائے۔ موت کے وقت کو انسانی علم میں معین نہ کرنے سے خدا انسان کی عقل کو آزماتا ہے کہ یہ خطرہ سے پہلے خطرہ کے تدارک کا اہتمام کرتا ہے یا نہیں لیکن یہ اہتمام وہی کرے گا جسے موت کے بعد حیات آخرت پر یقین ہو اور حساب و کتاب اعمال خیر کی اہمیت کا خیال بھی ہو۔ موت کے تصور سے انسان کا غرور بھی ٹوٹ جاتا ہے اور انکساری بھی پیدا ہوتی ہے۔

---

[1] قرآن: سورۂ آل عمران۔ آیت ۱۴۵
[2] قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی صـ ۶۹
[3] مراثی انیس۔ جلد ۴ نول کشور صـ ۱۵۸

پانی

وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ کُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ ط [1]

ترجمہ: اور ہم نے پانی سے ہر جاندار چیز کو بنایا [2]

میر انیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعہ میں نظم کیا ہے۔

؎ زیست ہر شے کی ہے پانی سے شجر ہو کہ بشر [3]

انیس نے اس مصرعہ میں "ذاتی تجربہ، مشاہدے، سائنس اور قرآن سب کی متفقہ حقیقت یعنی مادّی زندگی کا پانی سے بنیادی تعلق ہے، کو نظم کر کے پیاسے کی جسمانی تکلیف کا احساس قاری میں پیدا کرایا ہے پانی نہ ہو تو زمین مردہ اشجار مضمحل، حیوان نڈھال اور انسان بدحواس ہو جاتا ہے۔ اگر تا دیر نمو پذیر اشیاء پانی سے محروم رہیں تو بالآخر وہ پژمردگی کی آخری حد یعنی ہلاکت تک پہنچ جاتی ہیں۔ انسان ساری زندہ مخلوقات میں سب سے زیادہ حساس ہے اس لئے پیاس کی اذیت کا جو اثر اس کے احساس پر مرتب ہوتا ہے وہ ناقابل بیان ہوتا ہے۔ انیس نے "زیست ہر شے کی ہے پانی سے" کہہ کر زندگی کے مادی سرچشمہ اور اسی سے محرومی کی کیفیت کو سمیٹ دیا ہے۔

---

[1] قرآن: سورہ انبیاء۔ آیت ۳۰
[2] ": ترجمہ اشرف علی تھانوی۔ صـ ۳۲۵
[3] مراثی انیس۔ جلد اول۔ نولکشور صـ ۸۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خاک

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى [۱]

ترجمہ: ہم نے تم کو اسی زمین سے پیدا کیا اور اسی میں تم کو (بعد موت) لے جائیں گے اور (قیامت کے روز) پھر دوبارہ تم کو اسی سے نکالیں گے۔ [۲]

میر انیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

ع آغاز اپنا خاک ہے انجام اپنا خاک ہے [۳]

ع اس خاک پہ جس خاک سے ملتی ہے مری خاک [۴]

ع آدم کا بدن خاک سے ملنے کو بنا ہے [۵]

انیس نے ان مصرعوں میں قرآن کی اس آیت کی طرف اشارہ کیا ہے جس میں پروردگار ارشاد فرماتا ہے کہ "ہم نے تم کو اسی زمین سے پیدا کیا اور اسی میں ہم تم کو (بعد موت) لے جائیں گے اور (قیامت کے روز) پھر دوبارہ اسی سے تم کو نکالیں گے۔"

انیس نے مذکورہ بالا تینوں مصرعوں میں الگ الگ حیثیت سے خاک کو نظم کرکے الگ الگ بات کہی ہے۔ پہلے اور دوسرے مصرعے میں قرآن کی آیت میں جو ترتیب ہے اس کا لحاظ رکھا ہے۔ قرآن نے کہا کہ "ہم نے

[۱] قرآن: سورۂ طٰہٰ آیت ۵۵
[۲] قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی ص ۳۱۶
[۳] مراثی انیس جلد ۴ نول کشور ص ۲۸۹
[۴] " " ۲ " ۱ " ص ۳۴
[۵] " " " ۴ " ص ۱۷۹

تم کو اسی خاک سے بنایا اور اسی خاک میں پلٹائیں گے اور دوبارہ اسی خاک سے نکالیں گے۔" انیس نے کہا ع "آغاز اپنا خاک ہے انجام اپنا خاک ہے"۔ اور دوسرے مصرعہ میں خاک کو تین بار استعمال کرکے انسانی زندگی میں خاک کی تین حیثیتوں کو نظم کیا ہے۔ قرآن نے بھی خاک کی تین حیثیتوں کی طرف متوجہ کیا ہے ع "اس خاک پہ جس خاک سے ملتی ہے مری خاک" چونکہ انسان خاک سے پیدا کیا گیا، خاک میں ملایا جائے گا۔ اور پھر ایک دن اسی خاک سے باہر نکالا جائے گا۔ تیسرے مصرعے میں ع آدم کا بدن خاک سے ملنے کو بنا ہے آدم کا لفظ استعمال کرکے قرآن کی اس آیت کی طرف اشارہ کیا جس میں خدا کا ارشاد ہے کہ "ہم نے آدم کو مٹی سے بنایا" ورنہ مصرعہ یوں بھی ہو سکتا تھا "انسان کا بدن خاک سے ملنے کو بنا ہے" انسان کے بجائے آدم کا لفظ استعمال کرکے انیس نے اپنی قرآن فہمی کا ثبوت دیا ہے۔

۹۵

بیعت

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ۭ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ [۱]

ترجمہ: جو لوگ آپ سے بیعت کر رہے ہیں تو وہ اللہ سے بیعت کر رہے ہیں اور اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھ کے اوپر ہے۔ [۲]

میر انیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

ع تو دشمن اولاد رسول دوسرا ہے
فاسق کی وہ بیعت کرے جو ست خدا ہے [۳]

[۱] قرآن: سورہ فتح۔ آیت ۱۰ [۲] قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی ص ۵۱۲
[۳] مراثی انیس: جلد ۴۔ نولکشور ص ۱۸۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بیعت کے لفظی معنی بیچنے کے ہیں۔ اصطلاحاً بیعت اپنے آپ کو انسان کے ذریعہ خدا کے سپرد کر دینے کے ہوتے ہیں جس کی ظاہری صورت اس انسان کے ہاتھ پر خدا کا ذمہ دار سمجھتے ہوئے ہاتھ رکھنے سے پیدا ہوتی ہے۔ "معصوم کے سوا کسی دوسرے کی بیعت جائز نہیں۔ چونکہ سوائے معصوم کے تمام افعال و اقوال میں دوسرے کا اتباع نہیں کیا جا سکتا۔" [1]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعہ میں زمانے کی نیرنگی کا منظر پیش کرتے ہوئے یہ بات محسوس کرائی ہے کہ ایک طرف فاسق و بدکردار ہے اور دوسری طرف وہ ہاتھ ہے جو عدل الٰہی اور کرم پروردگار کی علامت بنا ہوا ہے اور زمانے کی نیرنگی یہ ہے بجائے اس کے کہ "دست خدا" کو حق حاصل ہو کہ وہ دنیا سے مطالبۂ بیعت کرے۔ خود ظالم کا مطالبہ ہے کہ عدل اس کا تابع ہو جائے اور اپنا اختیار اس کے جبر کے ہاتھ فروخت کر دے۔ جب زمانے میں توازن یوں بگڑ جاتا ہے تو خونی انقلاب کا ظاہر ہونا وجود عدل کی دلیل اور تاریخ عدل کی سرخی قرار پاتا ہے۔

جائے امن

وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ط [2]

ترجمہ: ہم نے خانۂ کعبہ کو معبد اور مقام امن ٹھہرایا ہے [3]

---

[1] تفسیر القرآن : جلد ۵ صفحہ ۱۱۱ سید ظفر حسن

[2] قرآن : سورۂ بقرہ آیت ۱۲۵

[3] قرآن : ترجمہ اشرف علی تھانوی صفحہ ۲۱

میر انیسؔ نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعہ میں نظم کیا ہے۔

ع اللہ کے گھر میں کوئی شاید نہ ستائے [1]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعہ میں کعبہ کی اس خصوصیت کو نظم کیا ہے جو اس کے دار امن ہونے سے متعلق ہے۔ حدودِ حرم میں امن و سلامتی کے قوانین کی شدت کا اندازہ اس بات سے ہو سکتا ہے کہ وہاں نہ گھاس کی پتی اکھاڑی جا سکتی ہے اور نہ چیونٹی اور جوں کو مارا جا سکتا ہے۔ چہ جائیکہ انسان کو اذیت دی جائے اور پھر اگر وہ انسان مومن ہو تو گناہ اور زیادہ ہوگا۔ اور اگر انسان نبی یا رسول ہو تو گناہ اور شدید تر ہو جائے گا۔ انیسؔ نے مصرعہ مذکورہ میں حسین کی طرف سے جو اندیشۂ امن ظاہر کیا ہے وہ اس لحاظ سے نہیں کہ حسین وارث انبیاء ہیں بلکہ محض اس لحاظ سے کہ حسین ایک انسان ہیں اور حدود حرم میں انسان کو نہیں ستایا جا سکتا۔ لیکن لفظ "شاید" نے اس اندیشۂ امن کو اندیشۂ ضرر سے نزدیک کر کے یہ احساس نمایاں کر دیا کہ ظلم کی شدت سے امن کی امید ساقط ہو گئی ہے اور اب حسین کے لئے دار امن بھی دار پناہ نہیں بن سکتا۔ یعنی جو وارث حرم ہو اسے کبھی حدود حرم میں پناہ نہیں دی گئی۔

نور و نار

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ... اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝ [2]

---

[1] مراثی انیس جلد اول۔ نولکشور صفحہ ۳۷

[2] قرآن : سورہ الحدید۔ آیت ۱۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ترجمہ: جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھتے ہیں ایسے ہی لوگ اپنے رب کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں۔ ان کے لئے ان کا اجر (خاص) اور (صراط پر) ان کا نور (خاص) ہوگا اور جو لوگ کافر ہیں اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا یہی لوگ دوزخی ہیں۔ [1]

میر انیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعہ میں نظم کیا ہے۔

ع مومن کے لئے نور ہے کافر کے لئے نار [2]

انیسؔ نے اس مصرعہ میں ایمان کو 'نور' اور کفر کو 'نار'، جوڑ کر ایمان و کفر کے مابین اس فرق کو محسوس کرا دیا ہے جو کفر و ایمان کے درمیان فطرتاً پیدا ہو جاتا ہے۔ ایمان تسلیم و اطاعت پر آمادہ کرتا ہے اور تسلیم و اطاعت سے خون میں وہی برودت پیدا ہوتی ہے جو نور کا خاصہ ہے۔ اطاعت کے بعد سکون اور ادائیگی فرض کا نورانی احساس پیدا ہوتا ہے اور کفر بغاوت پر ابھارتا ہے جس سے خون میں التہاب اور شعلۂ سرکشی جنم لیتا ہے۔ لہٰذا انجام میں مومن نور سے مل جاتا ہے۔

آدم

وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ؀ [3]

---

[1] قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی ص۵۴۱

[2] مراثی انیس۔ جلد ۴۔ نولکشور ص۱۶۱

[3] قرآن: سورہ صٓ آیت ۷۳-۷۲

ترجمہ: جب میں اس بشر کو بنا چکوں اور اس میں جان ڈال دوں تو تم سب اس کے آگے سجدے میں گر پڑنا۔ [1]

میر انیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعہ میں نظم کیا ہے۔

ع آدم کو کیا فوج ملائک نے جو سجدہ [2]

انیس نے مذکورہ مصرعہ میں آدم کو ملائکہ کا مسجود ہونا نظم کر کے آدمیت کی اشرفیت اور کمال انسانی کے ارتقا کو ملائکہ کے جمود سے موازنہ کرتے ہوئے ابنائے آدم کو غیرت ارتقا دلائی ہے کہ وہ مسجود ہونے کا بھرم برقرار رکھے ورنہ حیوانیت کی پستی تک پہونچ جائے گا۔

یعقوبؑ

وَقَالَ يٰاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ؀ [3]

ترجمہ: اور کہنے لگے ہائے یوسف اور غم سے ان کی آنکھیں سفید پڑ گئیں اور وہ (غم سے جی ہی جی میں) گھٹا کرتے تھے۔ [4]

میر انیسؔ نے مندرجہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

---

[1] قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی ص۵۴۱

[2] مراثی انیس: جلد ۲۔ نول کشور ص۴

[3] قرآن: سورہ یوسف آیت ۸۴

[4] قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی ص۲۴۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چندے جو پسر آنکھوں سے روپوش رہا ہے
یعقوب کو اس داغ میں کب ہوش رہا ہے ۱؎

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں علم و احساس کا تقابل کیا ہے۔ نبیؑ کو علم ہے کہ بیٹا زندہ ہے لیکن یہ علم اس احساس کا مداوا نہیں کر سکتا کہ بیٹے سے فراق ناقابل برداشت غم ہے تو اگر علم اور احساس دونوں ایک نقطہ پر جمع ہو جائیں اور یہ یقین ہو کہ فراق نتیجۂ شہادت ہے۔ فقط وقتی فراق نہیں بلکہ دائمی ہے تو اس صاحب غم کی کیا حالت ہو گی۔

صالح

فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ نَاقَةَ اللَّهِ وَسُقْيَاهَا ۝ فَكَذَّبُوهُ فَعَقَرُوهَا ... يَخَافُ عُقْبَاهَا ۝ ۲؎

ترجمہ: جب کہ اس قوم میں جو سب سے زیادہ بدبخت تھا وہ (اونٹنی کو قتل کرنے کے لئے) اٹھ کھڑا ہوا تو ان لوگوں سے اللہ کے پیغمبر (صالح) نے فرمایا کہ اس اونٹنی سے اور اس کے پانی پینے سے خبردار رہنا۔ سو انھوں نے پیغمبر کو جھٹلایا پھر اس اونٹنی کو مار ڈالا تو ان کے پروردگار نے ان کے گناہ کے سبب ان پر ہلاکت نازل فرمائی۔ ۳؎

میر انیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

۱؎ مراثی انیس: جلد ۴۔ نول کشور ص۲۴۷

۲؎ قرآن: سورۂ الشمس۔ آیت ۱۲-۱۴

۳؎ قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی ص۲۴۷

سینے پہ میرے تیر لگا تا تو غم نہ تھا
بچہ مرا یہ ناقۂ صالح سے کم نہ تھا ۱؎

انیس نے مذکورہ مصرعہ میں ناقہ صالح کی تلمیح نظم کر کے بچہ کی مظلومی کا احساس دلایا ہے۔ ناقہ صالح سے پوری قوم دودھ حاصل کرتی تھی اور سوائے اس کے کہ جس دن جس چشمہ سے وہ پانی پیتی تھی اس دن امت پر اس چشمہ سے پانی پینا منع تھا۔ یعنی ایک چشمہ پر ناقہ صالح کا حق تھا۔ اور دوسرے دن امت کا لیکن اتنے سے امتحان پر وہ ثابت قدم نہ رہ سکے اور ناقہ کو قتل کر دیا۔ اسی طرح تھوڑے سے پانی کے لئے اگر علی اصغر کو تیر نہ مارتے تو بچہ بھی بڑھ کر اسی طرح شبیر ہدایت سے سیر کر دیتا۔ جیسے ناقہ صالح کر رہا تھا۔

یوسف

فَلَمَّا أَنْ جَاءَ الْبَشِيرُ أَلْقَاهُ عَلَىٰ وَجْهِهِ فَارْتَدَّ بَصِيرًا ۲؎

ترجمہ: پس جب خوش خبری لانے والا آ پہنچا تو اس نے وہ کرتا لا کر ان کے منہ پر ڈال دیا۔ پس فوراً ہی ان کی آنکھیں کھل گئیں۔ ۳؎

میر انیس نے متذکرہ بالا آیت کو مندرجہ ذیل مصرعہ میں نظم کیا ہے۔

یہ پیرہن یوسف کنعان محن ہے ۴؎

۱؎ مراثی انیس: جلد ۴ نولکشور ص۱۷۵

۲؎ قرآن: سورہ یوسف آیت ۹۶

۳؎ قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی ص۲۱۶

۴؎ مراثی انیس: جلد اوّل۔ نولکشور ص۱۶

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مندرجہ بالا آت میں کرتہ کا ذکر جناب یوسف کا ہے جو آپ نے اپنے بھائیوں کے ہاتھ سے مصر سے اپنے والد جناب یعقوب کے پاس روانہ کیا تھا۔ انیس نے مذکورہ مصرعہ میں زندہ قدروں سے نسبت یا صحبت کے نتیجہ میں جو احترام پیدا ہوتا ہے اس کی طرف اشارہ کیا ہے۔ چونکہ پیراہن جسم یوسف سے کسب نور کر چکا تھا۔ اور یوسف سے اسی نسبت نے اسے قابل احترام بنا دیا تھا۔ اس پس منظر میں حسین کے پیراہن کو انیس نے "یوسف کنعان محن" کا پیراہن کہہ کر اس کے قابل احترام اور ذی اثر ہونے کو اور نمایاں کر دیا ہے اس لئے کہ یوسف کے پیراہن میں کوئی خون نہیں تھا۔ اور یہاں خون بھی تھا اور نور امامت اور اثاثہ شہادت بھی۔

داؤد

وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا [1]

ترجمہ: اور ہم نے داؤد کو زبور دی۔ [2]

وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ [3]

ترجمہ: ہم نے ان کے واسطے لوہے کو (مثل موم) نرم کر دیا اور حکم دیا کہ تم زرہیں بناؤ۔ [4]

---

[1] قرآن: سورہ نساء آیت ۱۶۳

[2] قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی ص۱۰۵

[3] قرآن: سورہ سبا آیت ۱۰

[4] قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی ص۳۴۴

میر انیس نے متذکرہ بالا آیات کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے

داؤد کہتے ہیں کہ یہ جوشن زبور ہے [1]

آہن کو ابھی موم کریں صورت داؤد [2]

انیس نے مذکورہ مصرعہ میں حضرت داؤد کے معجزہ یعنی آہن کو موم بنا دینے کی قوت کے حوالے سے اہل بیت کو پہچنوایا ہے۔ یہ تو انسان کے دل کو مثل داؤد تبدیل کر سکتے ہیں۔ لیکن فرق یہ ہے کہ لوہا سخت ہونے کے باوجود نبی کے اعجاز کو تسلیم کر لیتا ہے لیکن انسان کا دل امام کے مرتبہ کو تسلیم کرنے میں لوہے سے زیادہ سخت ہو جاتا ہے۔ اگر تسلیم کرنے کی نرمی دل میں پائی جائے تو یہ انسان کو تبدیل کر کے اعلیٰ ترین درجہ انسانیت پر فائز کر دیں۔

سلیمان

وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ... وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ [3]

ترجمہ: اور سلیمان کے لئے ان کا لشکر جمع کیا گیا جن میں جن بھی انسان بھی، پرندے بھی، یہاں تک کہ جب چیونٹیوں کے ایک میدان میں آئے تو ایک چیونٹی نے کہا اے چیونٹیو! اپنے اپنے سوراخوں میں جا گھسو کہیں تم کو سلیمان اور ان کا لشکر بے خبری میں نہ کچل ڈالے۔ [4]

---

[1] مراثی انیس: جلد اول۔ نولکشور ص۳۳

[2] " " : " ۴ ۔ ص۱۱۹

[3] قرآن سورۂ نمل آیت ۱۸-۱۷ [4] قرآن: ترجمہ اشرف علی تھانوی ص۳۷۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میر انیس نے متذکرہ بالا آیات کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

ع ذرے کو کیا آپ نے خورشید درخشاں
اک مور کو حضرت نے دیا تخت سلیماں [1]

انیس نے اس مصرعہ میں "تخت سلیماں" استعمال کر کے اس آیت کی تفسیر[2] کی طرف اشارہ کرتے ہوئے وہ منظر پیش کیا ہے کہ جب حضرت سلیمان نے چیونٹی کی بات کو سن کر شاہ مور کو اپنی ہتھیلی پر رکھ کر پوچھا اے شاہ مور تم نے اپنے لشکر کو کیوں کہا کہ سلیمان آتا ہے۔ کیا تم نے ہم سے کوئی ظلم دیکھا ہے۔ اے نبی اللہ۔ آپ کے لشکر سے کبھی ظلم نہیں دیکھا ہے۔ مگر ہو سکتا تھا کہ سہواً آپ کے گھوڑوں کے ٹاپوں میں ہم آجاتے اور ہلاک ہو جاتے۔

جناب سلیمان سے چیونٹیوں کا ایک تاریخی ربط تاریخ قرآن میں محفوظ ہے۔ اسی کے پیش نظر انیس نے دوسرے مقام پر امام حسینؑ کے ورود کربلا ہونے کے منظر کو پیش کرتے ہوئے کہا ہے ؎ اترے ہیں آ کے فخر سلیماں کے ساتھ ہم
کیا ان کے مور ہے کہ جو ہوں چیونٹیوں سے کم

چوں کہ فارسی میں مور کے معنی چیونٹی کے ہوتے ہیں اور مورچہ چھوٹی چھوٹی چیونٹیوں کو کہتے ہیں جو تعداد میں بے شمار تھیں اور مورچہ کو اردو میں محاذ جنگ سے تعبیر کرتے ہیں۔

---

[1] مراثی انیس: جلد ۳ نول کشور صہ ۲۳
[2] اختر حجازی: قصص الانبیا صہ ۲۹۹

موسیٰ

وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَکُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَکُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَا اٰتَیْنٰکُمْ بِقُوَّۃٍ وَّاسْمَعُوْا ؕ .... کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۝ [1]

ترجمہ: اور جب ہم نے تم سے قول و قرار لیا اور ہم نے طور پہاڑ کو اٹھا کر تمہارے اوپر معلق کر دیا۔ [2]

فَاَسْرِ بِعِبَادِیْ لَیْلًا اِنَّکُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ۙ وَاتْرُکِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ۝ [3]

ترجمہ: موسیٰ نے اپنے رب سے دعا کی کہ یہ فرعون اور اس کے ساتھی بڑے سخت اور مجرم لوگ ہیں تو اب میرے بندوں کو تم رات ہی رات میں لے کر چلے جاؤ تم لوگوں کا تعاقب ہوگا اور تم اس دریا کو سکون کی حالت میں چھوڑ دینا۔ ان کا سارا لشکر ڈبو یا جائے گا۔ [4]

میر انیس نے متذکرہ بالا آیات کو مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

ع موسیٰ کا ہے یہ قول کہ قندیل طور ہے [5]

---

[1] قرآن : سورۂ بقرہ آیت ۹۳
[2] قرآن : ترجمہ اشرف علی تھانوی صہ ۱۱
[3] قرآن : سورہ دخان۔ آیت ۲۴-۲۳
[4] قرآن : ترجمہ۔ اشرف علی تھانوی صہ ۹۹۸-۹۹۷
[5] مراثی انیس۔ جلد اول۔ نول کشور صہ ۳۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تا غرق نہ فرعون ہو موسیٰ نہ رکیں گے [1]

انیس نے مذکورہ مصرعہ میں جناب موسیٰ کے حوالہ سے حسین کی عظمت کا اعلان کرنے کے لئے "قندیل طور" کا سہارا لیا ہے۔ جناب موسیٰ اور طور کی تجلی کے پس منظر میں حسین موسیٰ کی نگاہوں میں اسی جلوہ کے حامل ہیں۔ جو کوہ طور پر ظاہر ہوئی تھی۔

دوسرے مصرعے میں انیسؔ نے عزم حسین کے اظہار کے لئے موسیٰ اور فرعون کی تلمیح کا سہارا لیتے ہوئے یہ بات کہی ہے کہ جس طرح فرعونیت کو غرق کئے بغیر موسیٰ نے اپنا قدم نہیں روکا اسی طرح یزیدیت کو بے نقاب کئے بغیر حسین بھی دم نہ لیں گے۔

(ج) قرآن کے الفاظ کلام انیسؔ میں

انیس کے مصرعے	قرآن کے الفاظ
(۱) بسم اللہ	
بسم اللہ جیسے آگے ہوا ایسے تھے مقتدا [2] بسم اللہ جیسے آگے ہو یوں تھے شہ حجاز [3]	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (قرآن)
(۲) غضب اللہ علیہم	
غضب اللہ علیہم کے عیاں تھے آثار [4]	وغضب اللہ علیہم ولعنھم واعدلھم جھنم ... سورہ فتح آیت ٦

۱ مراثی انیس جلد اول نولکشور ص ۱۱۸
۲ " " " " ص ۱۱۰
۳ " " جلد ۴ " ص ۷ ۴ مراثی انیس جلد اول ناب حسین ص ۴۱۵

انیس کے مصرعے	قرآن کے الفاظ
(۳) شراباً طہورا	
آ ؤ تمہیں شراب طہورا نصیب ہو [1] لے کر رسول جام شراب طہور آئے [2]	وسقٰھم ربھم شراباً طھورا سورہ دہر آیت ۲۱
(۴) اولی الابصار	
نرگس کہیں آنکھوں کو بھلا کیا اولی الابصار [3]	فاعتبروا یا اولی الابصار سورہ حشر آیت ۲
(۵) ماشاء اللہ	
شاہ ہر ضرب پر فرماتے تھے ماشاء اللہ [4]	سنقرئک فلا تنسیٰ الا ماشاء اللہ سورہ اعلیٰ آیت ۷-٦
(٦) خط ابیض	
ناگاہ چرخ پر خط ابیض ہوا عیاں [5]	حتیٰ یتبین لکم الخیط الابیض سورہ بقرہ آیت ۱۸۷
(۷) قرض حسن	
یوں جاتے ہیں قرض حسن دینے کو بے سود [6]	من ذا الذی یقرض اللہ قرضاً حسنا سورہ بقرہ آیت ۲۴۵

۱ مراثی انیس : جلد ۳ نولکشور ص ۲۲۳
۲ " : " ۳ " ص ۳۴۱
۳ " : " اول " ص ۲۲۲
۴ " : " ۲ " ص ۱۰٦
۵ " : " ۸ " ص ۳۵
٦ " : " ۴ " ص ۱۱۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

انفسنا وانفسکم (۸)

ہے انفسنا انفسکم کس سے اشارہ [1]

وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ (سورہ آل عمران آیت ۶۱)

ولا رطب یا بس (۹)

جو رطب و یابس اس میں ہے سب ان کو یاد ہے [2]

وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ (سورۂ انعام آیت ۵۹)

لعن (۱۰)

قابل لعن ہے تو اور وہ تیرا سردار [3]

اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ (سورہ احزاب آیت ۶۴)

(کوہ) صفا (۱۱)

ہے کوہ صفا اور صفائی ہوئی مجھ میں [4]

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ (سورہ بقرہ آیت ۱۸۵)

یٰسین (۱۲)

اس کی ہی بزرگی میں ہے یٰسین کی آیت [5]
پڑھے یٰسین کہ اب ہے دم باز پسیں

یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ (سورہ یٰسین آیت ۱-۲)

---

۱ مراثی انیس: جلد اوّل۔ نول کشور ص ۲۳۴
۲ " " : " " ۔ " ص ۹۷
۳ " " : " " ۔ " ص ۵
۴ " " : " " ۔ " ص ۵۲
۵ " " : " " ۔ " ص ۱۰۷

کن فیکون (۱۳)

ہے ہے جن کن فیکوں ہوتا ہے برباد [1]

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ (یٰسین آیت ۸۲)

ذبح عظیم (۱۴)

ذبح عظیم اشارہ قتل حسین ہے [2]

وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ (سورۂ صافات۔ آیت ۱۰۷)

لا اسئلکم (۱۵)

ہے کون مراد آیۂ لا اسئلکم سے [3]

قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا (سورۂ شوریٰ آیت ۲۳)

مودت (۱۶)

جو اجر رسالت ہے مودت وہ اس کی [4]

اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى (سورۂ شوریٰ آیت ۲۳)

نور السموات والارض (۱۷)

قرآں میں کون نور سماوات وارض ہے [5]

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (سورہ نور آیت ۲۵)

---

۱ مراثی انیس: جلد ۴۔ نول کشور ص ۱۵۵
۲ " " : " ۴۔ " " ص ۱۱۲
۳ " " : " ۴ " " ص ۱۱۲
۴ " " : " ۴ " " ص ۱۱۳
۵ " " : " ۴ " " ص ۱۹۶

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قرۃ العین (۱۸)

قرۃ العین محمد پہ نظر ہے تیری [1] — ھب لنا من ازواجنا وذریتنا قرۃ اعین (سورہ فرقان آیت ۷۴)

ھل اتیٰ (۱۹)

اے بحر فیض اے قمر برج ھل اتیٰ [2] — ھل اتیٰ علی الانسان (سورہ دہر آیت ۱)

واللیل (۲۰)

پیدا ہیں صاف معنیٔ واللیل والقمر [3] — وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى (سورہ لیل آیت ۱)

واللیل اذا سجیٰ (۲۱)

گیسو تھے وہ مفسر واللیل اذا سجیٰ [4] — وَاللَّيْلِ اِذَا سَجٰى (سورہ ضحیٰ آیت ۲)
واللیل اذا سجیٰ اسی گیسو کا وصف ہے [5]

والشمس والضحیٰ (۲۲)

رخ سے عیاں تھے معنی والشمس والضحیٰ [6] — وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا (سورہ شمس آیت ۱)
شمس الضحیٰ اسی رخ نیکو کا وصف ہے [7]

---

[1] مراثی انیس - جلد ۱ نول کشور ص۹۷
[2] مراثی انیس - جلد ۱ " " ص۲۴۱
[3] " " - " ۱ " " ص۳۸۳
[4] " " - " ۱ " " ص۳۸۴
[5] " " - " ۴ " " ص۱۹۲
[6] " " - " ۱ " " ص۳۸۴
[7] " " - " ۴ " " ص۱۹۲

قدر (۲۳)

کیا قدر تھی اس شب کی شب قدر سے پوچھو [1] — اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ (سورہ قدر آیت ۱)

اذا زلزلت الارض (۲۴)

اے قوم اذا زلزلت الارض یہی ہے [2] — اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا (سورہ زلزال آیت ۱)
آثار اذا زلزلت الارض تھے ظاہر [3]

کوثر (۲۵)

ہم وہ ہیں کہ اللہ نے کوثر ہمیں بخشا [4] — اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ (سورہ کوثر آیت ۱)

صادقین (۲۶)

غیر از علی ملا شرف صادقیں کسے [5] — كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ (سورہ توبہ آیت ۱۱۹)

توکلت علی اللہ (۲۷)

بولے تو یہ بولے کہ توکلت علی اللہ [6] — اِنِّیْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ (سورہ ہود آیت ۵۶)
جاری تھا زباں پر کہ توکلت علی اللہ [7]

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ - نول کشور ص۳۴
[2] " " : " ۲ - " " ص۵۷
[3] " " : " ۱ - آب حسین ص۳۹۳
[4] " " : " ۱ - نول کشور ص۱۵
[5] " " : " ۴ - " " ص۱۹۴
[6] " " : " ۴ - " " ص۱۷۴
[7] " " : " ۱ - " " ص۲۷۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رعد (۲۸)

بجلی کی چمک رعد کی آواز نہ ٹھہری [1]

يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ ۔ سورۂ رعد آیت ۱۳

لن ترانی (۲۹)

موسیٰ سے رموز لن ترانی پوچھ [2]

قَالَ لَنْ تَرٰىنِیْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ

سورۂ اعراف آیت ۱۴۳

یداللہ (۳۰)

بے تیغ یداللہ کھینچی دشت وغا میں [3]

یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ

سورہ فتح آیت ۱۰

سبحان اللہ (۳۱)

کیا جوانان خوش اطوار تھے سبحان اللہ [4]

وسبحٰن اللہ وما من المشرکین

(سورہ یوسف آیت ۱۰۸)

وحی (۳۲)

کیا آئی آج وحی خداوند دو جہاں [5]
جو کچھ ہے کلام اس کا نہیں وحی سے باہر [6]

ان ھو الا وحی یوحیٰ

(سورۂ نجم آیت ۴)

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ ۔ نول کشور ص۷
[2] " " : جلد ۴ ۔ " " ص۲۱۲
[3] " " : جلد ۴ ۔ " " ص۱۵۵
[4] " " : جلد ۱ ۔ نایاب حسین ص۴۰۸
[5] " " : جلد ۱ ۔ نول کشور ص۳۸۸
[6] " " : جلد ۲ ۔ " " ص۸

قل کفیٰ (۳۳)

کہتی ہے خلق بعد شہ قل کفیٰ کسے [1]

قل کفیٰ باللہ شہیدا

(سورۂ رعد آیت ۴۳)

فی النار والسقر (۳۴)

آواز دی زمیں نے کہ فی النار والسقر [2]

یَوْمَ یُسْحَبُوْنَ فِی النَّارِ عَلٰی وُجُوْهِهِمْ
ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ (سورہ قمر آیت ۴۸)

سبحان ربنا (۳۵)

سبحان ربنا کی صدا تھی علی العموم [3]

وَیَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ

(سورۂ بنی اسرائیل آیت ۱۰۸)

حیّ ۔ قدیر (۳۶)

یا حیّ یا قدیر کی تھی ہر طرف پکار [4]

ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ (سورہ آل عمران آیت ۲)
ان اللہ علیٰ کل شیء قدیر (سورہ بقرہ ۲۵۹)

فسیکفیھم اللہ (۳۷)

لب پر فسیکفیھم اللہ کی آیت [5]

فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

(سورۂ بقرہ آیت ۱۳۷)

متذکرہ بالا عربی الفاظ تراکیب اور فقرے میر انیس کے کلام کا جزو بن

---

[1] مراثی انیس : جلد ۴ ۔ نول کشور ص۱۹۴
[2] " " : " ۲ ۔ " " ص۲۶
[3] " " : " ۴ ۔ " " ص۷۴
[4] " " : " ۴ ۔ " " ص۷۴
[5] " " : " ۲ ۔ " " ص۱۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کئے ہیں۔ عربی اور دیگر زبانوں سے الفاظ زبان میں شامل کرنا ندرت نہیں ہے انیس کے یہاں موضوع بیان کی وسعت کے اعتبار سے الفاظ کا انتخاب کیا جاتا رہا ہے جس سے معنی و مفاہیم کی ترسیل میں اضافہ ہوتا رہا۔ شاعر کی قدرت بیان کا امتحان لفظوں کے برمحل فنکارانہ استعمال پر مبنی ہے۔ کلام انیس کا معجزہ ہے کہ الفاظ اپنی تمام معنوی اور فنی خوبیوں کے ساتھ تخلیقی عمل کا جز بنتے ہیں۔

کلام الہٰی کے تمام تر الفاظ عربی لغات کا جز ہیں۔ اردو میں قرآنی الفاظ عربی لغات کے اعتبار سے دیگر شاعروں کے کلام میں تلاش کئے جا سکتے ہیں لیکن قرآنی الفاظ کو قرآنی مفاہیم کے معجزہ کے ساتھ اپنے کلام میں جگہ دینا میر انیس کی معراج کمال ہے۔ قرآنی الفاظ، قرآنی آیات اور اجزائے آیات کو قرآنی تراکیب کے ساتھ اردو میں اس طرح پیش کرنا کہ مصرعوں کو پڑھنے کے بعد احساس پیدا نہ ہو سکے کہ کلام الہٰی کلام بشر میں تحلیل ہو رہا ہے۔ ایسی غیر معمولی تخلیقی و فنکارانہ پیش کش مبداء فیاض ہی سے حاصل ہو سکتی ہے۔ امکان بشر سے بعید نظر آتا ہے۔ میر انیس نے قرآنی زبان و بیان کے معجزہ کو اردو کے ذریعہ پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ بقول ڈاکٹر اعجاز حسین :-

"وہی الفاظ جو بظاہر ثقیل تھے ایک صناع کے
ہاتھ لگنے سے نرم و نازک ہو گئے۔ نہ صرف ان کی
ثقالت کم ہوئی بلکہ صوتی لحاظ سے بھی وہ سیاق
عبارت میں حسین اور مانوس نظر آنے لگے۔"[1]

اسی طرح ڈاکٹر وحید اختر کا قول بھی کہ "انیس کی شاعری اردو زبان

---

[1] اعجاز حسین : انیس ایک مطالعہ مضمون (ادب و ادیب) ص۱۰۱

کا قرآن ہے۔ اردو پر ایمان لاتا ہو تو انیس کو پڑھے۔"[1] میر انیس کی توصیف و مدح گستری نہیں بلکہ حقیقت پر مبنی ہے جس میں کلام انیس کا جواب نثری کوششوں سے ممکن نظر نہیں آتا۔

(د) قرآن کے سورے کلام انیس میں

۱۔ سورۂ حمد

اور سورۂ الحمد پڑھا تھام کے بازو[2]

انیس نے اس مصرعہ میں قرآن مجید کی اس سورہ کی طرف اشارہ کیا ہے جو سورۂ حمد کے نام سے جانا جاتا ہے۔ سورۂ حمد قرآن مجید کا افتتاحی سورہ ہے۔ یہ سورہ سات آیات پر مشتمل ہے "اس کا نام الفاتحہ بھی اسکے مضمون کی مناسبت سے ہے۔ فاتحہ اس چیز کو کہتے ہیں جس سے کسی مضمون یا کسی کتاب یا کسی چیز کا افتتاح ہو۔ دوسرے الفاظ میں یوں سمجھئے کہ یہ نام دیباچہ، اور آغاز کلام کے ہم معنی ہے[3]۔" سورۂ فاتحہ کے نزول کے سلسلے میں یہ بات کہی جاتی ہے کہ یہ مکی اور مدنی دونوں حیثیت رکھتا ہے لیکن یہ سورۂ مکی ہے۔ اس کا ثبوت خود قرآن حکیم میں موجود ہے۔ سورہ حشر کی

---

[1] وحید اختر : مطالعۂ انیس کے چند مقدمات (مضمون) سرفراز انیس نمبر ۱۳۹۱ھ ص۸
[2] مراثی انیس : جلد اول ۔ نول کشور ص۲۶
[3] تفہیم القرآن : جلد اول ۔ ابوالاعلیٰ مودودی ص۴۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آیت ستائش[۸۷] میں جو بالاتفاق مکی ہے اللہ تعالیٰ نے سورۂ فاتحہ کے متعلق خود فرمایا ہے کہ وہ نازل ہو چکی ــــ اور بلاشبہ میں نے تجھ کو سات چیزیں دیں۔ بار بار دہرائی جانے والی اور قرآن عظیم، احادیث صحیفہ اور آثار صحابہ میں ہے کہ سات چیزوں سے مراد سورۂ فاتحہ کی سات آیتیں ہیں۔" [۱]

۲۔ سورہ فتح :ــ

ے تھا فتح کی سورے کا مفسر کوئی ذی جاہ [۲]

انیس نے اس مصرعہ میں قرآن کی سورۂ فتح کی طرف اشارہ کیا ہے۔ ترتیب کے اعتبار سے جس کا نمبر شمار اڑتالیس[۴۸] ہے اور جو انٹھائیس آیات پر مشتمل ہے "سورۂ فتح" محض اس سورہ کا نام نہیں ہے بلکہ مضمون کے لحاظ سے بھی اس کا عنوان ہے۔ چونکہ اس میں فتح عظیم پر کلام کیا گیا ہے جو صلح حدیبیہ کی شکل میں اللہ تعالیٰ نے نبی اور مسلمانوں کو عطا فرمائی۔ [۳]

۳۔ سورۂ کوثر

ے جد کس کا ہے وہ سورۂ کوثر جسے آیا [۴]

ے تھا سورۂ کوثر کسی پیاسے کی زباں پر [۵]

---

۱ ترجمان القرآن : جلد اول۔ ابوالکلام آزاد ص۲۲

۲ مراثی انیس : جلد ۴ - نول کشور ص۲۶

۳ تفہیم القرآن : جلد ۵ - ابوالعلیٰ مودودی ص۲۴

۴ مراثی انیس : جلد ۴ - نولکشور ص۱۱۱ ۵ مراثی انیس : جلد اول نولکشور ص۳۴۵

انیس نے ان مصرعوں میں قرآن کی سورۂ کوثر کی طرف اشارہ کیا ہے۔ ترتیب کے اعتبار سے اس سورے کا شمارہ ایک سو آٹھ[۱۰۸] ہے۔ یہ سورہ تین آیات پر مشتمل ہے۔ یہ سورۂ مکّی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو اس مختصر سورہ کے ایک فقرے میں وہ خوش خبری دی ہے اور ساتھ ساتھ یہ فیصلہ بھی سُنا دیا کہ آپ کی مخالفت کرنے والوں کی جڑ کٹ جائے گی۔ [۱]

۴ - سورۂ شمس

ے خورشید نے کی سورۂ والشمس کی تفسیر [۲]

انیس نے اس مصرعہ میں قرآن کی سورہ شمس کی طرف اشارہ کیا ہے ــ ترتیب کے اعتبار سے جس کا شمار نمبر اکیانوے[۹۱] ہے۔ یہ سورہ پندرہ آیات پر مشتمل ہے۔ مضمون اور انداز بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سورہ بھی مکۂ معظمہ کے ابتدائی دور میں نازل ہوئی مگر اس کا نزول اس زمانہ میں ہوا جب مکہ میں رسول اللہ کی مخالفت خوب زور پکڑ چکی تھی۔ [۳]

۵۔ سورۂ والعادیات

ے کس کی ثنا ہے سورۂ والعادیات میں [۴]

---

۱ تفہیم القرآن : جلد ششم ۔ ابوالاعلیٰ مودودی ص۴۹۱

۲ مراثی انیس : جلد سوئم ۔ نول کشور ص۱۵

۳ تفہیم القرآن : جلد ششم ۔ ابوالاعلیٰ مودودی ص۳۴۸

۴ مراثی انیس : جلد چہارم ۔ نول کشور ص۱۹۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انیسؔ نے اس مصرعہ میں قرآن کی سورۂ والعادیات کی طرف اشارہ کیا ہے۔ ترتیب کے اعتبار سے جس کا نمبر شمار سو۱۰۰ ہے یہ سورہ گیارہ آیات پر مشتمل ہے۔ حضرت ابن عباس سے دو قول منقول ہوئے ہیں۔ ایک یہ کہ یہ سورۃ مکّی ہے اور دوسرے یہ کہ یہ سورہ مدنی ہے۔ لیکن سورہ کا مضمون اور انداز بیان صاف بتا رہا ہے کہ یہ نہ صرف مکی بلکہ مکہ کے بھی ابتدائی دور میں نازل ہوئی[1] دوسری مقتدر روایت یہ ہے کہ یہ سورہ جنگ سلاسل کے موقع پر حضرت علی کی شان میں نازل ہوئی[2]

۶۔ سورۂ نصر

سورۂ نصر پئے فتح و ظفر آیا تھا[3]

انیسؔ نے اس مصرعہ میں قرآن کے سورۂ نصر کی طرف اشارہ کیا ہے۔ ترتیب کے اعتبار سے جس کا نمبر شمار ایک سو دس۱۱۰ ہے اور جو تین آیات پر مشتمل ہے۔ حضرت عبداللہ ابن عباس کا بیان ہے کہ قرآن مجید کی آخری سورۃ ہے۔ اس کے بعد کوئی مکمل سورۃ حضورؐ پر نازل نہیں ہوئی۔[4]

---

[1] تفہیم القرآن : جلد ششم ۔ ابوالاعلیٰ مودودی ص۴۲۸

[2] تفسیر القرآن : جلد پنجم ۔ ظفر حسن ص۴۲۰

[3] مراثی انیس : جلد اول ۔ نائب حسین ص۴۰۹

[4] تفہیم القرآن : جلد ششم ۔ ابوالاعلیٰ مودودی ص۵۱۲

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں قرآن کی جن سورتوں کا ذکر کیا ہے ان میں فقط سورتوں کا حوالہ ہی نہیں دیا ہے بلکہ ان سورتوں کا نفس مضمون بھی مصرعوں کے معنی کے پس منظر میں محفوظ کر لیا ہے۔ سورتوں کے ذکر کو تلمیح کا قائم مقام بنا دیا ہے اور بغیر ان کے سمجھے ہوئے مصرعوں کی پوری تشریح یا تحسین ناممکن ہے۔

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بابِ سوم

کلامِ انیس میں احادیثِ رسولؐ اور اقوالِ معصومینؑ

انیسؔ اپنے دور کے متداول علوم پر دسترس رکھتے تھے۔ انھیں متداول علوم میں جہاں منطق، فلسفہ، طب وغیرہ تھے وہاں تفسیر، تاریخ سیر اور حدیث و فقہ بھی شامل تھے۔ انیس کی نگاہ ان تمام علوم پر تھی لہٰذا یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ وہ محدث تھے۔ لیکن انیس اس نکتہ سے بخوبی واقف تھے کہ شعری اظہار انسانی زندگی کے ہر رخ کو اپنے دامن میں سمیٹ لیتا ہے۔ چونکہ حدیث کا تعلق اسلام کے ان ضابطوں سے تھا جس کی تدوین انسانی معاشرے کے لئے لازم تھی۔ حدیث کا لفظ عربی زبان میں مختلف معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ گفتگو کرنا۔ خبر دینا۔ اچھا کلام کرنا اور نئی بات کو بھی حدیث کہتے ہیں۔[۱]

حدیث کا لفظ تحدیث سے مُتاسِّم ہے۔ تحدیث کے معنی خبر دینا ظہورِ اسلام سے پہلے اہل عرب حدیث کے لفظ کو اخبار کے معنی میں استعمال کرتے تھے۔ عربی محاورہ تھا۔ صَارَ حَدِیثًا یعنی فلاں چیز ضرب المثل بن گئی۔[۲]

قرآن مجید میں اس لفظ کو اسی مفہوم میں استعمال کیا گیا ہے۔

"اللہ نے بہترین حدیث کتاب متشابہ کی شکل میں اُتارا ہے"[۳]

"تو وہ لا دیں اسی کے مثل کوئی ایک حدیث"[۴]

۱؎ المنجد: اردو ترجمہ ص۱۹۳

۲؎ غلام رسول۔ مذاہب عالم کا تقابلی مطالعہ ص۳۲۱

۳؎ قرآن: سورۂ دہر۔ آیت ۲۳

۴؎ " : سورہ طور۔ آیت ۳۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیث کی پانچ؎۱ قسمیں بیان کی گئیں ہیں ۔

۱ ۔ حدیث صحیح
۲ ۔ حدیث حسن
۳ ۔ حدیث قوی
۴ ۔ حدیث موثق
۵ ۔ حدیث ضعیف

قرآن فہمی کے لئے احادیث پیمبر کا مطالعہ کیوں ضروری ہے اس کی وضاحت قرآن مجید کی اس آیت سے ہوتی ہے ۔

" ہم نے آپ پر ذکر کو نازل کیا تاکہ آپ نازل کردہ کتاب کی تشریح کریں ۔" ؎۲

اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ رسول کریم کی حیثیت فقط ایک نامہ بر یا پیغام پہنچانے والے کی نہیں ہے کہ وہ قرآن لائیں اور امت کے حوالے کر کے چلے جائیں بلکہ آپ قرآن مجید کے شارح اور ترجمان بھی تھے ۔ لہٰذا آپ کی ذمہ داری تھی کہ آپ قرآن کے قانون پر عملدرآمد کرائیں ۔ قرآن مجید نے نماز قائم کرنے، حج بجالانے، زکوٰۃ ادا کرنے وغیرہ کا حکم تو دیا لیکن یہ نہیں بتایا کہ نماز کی رکعتیں کتنی ہوں گی ۔ قیام و رکوع و سجود کی ترتیب کیا ہوگی ۔ حج کے مناسک کیسے ادا ہوں گے ۔ زکوٰۃ کا نصاب کیا ہوگا ۔ یہ مسائل بغیر قول و فعل پیغمبر کے حل نہیں ہوسکتے ۔ اسی لئے

؎۱ فروع کافی : (الشافی طبع جدید) ترجمہ سید ظفر حسن ص۱۷۸
؎۲ قرآن : سورۂ نحل ۔ آیت ۴۴

بغیر حدیث کے قرآن کو سمجھنا اور اس کے احکام پر عمل کرنا ناممکن ہے ۔ اسی لئے خالق کائنات نے سرکار دو عالم کے ارشادات کی ضمانت لیتے ہوئے کہا کہ

" یہ اس وقت تک کلام نہیں کرتا جب تک کہ اس پر وحی نہیں ہوتی ۔" ؎۱

جس کا کھلا ہوا مفہوم ہے کہ رسول کا ہر قول پابند قرآن ہے اور اسی لئے سرکار دو عالم نے فرمایا کہ " اگر میرا قول قرآن مجید کی آیت کے برعکس ہو تو اس کو میرا قول نہ سمجھنا ۔ وہ میری حدیث نہیں ہوسکتی ۔ میرا قول خدا کے قول کو رد نہیں کرسکتا ۔" ؎۲

ابتدا میں لوگ حافظہ کی بنیاد پر زبانی حدیثیں یاد کر کے بیان کرتے تھے مگر بعد میں اس کی ترویج و تدوین ہوگئی اور پہلی صدی کی ابتدا سے اس فن نے بڑی اہمیت حاصل کرلی اور عظیم المرتبت محدث اور حافظ الحدیث بزرگ پیدا ہوئے ۔

امت مسلمہ پر ان ذمہ دار راویوں کا احسان ہے جو مصائب و آلام کے باوجود حقائق اسلام اور حدیث پیغمبر کو اپنے گلے سے لگائے رہے جن کا جمع کیا ہوا ذخیرۂ احادیث آج بھی قرآن فہمی اور اسلام شناسی میں مددگار ثابت ہو رہا ہے ۔

دین اسلام مکمل ضابطۂ حیات کا نام ہے جو اپنے دامن میں ہر مسئلۂ حیات کا حل رکھتا ہے اور یہ حقیقت تسلیم شدہ ہے کہ رسول کے بعد بھی امت ایسے مسائل سے دوچار ہوتی ہے جس کا حل حدیث پیغمبر میں نہیں ملتا لہٰذا

؎۱ قرآن: سورۂ نجم ۔ آیت ۴
؎۲ اسرار الرحمٰن بخاری ۔ تاریخ الحدیث ص۴۰

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امت کو اپنی صحیح رہنمائی کے لئے ایسے ارشادات کی ضرورت پڑتی ہے جن میں اتنی ہی قطعیت پائی جاتی ہو جو کلام رسول میں ہوتی ہے کلام میں چوں کہ یہ قطعیت تبھی پیدا ہو سکتی ہے جب تک کہ صاحب کلام معصوم ہو۔ وہ اپنی فکر و فراست میں بے خطا ہو اور اس کا بیان تذبذب اور شک و شبہ سے بے عیب ہو فقہ جعفری میں اسی لئے بعد رسول ایک ایسے ہی معصوم سلسلہ کی ضرورت کا اہتمام ہے جو اس قطعیت اور عصمت کی ضمانت دے سکے اور پیغمبر اسلام نے بھی جس سلسلہ کی واضح اور بالاعلان نشاندہی کر دی ہو تاکہ امت کو حکم خدا تک پہونچنے کے لئے غیر معصوم ذرائع کا دست نگر نہ ہونا پڑے۔ نبی کے بعد جن افراد کا قول و عمل رسول کے قول و عمل کی تصویر ہے۔ فقہ جعفری میں انھیں کو ائمہ معصومین کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ابن عباس سے روایت ہے کہ حضور ختمی مرتبت نے ارشاد فرمایا کہ میں علی حسن و حسین اور اولاد حسین سے نو افراد پاک و معصوم ہیں[1] رسالت کے بعد امامت کے سلسلہ کا قائم رہنا اس لئے ضروری ہے تاکہ سیرت رسول[2] کا تحفظ بھی ہوتا رہے اور آئندہ پیدا ہونے والے مسائل بھی حل ہوتے رہیں رسول کی نیابت وہی امام کر سکتے ہیں جن میں یہ چار صفات موجود ہیں۔ عصمت، علم، قوت اعجاز اور نص۔

۱۔ عصمت - خدا کے نظام ہدایت میں کچھ افراد انسانوں کی رہنمائی

---

[1] شیخ سلیمان حسینی بلخی قندوزی حنفی مفتی اعظم قسطنطنیہ۔ معالم العترہ (ینابیع المودت) مترجمہ ملک محمد شریف۔ ص ۶۹۳

[2] آقا حسن رضا غدیری۔ مکتب اہل بیت ص ۲۵

کے لئے وقف ہوتے ہیں جو خدا اور بندے کے درمیان ایک ضروری رابطہ کے طور پر پیدا کئے جاتے ہیں۔ ان میں ایک ملکوتی جذبہ ہوتا ہے جو خدا سے پیغام کو حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اور ایک بشری جذبہ ہوتا ہے جو ان تک پیغام پہنچانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ان پہلوؤں کے ہم آہنگ ہونے سے جو شخصیت بنتی ہے اس کو نبی یا رسول کہتے ہیں۔ سلسلہ نبوت کے تمام ہونے پر یہی سلسلہ امامت کی شکل میں جاری رہتا ہے، یہاں تک کہ قیامت آجائے۔ نبوت میں خدا سے پیغام حاصل کیا جاتا ہے اور امامت میں حاصل شدہ پیغام کی حفاظت کا پورا پورا انتظام ہوتا ہے۔ ان دونوں منصب کے لئے جس جوہر کی دستوری ضرورت ہوتی ہے اس کو عصمت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ عصمت ایک لطف پروردگار ہے جس کے بعد ترک اطاعت اور ارتکاب معصیت کی تحریک کا سدّباب ہو جاتا ہے۔ علم و عمل صالح کی تکرار ایک ایسی طاقت پیدا کر دیتی ہے کہ انسان اختیار کا مل رکھنے کے باوجود گناہ نہیں کرتا اور اسی نمونہ اختیار کو خدا بندوں کے لئے اپنی حجت بنا دیتا ہے۔ حجت خدا کا اسی[1] لئے ہر زمانے میں موجود ہونا بھی لازمی ہوتا ہے۔

عصمت کا امکان جہل کی نفی ہی سے پیدا ہوتا ہے۔ یعنی علم سے شعور اتنا روشن ہو کہ حقائق اس کی نگاہ میں بے حجاب ہوں اور وہ ذی شعور انسانوں کی رہنمائی کا واقعی اہل ہو۔ علم کے علاوہ اس ثبوت میں کہ وہ خدا سے رہنمائی کی سند لے کے آیا ہے۔ اس کو قوت اعجاز بھی درکار ہوتی

---

[1] شیخ سلیمان قندوزی حنفی۔ معالم العترہ (ینابیع المودت) مترجمہ ملک محمد شریف ص ۶۹۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے تاکہ اس کی قوت کے سامنے عام انسان عاجز ہو کر یہ سمجھنے پر مجبور رہوں کہ کچھ کمالات بہ زور بازو نہیں بلکہ بہ لطف پروردگار حاصل ہوتے ہیں جن کو خدا اپنا نمائندہ بناتا ہے انہیں کو یہ کمالات بھی حاصل ہوتے ہیں۔ یہ وہ افراد ہوتے ہیں کہ جن کے کردار کی طہارت پر خدا کی طرف سے آیۂ تطہیر[1] کی ضمانت ہوتی ہے اور ان کے نام کی شناخت میں حدیث رسول کی نص[2] سند کا کام کرتی ہے۔

اسی لیے فقۂ جعفری میں قرآن و حدیث پیغمبر کے ساتھ ساتھ قول معصوم کو بھی حدیث کا درجہ حاصل ہے۔ وہ روایت جس میں قول معصوم فعل معصوم یا تقریر معصوم نقل کیے گئے ہوں حدیث کہلاتی ہے۔ قول و فعل کے معنی ظاہر ہیں تقریر کے معنی ہیں۔ کسی دوسرے کے کسی قول یا فعل پر جو معصوم کے سامنے ہوا۔ معصوم کا راضی رہنا اور رضامندانہ سکوت کرنا[3]

واقعہ کربلا کا انحصار آیات قرآنی کے ساتھ ساتھ رسول کی ثقہ احادیث اور اقوال معصوم پر بھی ہے۔ انیس نے واقعہ کربلا کا پلاٹ اگر فقط فن شاعری کے حوالے کر دیا ہوتا اور ارشادات معصومین کی گرفت سے بالکل آزادی اختیار کی ہوتی تو ان کے مراثی تخیلات کا شاہکار تو ہو جاتے لیکن واقعہ کربلا کی صداقت کی تائید میں احادیث رسول اور اقوال معصومین کا دامن چھوٹ جاتا۔ انیس نے اپنی فکر کی پرواز کو مختلف زاویۂ نظر عطا کرتے ہوئے

---

[1] قرآن: سورہ احزاب آیت ۳۳

[2] شیخ سلیمان قندوزی حنفی۔ معالم العترہ (ینابیع المودت) مترجمہ محمد شریف ص۶۹۲ تا ص۶۹۳

[3] سید علی نقی: تدوین حدیث ص۵

فرمودات معصومین کی رہنمائی میں آگے بڑھایا ہے اور اس طرح سے شاعری میں واقعیت کا اہتمام رکھا ہے۔ تاکہ شاعری فن کے ساتھ ساتھ ایک تاریخی اور مذہبی دستاویز کا کام بھی دیتی رہے۔ تخیلات کی رعنائی نے جمالیاتی حسن کو بھی تشنہ نہیں رکھا اور حدیث و ارشاد معصوم کی روحانی معنویت کو احساس کے پیکر میں ڈھال بھی دیا ہے۔ اس باب میں کلام انیس کا تجزیہ پہلے احادیث رسول اور بعد میں اقوال معصومین کی روشنی میں کیا گیا ہے۔

حدیث نور

ے یہ پیشتر آدم سے کبھی تھا عرش پہ موجود [1]
ے مجھ سے روشن ہے فلک مجھ سے منور ہے زمیں [2]
ے پیدا ہوئے تھے یہ عوض خاک نور سے [3]

ایک نور کے دو حصے کیے حق نے برابر
اور پھر کیے ہر حصہ کے دو حصے مقرر
دو ٹکڑوں سے مخلوق ہوئے احمد و حیدر
پیدا ہوئے دو حصوں سے سبطین پیمبر
زہرا کو پھر اس نور سے تنہا کیا پیدا
یوں پنجتن پاک کا نقشہ کیا پیدا [4]

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ ۔ نول کشور ص۸

[2] " " : " جلد ۱ ۔ " " ص۹۴

[3] " " : " ۱ ۔ " " ص۴۳

[4] " " : " ۲ ۔ " " ص۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انیس نے مندرجہ بالا مصرعوں میں رسول خدا کی اس حدیث نور کو پیش کیا ہے جو احادیث کی مختلف کتب میں مختلف اعتبار سے ملتی ہے۔

جابر ابن عبداللہ انصاری سے روایت ہے کہ میں نے رسالت مآب سے پوچھا کہ یا رسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں سب سے پہلے خدا نے کس چیز کو خلق کیا۔ آنحضرت نے جواب دیا۔ جابر سب سے پہلے میرے نور کو پیدا کیا۔ [1]

جابر ابن عبداللہ انصاری سے روایت ہے کہ رسول نے فرمایا کہ خداوند عالم نے ہم کو اور علی کو ایک ہی نور سے پیدا کیا۔ اور وہ نور آدم کی پیدائش سے دو ہزار سال پیشتر خدا کی تسبیح و تقدیس کرتا تھا جب خدا نے آدم کو پیدا کیا۔ تو ہم آدم کی پشت میں ساکن ہوئے۔ ہم صلب طاہر اور شکم پاک سے ہوتے ہوئے نوح کے صلب میں آئے اور پھر صلب ابراہیم میں آئے یہاں تک کہ عبدالمطلب کی پشت میں منتقل ہوئے۔ پس وہ نور دو حصوں میں منقسم ہو گیا۔ ایک حصہ عبداللہ کے صلب میں اور ایک حصہ ابو طالب کے صلب میں۔ میں صلب عبداللہ سے نکلا اور علی صلب ابو طالب سے۔ اس کے بعد میرا اور علی کا نور فاطمہ میں جمع ہو گیا اور پھر حسن و حسین پروردگار عالم کے نور کے دو حصے ہیں [2]

میر انیس نے مذکورہ مصرعوں میں حدیث نور کو اپنے کلام میں جس طرح نظم کیا ہے اس میں متن حدیث کا پورا پورا ترجمہ بھی ہے اور کلام کی

---

[1] شیخ سلیمان قندوزی حنفی: معالم العترہ (ینابیع المودت) ترجمہ ملک محمد شریف

[2] ملا محمد صالح سنی الحنفی کوکب دری (مناقب مرتضوی) ترجمہ سید محمد سبطین صہ ۱۵۳

لطافت بھی۔ یعنی نہ کلام ترجمہ کی احتیاط پر اثر انداز ہوا اور نہ ترجمہ کی احتیاط کلام کی شیرینی اور سلاست پر۔

میر انیس کے یہاں حدیث پیغمبر کو نظم کرنے میں جو اضافی خوبی محسوس ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ انیس نے مذکورہ مصرعوں میں تسلسل اور تجزیہ دونوں کو ہم آہنگ کر دیا۔ حدیث نور کی اہمیت کو انیس نے گہرائی سے محسوس کیا ہے۔ نور ایک مذہبی اصطلاح نہیں بلکہ نور ایک ایسی ہمہ گیر اصطلاح ہے جو ہر زمان و مکان کی فکر میں موجود ہے۔ علم چاہے موضوعی ہو یا معروضی دراصل ایک نور بیکراں کی ایسی موج ہوتی ہے جس کی تہہ میں لاشعوری اور نوری کارواں جس منزل تک پہونچے گا وہ بالآخر کسی نوری شخصیت پر منتہی ہو جائے گی۔ اس پورے سفر کو ادب اور فلسفے کی دنیا میں اصول سے ذات تک پہونچنے کے عمل سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ابھی تک کائنات اس سفر میں سرگرداں ہے۔ لیکن بالآخر جہاں تک پہونچے گی اس کی روداد اسی حدیث نور میں مذکور ہے فرق فقط اتنا ہے کہ حدیث میں نور کا ذکر پہلے ہے شخصیتوں کا ذکر بعد میں اور انسان پہلے شخصیت (OBJECT) تک پہونچ کر نور تک پہونچتا ہے۔ میر انیس نے متذکرہ بالا مصرعوں میں سے (اک نور کے دو حصے کئے حق نے برابر + اور پھر کئے ہر حصّے کے دو حصے مقرر) بات کو خدا کے نور سے دو مصرعوں تک اصولی رکھا اور پھر اجزائے نور سے شخصیتوں کی تخلیق کی طرف اشارہ کر کے اس کے بعد کے مصرعوں میں اہل بیت کو حقیقت منتہا سے اصولی طور پر بہت قریب کر دیا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیث ثقلین

ے دونوں یہ جدا مجھ سے نہ ہوں گے کبھی زنہار
میں ساتھ تمہارے ہوں جو ساتھ انکے رہو گے
مجھ سے اسی تقریب سے کوثر پہ ملو گے [1]
ے قرآں کا اور آل محمد کا ساتھ ہے [2]

میر انیس نے ان مصرعوں میں رسول کریم کی اس حدیث کو نظم کیا ہے جو حدیث ثقلین کے نام سے مشہور ہے۔ کتاب احادیث میں یہ حدیث ثقلین مختلف طریقوں سے وارد ہوتی ہے۔

۱۔ حبیب ابن ثابت اور زید ابن ارقم (یعنی یہ حدیث دونوں اصحاب سے منقول ہے) نے کہا کہ رسول اللہ نے فرمایا" میں تمہارے درمیان دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں ان دونوں سے اگر تم مضبوطی کے ساتھ وابستہ رہے تو ہرگز گمراہ نہ ہوگے۔ جن میں ایک قرآن اور دوسری میری اولاد یعنی میرے اہلبیت۔ یہ دونوں ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوں گے یہاں تک کہ یہ دونوں میرے پاس حوض کوثر پر وارد ہوں [3]

خم غدیر کا خطبہ

خم غدیر کا خطبہ :۔ زید ابن ارقم کہتے ہیں کہ ایک روز

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ ۔ نول کشور ص۶
[2] " " : " ۴ " " ص۶
[3] صحیح ترمذی : " ۲ ص۲۴۳

رسول خدا صلعم نے ہمارے درمیان کھڑے ہو کر مقام خُم کے چشمہ یا پانی پر جو مکہ اور مدینہ کے درمیان میں واقع ہے خطبہ دیا۔ اول خدا کی حمد و ثنا کی پھر لوگوں کو نصیحت کی اور ثواب و عذاب کو یاد دلایا اور اس کے بعد فرمایا۔ اے لوگو آگاہ ہو میں بھی تمہارے مانند ایک آدمی ہوں (فرق صرف اتنا ہے کہ میرے پاس وحی الٰہی آتی ہے) اور وہ وقت قریب ہے کہ میرے پروردگار کا بھیجا ہوا فرشتہ (موت) آئے اور میں خداوند تعالیٰ کے حکم کو قبول کر لوں (یعنی دنیا سے رخصت ہو جاؤں) سنو میں تمہارے درمیان دو بھاری چیزیں چھوڑنے والا ہوں۔ ان میں سے پہلی چیز خدا کی کتاب ہے جس میں ہدایت ہے تم خدا کی کتاب کو مضبوط پکڑ لو اور اس پر عمل کرنے پر مضبوطی سے قائم رہو اس کے بعد رسول خدا صلعم نے قرآن مجید کی طرف لوگوں کو کافی رغبت دلائی اور خوب ابھارا اور دوسری چیز میرے اہل بیت ہیں۔ میں تم کو خدا سے ڈراتا ہوں اور خدا کو یاد دلاتا ہوں کہ تم میرے اہلبیت کو نہ بھولنا اور یاد دلاتا ہوں کہ میرے اہلبیت کے حق کو نہ بھولنا۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے فرمایا خدا کی کتاب خدا کی رسی ہے جو شخص اس کو چھوڑ دے گا گمراہ ہو گا۔ [1]

۲۔ جابر بن انصاری اور ایان بن ثابت سے مروی ہے کہ روز عرفہ رسول منبر پر تشریف لے گئے اور توحید و حمد الٰہی کے بعد فرمایا کہ اے لوگو، میں تمہارے درمیان دو گراں قدر چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں اگر تم اس کی طرف مائل ہو جاؤ تو ہرگز گمراہ نہ ہو گے۔ [2]

---

[1] مشکوٰۃ شریف کامل : ص۹۱۵ ۔ ترجمہ آغا رفیق بلند شہری
[2] محمد صالح کشفی الترمذی السنی الحنفی؛ کوکب دری (مناقب مرتضوی) ترجمہ سید محمد سبطین ص۱۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۳۔ احمد بن فضل بن محمد اپنی کتاب وسیلۃ المآل میں لکھتے ہیں کہ محمد بن جعفر نے ام سلمہ سے روایت کی ہے کہ رسول جب مرض الموت میں تھے تو ان کا کمرہ اصحاب سے بھرا ہوا تھا تو میں نے یہ کہتے ہوئے سُنا کہ "لوگو میں تم سے بہت جلد رخصت ہونے والا ہوں۔ پہلے بھی تم سے کہہ چکا ہوں اور اب پھر کہتا ہوں کہ میں تمہارے درمیان دو بزرگ چیزیں چھوڑے جاتا ہوں۔ ایک کتاب اللہ اور ایک میری عترت یعنی میرے اہلبیت۔" [1]

۴۔ ایک روایت میں ہے کہ 'میں تم میں دو باتیں چھوڑ رہا ہوں۔ اگر تم نے اس کی پیروی کی تو ہرگز گمراہ نہ ہوگے۔' [2]

میر انیس نے مذکورہ بالا مصرعوں میں ان تمام حدیثوں کے نفس مضمون کو نظم کرتے ہوئے حدیث میں لفظ 'لن یفترقا' یعنی ہرگز ہرگز کے تاکیدی لہجہ کو ادا کرنے کے لئے ایک ہی مصرعہ میں 'کبھی اور زنہار' دونوں ایک ساتھ استعمال کیا ہے تاکہ تاکید کی شدت کا احساس باقی رہے ــ دوسرے مصرعوں میں ــ 'قرآن اور آل محمد کا ساتھ ہے' میں جو برجستگی ہے اس سے فطری ہم آہنگی کا احساس پیدا کیا ہے کہ قرآن اور اہلبیت فطرتاً اتنا ہم آہنگ ہیں کہ ایک ہی حقیقت کی دو تعبیریں ہیں۔ اور انھیں تعبیروں کی تقریب کو رسول سے کوثر پر ملاقات کا وسیلہ بنایا ہے۔ یعنی استدلال، ترجمہ، حدیث اور فصاحت زبان سب کو ایک جگہ جمع کر دیا ہے۔

---

[1] آغا محمد سلطان مرزا : البلاغ المبین حصہ اول و سوئم ص ۵۸۶

[2] صواعق محرقہ : ترجمہ اختر فتحپوری ص ۵۰۶

حدیث قرطاس

ع

حال ان کا نظر آیا جو سلطان امم کو

فرمایا کہ لے آؤ دوات اور قلم کو

تحریر تمہارے لئے کچھ کرنا ہے ہم کو

تا راہ ضلالت سے رکھو باز قدم کو

واللہ عمل گر مرے لکھنے پہ کروگے

پھر حشر تلک تم کبھی گمراہ نہ ہوگے [1]

میر انیس نے اس بند میں حدیث قرطاس جو بین المسلمین ایک مشہور حدیث ہے اس کا ترجمہ کیا ہے جو اصل عبارت کا مکمل ترجمہ ہے۔ حدیث قرطاس اس واقعہ کی طرف اشارہ کرتی ہے جب رسول کی زندگی کا آخری وقت آیا تو آپ نے قلم، کاغذ اور دوات طلب فرمایا اور کہا کہ لاؤ ایک ایسی چیز لکھ دوں کہ تم میرے بعد گمراہ نہ ہو۔

آپ نے وفات سے تین روز پہلے فرمایا کہ میں تمھارے لئے ایسی چیز لکھوں گا کہ تم گمراہ نہ ہوگے۔ اس پر حضرت عمر نے لوگوں کی طرف مخاطب ہو کر کہا کہ آنحضرت کو درد کی شدکایت ہے اور ہمارے لئے قرآن کافی ہے۔ حاضرین نے کہا کہ رسول اللہ بہکی باتیں کر رہے ہیں (نعوذ باللہ) روایت میں ہُجر کا لفظ ہے جس کے معنی ہذیان کے ہیں۔" [2]

---

[1] مراثی انیس ۔ نول کشور ۔ جلد ۲ ص ۸

[2] شبلی نعمانی : الفاروق ۔ ص ۲۷۶ صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۹۴ مشکوٰۃ شریف : جلد ۲ ص ۲۰۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس مقام پر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ رسول کیا تحریر کرنا چاہتے تھے۔
اس کی وضاحت اس روایت سے ہوتی ہے: "ابن حجر عسقلانی، فتح الباری میں لکھتے ہیں کہ آنحضرت نے ارادہ کیا تھا کہ اپنے بعد کے خلیفہ کا نام مقرر کر دیں اور تحریر کر دیں تاکہ آپس میں کوئی اختلاف نہ ہو"۔ [1]

پھر رسول نے بطور وصیت یہ حدیث ارشاد فرمائی ——
رسول خدا نے اپنے مرض موت کے وقت ارشاد فرمایا کہ اے لوگو غالباً میں بہت جلد رحلت کر جاؤں — تمہارے درمیان کتاب خدا اور اپنی عترت چھوڑ کے جاتا ہوں۔ پھر آپ نے حضرت علی کا ہاتھ پکڑ کر اٹھایا اور فرمایا کہ یہ علی قرآن کے ساتھ اور قرآن علی کے ساتھ ہے اور یہ دونوں ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گے حتیٰ کہ میرے پاس حوض کوثر پر وارد ہوں گے۔ [2]

انیسؔ نے مذکورہ بالا مصرعوں میں جس نفس مضمون کو پھیلایا ہے وہ امت کی ہدایت کے لئے ایک ایسی تحریر سے متعلق ہے جو اس بات کی ضامن ہے کہ جیسے بکھرے ہوئے قبیلے کل رسول کی قیادت میں ایک امت میں تبدیل ہو گئے ویسے ہی رسول کے بعد بھی اگر بکھرنے کا خطرہ پیدا ہوا تو اسی تحریر پر عمل امت کو متحد رکھ سکے گا۔ اور اگر تحریر کو نظر انداز کر دیا گیا تو سوائے افتراق اور انتشار کے اور کوئی دوسرا نتیجہ نہیں پیدا ہو سکتا۔ تحریر میں رسول کیا لکھتے یہ تو علم رسول سے متعلق ہے۔ لیکن امت کو ہدایت کے لئے رسول کا قلم اور دوات طلب کرنا اور آخر عمر میں اسی مطالبہ کا امت کے سربرآوردہ

---

[1] آغا محمد سلطان مرزا: البلاغ المبین۔ اول و سوئم۔ صـ۲۲۳

[2] 〃 〃 〃 : 〃 〃 〃 〃 – صـ۲۲۶

افراد کی طرف سے رد کیا جانا مستقبل میں امت اسلامی کی غیر معمولی تباہی کا آئینہ دار ہے اس پوری کیفیت کو لفظ 'سلطان امم' اور اس کے فرمان کی عدم تعمیل کی امیجری میں پیش کر کے انیسؔ نے تاریخی، مذہبی اور معاشرتی سطحوں کو ایک ساتھ متحرک کر دیا ہے۔

حدیث کساء

کیا مرتبہ ہے صلے علیٰ آل محمد
یہ پانچ بشر نور الٰہی سے بنے ہیں [1]

اب پنجتن پاک سے خالی ہے مدینہ [2]

یوں پنجتن پاک کا نقشہ کیا پیدا [3]

ان مصرعوں میں انیسؔ نے پانچ بشر اور پنجتن کے لفظ کو نظم کر کے اس حدیث کی طرف اشارہ کیا ہے جس کی بنیاد پر پنجتن کا لفظ مشہور ہوا اور جو پنجتن پاک کے نام سے جانے جاتے ہیں وہ محمد، علی، فاطمہ، حسن اور حسین ہیں اور جس حدیث میں ان پانچوں کا اکٹھا ذکر موجود ہے وہ حدیث کساء ہے۔

حدیث کساء کی امتیازی خصوصیت :-

فقہ جعفری میں معصوم کے قول و فعل کو اور تقریر (یعنی سکوت) کو

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ – نول کشور صـ۳۱

[2] 〃 〃 : 〃 ۴ – 〃 〃 صـ۱۱۹

[3] 〃 〃 : 〃 ۲ – 〃 〃 صـ۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیث کہتے ہیں۔ چوں کہ محمد مصطفےٰ، علی مرتضیٰ، فاطمہ زہرا، حسن مجتبیٰ اور حسین سید الشہداء سب معصوم تھے لہٰذا ان میں سے ہر ایک کا قول بھی حدیث کی حیثیت رکھتا ہے اور حدیث کساء وہ حدیث ہے جس میں سارے اقوال معصومین سمٹ آئے ہیں۔

جناب فاطمہ زہرا سے روایت ہے کہ ایک دن میرے بابا رسول خدا گھر سے تشریف لائے اور کہا کہ اے بیٹی میں اپنے بدن میں ضعف محسوس کر رہا ہوں ذرا میری چادر لاکے میرے حوالے کر دو۔ ابھی میرے بابا چادر میں آرام ہی کر رہے تھے کہ میرا بڑا بیٹا حسن آیا اور سلام کیا۔ اور کہا مادر گرامی میں اپنے نانا کی خوشبو محسوس کر رہا ہوں۔ میں نے جواب دیا کہ تمھارے نانا چادر کے نیچے آرام کر رہے ہیں۔ حسن چادر کے قریب آئے اور اپنے نانا سے اجازت لے کر چادر میں داخل ہو گئے۔ تھوڑی ہی دیر کے بعد چھوٹا بیٹا حسین آیا۔ اس نے بھی بعد سلام وہی انداز اختیار کیا جو حسن کا تھا اور نانا کے ساتھ چادر میں داخل ہو گیا۔ پھر اس کے بعد ابوالحسن (حضرت علی) آئے اور نبی کے بارے میں پوچھا اور اجازت لے کر نبی کی چادر میں داخل ہو گئے۔ پھر میں بذات خود چادر کے قریب آئی، بابا سے اجازت لی اور میں بھی داخل ردا ہو گئی۔ جب پانچوں چادر کے نیچے آ گئے تو حضرت نے فرمایا "پروردگار یہی میرے اہلبیت ہیں۔" [1]

یہ روایت مختلف الفاظ کے فرق کے ساتھ صحیح ترمذی اور مشکوٰۃ شریف میں بھی موجود ہے۔

۱۔ حضرت ام سلمہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے ایک مرتبہ

---

[1] حدیث کساء: مرتبہ سید وزیر حسن ص۱ تا ۱۵

حضرت فاطمہ زہرا حضرت علی اور حضرت حسن اور حسین کو کملی میں لے کر فرمایا اے اللہ یہ میرے اہلبیت ہیں اور میرے خاص الخاص لوگ ہیں ان سے نجاست کو دور رکھ اور ان کو خوب پاک و صاف کر دے۔ حضرت ام سلمہ نے عرض کیا یا رسول اللہ میں بھی ان کے ساتھ ہوں۔ آپ نے فرمایا تم (اپنی جگہ) خیر پر ہو۔ (یہ حدیث حسن صحیح ہے) اور اس باب میں جتنی روایتیں ہیں ان میں یہ سب سے اچھی ہے۔ اس باب میں حضرت انس، حضرت عمر ابن ابی سلمہ اور حضرت ابوالحمراء سے بھی روایت ہے۔ [1]

۲۔ عائشہ کہتی ہیں کہ رسول خدا صلعم ایک روز صبح کے وقت ایک سیاہ نقش دار کملی اوڑھے باہر تشریف لائے (غالباً صحن مکان میں) کہ آپ کی خدمت میں حسن بن علی حاضر ہوئے آپ نے ان کو کملی میں بٹھا لیا۔ پھر حسین ابن علی آئے ان کو بھی اپنی کملی کے اندر بٹھا لیا۔ پھر فاطمہ آئیں۔ آپ نے ان کو بھی کملی کے اندر بٹھا لیا۔ پھر علی آئے اور آپ نے ان کو بھی کملی کے اندر داخل کر لیا اور یہ آیت پڑھی۔ انّما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا ۝ یعنی اے اہل بیت خدا وند تعالیٰ چاہتا ہے کہ گناہوں کی ناپاکی کو تم سے دور رکھے (مسلم) (مشکوٰۃ شریف) [2]

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں نور الٰہی کی وحدت کو لفظ پنجتن میں سمیٹ کر صفت الٰہی کے مظہر اور بشری پیکر کے مابین ایک نہایت عمیق نظام ہدایت کو ایک مصرعہ میں نظم کر دیا ہے۔ اور اسی نظام کی آخری کڑی چونکہ حسین کی ذات گرامی تھی لہٰذا حسین سے مدینہ کا خالی ہونا ایسا تھا جیسے ایک نورانی نظام سے مدینہ

---

[1] ترمذی شریف: جلد ۲ ص۴۰۴۔ اردو ترجمہ۔ حکیم مصباح الدین جامی۔

[2] مشکوٰۃ شریف کامل: ص۹۱۶ مترجمہ: آغا رفیق بلند شہری۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

محروم ہورہا ہو۔

انیس نے پنجتن کے ساتھ پاک کا لفظ استعمال کرکے جسم اور طہارت کے مابین اس مفروضہ کو اجاگر کیا ہے کہ تن یا جسم چونکہ مادی خواہشات کی پیدائش اور اس کی تکمیل کا ذریعہ ہوتا ہے جو انسان کو طہارت سے ہٹا کر کثافت کی طرف کھینچ لے جاتا ہے۔ لہٰذا تن یا جسم رکھتے ہوئے 'طہارت' سے مخصوص ہو جانا اس حقیقت کی نشاندہی کرتا ہے کہ یہی وہ پانچ اجسام بشری ہیں جہاں مشیت الٰہی میں جسم کی کثافت حائل نہیں ہو سکی اور طہارت کے اعلیٰ نمونے انہیں اجسام کی علی تحریک سے پیدا ہوئے۔

حدیث مودت

ے ایمان دشمنان علی نا قبول ہیں..
روزے ہوں یا نماز ہوں سب کے فضول ہیں [۱]

ے پھر کیا ادا[۲] زکوٰۃ بھی گر حج سمیت کی
شرط قبولیت ہے ولا اہلِ بیت کی [۳]

ے ہے جس کے پاؤں حبّ علی کی بساط پر
ثابت قدم رہیں گے انھیں کے صراط پر [۴]

۱ نائب حسین کے مطبوعہ میں 'فضول' کی جگہ 'بے اصول' درج ہے۔
۲ نائب حسین کے مطبوعہ میں لفظ 'ادا' کی جگہ 'ہوا' درج ہے۔
۳ مراثی انیس : جلد ۳ صہ ۱۲۸
۴ مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور صہ ۲۷

کام آئے گی اک دوستی آلِ پیمبر [۱]

میر انیس نے ان میں وہ حدیث رسول نظم کی ہے جو حدیث مودّت کے نام سے مشہور ہے اور جس میں رسول نے وضاحت کی ہے کہ امت کے اعمال کی قبولیت کا دار و مدار اجر رسالت پر ہے اور اجر رسالت مودّت اہل بیت رسول ہے اور بغیر ان کی محبت کے صراط سے گزرنا ناممکن ہے۔

امیر المومنین سے روایت ہے کہ قیامت کے دن سب اپنے اعمال لے کر آئیں گے۔ بس ان کے اعمال ان کو کچھ نہ دیں گے سوائے ان لوگوں کے اعمال کے جن کو میں اور علی خدا کے قبول کرنے کے بعد قبول کر لوں گا۔ یعنی عمل خدا کے لئے کیا ہے اور دل رسول اور علی کی محبت سے خالی ہے تو خدا اس کے اعمال کو قبول نہیں کرے گا۔ [۲]

دوسرے مقام پر یہ حدیث یوں درج ہے:-

امیر المومنین فرماتے ہیں کہ رسول اللہ نے کہا کہ اے علی صراطِ مستقیم تیرا راستہ ہے جس کو تو چاہے برق کی طرح گزار دے اور جنت نعیم میں پہونچا دے اور جس کو تو چاہے اوندھے منہ جہنم میں بھیج دے۔ [۳]

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ علی صراط مستقیم ہیں اور انھیں کی محبت پر باقی رہنا دنیا میں صراط مستقیم پر باقی رہنے اور آخرت میں صراط کو عبور کرنے کے مترادف ہے۔

۱ مراثی انیس : جلد ۴۔ نولکشور صہ ۶۲
۲ سید محمد صالح کشفی الترمذی السنی الحنفی کوکب دری (مناقب مرتضوی) ترجمہ سید محمد سبطین صہ ۱۹۰
۳ " " " " " " " " " " " " " " " صہ ۱۹۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میر انیسؔ نے مختصر الفاظ میں دنیا و آخرت میں صراط پر ثابت قدم رہنے کے لیے حب علی کی مشترک شرط ہونے کے مفہوم کو ادا کیا ہے اور یہ اشارہ کیا ہے کہ علی کی محبت شخصیت کی محبت نہیں اصول کی دریافت ہے۔ اب اگر مزاج میں اصول کی پابندی ہے تو علی سے محبت ایک فطری عمل ہوگا۔ اور یہی وہ عمل ہے جو صراط مستقیم پر ثابت قدم رکھے گا۔ چونکہ ثبات خدا عطا کرتا ہے اور یہی ثبات حبّ علی سے حاصل ہوتا ہے لہٰذا محبت علی بھی ایک الٰہی عطیہ ہے۔ میر انیسؔ نے حب علی کا ذکر کرنے کے بعد مصرعہ میں ثبات قدم کو نظم کیا۔ تاکہ یہ واضح رہے کہ محبت علی پر عمل ہی کا نام ثبات قدم ہے۔

حدیث وصایت

ع فرمایا مصطفےٰ نے کہ میں اور مرا وصی
تھے ایک نور خلقت آدم بھی جب نہ تھی [۱]

ع بھائی بھی یہ مرا ہے وصی بھی ہے یہ مرا [۲]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں رسول کریم کی اس حدیث کو نظم کیا ہے جو حدیث دعوت عشیرہ کے نام سے مشہور ہے۔

رسول خدا تین سال تک پوشیدہ طور پر تبلیغ کرتے رہے اور جب یہ آیت نازل ہوئی کہ "اے رسول اپنے قرابت داروں کو ڈراؤ" تو رسالت مآب نے حضرت علی کو بلایا اور کہا کہ کچھ طعام تیار کرو اور دعوت

[۱] مراثی انیسؔ : جلد ۲ ۔ نول کشور ص۴۹

[۲] " " : جلد ۲ ۔ " " ص۷

دیدو کہ آئیں بنی عبدالمطلب۔ اور حضرت علی نے ایسا ہی کیا۔ طعام پر بنی عبدالمطلب آئے۔ وہ کچھ کم و بیش چالیس آدمی تھے ان لوگوں میں آں حضرت کے چچا ابو طالب، حمزہ اور عباس بھی تھے۔ ان لوگوں نے طعام خوب سیر ہوکر کھایا جب کہ وہ صرف اتنا تھا کہ وہ ایک آدمی کے لیئے ہی کافی ہوتا۔ اور جب نبی نے ان سے کچھ کہنا چاہا تو ابولہب نے کہا دیکھا۔ تمھارے ساتھی نے تم پر کیسا سخت جادو کیا (اور سب چلے گئے) نبی نے حکم دیا کہ اے علی کل پھر تم اسی طرح طعام حاضر کرنا۔ لوگوں کو بلانا چنانچہ علی نے پھر دوسرے دن اسی طرح اہتمام کیا۔ جب لوگ کھانا کھا چکے تو نبی نے کلام کیا "میں عرب میں کسی شخص کو نہیں جانتا جو اپنی قوم کے لئے اس سے بہتر پیغام لایا ہو۔ میں تمہارے لئے دین و دنیا کا بہترین خیر لایا ہوں۔ مجھے خداوند عالم نے حکم دیا ہے کہ میں اس امر کی طرف بلاؤں۔ کون ہے جو اس امر رسالت میں میرا ساتھ دے گا۔ اور جو اس امر رسالت میں میرا وزیر ہو، میرا وصی اور میرا خلیفہ بھی ہو۔ وہ تمام لوگ خاموش رہے۔ حضرت علی کھڑے ہوئے اور فرمایا کہ میں ان سب میں عمر میں چھوٹا ہوں لیکن یا رسول اللہ میں آپ کا وزیر بننے کے لئے تیار ہوں پس آں حضرت نے علی کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا، اے لوگو یہ میرا بھائی، میرا وصی اور میرا خلیفہ ہے۔ پس تم لوگ اس کی بات سنو اور اطاعت کرو۔ [۱]

مسند احمد بن حنبل میں ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا۔ میں اس طرح دعا کرتا ہوں جس طرح میرے بھائی موسیٰ نے دعا کی تھی، اے بارخدا میرے

[۱] تاریخ ابوالفدار جز اول ص۱۱۶ البلاغ المبین ص۲۴۶ تا ص۲۴۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اہل سے میرے واسطے علی کو وزیر بنا جو کہ میرا بھائی ہے۔ میری پشت کو اس سے قوی کر اور میرے کام میں اس کو شریک بنا۔ [۱]

انس سے مروی ہے کہ جناب رسول خدا نے فرمایا۔ میرا بھائی اور میرا وزیر میرے اہل سے میرا خلیفہ ان سب لوگوں میں وہ ہے جس کو میں اپنے بعد چھوڑوں گا اور وہ بہتر طریقہ سے میرے قرضوں کو ادا کرنے والا میرے وعدوں کو پورا کرنے والا علی ابن ابی طالب ہے۔ [۲]

انیسؔ نے مذکورہ بالا مصرعوں میں وصایت نبی کے ذکر کے ساتھ عالم انوار کا ذکر بھی کیا ہے تاکہ نبی کے وصی ہونے کا مسئلہ سیاسی اور سماجی نہ ہو بلکہ فطری اصول سے طے کیا جائے جس کی دو حیثیتیں ہیں ایک عقلی اور دوسرا عقیدتی۔ عقلی اس طرح کہ اگر نور کو کمال کا مترادف سمجھ لیا جائے تو نور کا جانشین اسی طرح نور ہوگا۔ جیسے کمال کی جگہ پر کمال ہی آسکتا ہے ـــــ دوسرے اس طرح کہ رسول چونکہ عام بشری ارتقا (یعنی جہالت سے علم اور ظلمت سے نور کی طرف) کے حامل نہیں لہٰذا اگر عقیدہ اس بات کو خلاف عقل نہ سمجھتے ہوئے تسلیم کرلے کہ ایک سلسلۂ بشریت نور سے شروع ہوا ہے۔ تو اسی نور کی دوسری کڑیوں کو وصی بننے کا اصولی حق حاصل ہوگا۔ چونکہ علی کا بھائی ہونا نور رسالت میں شریک ہونا تھا۔ لہٰذا ان میں وصایت کی اہلیت لازمی ہوگی۔ موسیٰ نے بھی وصایت کے لئے اہل بیت اور اخوت

---

[۱] ملا محمد صالح سنی الحنفی کوکب دری (مناقب مرتضوی) مترجمہ محمد سبطین صـ۱۵۶

[۲] شیخ محمد سلیمان حسینی بلخی قندوزی حنفی۔ مفتی اعظم قسطنطنیہ معالم العترہ (ینابیع المودۃ) ترجمہ ملک محمد شریف۔ صـ۴

کا حوالہ دیا تھا۔

حدیث مدینۃ العلم

رسول کہتے تھے بازو پکڑ کے حیدر کا
خزینہ علم کا تو میں ہوں اور باب یہ ہے
جسے پہونچنا ہو مجھ تک وہ اس سے راہ کرے
خطا کے اور ہیں رستے رہ صواب یہ ہے [۱]

انیسؔ نے ان مصرعوں میں رسول کریم کی اس حدیث کی طرف اشارہ کیا ہے جو عالم اسلام میں حدیث مدینہ یا حدیث مدینۃ العلم کے نام سے مشہور ہے۔

جابر ابن عبداللہ انصاری سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا کہ "میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔ جو شخص علم کا طالب ہو اسے لازم ہے کہ وہ علم کے دروازے سے آئے۔" [۲]

اصحاب رسول میں جابر ابن عبداللہ انصاری، عبداللہ ابن مسعود عبداللہ ابن عمر، انس بن مالک، عمر بن عاص اور تابعین میں الحناطی سلیمان بن مہران، الاسدی بن عثمان سے یہ حدیث مروی ہے۔ شہاب الدین احمد نے توضیح الدلائل میں حدیث مدینۃ العلم کو حضرت عباس سے نقل کرنے کے بعد یہ لکھا ہے کہ یہ وہ فضیلت تھی جس کے سب اصحاب معترف تھے۔ [۳]

---

[۱] مراثی انیس: (سلام) جلد ۳۔ نول کشور صـ۹۶

[۲] ملا محمد صالح سنی الحنفی کوکب دری (مناقب مرتضوی) مترجمہ محمد سبطین صـ۱۵۷

[۳] آغا محمد سلطان مرزا: البلاغ المبین اول و سوئم صـ۳۵۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علی علم کا دروازہ :- علی کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے میں حکمت کا گھر ہوں اور علی حکمت کے گھر کا دروازہ ہے۔ [1]

انیسؔ نے مندرجہ بالا مصرعوں میں حدیث کی دو مختلف خصوصیات کو ملحوظ رکھتے ہوئے دونوں خصوصیات کو متحد کر دیا ہے۔ اولاً یہ کہ علم کی تمام وسعتوں کا سمٹ کر ایک فرد میں منحصر ہو جانا۔ دوئم یہ کہ ایسی وسیع العلم شخصیت کا شخص اگر فقط حدیث کا لفظی ترجمہ کر دیا جاتا تو یہ حدیث فقط تذکرۂ فضیلت پر ختم ہو جاتی اور شخصیت نمایاں نہ ہوتی لیکن بازو پکڑ کر اس فضیلت کو ایک ذات میں منحصر کرنے کی منظر کشی نے حدیث میں ذکر فضیلت علی کے خطوط کو ایک مرکز سے قطعیت کے ساتھ وابستہ کر دیا ہے۔

حدیث محبت

جو دوست ہے اس کا وہ مرا دوست ہے واللہ
دشمن جو ہے اس کا مرا دشمن ہے وہ گمراہ
رتبہ سے علی کے میں تمہیں کرتا ہوں آگاہ
جو اس سے بغی ہوئے گا کافر ہے وہ بدخواہ
جس کو کہ یقیں اس کی امامت کا نہیں ہے
قائل وہ محمد کی رسالت کا نہیں ہے [2]

---

[1] مشکوٰۃ شریف کامل : مترجمہ آغا رفیق بلند شہری صہ ۹۱۱
[2] مراثیِ انیسؔ : جلد ۲ - نول کشور صہ ۷

جو ہے تمہارا دوست وہ ہے مجتبیٰ کا دوست
جو مجتبیٰ کا دوست ہے وہ مرتضیٰ کا دوست
جو مرتضیٰ کا دوست ہے وہ مصطفیٰ کا دوست
جو مصطفیٰ کا دوست ہے وہ ہے خدا کا دوست [1]

میر انیسؔ نے ان دونوں بندوں میں رسول کی اس حدیث کو نظم کیا ہے جس میں سرکار دو عالم نے اپنے اور علی کے درمیان رشتۂ محبت کی وضاحت کی ہے۔ اس حدیث کو حدیث محبت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ یہ حدیث کتب احادیث میں مختلف الفاظ کے ساتھ وارد ہوئی ہے۔ زیاد بن مطرب سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ کو فرماتے سنا کہ "جس شخص کی یہ آرزو ہو کہ اس کی زندگی، میری زندگی پر ہو اور اس کی موت میری موت پر قائم ہو تو اس کو چاہیے کہ وہ علی سے اور آپ کے بعد آپ کی اولاد سے محبت کرے۔" [2]

ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا کہ "اے علی وہ شخص بالکل جھوٹا ہے جو اس بات کا مدعی ہو کہ وہ مجھے دوست رکھتا ہے اور تم سے بغض رکھتا ہے۔" [3]

جناب رسول خدا نے فرمایا کہ (یا علی) تمہارا دوست میرا دوست، میرا دوست خدا کا دوست ہے، تمہارا دشمن میرا دشمن اور میرا دشمن خدا کا دشمن ہے۔ [4]

---

[1] مراثیِ انیسؔ : جلد ۲ - نول کشور صہ ۳۴
[2] شیخ سلیمان قندوزی سنی الحنفی : معالم العترۃ (ینابیع المودۃ) مترجمہ ملک محمد شریف صہ ۲۰۳
[3] " " " " " " " " " " " صہ ۲۰۸
[4] آغا محمد سلطان مرزا : البلاغ المبین - صہ ۲۷۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول نے فرمایا کہ علی کی دوستی ایسی نیکی ہے کہ اس نیکی کے ہوتے ہوئے کوئی بدی ضرر نہیں پہونچا سکتی اور علی کی دشمنی ایک ایسا گناہ ہے کہ اس گناہ کے ہوتے ہوئے کوئی نیکی بھی فائدہ نہیں پہونچا سکتی۔" ؎۱

انیس نے ان مصرعوں میں محبت اور ہدایت کے باہمی ربط پر مشتمل حدیث کے اساسی مفہوم کی رعایت رکھی ہے۔ محبت کا مرکز انسان کا قلب ہے اور ہدایت کا تعلق انسان کی عقل سے ہے عقل جب دنیا کے مختلف مکاتب فکر سے دوچار ہوتی ہے اور ان کے درمیان غلط اور صحیح کا امتیاز کرتے ہوئے اس راہ کو دریافت کر لیتی ہے جو نجات کی یقینی راہ ہو تو اسی راہ کی دریافت اور علی کی محبت کا اتحاد قلب و عقل کے دو الگ الگ عمل کو ایک ہم آہنگی عطا کر کے ایک تاریخی باب کھول دیتا ہے۔ انیس نے محبت کے نفسیاتی اور ادبی پہلوؤں کو رسالت اور امامت سے جوڑ کر محبت کو قانون ہدایت سے ہمکنار کر دیا ہے۔

حدیث کمال محبت

دشمن نہ ہوتا گر کوئی زوج بتول کا
کرتا کبھی نہ خلق جہنم کو پھر خدا ؎۲

انیس نے ان دو مصرعوں میں رسول کی اس حدیث کو نظم کر دیا ہے

؎۱ ملا محمد صالح سنی الحنفی کوکب دری (مناقب مرتضوی) مترجمہ سید محمد سبطین ص۱۶۸
؎۲ مراثی انیس : جلد ۲ ۔ نول کشور ص۳۸

جو ولائے علی کے اثرات کے نقطۂ کمال کو ظاہر کرتی ہے۔

امیر المومنین سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا کہ جب مجھے معراج کی رات جبریل آسمان کی طرف لے گئے تو ہر آسمان پر فرشتوں نے مجھ سے ملاقات کی اور یہ بشارت دی کہ اے محمدؐ! اگر آپ کی امت علی ابن طالب کی محبت پر مجتمع ہو جاتی تو اللہ دوزخ کو پیدا ہی نہ کرتا۔ ؎۱

مومن علی سے محبت کرے گا:۔ زریں بن جبش کہتے ہیں کہ علی نے کہا ہے قسم ہے اس ذات کی جس نے دانہ کو پھاڑا (یعنی اگایا) اور ذی روح کو پیدا کیا کہ نبی امی صلعم نے مجھ کو یہ حکم دیا اور وصیت کی کہ مجھ سے (یعنی علی سے) صرف وہ شخص محبت کرے گا (رکھے گا) جو مومن ہوگا۔ اور مجھ سے وہ شخص بغض و عداوت رکھے گا جو منافق ہوگا۔ ؎۲

انیس نے مذکورہ بالا مصرعوں میں آتش جہنم کے سرد ہونے کا راز علی کی دوستی کو بتاتے ہوئے حدیث کی دو اہم علامتوں یعنی 'جہنم' اور 'بغض علی' کے باہمی ربط کی ایک نازک حقیقت کی طرف اشارہ کر دیا ہے۔ 'جہنم' علامت ہے اس عذاب کی جو قانوناً گناہوں کے ایک معین مقدار تک پہونچ جانے پر خدا کی طرف سے نافذ کیا جاتا ہے۔ اور علی کی محبت کا ادنیٰ اثر یہی ہے کہ وہ گناہوں کو اس مقدار تک نہیں پہونچنے دیتی کہ عذاب جہنم کا لزوم آئے۔ لہٰذا اگر پوری خلقت اسی جہنم پر جمع ہو جاتی تو وجود جہنم بے مقصد ہو جاتا۔ اور خدا کسی بے مقصد شے کو باقی نہیں رکھتا۔ لہٰذا آتش جہنم بھی بجھا دی

؎۱ ملا محمد صالح سنی الحنفی کوکب دری (مناقب مرتضوی) مترجمہ سید محمد سبطین ص۲۷۸
؎۲ مشکوٰۃ شریف کامل ص۹۱ مترجمہ آغا رفیق بلند شہری۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جاتی۔ انیس نے لفظ 'علی' براہ راست نہیں استعمال کیا بلکہ علی کا ذکر 'زوج بتول' کی حیثیت سے کیا ہے۔ تاکہ یہ بھی باور کیا جاسکے کہ بتول فاطمہ کا لقب ہے اور "فاطمہ کے معنی 'جہنم سے چھڑانے والی' ہے۔"[۱] اسی نزاکت کے پیش نظر انیس نے مصرعہ یوں کہا ہے ؎ "دشمن نہ ہوتا اگر کوئی زوج بتول کا۔" ورنہ مصرعہ یوں بھی ہو سکتا تھا کہ ؎ "دشمن نہ ہوتا اگر کوئی شیر الٰہ کا۔" 'شیر الٰہ' کی جگہ 'زوج بتول'، رکھ کر انیس نے اپنی معلوماتی احتیاط کا ثبوت دیا ہے۔

حدیث : لَحمُکَ لَحمِی وَنَفسُکَ نَفسِی

؎ خوں سے جو بہم خون شہنشاہ عرب تھا
ہاں لحمک لحمی یہی کہنے کا سبب تھا [۲]

؎ دیکھے حدیث کو جسے کچھ اشتباہ ہے
اس پر حدیث نفسک نفسی گواہ ہے [۳]

انیس نے ان مصرعوں میں سرکار دو عالم کی اس طویل حدیث کو نظم کیا ہے جس میں رسول نے فرمایا۔ 'علی کا خون میرا خون ہے، علی کا گوشت میرا گوشت، علی کی جنگ میری جنگ، علی کی صلح میری صلح وغیرہ وغیرہ۔

ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا کہ اے علی تیرا گوشت میرا گوشت، تیرا خون میرا خون، تیری روح میری روح،

۱؎ علامہ مجلسی : بحار الانوار۔ جلد ۳ ۔ مترجمہ سید حسن امداد صـ۲۱

۲؎ باقیات انیس : اکبر حیدری۔ جلد اول صـ۱۰۱

۳؎ مراثی انیس : جلد ۲ ۔ نول کشور صـ۳۹

تیرا باطن میرا باطن، تیرا ظاہر، میرا ظاہر ہے اور اے علی ایمان تیرے خون اور گوشت میں اس طرح ملا ہوا ہے جس طرح میرا گوشت اور خون میرے جسم سے ملا ہوا ہے۔[۱]

دوسرے مقام پر یوں بھی یہ حدیث نظر آتی ہے۔

"دستور الحقائق میں منقول ہے رسول نے علی سے فرمایا۔ تیرا خون میرا خون ہے، تیرا گوشت میرا گوشت ہے، تیرا نفس میرا نفس ہے اور تیری روح میری روح ہے۔"[۲]

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں رسول اور علی کے خونی رشتہ کی قرابت کو فکر و شعور کے اتحاد کے پیرائے میں پیش کرنے کے لئے رسول کی حدیث کا سہارا لیا ہے۔ لفظ اشتباہ اس لئے استعمال کیا ہے کہ خونی قرابت کے باوجود فکر و نظر میں بھی قربت ہو ضروری نہیں۔ فکر کا خون کی قرابت سے کوئی لازمی رشتہ نہیں ہوتا۔ لیکن یہاں دو الگ الگ جسم ایک دوسرے سے اتنا قریب بلکہ ایک ذات ہیں کہ جو رسول کی فکر ہے وہی علی کی اور چونکہ گوشت و پوست اور خون سے تحلیل ہو کر ہی انسان کا نظریہ، اس کا شعور اور اس کی فکر بنتی ہے۔ لہٰذا خون سے خون، گوشت سے گوشت اور فکر سے فکر بھی اسی طرح ہم آہنگ ہیں جیسے خیال سے خیال اور ارادہ سے ارادہ مربوط ہو۔ اور چونکہ خیال و ارادے کا محور نفس ہوتا ہے۔ اس لئے جس طرح گوشت و پوست، فکر و نظر اور خون میں ہم آہنگی ہے اسی طرح نفس میں بھی یکسانیت ہوگی۔

۱؎ شیخ سلیمان قندوزی حنفی ۔ معالم العترہ (ینابیع المودت)
مترجمہ ملک محمد شریف صـ۲۰۸ تا صـ۲۰۹

۲؎ ملا محمد صالح سنی الحنفی کوکب دری مناقب مرتضوی ۔ ترجمہ سید محمد سبطین صـ۱۶۲۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیث فضیلت

فرمایا مصطفےٰ نے کہ میں اور مرا وصی
تھے ایک نور، خلقت آدم بھی جب نہ تھی
میرے لئے ہے گرچہ رسالت کا مرتبہ
تین اس میں پر فضیلتیں مجھ سے بھی ہیں سوا
اک یہ کہ حق نے جیسا برادر اسے دیا
میرے لئے نہیں ہے کوئی مجھ سے دوسرا
بی بی مجھے نہ مالک روز جزا ملی
زوجہ علی کو فاطمہ سی پارسا ملی [1]
بیٹے ملے حسین و حسن سید جلی
ایسے پسر کہاں ہیں رسالت پناہ کے [2]

انیسؔ نے مندرجہ بالا مصرعوں میں رسول کی اس حدیث کو نظم کیا ہے جو حضرت علی کی امتیازی شان کو نمایاں کرتی ہے اور جو حدیث فضیلت کے نام سے موسوم ہے۔

شرف النبی میں ابوالحمراء سے روایت ہے کہ رسول نے فرمایا کہ یا علی تجھ کو تین فضیلتیں ایسی دی گئی ہیں کہ خلقت میں کسی کو نہیں دی گئیں ہیں اور نہ مجھ کو عطا ہوئی ہیں۔ اول یہ کہ تجھ کو مجھ جیسا خسر دیا گیا اور میرا خسر مجھ جیسا نہیں ہے۔ دوئم یہ کہ

---

[1] میرانیس: جلد ۲ نول کشور ص ۴۶
[2] " : " " " ص ۴۰

میری بیٹی فاطمہ جیسی عورت تیری زوجہ ہے۔ اور مجھ کو ایسی زوجہ نہیں ملی اور سوئم یہ کہ تجھ کو حسن اور حسین فرزند عطا کئے گئے ہیں اور مجھ کو ایسے فرزند اپنے صلب سے نہیں ملے [1]

انیسؔ نے مذکورہ بالا مصرعوں میں حضرت علی کی فضیلت کے ان امتیازی پہلوؤں کو حدیث رسول کی روشنی میں نمایاں کیا ہے جو آن حضرت میں نہ تھے یا جمع نہیں ہو سکتے تھے۔ آپ بحیثیت باپ کے فاطمہ جیسی بیٹی رکھتے تھے لیکن بحیثیت شوہر کے کسی معصوم خاتون سے آپ کا عقد نہیں ہوا۔ آپ کا کوئی معصوم بھائی ویسا نہ تھا جیسا علی کو آپ کی ذات میں میسر تھا۔ آپ کو اولاد نرینہ میں جو بیٹے ملے اور بعد میں جن کی رحلت بھی ہو گئی، ان میں حسن اور حسین کی طرح معصوم اولاد کوئی نہ تھی۔ یہ وہ امتیازات تھے جن میں علی آپ سے منفرد تھے۔ اگرچہ یہ فضائل بھی بوسیلۂ آنحضور حاصل ہوئے تھے۔ انیسؔ نے فضائل میں علی کی امتیازی حیثیت کا تذکرہ کرتے ہوئے افراد اہل بیت کے القاب کو نظم نہیں کیا ہے بلکہ اسم ذات کو نظم کیا ہے۔ القاب میں فاطمہ کا کوئی ایک لقب ہی نظم ہو سکتا تھا۔ حسین و حسن کے بعض پہلوؤں پر روشنی پڑ سکتی تھی۔ لیکن اسم ذات میں تمام فضائل کے جمع ہو جانے کی ضرورت پوری ہو گئی اور امتیاز کا کوئی پہلو جو ان نسبتوں سے پیدا ہوتا ہے، تشنہ نہیں رہ گیا۔ اسم ذات کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ یہ نام زمین کے عام مذاق سے بالاتر آسمانوں پر معین کئے ہوئے نام تھے۔ اور جب نام آسمان سے آتا ہے تو نام بجائے خود کردار کی عظمتوں کی علامت اور کردار کی طہارت کا ضامن بھی ہو جاتا ہے۔ القاب کا تعلق کردار کے ظاہر ہونے کے بعد ہے اور نام کا تعلق ظہور کردار کے پہلے علم الٰہی کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ لہٰذا انیسؔ نے اسمائے ذات کو استعمال کر کے

---

[1] ملا محمد صالح سنی الحنفی۔ کوکب دری (مناقب مرتضوی) مترجمہ سید محمد سبطین ص ۱۵۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیث کے وزن کو برقرار رکھا۔

حدیثِ خیبر

۵ فرمایا شام کو یہ پیمبر نے یوں پکار
بھیجوں گا کل اسے جو مراد وستدار ہے
کرّار ہے وہ شخص نہ غیر فرار ہے ۱

انیس نے ان مصرعوں میں رسول کی اس حدیث کو نظم کیا ہے جو آپ نے تاریخ اسلام کی مشہور جنگ جنگ خیبر کے موقع پر حضرت کی شان میں اس وقت ارشاد فرمایا جب لشکر کے دوسرے سردار ناکام ہو ہو کر واپس پلٹ آئے تھے۔ یہ حدیث معتبر کتب احادیث میں مختلف انداز سے موجود ہے۔

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ روز خیبر جب مرحب لڑنے کے لئے نکلا تو آنحضرت نے ابوبکر کو مہاجرین کے لشکر کا علم بردار بنا کر بھیجا۔ علم کا پھریرا سفید تھا۔ وہ پلٹ آئے ـــ اس کے بعد حضرت عمر کو بھیجا۔ یہی صورت ان کے لئے بھی پیش آئی ـــ آخر کار حضرت نے فرمایا کہ کل علم اس کو دوں گا جو کرار اور غیر فرار ہوگا۔ ۲

سہیل ابن سعد کی روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا۔ خیبر میں یہ علم اس کو دوں گا جس کے ہاتھوں پر اللہ فتح نصیب کرے گا۔ جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اس کا رسول بھی اس سے محبت کرتے ہیں۔ حضرت علی

---

۱ مراثی انیس : جلد ۲ ۔ نول کشور ص۲۷
۲ مناقب ابن شہر آشوب : (مجموعۃ الفضائل) مترجمہ سید ظفر حسن آغا محمد سلطان مرزا
البلاغ المبین اول و سوئم ص۳۲۸ ، ص۳۹۷ تا ص۳۹۸

خیبر کے میدان میں آشوب چشم میں مبتلا تھے۔ لعاب دہن رسول سے فوری طور پر شفایاب بھی ہوگئے اور خیبر کی فتح حضرت علی کے ہاتھوں نصیب ہوئی۔" ۱

فتح خیبر کی عظمت :۔ سہیل بن سعد کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے خیبر کے دن فرمایا کل میں یہ جھنڈا ایک ایسے شخص کو دوں گا جس کے ہاتھوں سے خداوند تعالیٰ خیبر کو فتح کرائے گا اور وہ شخص اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھے گا۔ اور اللہ اور اللہ کا رسول اس سے محبت کرے گا۔ جب صبح ہوئی تو تمام لوگ حضور صلعم کی خدمت میں یہ امید لے کر حاضر ہوئے کہ یہ جھنڈا انھیں کو ملے گا جب سب لوگ جمع ہوگئے تو آپ نے پوچھا علی ابن ابی طالب کہاں ہیں۔؟ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ان کی آنکھیں دکھتی ہیں۔ آپ نے فرمایا کوئی جا کر ان کو بلا لائے چنانچہ ان کو بلا کر لایا گیا۔ رسول اللہ صلعم نے ان کی آنکھوں میں لعاب دہن لگایا اور وہ اچھی ہوگئیں گویا دکھتی ہی نہ تھیں۔ پھر آپ نے ان کو جھنڈا عطا فرمایا۔ علی نے عرض کیا یا رسول اللہ میں ان لوگوں سے یعنی دشمنوں سے اس وقت تک لڑوں جب تک وہ ہماری مانند (مسلمان) نہ ہو جائیں۔ آپ نے فرمایا جاؤ اور اپنی فطری نرمی اور آہستگی سے کام لو۔ جب تم میدان جنگ میں پہونچ جاؤ تو پہلے دشمنوں کو اسلام کی دعوت دو (یعنی اسلام کی طرف بلاؤ) اور پھر بتلاؤ کہ اسلام قبول کرنے کے بعد ان پر خدا کا کیا حق ہے۔ خدا کی قسم اگر تمہاری تحریک و تبلیغ سے خداوند تعالیٰ نے ایک شخص کو بھی ہدایت دے دی تو تمہارے لئے سُرخ اونٹوں سے بھی بہتر ہوگا۔ ۲

---

۱ ۔ صحیح مسلم : جلد ۴ ۔ ص۱۰۹
۲ ۔ مشکوٰۃ شریف کامل : ترجمہ آغا رفیق بلند شہری ص۹۱

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"جب مسلسل کئی دنوں کے بعد خیبر کا در فتح نہیں ہوا تو آں حضرت نے اپنی زبان معجز بیان سے ارشاد فرمایا کہ کل میں علم اس کو دوں گا جو مرد ہوگا، کرار ہوگا، غیر فرار ہوگا۔ اور وہ خدا اور رسول کو دوست رکھتا ہوگا۔ اور خدا اور اس کا رسول اس کو دوست رکھتے ہوں گے۔" [1]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں دو باتوں کو یکجا کیا ہے۔ پہلی بات جنگ اسلام میں سپاہی کی شان اور دوسرے اس شان کا بلند آہنگ کے ساتھ اعلان۔ شان کے سلسلہ میں یہ ذکر ہوا کہ سپاہی کے لئے پہلی شرط ہے۔ رسول کا حقیقی دوستدار ہونا۔ دوسری شرط یہ ہے قیام دین میں جم کر لڑنا (کرار ہونا) تیسری شرط ہے لڑتے لڑتے اگر آثار شکست کبھی بظاہر پیدا ہو جائیں تو پیٹھ نہ دکھانا (فرار نہ ہونا) اس لئے کہ اسلام کا سپاہی عقیدہ کی حقانیت کی علامت کے طور پر میدان میں اترتا ہے۔ حقانیت رسول کی دوستی سے حاصل ہوتی ہے اور اسی حقانیت پر ثبات ولولۂ جنگ سے پیدا ہوتا ہے۔ اگر سپاہی کرار نہ ہوا اور میدان سے فرار اختیار کرے تو وہ نہیں گویا حقانیت نے فرار اختیار کر لیا۔

یہی وہ کلیدی شرائط تھے جن کا اعلان بآواز بلند ضروری تھا کہ کفر و اسلام کی ساری جنگیں علی کے جہاد کو نمونۂ عمل بنائے بغیر نہ لڑی جائیں ورنہ سوائے رسوائی، شکست اور پسپائی کے کچھ حاصل نہیں ہو سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ یہ اعلان لفظ "پکار" کے ساتھ ہوا تاکہ اس کی اہمیت کا آہنگ بھی ملحوظ رہے۔

---

[1] ملا محمد صالح سنی الحنفی کوکب دری (مناقب مرتضوی) مترجمہ سید محمد سبطین صـ ۲۱۹۔

حدیث لوکان البحر

شمہ نہ ہو تو جو سارے نیستاں [1] رقم کروں
کاغذ بجائے تختۂ گردوں [2] رقم کروں
دریا اگرچہ سارے سیاہی سے ضم کروں
لکھنے کو بیٹھیں حور و ملک انس و جن تلک
عشرِ عشیر ہو نہ قیامت کے دن تلک [3]

انیسؔ نے ان مصرعوں میں رسول کی اس حدیث کو نظم کیا ہے جس کے الفاظ آیاتِ [4] قرآنی سے مشابہت رکھتے ہیں اور جو قرآن ناطق حضرت علی کی فضیلت میں رسول نے فرمایا ہے۔ رسول نے ایک مقام پر حضرت علی اور قرآن کے باہمی ربط پر ایک اور حدیث ارشاد فرمائی ہے جس میں کہا ہے کہ "قرآن علی کے ساتھ ہے اور علی قرآن کے ساتھ [5]"، جس سے حدیث بالا کا ضمنی تعلق ہے یعنی قرآن کی ہمہ گیری میں جو آیت [6] آئی ہے وہی ہمہ گیری علی کی فضیلت میں بھی حدیث کی شکل میں موجود ہے۔

عبداللہ ابن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر سارے دریا

---

[1] نائب حسین کے مطبوعہ میں رقم کے بجائے 'قلم' درج ہے۔
[2] " " " " " 'بہم' " "
[3] مراثی انیس: جلد ۲۔ نول کشور۔ صـ ۲۷
[4] قرآن: سورۂ کہف۔ آیت ۱۰۹
[5] شیخ سلیمان قندوزی سنی الحنفی: معالم العترہ (ینابیع المودت) مترجمہ ملک محمد شریف صـ ۱۵
[6] قرآن سورۂ لقمان آیت ۲۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سیاہی بن جائیں اور درخت قلم بن جائیں اور انسان کاتب اور جن محاسب بن جائیں تو اے ابوالحسن تمہارے فضائل نہ شمار ہو سکیں گے۔[۱]

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں یہ بات کہنا چاہا ہے کہ چوں کہ قلم، کاغذ تحریر وکتابت دراصل حقائق کو الفاظ میں محفوظ کر لینے کا ذریعہ ہوتے ہیں۔ لیکن کبھی حقائق کا حجم اور اس کے ابعاد اتنے لامحدود ہوتے ہیں کہ الفاظ کا دامن کوتاہ اور عبارت کی وسعتیں تنگ ہو جاتی ہیں۔ جب کسی حقیقت کا پھیلاؤ یہ لامحدودی کیفیت پیدا کر لیتا ہے تو اس ہمہ گیری کے اظہار میں الفاظ کی عاجزی کا ذکر آنا لازمی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن کی اسی کیفیت کا اظہار خود قرآن میں بھی انھیں الفاظ میں ملتا ہے کہ اے میرے رسول کہہ دو ان لوگوں سے، کہو کہ اگر میرے پروردگار کی باتوں کے واسطے سمندر بھی سیاہی بن جائے تو قبل اس کے کہ میرے پروردگار کی باتیں ختم ہوں سمندر ہی ختم ہو جائے گا۔" [۲]

چونکہ علی بھی ایک علمی اور ناطق قرآن کی حیثیت سے پیش کئے گئے ہیں۔ لہٰذا حدیث نے انھیں الفاظ میں علی کی لامحدود فضیلتوں کا ذکر کیا جن الفاظ میں قرآن کا ذکر خدا نے کیا ہے۔

حدیث غدیر

مشہور ہے شش جہت میں حدیث غدیر کا ۔۔۔ بیعت کو ہاتھ اٹھا تھا صغیر و کبیر کا[۳]

---

[۱] سید علی حیدر: نفس رسول: حصہ چہارم: ص ۱۰۵

[۲] شیخ سلیمان قندوزی سنی الحنفی: معالم العترہ (ینابیع المودت) مترجمہ ملک محمد شریف ص ۱۰۵

[۲] قرآن: سورہ کہف۔ آیت ۱۰۹

[۳] مراثی انیس: جلد ۲۔ نول کشور ص ۲۳

انیس نے ان دو مصرعوں میں رسول مقبول کی اس حدیث کو نظم کیا ہے کہ جب آں حضرت نے آخری حج بیت اللہ کا فریضہ ادا کر کے غدیر خم کے میدان میں بھرے مجمع میں منبر پہ جا کر یہ اعلان کیا تھا کہ جس کا جس کا میں مولا ہوں اس کا اس کا یہ علی مولا ہے۔ اس حدیث غدیر کو احادیث کی معتبر کتب نے معتبر راویوں کی زبانی نقل کیا ہے۔

حضرت زید بن ارقم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس کا میں مولیٰ (آقا) ہوں اس کے علی بھی مولیٰ ہیں"۔ [۱]

محمد بن جریر طبری نے روایت کی ہے کہ ابوالفضل عامل بن واصلہ سے کہتے ہیں کہ زید ابن ارقم نے کہا کہ جب رسول خدا حجۃ الوداع سے واپس ہوئے اور غدیر خم میں تشریف لائے تو حکم دیا کہ زمین کو صاف کیا جائے، پس خیمے نصب ہوئے۔ آپ کھڑے ہوئے اور خطبہ ارشاد فرمایا کہ میں عنقریب رحلت کر جاؤں گا۔ میں تمہارے درمیان دو چیزیں مساوی چھوڑے جا رہا ہوں۔ ایک قرآن اور دوسرے اہلبیت۔ یہ ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گے یہاں تک کہ حوض کوثر پر مجھ سے ملاقات ہو جائے اور اس کے بعد فرمایا کہ مومنین کا مولا میں ہوں پس جس کا میں مولا ہوں اس کا علی بھی مولا ہے اور علی کا ہاتھ پکڑ کر اٹھایا اور کہا خدایا دوست رکھ اس کو جو علی کو دوست رکھے اور دشمن رکھ اس کو جو علی کو دشمن رکھے۔ ابوالفضل عامر کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ کیا تم نے اپنے کانوں سے نہیں سنا تو انہوں نے جواب دیا کوئی ایسا نہ تھا جس نے اپنی دونوں آنکھوں سے آنحضرت کو نہ دیکھا ہو اور دونوں کانوں سے یہ کلمات نہ سنے ہوں۔[۲]

---

[۱] ترمذی شریف: جلد ۲: (اردو ترجمہ) ص ۳۷۳

[۲] آغا محمد سلطان مرزا: البلاغ المبین اول و سوئم ص ۴۰۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"جب قرآن کی یہ آیت یَا اَیُّھَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ نازل ہوئی تو مقام غدیر جو مکہ اور مدینہ کے مابین ہے، رسول خدا منبر پر تشریف لے گئے اور فرمایا جس شخص کا میں مولا ہوں بس یہ علی اس کا مولا ہے۔" ؎1

"یہ روایت غدیر' احیاء المیت' تفسیر الکبیر' تفسیر نیشاپوری' ریاض النضرہ در منثور' اخبار الدول جیسی معتبر کتابوں میں موجود ہے۔" ؎2

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں حدیث غدیر کو 'شہرہ شش جہت' اور 'بیت صغیر و کبیر' کے ساتھ مربوط کرکے پیش کیا ہے۔ یعنی شہرت کے لئے جتنے وسائل سوچے جاسکتے ہیں وہ سب اعلان غدیر میں موجود تھے۔ دن کی روشنی مجمع کی کثرت، رسول کا اعلانی اہتمام، نفسیات انسانی پر حکمت اعلان کی گرفت امت سب ہی کا یکجا ہو جانا۔ لہٰذا فطرتاً اس حدیث کو زبان زد خلائق بھی ہونا چاہیے تھا اور امت کو اس پر عمل پیرا بھی ہونا چاہیئے تھا۔ اب اگر اس حدیث کی شہرت کو دبا بھی دیا جائے تو بھی امت کے لاشعور سے یہ حدیث مٹائی نہیں جاسکتی اور علی کی ولایت کو ضمیر سے کھرچا نہیں جاسکتا۔ چونکہ میدان غدیر دراصل اعلان ولایت و امامت کے لئے منتخب کیا گیا تھا اور امام چونکہ کسی ایک جہت سے متعلق نہیں بلکہ ساری کائنات کا امام ہوتا ہے اور ساری کائنات شش جہت میں محیط ہے لہٰذا انیس نے اس مصرعہ ؎

شہرت تھا شش جہت میں حدیث غدیر کا

میں شش جہت کی ترکیب لفظی میں اس حقیقت کو بھی ملحوظ رکھا ہے۔

؎1 ملا محمد صالح سنی الحنفی کوکب دری (مناقب مرتضوی) مترجم سید محمد سبطین ص۱۲۴

؎2 ملک محمد حیدر۔ خطبۂ غدیر ص۲

حدیث مع الحق

زوج بتول پاک کو جو جانتا نہیں ؎

حق تو یہ ہے کہ حق کو وہ پہچانتا نہیں ؎1

انیس نے ان مصرعوں میں حدیث مع الحق کو نظم کیا ہے۔

"حضرت ابوذر سے روایت ہے کہ رسول خدا نے فرمایا، علی حق کے ساتھ ہے اور حق علی کے ساتھ ہے۔" ؎2

امیر المومنین سے روایت ہے کہ رسول خدا نے فرمایا۔ خدا علی پر رحمت نازل کرے اور حق کو اُدھر اُدھر موڑنا جدھر جدھر علی مڑتے جائیں۔ ؎3

علاوہ بریں خطیب بغدادی کی تاریخ بغداد جلد ۱۴ ص۳۲۱ میں ابو ثابت غلام حضرت ابوذر سے حضرت ام سلمیٰ کی بیان کردہ جو حدیث ہے اس میں یہ الفاظ ہیں:-

"علی مع الحق والحق مع علی ولن یفترقا حتّٰی یردا علیّ الحوض یوم القیامۃ"

یعنی رسول نے فرمایا:-

"علی حق کے ساتھ ہیں اور حق علی کے ساتھ ہے اور یہ دونوں ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوں گے۔ یہاں تک کہ دونوں ساتھ ساتھ میرے

؎1 مراثی انیس: جلد ۲۔ نول کشور ص۳۹

؎2 مناقب ابن شہر آشوب (مجموعۃ الفضائل) مترجمہ سید ظفر حسن ص۳۷۵

؎3 صحیح ترمذی: جلد ۲ ص۳۳۵۔ مناقب مرتضوی ص۲۶۶

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پاس حوض کوثر پر وارد ہوں گے قیامت کے روز ۔۔۔۔“ [1]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں حق کی معرفت کا انحصار بقول حدیث علی کی معرفت پر رکھا ہے۔ اور مزید یہ کہ علی کا نام براہ راست نہیں بلکہ زوج بتول کے حوالے سے لیا ہے۔ یعنی علی کی معرفت میں ان کی زوجۂ معصومہ جناب فاطمہ کی معرفت بھی ایک دستوری خبر کی حیثیت رکھتی ہے۔ علی اور فاطمہ کے معصوم ازدواج سے پوری ایک نسل امامت یا عصمت کا تعلق ہے اور اس طرح پورے سلسلۂ امامت کی معرفت کا بھی ضمنی قرینہ مضمر ہو گیا ہے۔ جو انیسؔ کی دین شناسی اور حدیث شناسی کی دلیل ہے۔

دوسرے مصرعے میں صوتی آہنگ کے علاوہ حق کو دو مرتبہ دو امتیازی معنوں میں بھی استعمال کیا گیا ہے۔ پہلے حق کا مفہوم ہے حقیقتاً کسی حقیقت کی گہرائی تک پہونچ سکنے کی عاجزی اور دوسرے حق کا مفہوم ہے۔ ذات پروردگار یعنی معرفت پروردگار کا اگر کوئی حق ادا ہو سکتا ہے تو اس کا کامل ترین ذریعہ علی کی ذات کا عرفان ہے۔ اگر یہ عرفان نہیں ہے تو خداشناسی کا ممکن حق ادا نہیں ہو سکتا۔ دونوں مصرعے اپنی سلاست، آہنگ اور بلاغت معنوی کے ساتھ حدیث شناسی میں انیسؔ کی ژرف نگاہی کا ثبوت ہیں۔

حدیث ایمان

ع ایماں جسے کہتے ہیں تولّائے علی ہے [2]

---

[1] خطیب بغدادی : تاریخ بغداد۔ جلد ۱۴ صـ۳۲۱

[2] مراثی انیس : جلد ۲ ۔ نول کشور صـ۱۳

انیسؔ نے اس مصرعہ میں اس حدیث کو نظم کیا ہے جس میں رسولؐ نے علی کی دوستی کو ایمان کا جزو لاینفک بنایا ہے۔

ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول خدا نے فرمایا ”نہیں دوست رکھے گا علی تجھ کو لیکن مومن۔ اور نہیں تجھ سے بغض رکھے گا لیکن منافق۔ علی کی محبت مومن کے ایمان کی سرخی ہے۔“ [1]

ام سلمہ سے روایت ہے کہ آں حضرت نے علی کی طرف دیکھ کر فرمایا ”جھوٹا ہے وہ جو مجھے دوست رکھتا ہو اور علی سے بغض رکھتا ہو۔“ [2]

منافق علی سے محبت نہیں رکھتا :- ام سلمہ کہتی ہیں ”رسول خدا صلعم نے فرمایا۔ علی سے منافق محبت نہیں رکھتا اور مومن علی سے بغض و عداوت نہیں رکھتا۔“ [3]

حضرت ابوسعید خذری فرماتے ہیں کہ ہم لوگ یعنی انصار منافقوں کو ان کے حضرت علی سے بغض رکھنے سے پہچانتے تھے کوئی شخص حضرت علی سے بغض رکھتا ہم سمجھ لیتے کہ منافق ہے۔ اُن کے ایک راوی ابوہارون عیدی کے حق میں شعبہ نے کلام کیا ہے۔ [4]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعہ میں ایمان کے لطیف جوہر کا ماخذ ولائے علی

---

[1] آغا محمد سلطان مرزا : البلاغ المبین اول و سوئم صـ۲۹۵

[2] مناقب ابن شہر آشوب : (مجمع الفضائل) مترجمہ سید ظفر حسن صـ۴۲۹

[3] مشکوٰۃ شریف کامل : مترجمہ آغا رفیق بلند شہری صـ۹۱۱

[4] ترمذی شریف : اردو ترجمہ ۔ جلد ۲ صـ۳۷۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کو قرار دیا ہے اور دونوں کو ایک ہی حقیقت کے دو الگ الگ ناموں کی طرح پیش کیا ہے۔ اس کا مفہوم یہ ہے کہ اگر ایمان مجسم ہو جاتا تو اس انسانی شکل کا نام علی ہوتا اور اگر علی کی ذات معنی میں تحلیل ہو جاتی تو ایمان بن جاتی۔ درمیان میں لفظ تولّا اس فطری کشش کا نام ہے جو حق شناس مزاج میں از خود پیدا ہو جاتا ہے۔ چونکہ انسان جب معنویت کی طرف پرواز کرتا ہے تو مشاہدات کا سہارا لیتا ہے۔ اور یہ بات طے ہے کہ ایمان غیب کا موضوع ہے اور علی کی شخصیت مشاہدہ میں مسلم ہے لہٰذا عقل بشر کے لئے ایمان کی قریب ترین منزل ذات علی ہے جو تولّا کے قدموں سے طے ہوتی ہے۔ اس مصرعہ میں انیس کا لہجہ جس سادگی اور قطعیت کا حامل ہے۔ اس سے ان کی ذاتی معرفت کے اظہار پر فنی قدرت کا اندازہ ہوتا ہے۔

حدیث سفینہ

فرماتے تھے رسول خدا شاہ کائنات ؎
ہے نوح کا سفینہ جہاں میں علی کی ذات ؎۱

انیس نے ان مصرعوں میں اس حدیث سفینہ کو نظم کیا ہے جس میں علی کی ذات ناخدائے کشتی نجات ہے۔

"رسول اللہ نے فرمایا "اے علی تیری مثال اور تیرے فرزندوں کی مثال جو ائمہ ہیں، نوح کی کشتی کے مانند ہے۔ جو نوح کی کشتی میں سوار ہوا تھا نجات پا گیا تھا اور جس نے اس کشتی کو چھوڑ دیا تھا وہ ہلاک ہو گیا تھا۔" ؎۲

؎۱ مراثی انیس : جلد ۲ صـ ۳۸ نول کشور
؎۲ شیخ سلیمان قندوزی سنی الحنفی: معالم العترہ (ینابیع المودت) ترجمہ ملک محمد شریف صـ ۲۰۸

اہلبیت نوح کی کشتی کے مانند ہیں:- ابو ذر کہتے ہیں کہ انہوں نے کعبہ کے دروازے کو پکڑ کر یہ بیان کیا کہ میں نے نبی صلعم کو یہ فرماتے سنا ہے۔ آگاہ ہو، میرے اہل بیت تمہارے لئے کشتی نوح کے مانند ہیں۔ جو شخص کشتی میں سوار ہوا اس نے نجات پائی اور جو کشتی میں سوار ہونے سے رہ گیا وہ ہلاک ہوا۔ ؎۱

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں نوح کے سفینہ کو ذریعہ بنا کر علی کی فضیلت کا اظہار دونوں مصرعوں میں 'کائنات' اور 'جہاں' کے الفاظ استعمال کر کے تلمیح کے مفہوم کی توسیع و تعمیم کی ہے۔ سفینہ نوح قوم نوح کے لئے واحد ذریعہ نجات تھا۔ لیکن قوم زمان و مکان کے لحاظ سے ایک محدود تصور کا نام ہے اور نجات کا مسئلہ ہمہ گیر مسئلہ ہے اس لئے کائنات میں مسئلہ نجات کا حل علی کی ذات پر ہے جو مختلف زمان و مکان میں سفینہ نجات کی حیثیت رکھتے ہیں۔ رسول کو شاہ کائنات کہہ کر ان کے فرمان سے ذات علی میں نجات کے حل کی ہمہ گیری کا تصور پیدا کیا ہے۔

حدیث اُبوّت

یوں امت رسول پہ ہے حق مرتضیٰ ؎
حق جس طرح سے ہوتا ہے بیٹوں پہ باپ کا ؎۲

انیس نے ان مصرعوں میں رسول کی اس حدیث کا ذکر کیا ہے جس میں رسول نے علی کی ذات کو امت کا باپ قرار دیا ہے۔

؎۱ مشکوٰۃ شریف کامل: ترجمہ آغا رفیق بلند شہری۔ صـ ۹۲۳
؎۲ مراثی انیس : جلد ۲ نولکشور صـ ۳۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

'اربعین' میں جابر ابن عبداللہ انصاری سے روایت ہے کہ رسول نے فرمایا کہ علی کو حق اس امت پر ایسا ہے جیسا باپ کو حق اپنے بیٹے پر ہوتا ہے۔[1]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں قرآن کے اس قطعی ارشاد کو پیش نظر رکھا ہے کہ "محمد تم میں سے کسی ایک کے باپ نہیں ہیں۔"[2] یعنی خونی رشتہ کے اعتبار سے کسی کے باپ نہیں بلکہ روحانی اعتبار سے پوری امت کے باپ ہیں۔ چونکہ روح کا مرتبہ خون سے زیادہ ہے اس لئے رسول کی ابوّت ہر اس ابوّت سے بڑھ کر ہے جس کی بنیاد خون پر ہوتی ہے اور چونکہ علی بھی اس نور میں شریک ہیں جس نور سے نبی کی تخلیق ہوئی ہے اسی لئے روحانیت میں شریک ہیں اور ان کا بھی امت پر وہی حق ہے جو باپ کا بیٹے پر ہوتا ہے۔ جس کا مفہوم یہ ہے کہ اگر امت علی کو بھلا دے یا ان کے احترام میں دانستہ بخل کرے تو گویا اولاد نے باپ کا حق ادا نہیں کیا۔ جب مادی باپ کی حق تلفی پر انسان عذاب کا مستحق ہو جاتا ہے تو روحانی باپ کی حق تلفی پر کتنا سنگین گناہ ہوگا۔

انیسؔ نے ان دونوں مصرعوں میں لفظ 'حق' کو استعمال کر کے حسن تکرار کے ساتھ ساتھ اسلام میں حقوق و فرائض کے توازن کی اہمیت کو واضح کیا ہے۔

حدیث شفاعت

ع ماں ایسی کہ سب جس کی شفاعت کے ہیں محتاج[3]

---

[1] شیخ سلیمان قندوزی سُنی الحنفی: معالم العترہ (ینابیع المودت) مترجمہ ملک محمد شریف ص ۱۹۸

[2] قرآن: سورۂ احزاب۔ آیت ۴۰

[3] مراثی انیس: جلد ۱ نول کشور ص ۱۵

انیس نے اس مصرعہ میں رسول کی اس حدیث کو نظم کیا ہے جس میں آپ نے فرمایا کہ میری بیٹی فاطمہ شفیعۂ روز جزا ہے۔" طالقان نے محمد بن جریر طبری سے اور جریر طبری نے امام محمد باقر سے اور امام محمد باقر نے جابر ابن عبداللہ انصاری سے روایت کی ہے کہ میں نے رسول خدا کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو میری بیٹی فاطمہ ایک ناقہ پر سوار ہو کر میدان حشر میں آئے گی اس کے داہنی جانب ستّر ہزار فرشتے اور بائیں جانب ستر ہزار فرشتے ہوں گے جبریل اس ناقہ کی مہار تھامے بآواز بلند ندا کریں گے کہ اے اہل محشر اپنی آنکھیں بند کر و تاکہ فاطمہ بنت محمد کی سواری میدان سے گذر جائے۔ اس وقت کوئی صدیق کوئی رسول کوئی نبی اور کوئی شہید ایسا نہ ہوگا جو ان کی آواز کو سُن کر اپنی آنکھیں نہ بند کرے ـــــ آپ بارگاہ الٰہی میں آواز بلند کریں گی کہ اے پروردگار آج میں اپنی ذریت اور اپنے چاہنے والوں کی شفاعت چاہتی ہوں پس اللہ عزوجلّ کی طرف سے آواز آئے گی آج کہاں ہیں فاطمہ کی اولاد اور ان کے چاہنے والے۔ پس وہ لوگ اس شان سے آئیں گے کہ چاروں طرف سے رحمت کے فرشتے حلقہ کئے ہوں گے فاطمہ ان سب کے آگے ہوں گی اور ان سب کو داخل جنت کریں گی۔"[1]

انیسؔ نے اس مصرعہ میں لفظ شفاعت سے 'ماں' کو جوڑ کر حدیث میں ایک جذباتی DIMENSION پیدا کر دیا ہے۔ عفو درگذر ممتا کا خاص حسن ہے۔ ماں کا دل جذبۂ بخشش سے معمور رہتا ہے اور ہر اولاد اس شفقت کی محتاج ہوتی ہے سب سے بڑا گناہ اپنے خالق کی سرکشی سے پیدا ہوتا ہے اور گناہ جنت میں جانے سے روک دیتے ہیں جب تک کہ شفاعت ان موانع کو ختم نہ کر دے۔ ایسے نازک

---

[1] علامہ مجلسی: بحار الانوار۔ جلد ۳۔ مترجمہ سید حسن امداد ص ۲۳۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وقت میں کارِ شفاعت کو انجام دینے کے لئے 'ماں' سے زیادہ بہتر لفظ ممکن نہ تھا اور ماں بھی وہی ماں ہو سکتی ہے جس کی نوری نسل گناہوں سے پاک ہو۔ لہٰذا انیسؔ نے حضرت فاطمہ کا نام نہیں لیا بلکہ ان کے جذبۂ شفاعت کی عظمت کو ماں سے تعبیر کر کے شعر میں جان پیدا کر دی ہے۔

حدیث امامت

ع زینت وہ سریرِ امامت حسن ہوئے [1]

انیسؔ نے اس مصرعہ میں رسول کی اس حدیث کو نظم کیا ہے جس میں آپ نے اپنے بعد ہونے والے نائبین اور ائمہ کا تذکرہ فرداً فرداً نام کے تعین کے ساتھ کیا ہے۔ جمیع الفوائد میں جابر ابن سمرہ نے کہا کہ رسول اللہؐ نے فرمایا کہ یہ دین قائم رہے گا۔ حتیٰ کہ تم پر بارہ خلیفہ مقرر کئے جائیں گے۔ یہ بھی انہوں نے فرمایا کہ وہ تمام بنو ہاشم سے ہوں گے۔ [2]

دوسرے مقام پر یہ حدیث یوں ملتی ہے ــــ بخاری، مسلم، ابو داؤد اور ترمذی میں ہے کہ آں حضرت نے فرمایا میرا وصی علی ابن ابی طالب اور ان کے بعد میرے نواسے حسن و حسین ہیں اور پھر حسین کے صلب سے نوؔ امام پیدا ہوں گے۔" [3]

میر انیسؔ نے اس مصرعہ میں اپنی سیاسی بصیرت کا بھرپور ثبوت دیتے ہوئے ادب کے اصلاحی وظیفے کا کام انجام دیا ہے۔ لفظ 'سریر' دراصل سیاسی اصطلاح میں تختِ اقتدار کے لئے تاریخ میں استعمال ہوتا رہا ہے۔ لیکن لفظ 'امامت' سے

---

[1] مراثی انیسؔ : جلد ۱ نول کشور ص۴۱۹

[2] شیخ سلیمان قندوزی سنی الحنفی: معالم العترہ (ینابیع المودت) مترجمہ ملک محمد شریف ص۴۹۶ البلاغ المبین اول دوئم ص۵۹۸

[3] ایضاً " " " " " ایضاً " " " " ص۶۹۲

اسے جوڑ کر انیس نے اقتدار کی زینت کا حقیقی راستہ دکھایا ہے کہ تختِ اقتدار کی ساری زینت 'عدل' سے ہے شہنشاہیت سے نہیں اور عدلِ الٰہی کے ایک خاص مظہر کا دوسرا نام عصمت اور امامت ہے۔ اگر امام حسن تختِ اقتدار پر آجائیں تو گویا اقتدار و سیاست کو عدل و عصمت کا سہارا مل گیا اور سیاست کا حسن یہی ہے کہ اس پر دین و دیانت کا قبضہ ہو جائے تاکہ ظلم کا سدِّباب اور عدل کا قیام بھی ممکن ہو جائے اور مذہب اور سیاست کا باہمی ارتباط سامنے آجائے۔

حدیث حسینٌ منّی

ے میں اس سے ہوں اور مجھ سے ہے یہ تو نہیں یا ہر [1]

ے غضب اللہ کا شبیر کی ناراضی ہے [2]

ے جو آپ کا دشمن ہے وہ دشمن ہے خدا کا [3]

انیسؔ نے ان مصرعوں میں رسول کی اس حدیث کی طرف اشارہ کیا ہے جو حسینٌ منّی کے نام سے مشہور ہے۔ سرکارِ دو عالم نے فرمایا کہ یہ میرا حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں۔ خدا اس شخص کو دوست رکھے جو حسین کو دوست رکھتا ہو اور اس شخص سے غضبناک ہوتا ہے جو حسین کو دشمن رکھے۔ [4]

انیسؔ نے اس مصرعہ ذاتِ رسول کے استمرار کی ضرورت کو حدیث کے

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ ۔ نول کشور ص۷

[2] " " : " ۔ " " ص۹۹

[3] " " : " ۔ " " ص۴۳

[4] سید محمد رضی : شہادت کبریٰ ۔ ص۲۰

Contact: jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ذریعہ نظم کیا ہے۔ چوں کہ نبی خدا اور بندوں کے درمیان کی ایک دستوری کڑی کی حیثیت رکھتا ہے۔ لہٰذا یا تو نبی اس وقت تک زندہ رہے جب تک دستور نافذ رہے یا وہ مصلحتاً اٹھا یا جائے تو دوسرا نبی اس کے فریضہ کو آگے بڑھائے جب نبی کی حیثیت آخری نبی کی ہو اور دستور کو مستقبل کی طویل عمر بھی طے کرنا ہو اور رسول کو مصلحتاً اٹھایا بھی جا رہا ہو تو فریضۂ ہدایت کو پورا کرنے اور کمال خاتمیت کو اجاگر کرنے کے لئے ایک ایسے سلسلۂ امامت کی ضرورت ہے جو ذات رسول کے استمرار اور توسیع کی ضرورت کو اتنی ہم آہنگی سے پورا کرے کہ وہ رسول ہو جائے اور رسول خود کو اس سے ہونے کی سند دیدے اور اس کی خوشی خدا اور رسول کی خوشی اور اس کی ناراضگی خدا اور رسول کی ناراضگی قرار پائے۔ حسین محمد کے اسی استمرار و توسیع کی ایک اہم کڑی تھے۔ جسے انیسؔ نے سادی زمین میں نہایت جامع طور پر نظم کیا ہے۔ نواسہ تو نانا سے ہوتا لیکن نسلی اعتبار سے نانا نواسہ سے نہیں ہوتا۔ پھر بھی رسول کا یہ کہنا کہ حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں، اس حقیقت کی طرف ذہن کو متوجہ کرتا ہے۔ اگر شخصیت حسین کی بقا کا سبب ذات رسول ہے تو مقصد رسول کی بقا کی ضامن قربانی حسین ہے۔

حدیث سیادت

؎ میں ہوں سردار شباب چمن خلد بریں [1]

؎ سرداری فردوس کا افسر ہیں بخشتا [2]

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ ۔ نول کشور ص ۹۴

[2] مراثی انیس : جلد ۱ ۔ نول کشور ص ۱۵

انیسؔ نے ان مصرعوں میں رسول کی اس حدیث کو نظم کیا ہے جو حسن و حسین کے سردار بہشت ہونے کو ثابت کرتی ہے۔ عبداللہ ابن عمر سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا کہ حسن و حسین جوانان جنت کے سردار ہیں اور ان کے باپ ان سے افضل [1]

حدثنا محمد بن موسیٰ الواسطی ثناء المعلی بن عبدالرحمٰن ثنا ابن ابی ذئب عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول اللہ :۔ "الحسن والحسین سیّد اشباب اهل جنّة وابوهما خیر منهما" [2]

ترجمہ : ہم سے بیان کیا محمد ابن موسیٰ واسطی نے (اس سے کہا) معلی ابن عبدالرحمٰن نے (اس نے کہا)، ہم سے بیان کیا ابن ابی ذئب نے نافع کی سند سے۔ اس نے حضرت (عبداللہ) ابن عمر کی سند سے کہ انھوں نے کہا "حسن و حسین جوانان اہل جنت کے سردار ہیں اور ان کے باپ ان سے افضل ہیں"۔ [3]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں دنیا کی سرداری پر آخرت کی سرداری کو برتری دیتے ہوئے اظہار تفخر کے ساتھ امام حسن و حسین کی انفرادیت کا اظہار کیا ہے۔ دنیا میں کوئی ملک ہو اور کتنا ہی بڑا کیوں نہ ہو جنت کی مکانی طول و عرض کے مقابلہ میں ہیچ ہونا چاہیے۔ لہٰذا ہر اعتبار سے دنیا کی سرداری پر جنت کی سرداری کو فوقیت حاصل ہے اور یہ سرداری وہ ہے جس پر جتنا فخر کیا جائے اتنا کم ہے۔ انیسؔ نے مصرعوں کے لہجہ و آہنگ میں سرداری کے افتخار اور اسی

---

[1] سید محمد رضی : شہادت کبری ص ۲۱ ۔ سنن ابن ماجہ ص ۱۲ ۔ ینابیع المودت ص ۲۸

[2] سنن ابن ماجہ ص ۱۲

[3] سید علی حسنین شیفتہ ۔ مقام مرتضیٰ ص ۱۳۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی فوقیت کو محفوظ کیا ہے۔

حدیث حجت

؎ قائم جو ہے زمیں تو انھیں کے قدم سے ہے [1]

انیسؔ نے اس مصرعہ میں رسول کی اس حدیث کو نظم کیا ہے جس میں آپ نے بقائے کائنات کا ضامن وجود امام قرار دیا ہے۔ رسولؐ نے فرمایا کہ اگر زمین پر کوئی حجت خدا نہ رہ گیا تو زمین مع اہل زمین کے دھنس جائے گی۔ [2]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعہ میں فلسفہ کے اس موضوع کی طرف اشارہ کیا ہے جو ہر دور کے ارباب فکر میں ایک موضوع بحث رہا ہے اور جسے برٹرنڈ رسل نے بھی اپنے فکری مضامین میں چھیڑا ہے اور وہ یہ ہے کہ آفاق میں آیا فقط ایک مادی نظام ہے جو کائنات کو روکے ہوئے ہے یا اس کا تعلق اخلاقی نظام سے بھی ہے۔ یعنی زمین و آسمان کے موجودہ نظام کی تعبیر فقط مادی ہے یا ظلم و عدل کی قوتوں سے بھی اس کا تعلق ہے۔ چوں کہ اکثر زمین زلزلوں کے جھٹکوں، آندھیوں سیلابوں اور ناگہانی آفتوں کی زد میں اس وقت آئی ہے جب تاریخی شواہد اور ریکارڈز کی بنیاد پر زمین پر اخلاقی زبوں حالی بڑھ گئی ہے اور گناہوں میں بالعموم اضافہ ہوگیا ہے۔ چنانچہ اہل فلاسفہ نے زمین کے قرار کا ایک تعلق اخلاق و عدل کے توازن سے بھی قائم کیا ہے۔

---

۱ مراثی انیس: جلد ۴۔ نول کشور ص ۲۸۵

۲ شیخ سلیمان قندوزی سنی الحنفی: معالم العترہ (ینابیع المودت) مترجمہ ملک محمد شریف ص ۶۹

۳ Burt BERTRAND RUSSEL - VALUE OF PHILOSOPHY ESSAY P. 16

حدیث پیغمبر نے اسی اندیشہ کو حقیقت سے ہم کنار کر دیا ہے اور یہ واضح کر دیا ہے کہ زمین کا قرار مادی توازن کے ساتھ ساتھ روحانی معنوی اور اخلاقی توازن سے بھی ربط رکھتا ہے یہ طے ہے کہ زمین پر بالعموم گنہگار ہی بستے ہیں اور قرار کے لئے عدل و عصمت کی شرط ہے۔ لہٰذا لاکھوں گنہگاروں کے مقابلہ میں جب تک ایک معصوم توازن مہیا نہ ہوگا زمین کے قرار کی پوری توجیہہ مشکل ہوگی۔ اسی لئے رسول نے فرمایا کہ یہ کائنات اگر ٹھہری ہے تو اس کا سبب یہ ہے کہ اس میں ایک معصوم اور ذی شعور پیکر عدل موجود ہے جو۔ کائنات میں خدا کی حجت کا فریضہ انجام دیتا ہے۔ کبھی قدرت یہ کام رسول کی ذات سے لیتی ہے جیسا کہ قرآن نے سراغ دیا ہے "اے پیغمبر جب تک تم ان کے درمیان رہوگے ہم عذاب نازل نہیں کریں گے" [1] اور قدرت یہی کام کبھی امام معصوم سے لیتی ہے اور آخری امام وہ ہے جس کا لقب قائم آل محمد ہے اسی لئے انیسؔ نے قائم کا لفظ استعمال کیا ہے۔ جو قیام کائنات اور امام قائم دونوں پر محیط ہے۔

حدیث دعا

؎ عرش اعظم کو ہلاتی تھیں دعائیں ان کی [2]

انیسؔ نے اس مصرعہ میں رسول کریم کی یہ حدیث نظم کی ہے ——

"عبداللہ سے روایت ہے کہ رسول نے فرمایا کہ چار شخصوں کی دعائیں رد نہیں ہوتیں اور ان کے لئے آسمانوں کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور ان کی

---

۱ قرآن: سورہ انفال۔ آیت ۳۳

۲ مراثی انیس: جلد اوّل۔ نائب حسین ص ۲۰۸

jabir.abbas@yahoo.com
Contact: jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آ ازیں عرش الٰہی تک پہونچتی ہیں۔ اول باپ کی دعا بیٹے کے حق میں' دوئم مظلوم کی بد دعا ظالم کے حق میں۔ سوئم عمرہ کرنے والے کی دعا واپسی تک۔ روزہ دار کی دعا افطار تک۔" [1]

انیس نے مذکورہ مصرعہ میں دعا کی روحانی قوت کو نظم کیا ہے۔ اس دنیا میں جب مظلوم بے سہارا ہوتا ہے تو اس کا سب سے بڑا سہارا خدا کی ذات ہوتی ہے اور اس ذات سے رابطہ دعا ہی سے قائم ہوتا ہے۔ یعنی دعا روح کی ایک ایسی پرواز ہے جو عرش تک بلند ہوتی ہے اور فریاد رسی کے غیبی نظام کو اپنا قلعہ تحفظ بنا لیتی ہے۔ دعا کرنے والا جتنا صالح ہوتا ہے اتنا ہی اس کی دعا میں اثر ہوتا ہے۔ صالح ہونے کے آخری منزل کا نام معصوم ہو جاتا ہے لہٰذا معصوم کی دعا میں سب سے زیادہ اثر ہوتا ہے۔ عام مومن بھی چونکہ ایک بندۂ صالح ہوتا ہے لہٰذا دنیا کے ظلم و جور کے درمیان جب اسے اپنے ایمان کے دفاع میں سہارے اور اسلحے کی ضرورت ہوتی ہے تو دعا کو ہی اپنا اسلحہ بناتا ہے [2] اور یہی وہ اسلحہ ہے جس کا حلقۂ اثر RANG ماورائے افلاک عرش کی بلندی تک ہے۔ اسی لئے میر انیس نے شخصیت کی بلندی کا پیمانہ دعاؤں کے اثر کو قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ایسے بامعرفت بندے تھے کہ ان کی دعا عرش اعظم کو ہلا کر رکھ دیتی تھی۔

---

[1] اصول کافی (الشافی) جلد ا۔ کتاب الدعا۔ مترجمہ سید ظفر حسین صہ ۵۰۲

[2] صحیفۂ کاملہ: مترجمہ مفتی جعفر حسین۔ صہ ۲۲

حدیث ردّ البلاء

صدقہ کرو وہیں کہ بلا ان کی ہوئے رد [1]

انیس نے اس مصرعہ میں رسول کی اس حدیث کو نظم ہے جس میں رسول نے صدقہ دینے کی تعلیم دی ہے۔ چونکہ "صدقہ دینے سے بلا و مصیبت رد ہو جاتی ہے۔" [2] دوسرے مقام پر یہ حدیث یوں ہے "ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ سات ایسے شخص ہوں گے جن پر اللہ کا سایہ ہوگا۔ (۱) امام عادل۔ (۲) وہ نوجوان جو اللہ کی عبادت میں پروان چڑھا ہو۔ (۳) وہ شخص جس کا دل مسجد سے باہر نکلنے کے بعد بھی یاد خدا سے خالی نہ ہو۔ یہاں تک کہ پھر مسجد میں آئے۔ (۴) وہ لوگ جنہوں نے اللہ کے لئے محبت کی اور اسی پر جمع ہوئے۔ (۵) وہ آدمی جس کو عورت نے برائی کی طرف بلایا ہو۔ جو صاحب منصب بھی ہو اور صاحب جمال بھی مگر اس آدمی نے جواب دیا ہو میں اللہ سے ڈرتا ہوں۔ (۶) وہ آدمی جس نے تنہائی میں خدا کو یاد کیا ہو اور آنکھوں سے آنسو بہائے ہوں۔ (۷) وہ شخص جس نے راہ خدا میں یوں صدقہ دیا ہو کہ بائیں ہاتھ کو خبر نہ ہو کہ دائیں ہاتھ نے کیا خرچ کیا۔" [3]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں صدقہ کی مذہبی حیثیت کو ملحوظ رکھا ہے جس کے بارے میں رسول نے بتایا کہ بلاؤں کے سدباب کرنے کے لئے غریب و مسکین کی اعانت میں اپنے مال کا ایک حصہ نکال دینا صدقہ کہلاتا ہے اور یہ عمل خدا کو

---

[1] مراثی انیس: جلد ۲؛ نول کشور صہ ۲۵۶

[2] لوائح الاحزان: مترجمہ سید نجم الحسن صہ ۱۰۷

[3] انتخاب حدیث: مرتبہ محمد جعفر شاہ ندوی صہ ۱۳۸-۱۳۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس لئے پسند ہے کہ زمین پر غریب و فقیر بندے کی مدد کا ایک راستہ فراہم ہوجاتا ہے۔ ہٰلذا بلاؤں کو صدقہ سے رد کرو۔ انیس نے رسول کی حدیث کے پس منظر میں بجائے مال کے جان دینے کی پیش کش کرکے مصائب کے وزن کو بڑھا دیا ہے یعنی دین پر بلا و مصیبت کی شدت اتنی تھی کہ دین سے بلاؤں کو رد کرنے کے لئے اہل معرفت اپنی جانوں کا صدقہ دینے پر راضی تھے۔ لیکن دین پر مصیبت کو دیکھنے پر آمادہ نہیں تھے۔ انیسؔ نے صدقہ کے لفظ سے ایثار و قربانی کا ایک نیا اُفق پیدا کیا ہے۔

حدیث فقر و قناعت

ع کریم مجھ کو عطا کر وہ فقر دنیا میں
کہ جس کو فخر رسالت مآب سمجھے ہیں [1]

انیسؔ نے ان دونوں مصرعوں میں رسول کریم کی اس حدیث کو نظم کیا ہے۔ جس میں رسول نے اپنی ذات کے لیے وجہ افتخار فقر و قناعت کو قرار دیا ہے۔

" رسول کریم کا ارشاد ہے کہ میرا فقر ہی میرا فخر ہے۔" [2]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں "فقر" کو بطور "عطا" طلب کیا ہے۔ عطا خدا کی وہ دین ہے جو اس کے عام احسان سے بالاتر ہوا کرتی ہے۔ خدا کا ہر احسان عطا نہیں کہلاتا۔ بلکہ خاص خاص نعمتوں کو عطا کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔ "عطا" سے "فقر" کا تعلق تبھی بامعنی ہو سکتا ہے۔ جب فقر میں کوئی خاص نعمت چھپی ہو۔ اور یہ بات طے ہے کہ فقر استغنا کی ضد ہے۔ استغنا میں مال و منال کا مفہوم ہے

---

[1] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور ص ۱۴۵

[2] جامع الاخبار (تحفۂ رضویہ) مترجمہ سید ظفر حسن ص ۱۱

اور فقر میں مال سے بے نیازی اور فقط ذات پروردگار کی نیازمندی ہوتی ہے۔ ظاہر ہے کہ مال و منال کی خدا کے مقابلے میں کیا حیثیت ہے کہ اس پر فخر کیا جائے۔ پیغمبر دراصل اسی فخر کو اپنے لئے مایہ ناز سمجھتا ہے اس لئے کہ اس میں ذات الٰہی پر انحصار کا لازوال خزانہ ہے اور یہی خزانہ انسانیت کی تمام تر بلندی کا ضامن ہے۔ انیسؔ نے لفظ 'کریم'، 'عطا' اور 'فقر' کے بظاہر متضاد مفہوم کی گہرائی میں اتر کر معنوی اتحاد پیدا کیا ہے۔ اور تضاد سے حسن معنی میں چار چاند لگا دیا ہے۔ اور ذات رسول کو کائنات کی ضرورت سے بے نیاز اور خدا کا سب سے بڑا نیازمند بندہ قرار دیا ہے۔

حدیث محن

ع آرام کی جگہ نہیں یہ دارِ مصیبت
مومن کے لئے رنج ہے کافر کو ہے راحت [1]

انیس نے ان مصرعوں میں رسول کریم کی اس حدیث کو نظم کیا ہے۔ جو دیگر ائمۂ طاہرین سے بھی مروی ہے جس میں رسول نے بے ثباتی دنیا بقائے عقبیٰ کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ "دنیا مومن کے لئے قید خانہ ہے اور کافر کے لئے جنت ہے۔" [2]

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں ایمان اور امتحان کے باہمی ربط کو نظم کیا ہے۔ مومن وہ ہوتا ہے جو اپنے شعور ایمان سے آخرت کی ایسی حقیقتوں

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ ۔ نول کشور ص ۲۲

[2] علامہ مجلسی : بحار الانوار۔ جلد ۱ مترجمہ طیب آغا جزئری ص ۱۲۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کو مان لیتا ہے جو کافر کی نگاہ میں فقط افسانہ ہوتی ہیں۔ مؤمن خدا، رسول اور امام کی مجموعی ہدایت کی رہنمائی میں مشاہدات سے ماورا اپنی حیات کی تمام منزلوں کو پیش نظر رکھتا ہے۔ کافر انھیں منازل کو نظر انداز کر دیتا ہے۔ لہٰذا دونوں اسی دنیا میں رہتے ہوئے بھی اپنا اپنا لائحۂ عمل مرتب کرتے ہیں۔ مومن کے یہاں پابندی، حلال و حرام، صحیح و غلط، جا و بے جا، اطاعت و عبادت کی دشواریاں بطور امتحان سر اٹھاتی ہیں۔ اور ایک رنج و زحمت پر مشتمل مصیبتوں میں ڈال دیتی ہیں۔ کافر انھیں ذمہ داریوں سے خود کو آزاد کر لیتا ہے اور نسبتاً راحت میں رہتا ہے۔ مومن کا سرمایہ اس کی آخرت اور کافر کی چراگاہ یہی دنیا ہوتی ہے۔ ایک اپنی دنیا کو ویران اور آخرت کو آباد کرتا ہے۔ دوسرا عارضی وقفۂ حیات کو دنیا میں آباد اور دائمی قیام کو ویران کر لیتا ہے۔ انیسؔ نے "مومن" کا لفظ استعمال اسی جگہ کیا ہے جو عالمی ادب میں سچائی کے لئے رنج اٹھانے والے کردار کا (DIVINE JUSTICE) سے ہوتا ہے۔

اقوال معصومین

قول حضرت علی:-

ع دنیا کو وہ دیندار سمجھتے تھے گزرگاہ [1]

انیسؔ نے اس مصرعہ میں حضرت علی کے اس مشہور قول کو نظم کیا ہے جو

---

۱ مراثی انیس : جلد اوّل۔ نول کشور صفحہ ۳۲۴

مختلف کتب اقوال معصومین میں پایا جاتا ہے چونکہ فقہ جعفری میں جملہ ائمہ طاہرین کا قول حدیث کی حیثیت رکھتا ہے لہٰذا یہ قول کتب احادیث میں بھی موجود ہے۔ مولائے کائنات ارشاد فرماتے ہیں "دنیا ایک دوسری منزل کے لئے پیدا کی گئی ہے"۔[1] دوسرے مقام پر یہ قول اس طرح نظر آتا ہے "مستقل قرارگاہ کی طرف دنیا اک گزرگاہ ہے"۔[2]

اسلام نے دین و دنیا کے توازن کی عکاسی کی ہے کہ نہ مسافر راستے سے الگ ہوتا ہے اور نہ راستے کو منزل بناتا ہے۔ بلکہ دنیا میں اتنا شامل ہوتا ہے جو سامان سفر مہیا کرنے کے لئے ضروری ہو اور اتنا الگ بھی رہتا ہے جتنا منزل سے غافل نہ رہنے کے لئے ضروری ہے۔ کامیاب اسی کی حیات ہے جو دنیا کو گزرگاہ سمجھے منزل نہیں۔

قول حضرت علی:-

ع دنیا مقام رنج و مصیبت ہے اے بہن [3]

انیسؔ نے اس مصرعہ میں حضرت علی کے اس قول کو نظم کیا ہے جس میں آپ نے فرمایا کہ "دنیا ایک ایسا گھر ہے جو بلاؤں سے گھرا ہوا ہے اور فنا کے لئے مشہور ہے"[4]

---

۱ نہج البلاغہ : ترجمہ مفتی جعفر حسین خطبہ نمبر ۴۶۳ صفحہ ۹۱۸
۲ نہج الاسرار : جلد ۲۔ مرتبہ سید غلام حسین رضا آغا صفحہ ۹۲
۳ مراثی انیس : جلد ۳۔ نول کشور صفحہ ۱۲۱
۴ نہج الاسرار : جلد ۲۔ مرتبہ سید غلام حسین رضا آغا صفحہ ۹۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انیس نے اس مصرعہ میں تسکین کا ایک ایسا پہلو نکالا ہے جو ایک ہی وقت میں ایک غم زدہ بہن کے لیے تلقین صبر بھی ہے اور ذریعہ تسکین بھی۔ بھائی کی مظلومی بیکسی اور مصیبت پر ایسی بہن جس نے ہمیشہ اپنے بھائی کی سلامتی کی دعا کی ہو کیسے صبر کرے لیکن جب اسے یہ سمجھا دیا جائے کہ یہ مصیبت مصیبت نہیں بلکہ وجود دنیا کا مقصد ہے تو بہن جذبات سے بلند ہو کر نگاہ معرفت سے مصائب پر دوبارہ نظر کرنے کے لیے آمادہ ہو سکتی ہے۔ اور بھائی کی جانب سے اس حقیقت پسند اور اطمینان بخش جواب سے نہ صرف یہ کہ مطمئن ہو جائے بلکہ اپنے مصائب کو برداشت کرنے کا حوصلہ بھی پیدا کر سکتی ہے۔

قول حضرت علی :-

ہاں توشۂ آخرت مہیا کر لے
غافل تجھے دنیا سے سفر کرنا ہے [1]

انیس نے ان مصرعوں میں حضرت علی کے اس قول کو نظم کیا ہے جو مختلف الفاظ میں مختلف کتب میں نظر آتا ہے۔ "امیر المومنین حضرت علی ہر روز نماز عشاء کے بعد فرمایا کرتے تھے۔" اے بندگان خدا سفر آخرت پر آمادہ رہو۔ اس مٹ جانے والی دنیا سے دل نہ لگاؤ اور اپنے اعمال نیک جو تمہاری راہ آخرت کا توشہ ہیں اپنے ساتھ لے لو"۔ [2]

انیس نے اس مصرعہ میں 'سفر'، 'توشۂ آخرت'، اور 'غفلت' کے تصورات

[1] مراثی انیس : جلد ۲ (رباعی) نول کشور ص۹۴

[2] نہج الاسرار: جلد ۱ - مرتبہ سید غلام حسین رضا آقا ص۵۴

سے ایک مربوط موضوع آفرینی کی ہے۔ دنیا ٹھہرنے کی نہیں بلکہ سفر کرنے کی جگہ ہے۔ سفر کا ایک مقصد ہوتا ہے۔ سفر کی ایک تیاری ہوتی ہے۔ یہ بات کہ دنیا میں ٹھہرنا نہیں ہے۔ سب مانتے ہیں لیکن کہاں جانا ہے۔ اس پر غفلت ہے اور کیا تیاری کرنا ہے، اس پر غفلت ہے اور غفلت احساس نہ ہونے کی بیماری ہے اور احساس نہ ہونا معرفت نہ ہونے کا نتیجہ ہے۔ اور معرفت نہ ہونا ایمان کی کمزوری اور رسول اور امام سے بے حس ہونے کا نتیجہ ہے۔ لہٰذا اس بسیط موضوع میں انیس نے لفظ 'غافل' پر زور دے کر حیات کی بے ثباتی کے عالمی احساس کو ایک مبسوط نظام حیات و ممات کی طرف موڑ دیا ہے۔ انیس کے یہاں بے ثباتی پر فقط احساس تاسف نہیں بلکہ اسے گوارا کرنے کا عزم اور اس عزم کی تہہ میں ایک معقول مقصد بھی ہے اور یہی انیس کے بلند شاعر ہونے کی پہچان ہے۔

قول امام حسین :-

شاہ فرماتے تھے ایسے ہیں ہمارے انصار
نانا صاحب کے بھی اس طرح کے انصار نہ تھے [1]

انیس نے ان مصرعوں میں امام حسین کے اس قول کو نظم کیا ہے جس میں آپ نے اپنے باوفا اصحاب کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ "میں اپنے رفقاء و اعزا سے زیادہ وفادار اور پرہیزگار کسی دوسرے کے اعزا اور رفقاء کو نہیں پاتا۔" [2]

[1] مراثی انیس : (سلام) جلد ۴ نول کشور ص۴۵

[2] شیخ احمد حسین خاں : تاریخ احمدی ص۲۴۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قول امام حسین :-

ے جب پیاس لگے یاد رہے پیاس ہماری [1]

انیس نے اس مصرعہ میں امام حسین کے اس قول کو نظم کیا ہے جو آپ نے وقت آخر اپنے فرزند امام زین العابدین سے بطور وصیت کہا تھا کہ "اے بیٹا جب مدینہ واپس جانا تو میرے دوستوں کو میرا سلام کہنا اور کہنا کہ جب تم رنج و مصائب میں مبتلا ہو تو ہمارے مصائب و غربت کو یاد کر لینا اور جب خوشگوار پانی پینا تو ہماری پیاس کو نہ بھولنا۔" [2]

انیس نے اس مصرعہ میں انسانیت کے رگ احساس کو چھیڑ دیا ہے حسین نے اپنی وصیت میں پیاس کا ذکر کر کے یہ محسوس کرا دیا ہے کہ جسے پوری کائنات پر سب سے زیادہ حق حاصل تھا وہی اپنے وطن میں حصول آب کے حق سے محروم رکھا گیا۔ لیکن پیاسا رہ کر بھی اس نے دین کے ہر پیاسے کی پیاس کا خیال رکھا۔ وصیت میں 'جب پیاس لگے' کی قید نے وصیت کو اور زیادہ ذی اثر بنا دیا ہے۔

قول امام حسین :-

ے مذبوح قفا تشنہ دہن صابر و شاکر [3]

---

[1] مراثی انیس : جلد ۴ ۔ نول کشور صد ۲۵۲

[2] شیخ احمد حسین خاں، تاریخ احمدی صد ۳۰ لواعج الاحزان جلد ا صد ۲۲۳

[3] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور صد ۱۶۵

انیس نے اس مصرعہ میں امام حسین کے اس قول کو نظم کیا ہے جس میں آپ نے اپنی غربت اور مظلومیت کا مرثیہ پڑھا ہے اور فرمایا ہے کہ "مجھے پس گردن سے ذبح کیا گیا۔" [1]

انیس نے ظلم کی بربریت کا ایک ایسا پہلو نظم کیا ہے جو ایک ہی وقت میں ظلم کی انتہا اور شوق بندگی کی معراج بھی ہے۔ حسین سجدہ میں تھے اور آپ کی گردن کی پشت پر خنجر ظلم چل رہا تھا۔ حسین کا سجدہ بندگی کی معراج بھی ہے ظالم کے ظلم و بربریت کی انتہا بھی۔ حسین کے 'مذبوح قفا' ہونے کا تذکرہ معصوم کی زبان پر اس لئے آیا ہے کہ اس ظلم نے ان کے شوق بندگی کو بھی پورا نہیں ہونے دیا۔

قولِ امام حسین

ے اکبر ترے الم سے جگر چاک چاک ہے
جب تو نہ ہو تو باپ کے جینے پہ خاک ہے [2]

انیس نے ان مصرعوں میں امام حسین کے اس قول کو نظم کیا ہے جو آپ نے اپنے جوان فرزند کی لاش پر بطور مرثیہ پڑھا ہے کہ "اے بیٹا تیرے بعد زندگانیٔ دنیا پر خاک ہے۔" [3]

انیس نے ضعیف باپ کی عمر میں جوان بیٹے کے وجود کی اہمیت کو نمایاں کیا ہے، بالخصوص جب جوان بیٹا سعید، نیک اور صالح ہو تو باپ کی جسمانی

---

[1] لواعج الاحزان : جلد ا ۔ مرتبہ سید نجم الحسن صد ۲۵۱

[2] مراثی انیس : جلد اول ۔ نول کشور صد ۲۴۲

[3] علامہ مجلسی : بحار الانوار ۔ جلد ۱۰ ۔ مترجمہ سید طیب آغا جزائری صد ۲۶۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

توانائی اور روحانی اضطراب کے لئے ایک توانا سہارا ہوتا ہے اور اس کے اٹھ جانے کے بعد باپ کا وجود ایسا ہی ہے جیسے اس کے وجود پر عدم کی گرد پڑ گئی ہو۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ سخت مقام صبر و امتحان ہوتا ہے۔ حسین کا اس امتحان سے گزر جانا ان کے صبر کی دلیل ہے۔

قول امام محمد باقر + قول امام جعفر صادق :-

ع آنسو نکل آئیں تو عبادت اسے جانو [1]
رونا ہی وسیلہ ہے شفاعت کا ہماری [2]

انیس نے ان مصرعوں میں حضرت امام محمد باقر کے اس قول کو نظم کیا ہے جس میں آپ نے فرمایا کہ "جس مومن کی آنکھوں سے آنسو امام حسین کی مصیبت میں رخسار پر جاری ہو اللہ تعالیٰ اسے بہشت میں جگہ دے گا اور وہ ہمیشہ وہاں کا ساکن رہے گا۔" [3] اور یہی قول کچھ الفاظ کی تبدیلی کے ساتھ امام جعفر صادق سے یوں منسوب ہے آپ نے فرمایا کہ جو شخص محزون و مغموم ہوا سبب ان جور و ستم کے جو ہم پر گزرے ہیں اس کا سانس لینا ثواب عظیم کی حیثیت رکھتا ہے۔ اور اسی کے ساتھ فرمایا کہ جو امام حسین کی مصیبت پر روتا ہے اس کے لئے ہمارے جد مظلوم خود طلب بخشش کرتے ہیں۔" [4]

---

[1] مراثی انیس : جلد اول ۔ نول کشور صـ۱۱
[2] مراثی انیس : " ۔ " صـ۱۱
[3] علامہ مجلسی : بحار الانوار جلد اول مترجمہ طیب آغا جزائری صـ۱۱۴
[4] " " : " " " صـ۱۱۵-۱۱۷

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں آنسوؤں کی نفسیات کا ایک روحانی تقدس نظم کیا ہے۔ آنسو یا تو کسی احساس غم کا اظہار ہوتے ہیں یا بے بسی اور عاجزی کا یا ندامت کا۔ لیکن ان آنسوؤں میں کسی ایک آنسو کو عبادت کا درجہ حاصل نہیں ہو سکتا۔ لیکن وہ آنسو جو کسی صداقت کی گہرائی میں اترنے کے بعد معرفت کی گرمی سے پیدا ہو عبادت کی جان بھی ہوتا ہے۔ اور ذریعہ شفاعت بھی۔ انیس نے انھیں آنسوؤں کو عبادت اور ذریعہ شفاعت کہا ہے جو معرفت الٰہی اور رضائے پروردگار پر مال اور اولاد کو خوشی سے لٹا دینے کے تصور سے بے ساختہ نکل آئیں۔ چونکہ سوائے حسین کے کہیں یہ حسن معرفت اور جذبۂ شہادت نہیں ملتا اس لئے معرفت الٰہی کا احساس واقعۂ کربلا سے ہو کر گذرتا ہے اور وہ اشک جو غم حسین میں جاری ہوں وہی عبادت کی روح اور شفاعت کے ضامن ہو سکتے ہیں۔

قول امام جعفر صادق :-

ع جناں میں پائیں گے گھر اہل بیت کے مداح
صلہ خدا سے جدا لیں گے پنجتن سے جدا [1]

انیس نے ان مصرعوں میں امام جعفر صادق کے اس قول کو نظم کیا ہے. جو آپ نے ان شعرائے معرفت سے متعلق کہا ہے جو رسول اور آل رسول کی شان مدحت اور منقبت کے اشعار ایمانی بصیرت اور خلوص قلب کے ساتھ نظم کرتے ہیں جیسا کہ روایت میں ہے کہ "ایک جماعت اہل کوفہ کے ساتھ حضرت امام جعفر صادق کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ حضرت نے اسے بعز و احترام نے پاس بٹھایا اور فرمایا

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور صـ۱۰۶

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اے جعفر ہم نے سُنا ہے کہ تم حسین کے غم میں شعر خوب کہتے ہو! میں نے عرض کی جی ہاں یا ابن رسول اللہ۔ یہ سُن کر آپ نے فرمایا کہ کوئی شعر امام حسین کے مرثیہ میں پڑھو۔ جعفر کہتا ہے جب میں نے مرثیہ پڑھا تو حضرت اس قدر روئے کہ قطرہ ہائے اشک ریش مبارک پر جاری ہوئے اور جو لوگ حاضر تھے رونے لگے اور فرمایا اے جعفر قسم ہے خدا کی اس جگہ ملائکہ مقربین بھی حاضر تھے۔ جو اشعار تم نے پڑھے انھوں نے بھی سُنے اور ہم سے زیادہ روئے اور فرمایا حق تعالیٰ نے تیرے لئے اس وقت سے بہشت واجب کیا۔ اور تیرے گناہوں کو عفو کیا اور پھر فرمایا کہ جو شخص مرثیۂ حسین میں ایک شعر کہے اور روئے اور رُلائے اللہ تعالیٰ اس کے لئے بہشت واجب کرتا ہے اور اس کے گناہوں کو بخش دیتا ہے۔" [1]

میر انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں آل محمد کے مداحوں کی مدح سرائی جن لفظوں میں کی ہے اسے اگر تبصرے کی نظر سے دیکھا جائے تو نتیجہ کے طور پر جو بات سامنے آئے گی وہ یہ مدح گستران آل محمد کا شمار صاحبان ایمان میں ہوگا وہ طیب و طاہر ہوں گے اور اللہ اور رسول کی دوستی کا دم بھریں گے۔ ان کے دشمنوں سے بیزار رہیں گے۔ ان کی نیکیوں کا پلہ بھاری ہوگا اور جو چھوٹے چھوٹے گناہ مجبوراً یا نا دانستہ طور پر ان سے سرزد ہوں گے خدا اسے معاف فرما دے گا۔ اس لئے کہ جنت تو مومنین اور نیکو کاروں کے لئے ہے۔

جملہ اصناف سخن میں ایک صنف قصیدے کی بھی ہے جس کا رواج اگرچہ آجکل بہت کم ہے لیکن کل جب کہ دربار شاہی آراستہ تھے۔ مذکورہ صنف کا ایک امتیازی مقام تھا اس لئے کہ اس کے وساطت سے شعراء سلاطین وقت کی

[1] علامہ مجلسی : بحارالانوار۔ مترجمہ سید طیب آغا جزائری جلد ا صہ ۱۱۸-۱۱۹

خوشنودی حاصل کرتے تھے۔ لیکن سلاطین کے ساتھ جب دربار بھی معدوم ہو گئے تو اس کا اثر قصیدے پر بھی پڑا اور رفتہ رفتہ شعراء اس سے دست کش ہوتے گئے۔

قصیدے کے زوال کا سب سے نمایاں سبب قصیدہ کا زوال پذیر افراد اور زوال پذیر علائق سے مربوط ہونا تھا۔ نتیجہ میں فانی افراد اور فانی علائق کے دم توڑتے ہی قصیدے کی سانسیں بھی اکھڑ گئیں۔

لیکن وہ قصاید جو غیر فانی افراد اور باقی رہنے والے علائق سے وابستہ رہے وہ اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ آج بھی باقی ہیں اور رہتی دنیا تک باقی رہیں گے۔ اس لئے کہ سلاطین کی مدح و ثناء کرتے وقت بس ان کی ذات اور ان کی ذات سے حاصل ہونے والے فواید سامنے رہتے تھے۔ لیکن الٰہی نمائندوں کی مدح و ثنا کرتے وقت جہاں ان کے کردار کی عظمتیں سامنے رہتی ہیں وہاں جلال پروردگار بھی شاعر کی فکر کو محیط رکھتی ہے وہ اپنے ممدوح کی مدح کسی صلہ کی تمنا نہیں کرتا بلکہ کردار کی بلندی سے متاثر ہو کر ممدوح سے اپنے والہانہ لگاؤ کا اظہار کرتا ہے۔

قولِ امام جعفر صادق :-

ع اسرار لدنّی میرے سینے میں نہاں ہیں [1]
ع پائی نہ اماں رازِ الٰہی کی امیں نے [2]

[1] مراثی انیس : جلد اول۔ نول کشور صہ ۲۹
[2] " " " " صہ ۳۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انیسؔ نے ان مصرعوں میں امام جعفرِ صادق کے اس قول کو نظم کیا ہے جسمیں آپ نے فرمایا کہ ہم 'والیان ' امرِ الٰہی کے خزانے ہیں اور مراکز اسرار الٰہیہ ہیں"۔ [۱]

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں ایک ایسی حقیقت کو نظم کیا ہے جو عام انسانیت کو الگ کرکے ان خاص بندوں کو نمایاں کرتی ہے جو اس حقیقت کے مالک ہیں انسان کا امتیاز تمام مخلوقات پر اس کے عقل و شعور رہے ہے۔ شعور و عقل فطرت میں چھپے ہوئے اسرار کو دریافت کرکے اپنے شعوری عمل کو مزید انکشافات پر مہمیز کرتے ہیں اور صدیوں کی مسافت کے بعد اگرچہ انسان اپنے ارتقاء فکر کی بلندی پر فائز ہو جاتا ہے لیکن وہ کائنات کے تمام حقائق پر قطعیت اور یقین کے ساتھ تصرف کا ملکہ نہیں حاصل کر سکتا۔ انسانی شعور کے پیش رفت میں پرانے انکشافات کی کمزوریاں اور مستقبل کی حالت پر ظن و گمان کے اندھیرے پائے جاتے ہیں مجموعی طور پر اس کا علم کائنات کے اساسی اسرار پر مطلع نہیں ہو پاتا۔ عام شعور بشری کی یہی وہ قسم ہے جو اسے خاص شعور سے الگ کر دیتی ہے جہاں سوائے روشنی کے اندھیرے کا نام نہیں۔ سوائے صواب کے اندھیرے کا گذر نہیں، سوائے اثبات کے نفی کا کوئی امکان نہیں۔ ایسے شعور کو قرآن و شریعت کی اصطلاح میں علم لدُنّی یعنی خاص خدا کی طرف سے حاصل ہونے والا علم، سے تعبیر کیا گیا ہے۔ امام معصوم اسی علم لدُنّی کا مالک ہوتا ہے اور اسی کے سینے میں اسرار الٰہی پوشیدہ ہوتے ہیں لیکن وہ اس علم کے تصرف میں خدا کی مرضی کا تابع ہوتا ہے۔ ایک ایسا انسان جس کا سینہ اسرار الٰہی کا امانت دار ہو اور جس کی

---

[۱] اصول کافی : (الشافی) مترجمہ سید ظفر حسن صفحہ ۲۲

ذات میں علم لدنّی کو پناہ ملی ہو اگر ایسے انسان کو عام انسانی بستی میں پناہ نہ ملی تو یہ اس کا نقصان نہیں بلکہ یہ ان کا نقصان ہے جنہیں شعور کی نمو میں اس صاحب علم لدنّی کی رہنمائی درکار تھی۔ انیسؔ نے پہلے مصرعہ میں امام برحق کی امتیازی علمی شان کا ذکر کیا ہے اور دوسرے مصرعے میں انسان پر دنیا کو تنگ کر دینے والوں کا ذکر کیا ہے اور یہ محسوس کرایا ہے کہ دنیا اتنی تنگ کر دی گئی کہ کعبہ کی زمین پر بھی جس پر امان کی ضمانت ہے، حسین کو امان نہ ملی۔

اقوال امام مہدی آخری الزماں :-

ع حر پکارا 'بابی انت و اُمّی یا شاہ [۱]

ع یہ خاک پاک آج سے خاکِ شفا ہو لی [۲]

انیسؔ نے ان مصرعوں میں حضرت امام مہدی آخرالزماں کے اس قول کو نظم کیا ہے جس میں آپ نے امام حسین کے رفقاء اور انصار کے ایثار و قربانی کی عظمت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ "اے انصار حسین میرے ماں باپ تم پر فدا ہوں، تم خود بھی پاک ہوئے اور وہ زمین بھی پاک ہو گئی جس میں تم دفن کیے گئے"۔ [۳]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں قول امام مہدی آخرالزماں کو اپنے کرداروں کی زبان سے یوں کہلوایا ہے کہ قول کی روح پر کوئی اثر نہیں پڑا۔

---

[۱] مراثی انیسؔ : جلد ۱ ۔ نول کشور صفحہ ۱۰۱

[۲] " " " " صفحہ ۷۵

[۳] شیخ عباس قمی : مفاتیح الجنان ۔ زیارت وارثہ ۔ مترجمہ شیخ اختر عباس صفحہ ۲۲۴-۲۲۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام نے انصارِ حسین کے لیے حر کے اندر جو جذبۂ فداکاری پیدا ہو گیا تھا اس میں اپنا سب کچھ قربان کر دینے کا جذبہ فطرتاً شامل تھا۔ جو حر اپنا جوان بیٹا قربان کر سکتا ہے وہ اپنے ماں باپ بھی نثار کر سکتا ہے اور یہی وہ جذبۂ اخلاص ہے جو میدانِ شہادت میں حق کے جاں نثاروں کو پیش کرتا ہے اور انھیں کے جسم سے بہنے والے ہر قطرۂ خون میں احساس کی وہ تڑپ ہوتی ہے جو اس خاک کی طینت کو اپنے اخلاص سے طیب و طاہر کر دیتی ہے کردار ضرور وقتی ہوتے ہیں لیکن ان کے اندر جو تعمیری رُوح ہوتی ہے وہ زمان و مکان کے حدود سے آگے نکل جاتی ہے۔ انیس نے ان مصرعوں میں ہر دور کے جذبۂ ایثار و اخلاص کو اور ہر اس زمین کو جہاں یہ اخلاص کام آجائے خراجِ تحسین پیش کیا ہے

بابِ چہارم

کلامِ انیس میں فقہی مسائل

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کلام انیسؔ میں مذہبی عناصر کے تجزیہ میں اس حقیقت پر نظر رکھنے کی ضرورت ہے کہ انیسؔ فقہ جعفری پر عالمانہ دسترس رکھتے تھے۔ چونکہ انیس کا فکری محور اسلامیات ہے لہٰذا میر انیسؔ نے عبد و معبود کے رابطہ حیات و کائنات کے رموز و اسرار کو شاعرانہ محاسن کی احتیاط کو مدنظر رکھتے ہوئے یوں پیش کیا ہے کہ فن کاری حقیقت نگاری کی آئینہ دار بن گئی ہے۔ مدنظر ہے کہ مذاہب عالم کی بنیاد اس نظریہ پر قائم ہوتی ہے کہ کائنات اور انسان کا رابطہ کیا ہے؟ کائنات کا خالق و مالک کون ہے؟ اس کی تخلیق کا کیا مقصد ہے؟ اس میں انسان کا کیا مرتبہ ہے۔؟ کائنات کا تصور مذہب کے تصور سے جدا تصور نہیں۔ دنیائے مذاہب کے مقاصد پر نظر ڈالی جائے تو یہ احساس ہوگا کہ مذہب کے بنیادی مقاصد سماج کی شیرازہ بندی، افراد کے باہمی ربط و اشتراک، اخوت و برادری اور انسانی حقوق وغیرہ پر مبنی ہے۔ اسلام کے نزدیک کائنات خارجی حقائق کا مجموعہ ہے۔ اس کی صحیح معرفت اس رب الارباب اطاعت و فرمانبرداری پر موقوف ہے جو وجود کا سرچشمہ ہے لیکن نگاہوں سے پوشیدہ ہے۔ وہی سرچشمۂ وجود خالق کائنات بھی ہے اور مدبّر کائنات بھی۔ اسلام نے خالق و مخلوق کے رشتے کو زبردست معنویت عطا کرتے ہوئے اسے شعور کا جزو بنا دیا ہے۔ جس میں ایک طرف خالق کا مخلوق سے رابطہ اور دوسری طرف سماج کا افراد سے۔ چونکہ اسلام بنی نوع انسان کی فکری و اخلاقی اصلاح کیلئے احکام و ضوابط کے مجموعے اور اس سے وابستہ ہدایت اور علم کا نام ہے اس لئے اسلامی تعلیمات کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جس میں ایک کا نام اصول دین اور دوسرے کا نام فروع دین ہے۔ اصول دین کا تعلق اور فروع دین اعمال سے وابستہ ہوتے ہیں عقیدہ کسی حقیقت کو عقل کی میزان پر پرکھ کر کسی دلیل کے مان لینے کا نام ہے۔ فقہ جعفری کے اعتبار سے دین اسلام میں اصول دین پانچ ہیں۔

۱۔ توحید : پورے عالم کی خالق و مالک فقط ایک ذات پروردگار ہے۔

۲۔ عدل : وہ پروردگار اپنے افعال میں عادل ہے کوئی برا کام کرتا نہیں، اور کسی اچھے کام کو نظرانداز نہیں کرتا۔

۳۔ نبوت : بندوں کی ہدایت کے لئے وہی معصوم انبیا بھیجتا ہے۔

۴۔ امامت : ہدایت کو قائم رکھنے کے لئے بعد رسول وہی سلسلۂ امامت کو جاری رکھتا ہے۔

۵۔ قیامت : بندوں کے اعمال کی جزا و سزا کے لئے وہ ایک دن سب کو زندہ کرے گا۔

فقہ جعفری کے اعتبار سے دین اسلام میں فروع دین کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

۱۔ عبادات ۔ بندوں کا اللہ سے رابطہ یعنی نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، خمس، جہاد وغیرہ۔

۲۔ معاملات ۔ بندوں کا بندوں سے رابطہ یعنی تجارت، زراعت، نکاح، طلاق، میراث، قصاص وغیرہ۔

فقہ جعفری میں فکر و استدلال کی آزادی ہے جس میں قانون اسلام کو قبول کرنے کے قبل مختلف مسائل و مباحث کی تفہیم ضروری ہے مگر کسی کے ورغلانے پر اصول دین قبول کر لینا حرام ہے۔ اپنی عقل سے طے کرنا ہوگا کہ خدا ایک ہی ہو سکتا ہے (توحید)، ظالم نہیں ہو سکتا (عدل)، بندوں کو گمراہی میں نہیں چھوڑ سکتا (ضرورت نبوت و امامت) نیکیوں کو نظرانداز نہیں کرتا اور برائیوں کو بغیر پرسش نہیں چھوڑ سکتا (عقیدۂ قیامت)۔ اس طرح واضح ہے کہ عقیدہ عقلی دلائل و براہین اور منطقی استدلال کے بعد حاصل ہوتا ہے۔ فرد کسی عقیدے کو قبول کرنے کے قبل ذاتی فکر و عمل میں آزاد ہے۔ لیکن کسی عمل کو قبول کرنے کے بعد ذاتی فکر و عمل کی آزادی ختم ہو جاتی ہے۔ کیوں کہ عقیدہ ایمان و ایقان کا نام ہے جس کا مرکز د

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

محور عام افراد نہیں بلکہ کردار معصومین ہے جو کسی عقیدے کے بنیادی مباحث عوامل اور کیفیات کی توضیح و تشریح کرتے ہیں اگر عام افراد کی ایجاد بندہ کو عقیدے کا جز بننے کی اجازت دیدی جائے تو عقیدہ مختلف اور متضاد تصورات کی آماجگاہ بن جائے گا جس میں ہر طرح کے افراط و تفریط کی گنجائش پیدا ہو جائے گی۔ اسلامی عقائد کے اعتبار سے قرآن آخری کتاب الٰہی ہے۔ جس نے اپنے قبل کے تمام صحیفوں کو منسوخ کر دیا۔ قرآن کے ذریعہ نافذ کردہ الٰہی قانون دائمی اور ابدی ہے جس پر عمل کیا جانا چاہیئے۔ حیات رسول میں قرآنی قانون کا معیار و میزان رسول کی ذات اقدس ہے لیکن وفات رسول کے بعد یہی ذمہ داری امامت کو منتقل ہو جاتی ہے۔ منطقی اعتبار سے رسالت کے بعد امامت کی ضرورت اس لئے ہے کہ امام اپنے تجربات و مشاہدات کی روشنی میں عمل کی دعوت دیتا ہے اور جب امامت اپنی آخری منزل تک آئے تو لازمی ہوتا ہے کہ کسی کو نائب امام کا تقرر کرے۔ فقہ جعفری کے اعتبار سے رسول اور امام کا معصوم ہونا ضروری ہے جو گناہوں سے نہ صرف مبرّا ہو بلکہ سہو و نسیان سے بھی پاک ہو۔ اس مسئلہ کی تفصیل اپنی جگہ پر پیش کی جا چکی ہے۔ لیکن اتنا عرض کرنا ضروری ہے کہ امام آخر الزماں کے نائب کا معصوم ہونا ضروری نہیں ہے البتہ نائب امام کے لئے مندرجہ ذیل شرائط کا ہونا لازم ہے۔

۱۔ فقیہہ ہو — حکم خدا کو قرآن و حدیث اور اقوال معصومین سے معلوم کرنے کی سب سے زیادہ استعداد رکھتا ہو۔

۲۔ اپنے نفس کا برابر محاسبہ کرتا ہو۔

۳۔ اپنی خواہشات کی مخالفت کرنے کی روحانی طاقت کا مالک ہو۔

۴۔ اپنے امام کے امور کا سب سے زیادہ مطیع ہو۔

ایسے ہی جامع الشرائط عالم دین کو مرجع وقت یا اعلم سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

دور غیبت میں فروع دین میں احکام پر عمل کرنے کے لئے تین صورتوں میں سے کسی ایک کا اختیار کرنا ضروری ہے۔

۱۔ مجتہد ہو۔ قرآن، احادیث رسول اور اقوال معصومین پر ایسی گہری نظر رکھتا ہو کہ مسائل کا استنباط کر کے فتویٰ دے سکے۔

۲۔ اگر خود مجتہد نہ ہو تو کسی دوسرے مجتہد کی تقلید کرے۔

۳۔ اگر مجتہد یا مقلد نہ ہو تو احتیاط پر عمل کرے۔ اس کا عمل اتنا وسیع ہو کہ عمل کرنے کے بعد اسے یقین ہو جائے کہ فریضۂ شرعی ادا ہو گیا۔

لیکن ہر شخص کے لئے آسان نہیں ہے کہ اپنی بیشتر زندگی علم دین کی مستند تحصیل میں گذار کر مجتہد یا احتیاط پر عمل کرنے والوں میں شمار ہو سکے۔ اس لئے دین کو صحیح طور پر جاننے کے لئے دینی مسائل میں علمائے دین کی طرف رجوع کرنا ہوگا۔ چونکہ اعمال کی صحت تقلید کے بغیر ناممکن نہیں تو دشوار ضرور ہے

واقعات کربلا کو قرآنی فلسفۂ حیات کی عملی تعبیر و تشریح کی عظیم ترین درسگاہ قرار دیا جا سکتا ہے۔ جس میں قرآنی درسیات سے اسلامی عقائد و اعمال کو مشاہدات و تجربات کی میزان میں پیش کیا گیا ہے۔ عبادت، فقاہت سے لیکر ایثار و شہادت تک اسلام کے تمام فکری و عملی درس کو مجاہدین راہ خدا نے اپنے کردار و عمل میں پیش کر کے ہمیشہ کے لئے محفوظ کر دیا ہے۔

میر انیسؔ کا موضوع سخن ان افراد کی سیرت و کردار ہے جن کی زندگیاں اسلامی فقہ کے سانچہ میں ڈھلی ہوئی ہیں۔ اس لئے کلام انیس کی فقہی بصیرت میں ادبی اور فنی بلندیاں معجزہ نہیں سحر حلال لازمی طور پر نظر آتی ہیں۔ کلام انیسؔ کا یہ موضوع نہیں ہے کہ مصیبتوں میں گرفتار انسان کا فطری ردعمل کیا ہوتا ہے بلکہ اسے انتہائی آلام و مصائب کے درمیان

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اپنے پیشوا کی نظر میں کیا ہونا چاہیئے۔ فکرِ انیسؔ ان افراد کے درمیان خطِ امتیاز کھینچتی ہے جو مصائب و آلام کی منزل میں شکوہ کرتے نظر آتے ہیں اور دوسری طرف وہ لوگ جو لذتِ صبر حاصل کرنے لیۓ مصیبتوں کا استقبال کرتے ہیں۔

کلامِ انیسؔ کا کمال ہے کہ کہیں سے یہ احساس تک نہیں ہوتا کہ فکری فضا میں ادبی نہج یا ادبی فضا میں فقہی اظہار نامناسب ہو گیا ہے۔ بلکہ موضوع کی ہمہ گیری انیسؔ کو مختلف موضوعات و تعبیرات تک لے جاتی ہے اور شاعر فقہ کے خشک راستہ پر تخلیقی خرام کی دشواری کے باوجود نہایت کامیابی سے گذر جاتا ہے۔ اور انسانی قدروں کے اظہار میں فنی ہم آہنگی کا شیرازہ نہیں بکھرنے پاتا اور غیر اسلامی فکر رکھنے والا قاری بھی قیام و قعود، رکوع و سجود سے یوں مانوس ہو جاتا ہے کہ یہ اعمال فقہی نہیں بلکہ شرافتِ کردار کی علامت ہیں۔

میر انیسؔ نے واقعہ نگاری میں انسانی وجدان و ضمیر کو اپنا رہنما بنایا ہے واقعات کے کردار کو قاری بھی اپنی داخلی بصیرت سے دیکھتا ہے اور پھر یہ محسوس کرتا ہے کہ کربلا کے افراد کی سیرت ہر دور کے صالح معاشرے کی تشکیل کے لئے ایک مستقل ضرورت ہے۔ انیسؔ نے اپنے کمالِ فن کے دوش پر روداد کربلا کو اتنا بلند کیا کہ واقعۂ کربلا ۶۱ھ کے حدودِ زمان اور میدانِ کربلا کے حدودِ مکان سے نکل کر ایک ابدی اور آفاقی سرمایۂ ادب بن گیا۔ اس لئے مناسب ہوگا کہ کلامِ انیس میں فقہی مسائل کا جائزہ لینے کے قبل ان فقہی اصطلاحات کی مختصر توضیح و تشریح پیش کر دی جائے جو کلامِ انیس کے مطالعہ میں اہم و ناگزیر ہے۔

فقہی اصطلاحات[1]

۱۔ واجب : وہ عمل جس کا کرنا لازم ہے اور نہ کرنے والا گنہگار ہوتا ہے۔

[1] محسن علی نجفی۔ فلسفۂ نماز ص۲۴۱ تا ص۲۵۸

۲۔ حرام : وہ عمل جس کا نہ کرنا لازم ہے اور کرنے والا گنہگار ہوتا ہے۔

۳۔ مستحب : وہ عمل جس کے کرنے میں ثواب اور نہ کرنے میں کوئی عذاب نہیں ہے۔

۴۔ مکروہ : وہ عمل جس کے نہ کرنے میں ثواب اور کرنے میں کوئی عذاب نہیں ہے۔

۵۔ مباح : وہ عمل جس کا کرنا اور نہ کرنا دونوں میں نہ ثواب ہے نہ عذاب ہے۔

۶۔ حاکمِ شرع : وہ مجتہد جس کا حکم شرعی احکام کے اعتبار سے نافذ ہو۔

۷۔ آبِ کُر : پانی کی وہ مقدار جو ۳½ بالشت چوڑائی، ۳½ بالشت لمبائی، اور ۳½ بالشت گہرائی میں سما سکے۔ وزن کے اعتبار سے ۳۷۸ کیلوگرام ہو۔

۸۔ آبِ قلیل : وہ پانی جو کُر سے کم ہو اور زمین سے بھی نہ نکل رہا ہو۔

۹۔ آبِ مضاف : وہ پانی جو کسی چیز سے حاصل کیا گیا ہو جیسے عرقِ گلاب یا وہ پانی جو کسی چیز میں اس طرح مخلوط ہو جائے کہ پانی نہ کہا جا سکے جیسے شربت وغیرہ

۱۰۔ آبِ مطلق : وہ پانی جو کسی چیز سے مخلوط نہ ہوا ہو اور اگر ہو بھی تو اس طرح نہ ہو کہ اسے عرفِ عام میں پانی نہ کہا جا سکے۔

۱۱۔ فرض : واجب کے ہم مفہوم

۱۲۔ استطاعت : فریضۂ حج کے ادا کرنے کے لئے مالی، بدنی اور سفر کی سہولت کا ہونا۔

۱۳۔ قصدِ قربت : پروردگار کی قربت اور رضا حاصل کرنے کے لئے قصد کرنا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۴۔ قضا : کسی ایسے عمل کا بجا لانا جو اس کے خصوصی وقت میں ادا نہ کیا جا سکا۔

۱۵۔ فرادیٰ : وہ نماز جو انسان انفرادی طور پر جماعت کے بغیر پڑھے۔

۱۶۔ سنت : قول رسولؐ، فعل رسولؐ اور سکوت رسولؐ ــ اور وسیع ترتعبیر میں قول معصوم، فعل معصوم اور سکوت معصوم۔

۱۷۔ کفارہ : کسی امر واجب کے ترک کرنے یا اس کے صحیح طور پر ادا نہ کرنے سے مرتب ہونے والے گناہ کی تلافی کے لئے شرعی معاوضہ۔

متذکرہ بالا فقہی اصطلاحات کی روشنی میں کلام انیس کا جائزہ لیا گیا ہے اور اہم فقہی مسائل سے متعلق میر انیس کے زاویہ نظر کا تجزیہ کیا گیا ہے۔ ذیل میں بعض اہم اور ناگزیر فقہی مسائل کا ذکر کیا گیا ہے۔

عبادت

ے جب رات عبادت میں بسر کی شہ دیں نے [1]

ے ذکر حسین حق کی عبادت سے کم نہیں [2]

میر انیس نے عبادت کے فریضہ کو جس مفہوم کے ساتھ نظم کیا ہے وہ انداز اسلامی احکام میں عبادت کو ایک مخصوص انداز سے متعارف کراتا ہے۔ دنیا میں دو قسم کے مذاہب پائے جاتے ہیں۔ جن میں کچھ وہ ہیں جن کے یہاں خدا کا تصور کسی نہ کسی شکل میں پایا جاتا ہے اور کچھ وہ ہیں جہاں خدا کا کوئی تصور نہیں۔ جن مذاہب

---

۱ مراثی انیس : نول کشور۔ جلد ۲ صـ ۲۱۱

۲ ؍ ؍ : ؍ ؍ ؍ ۴ صـ ۱۴

میں تصور الٰہی ہے وہاں عبادت الٰہی کا وجود بھی پایا جاتا ہے۔ دنیا کے تمام نظام ہائے عبادت اور اسلام کے نظام عبادت کا بنیادی فرق یہ ہے کہ اسلام نے بندگان خدا کو مقصد زندگی بھی بتایا ہے اور طرز بندگی بھی متعین کر دیا ہے۔ اسلام میں یہ فلسفۂ عبادت کی ہمہ گیری ہے کہ اس نے فقط نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ کو عبادت قرار نہیں دیا بلکہ ہر وہ عمل جو حکم خدا اور رضائے خدا کو حاصل کرنے کے لئے کیا جائے وہ عبادت ہے چاہے نماز، روزہ ہو چاہے تجارت و زراعت و حرفت۔

میر انیس نے اس مصرعہ میں (جب رات عبادت میں بسر کی شہ دیں نے) حسین کی اس بندگی کا ذکر کیا ہے جو آپ نے شب عاشور جاگ کر ادا کی تھی جس کے بارے میں روایت میں وارد ہوا ہے کہ شب شہادت خیام عصمت سے تسبیح و تہلیل کی آوازیں اس طرح بلند ہو رہی تھیں جیسے شہد کی مکھیوں کے چھتے سے آواز آتی ہے۔ میر انیس نے امام حسین کی عبادت کا ذکر کرتے ہوئے اس مصرعہ میں امام عالی مقام کے لئے شہ دیں کا لفظ استعمال کیا ہے۔ چونکہ حدیث رسول کی روشنی میں نماز دین کا ستون ہے [2] اور حسین وجہ بقائے نماز ہیں۔ اسی لئے انھیں شہ دیں کہا ہے۔ امام محافظ شریعت ہوتا ہے۔ اور شریعت کا محافظ قرآن کی رو سے وہی ہے جو اَنْ اَقِیْمُوا الدِّیْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِیْهِ [3] یعنی قیام دین اور دین کی اصل ہیئت کو اختلاف کی زد سے بچانے کا ذمہ دار ہو۔

---

۱ محمد باقر نقوی۔ 'مدینہ سے مدینہ تک'، صـ ۱۸۵

۲ محسن علی نجفی۔ "فلسفۂ نماز" صـ ۱۱

۳ قرآن : سورۂ شوریٰ آیت ۱۳

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وضو

تجدید وضو کر کے پھرے نہر سے غازی [1]
پانی نہ تھا وضو جو کریں وہ فلک مآب [2]

میر انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں اسلامی فقہ میں نماز کے لئے وضو کے ناگزیر ہونے کو ملحوظ رکھا ہے اس لئے کہ وضو سے انسان کو ایک خاص طہارت کا احساس ہوتا ہے اور یہی احساس داخلیت کی پاکیزگی کا ضامن ہے۔ وضو نماز کے لئے شرط لازم ہے۔ نیت کے بعد وضو میں واجب ہے کہ منھ ہاتھ دھوئے جائیں اور سر کے اگلے حصہ اور پاؤں کے اوپر والے حصہ پر مسح کیا جائے۔[3]

میر انیسؔ نے اس مصرعہ میں "تجدید وضو کر کے پھرے نہر سے غازی" وضو کے ساتھ لفظ تجدید نظم کر کے خاصان خدا کے ایک مخصوص طرز عمل کی طرف اشارہ کیا ہے۔ چونکہ خاصان خدا وہ ہوتے ہیں جو باوضو ہونے کے باوجود فریضہ کی ادائیگی کے وقت تجدید وضو فرماتے ہیں۔ میر انیسؔ نے تجدید وضو کہہ کے کربلا والوں کی اس معراج بندگی کا ذکر کیا ہے جہاں فقط واجب ہی پر نہیں بلکہ مستحبات پر بھی بھرپور عمل ہو رہا ہے۔ انیسؔ کی نظر میں کربلا والے کمال بے نیازی اور پابندیٔ مشیت الٰہی کی اس منزل پر فائز ہیں کہ وضو کے لئے تو پانی کی طرف متوجہ ہوتے ہیں مگر بعد وضو دریا کی طرف سے منہ موڑ لیتے ہیں۔ اسی لئے میر انیس نے اس حقیقت کی ترجمانی اپنے الفاظ میں

---

۱ مراثی انیسؔ۔ نول کشور۔ ج ۱ ص۵۶
۲ " " " ج ۴ ص۴۳
۳ سید ابوالقاسم خوئی۔ توضیح المسائل، ص۳۴

پیش کرتے ہوئے یہ نہیں کہا کہ "تجدید وضو کر کے چلے نہر سے غازی" بلکہ چلے کی جگہ پھرے کہا تاکہ 'چلے آنے' اور 'منہ پھیر لینے' کا فرق واضح ہو جائے۔

انیسؔ نے دوسرے مصرعہ میں (پانی نہ تھا وضو جو کریں وہ فلک مآب) پانی کے ساتھ وضو کا ذکر کیا۔ چونکہ وضو کے لئے پانی ضروری ہے اس لئے لفظوں کے اعتبار سے ترتیب کا لحاظ رکھتے ہوئے پانی کا ذکر پہلے کیا وضو کا بعد میں۔

تیمم

نکلے حرم سے کر کے تیمم امام پاک [1]
رکھی رخوں پہ خاک تیمم سے طرفہ آب [2]

میر انیس نے اسلامی فقہ کے نقطۂ نگاہ سے داخلی پاکیزگی کے لئے پانی کے میسر نہ ہونے کی صورت میں خاک سے تیمم کرنے اور خاک آلود چہرے کے معنوی حسن کی طرف اشارہ کیا ہے۔ بہتر یہ ہے کہ خاک پر تیمم کیا جائے۔ اعضائے تیمم پیشانی اور دونوں ہاتھ اگر نجس ہوں تو جہاں تک ممکن ہو انھیں پاک کرے اور انگوٹھی وغیرہ بھی اتار لے۔ پھر نیت کرے اور دونوں ہتھیلیوں کو تیمم کی چیز پر مارے۔ اس کے بعد دونوں ہتھیلیوں کو پیشانی پر اس طرح کھینچے کہ دونوں بھنویں نیچے آجائیں اور پھر داہنے ہاتھ کی پشت پر بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو پھیریں اسی طرح بائیں ہاتھ کی پشت پر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی سے گٹے سے ہتھیلیوں کے سرے تک ہاتھ پھیریں۔[3]

---

۱ مراثی انیس۔ نول کشور۔ جلد ۱ ص۱۱۱
۲ " " " ۴ ص۴۳
۳ سید ابوالقاسم خوئی۔ توضیح المسائل ص۴۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چونکہ خیام اہلبیت میں پینے کے لئے پانی نہیں تھا۔ تاریخیں[1] اس حقیقت کی گواہ ہیں تو وضو کے لئے پانی کہاں سے ممکن ہوتا۔ اسی لئے انیسؔ نے تیمم کا ذکر کرکے اس مصرعہ میں (نکلے حرم سے کرکے تیمم امام پاک) تیمم کے ساتھ امام پاک کا ذکر کرکے خاک کے پاک ہونے کی صفت بھی مدنظر رکھی ہے اور یہ بھی واضح کر دیا ہے کہ خاک بظاہر صاف نہ ہونے کے باوجود انسان کی پاکیزگی پر اثر انداز نہیں ہوتی بلکہ اسے مزید پاک بنا دیتی ہے اور درحقیقت تیمم کے بارے میں شیطانی وسوسہ کا ایک جواب بن جاتی ہے۔

میر انیسؔ نے اس مصرعہ میں (پرتھی رخوں پہ خاک تیمم سے طرفہ آب) خاک کے ساتھ چہرے کی آب و تاب کا ذکر اس لئے کیا کہ یہ خاک تیمم ہے جس سے چہرہ خراب اور آلودہ ہونے کے بجائے ایک مقدس اور بھرپور آب و تاب کا حامل نظر آتا ہے اور وہ چہرہ نگاہ خدا میں محترم ہو جاتا ہے۔

نماز

ے مصروف ہوئے طاعت خالق میں نمازی [2]

ے فارغ ہوئے نماز جب قبلۂ انام [3]

ے زاہد بھی، مجاہد بھی، نمازی بھی جری بھی [4]

میر انیس نے مذکورہ مصرعوں میں جنگ کی نفسیات کو پیش نظر رکھتے ہوئے عام

---

[1] علامہ ہروی۔ مواعظ حسنہ، ص ۹۴۔ سید باقر نقوی تاریخ ائمہ ص ۲۷، سید غلام عسکری۔ پیاس ص ۲۲

[2] مراثی انیس: نول کشور۔ جلد ۴ ص ۵۶

[3] 〃 〃 〃 ۔ 〃 ص ۷۶

[4] 〃 〃 〃 ۔ جلد ۱ ص ۳۴۶

بشری تقاضوں پر دین کی بقا کے احساس کو غالب رکھنے والوں کے حسن جہاد میں نماز کو بطور استعارہ پیش کیا ہے۔ فروع دین میں اول نماز ہے جس کے بارے میں پروردگار قرآن میں ارشاد فرماتا ہے اقیموا الصلوٰۃ ولا تکونوا من المشرکین[1] (نماز قائم کرو اور مشرکین میں سے نہ ہو جاؤ) نماز مسلمان اور کافر کے درمیان ایک خط فاصل کھینچتی ہے۔ نماز ہر حال میں واجب ہے۔ بیمار، مسافر، امیر، فقیر، مرد، عورت سب پر یہ فریضہ ہر حالت میں کسی نہ کسی شکل میں ادا کرنا ضروری ہے۔ زمانۂ غیبت امام میں چھ نمازیں واجب ہیں[2] ۱۔ نماز پنجگانہ ۲۔ نماز آیات ۳۔ نماز طواف واجب ۴۔ نماز نذر عہد، قسم، اجارہ ۵۔ نماز والدین (جو بڑے بیٹے پر واجب ہے۔ ۶۔ نماز میت۔

میر انیسؔ نے اس مصرعہ (مصروف ہوئے طاعت خالق میں نمازی) کو یوں نہیں کہا کہ 'مصروف ہوا طاعت خالق میں نمازی'، بلکہ 'ہوا' کے بجائے 'ہوئے' استعمال کیا۔ چوں کہ لفظ 'ہوا' فرداً فرداً یعنی نماز فرادیٰ کا تصور پیدا ہوتا ہے اور 'ہوئے' سے نماز جماعت کا۔ رسول برحق یا امام معصوم موجود ہو تو اس کی موجودگی میں بغیر ان کی اجازت کے ان کی اقتدا سے الگ نماز قائم کرنا حرام ہے۔ میدان کربلا میں امام حسین جیسا امام معصوم موجود ہو تو یہ کیسے ممکن ہے کہ حق کے پرستار اور اہل علم و معرفت نماز کو فرادیٰ یا الگ نماز جماعت کے ساتھ پڑھتے واجب ہے کہ نماز امام کی اقتداء میں ادا کی جائے۔ انیسؔ نے اس مصرعہ لفظ 'ہوئے' کا استعمال کرکے امام وقت کی اقتدا میں قائم ہونے والی نماز جماعت کی اہمیت اور نماز ادا

---

[1] قرآن: سورۂ روم، آیت ۳۱

[2] سید ابوالقاسم خوئی، توضیح المسائل ص ۷۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرنے والوں کی معرفت کی طرف اشارہ کرکے اپنی بھرپور فنّی بصیرت کا ثبوت پیش کیا ہے اور یہ واضح کر دیا ہے کہ کربلا والے صرف غازی ہی نہیں بلکہ سب کے سب نمازی بھی تھے۔ انیسؔ نے اس مصرعہ میں (مصروف ہوئے طاعت خالق میں نمازی) لفظ طاعت کے ساتھ خالق کا لفظ اس لئے استعمال کیا کہ لفظ اطاعت میں رسول، امام اور والدین کی اطاعت کا حکم بھی شامل ہو جاتا ہے۔ چونکہ اس مصرعہ میں نماز کا ذکر ہو رہا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ یہ واضح کیا جائے کہ نماز سے مراد اطاعت خالق ہے۔ یا تو انیسؔ 'عبادت' کا لفظ استعمال کرتے تو عبادت کے ساتھ لفظ خالق کی ضرورت نہ رہ جاتی لیکن جب 'طاعت' کا لفظ استعمال کیا تو یہ وضاحت بھی ضروری تھی کہ کس کی اطاعت کی جائے اس لئے لفظ طاعت کے ساتھ خالق کے لفظ کو جوڑ کر انیسؔ نے اطاعت کا وہ مفہوم جو لفظ عبادت سے ادا ہوتا ہے اس کو روشن کیا ہے۔

قبلہ

ے فارغ ہوئے نماز سے جب قبلۂ انام [1]

ے سیدھے ہوئے قبلہ کی طرف حیدرِ کرار [2]

ے سجدے کا اشتیاق جو تھا قبلہ رُو گرے [3]

ے کعبہ سے کیا جب کہ سفر قبلۂ دیں نے [4]

---

[1] مراثیٔ انیسؔ: نول کشور۔ جلد ۴ صفحہ ۲۶

[2] اکبر حیدری: باقیاتِ انیسؔ۔ جلد ۱ صفحہ ۱۱۵

[3] مراثیٔ انیسؔ: نول کشور۔ جلد ۱ صفحہ ۱۴۴

[4] " " " " صفحہ ۳۷

میر انیس نے مذکورہ مصرعوں میں اس رمز کو ملحوظ رکھا ہے کہ اہلِ ایمان اپنے نظامِ فکر و عمل کا ایک ظاہری مرکز بھی رکھتے ہیں جو فقہ کی زبان میں قبلہ کہلاتا ہے اور رو بہ قبلہ ہونا وہ استعارہ ہے جو مذہب میں قربِ الٰہی کی نشاندہی کرتا ہے۔ قبلہ سے مراد کعبہ ہے جو مسجد حرام کے درمیان واقع ہے۔ واجب ہے کہ نماز رُو بہ قبلہ بجا لائے بلکہ مستحب نمازوں میں بھی اکثر حالات میں قبلہ رُو ہونا چاہیئے اور یہی حکم شریعت ان امور کے لئے ہے جن کو قبلہ رُو انجام دینا چاہیئے۔ مثلاً جانور کا ذبح کرنا وقت احتضار مرنے والے کا قبلہ رُخ ہونا وغیرہ لازم ہے [1]

میر انیس نے اس مصرعہ (فارغ ہوئے نماز سے جب قبلۂ انام) میں امام حسین کو قبلۂ انام اس لئے کہا کہ کعبہ پیشانیوں کا قبلہ ہے اور امام دلوں کا قبلہ ہے۔ کعبہ کی طرف پیشانی جھکانے کے لئے سجدے کی ضرورت پڑتی ہے اور امام کی طرف دل کو جھکانے کے لئے جس چیز کی ضرورت ہے اصطلاحِ قرآن میں اسی کو مودّت کہتے ہیں۔ انیسؔ نے اس مصرعہ میں نماز کی رعایت سے قبلہ کا ذکر کیا ہے جس طرح قبلہ سے منحرف ہونے کے بعد نماز باطل ہو جاتی ہے اسی طرح اگر ایک سانس بھی اطاعت رسول و امام سے منحرف ہو کر لی جائے تو وہ بھی باطل ہو جاتی ہے۔

میر انیسؔ نے اس مصرعہ (سیدھے ہوئے قبلہ کی طرف حیدرِ کرار) کے قبل مصرعہ (چہرے سے ہویدا ہوئے جب موت کے آثار) کہہ کر اس فریضہ کی طرف اشارہ کیا ہے جو نزع کے وقت عاید ہوتا ہے۔ جب موت کا وقت قریب آئے تو انسان کو قبلہ کی طرف سیدھا ہو کر لیٹ جانا چاہیئے۔

میر انیسؔ نے اس مصرعہ (سجدہ کا اشتیاق جو تھا قبلہ رُو گرے) میں میدان جنگ میں مجاہدین راہِ خدا کی فرض شناسی سے پیدا ہونے والے اس والہانہ شوقِ بندگی

---

[1] سید ابوالقاسم خوئی۔ توضیح المسائل۔ صفحہ ۸۵-۸۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کو نظم کیا ہے کہ مجاہدین اسلام جہاد کرتے کرتے زخموں سے چور ہو جاتے ہیں اور زمین پر گرنے لگتے ہیں تو روبہ قبلہ ہونے کی احتیاط کو بھی مدنظر رکھتے ہیں تاکہ سجدہ بھی ادا ہو جائے اور اگر اس عالم میں دم بھی نکل جائے تو آخری وقت روبہ قبلہ ہونے کا فریضہ بھی انجام پا سکے اور ضمناً اس بیکسی کی طرف بھی اشارہ ہے کہ کوئی دوسرا رُوبہ قبلہ کرنے والا نہیں تھا۔ لہٰذا گرتے گرتے اپنی ذمہ داری کا لحاظ رکھا اور قبلہ رو زمین پر تشریف لائے ۔

قیام وقعود

ے وہ تخشع وہ تضرع وہ قیام اور وہ قعود [1]

سیدھے کبھی الف کی طرح تھے وہ خوش خصال [2]

میر انیس نے واقعۂ کربلا کے مرکزی کردار میں قیام وقعود کی فقہی اصطلاحوں سے وہی کام لیا ہے جو شاعر اپنے تخلیقی اظہار میں استعاروں سے لیتا ہے۔ واجبات نماز میں قیام دوسرا رکن واجب ہے جس کے معنی ہیں کھڑے رہنا۔ کھڑے ہو کر قیام کی حالت میں تکبیرۃ الاحرام کہنا اور کھڑے ہونے کی حالت سے رکوع میں جانا رکن نماز ہے اسے عمداً یا سہواً ترک کرنے سے نماز باطل ہو جاتی ہے [3] نماز میں قعود سجدوں کے بجا لانے اور تشہد پڑھنے کے لئے فطرتاً عمل میں آتا ہے۔ قعود کے لفظی معنی بیٹھنے کے ہیں لیکن نماز کی اصطلاح میں نمازی کے بیٹھنے کی اسی ہیئت کو قعود

---

[1] مراثی انیس ۔ نائب حسین ۔ ج ۱ ص ۴۰۹

[2] ، ، ۔ نول کشور ۔ ج ۱ ص ۱۱۰

[3] سید ابوالقاسم خوئی : توضیح المسائل ۔ ص ۱۰۶

کہتے ہیں ۔

میر انیس نے اس مصرعہ میں (وہ تخشع وہ تضرع وہ قیام اور قعود) کربلا والوں کی نماز کے مخصوص عالم محویت اور خالق کے سامنے احساس بندگی سے لرز جانے کی کیفیت کو تخشع تضرع اور قیام وقعود کے الفاظ کے ساتھ لفظ وہ کی تکرار کا اضافہ کر کے نظم کیا ہے۔ لفظ وہ سے پیدا ہونے والے درجۂ محویت اور اخلاص بندگی کے کمال کو قاری کے تصور پر چھوڑ دیا ہے۔ اس لئے کہ لفظ وہ میں اس لامتناہی حقیقت کو ادا نہ کرنے کی عاجزی سے عجیب تاثر پیدا ہوتا ہے ۔

میر انیس نے اس مصرعہ میں (سیدھے کبھی الف کی طرح تھے وہ خوش خصال) حالت قیام کی اس شرط کا اعلان کیا ہے جس میں نمازی کا کھڑا رہنا ضروری ہے۔ شاعر نے سیدھے کی وضاحت کے لئے کسی دوسری سیدھی چیز کی مثال نہیں دی بلکہ لفظ 'الف' سے تشبیہ دی۔ کیوں کہ قیام نام ہے یاد الٰہی میں اللہ کے سامنے سیدھے کھڑے ہونے کا اس لئے انیس نے لفظ 'الف' کہہ کے قاری کے ذہن کو متوجہ کیا کہ تم اس اللہ کے سامنے کھڑے ہو جس کے نام کا آغاز بھی الف سے ہوتا ہے اور ابجد کے اعتبار سے حرف الف کا عدد ایک ہوتا ہے لہٰذا شاعر کا مقصد یہ ہے کہ مصلے پر اسی ایک واحد و یکتا کے تصور نے اس طرح نمازی کو کھڑا کر دیا ہے جیسا ایک کے عدد نے الف کو قیام عطا کیا ہے ۔

رکوع

ے جھک جاتے تھے رکوع میں گاہے بشکل دال [1]

---

[1] مراثی انیس ۔ نول کشور ۔ ج ۱ ۔ ص ۱۱۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ے محراب کی طرح سے جھکے تھے رکوع میں [1]

ے وہ تزلزل وہ دعائیں وہ رکوع اور وہ سجود [2]

میر انیسؔ نے ان مصرعوں میں نماز کی ہیئت کے اس رکن کی تصویر کشی کی ہے جو اسلامی عبادت کی ایک امتیازی شان ہے جس کو اصطلاح فقہ میں رکوع کہتے ہیں۔ رکوع اسلام کے علاوہ کسی اور مذہب کے طرز عبادت میں شامل نہیں رکوع واجبات نماز میں چوتھا رکن واجب ہے۔ یہ تمام نمازوں کی ہر رکعت میں ایک بار واجب ہے۔ اسی رکن کی مناسبت سے رکعت کی اصطلاح پیدا ہوئی۔

رکوع میں پانچ باتوں کا لحاظ رکھنا بے حد ضروری ہے۔ ۱۔ اس قدر جھکنا کہ ہتھیلیاں گھٹنوں تک پہونچ سکیں۔ ۲۔ حد رکوع میں پہونچنے کے بعد ذکر رکوع کرنا۔ ۳۔ دوران ذکر سکون وقرار کا ہونا۔ ۴۔ رکوع سے سر اٹھاکر کھڑے ہونا یعنی سجدے سے پہلے قیام۔ ۵۔ حالت قیام میں اطمینان کا ہونا۔

میر انیس نے اس مصرعہ میں (جھک جاتے تھے رکوع میں گل بے بشکل دال) رکوع کی تشبیہہ دال کے حرف سے اس لئے دی ہے کہ نمازی حالت رکوع میں اتنا خم ہوتا ہے کہ ہتھیلیاں گھٹنوں تک پہونچ جاتی ہیں لیکن اس کے پورے جسم سے کوئی دائرہ نہیں بنتا سوائے دال کے جو کسی خم دار حرف سے مشابہ ہو سکے۔

انیسؔ نے اس مصرعہ میں (محراب کی طرح سے جھکے رکوع میں) ان مجاہدین راہ خدا کی بندگی کا ذکر کیا ہے جن کی بندگیاں سراپا رضائے الٰہی کے سانچہ

---

[1] مراثی انیس : نول کشور۔ جلد ۲۔ ص ۳۸۶

[2] " " : نائب حسین۔ جلد ۱۔ ص ۴۰۹

[3] سید ابوالقاسم خوئی : توضیح المسائل ص ۱۰۶ – ۱۰۷

میں ڈھلی ہوئی ہیں جو میدان جہاد میں بھی دوران جنگ ایسا طرز اختیار کرتے ہیں جو عبادت معلوم ہوتا ہے اور عبادت میں بھی ایسا انداز اختیار کرتے ہیں جو جہاد معلوم ہوتا ہے اسی مناسبت کے پیش نظر انیس نے لفظ محراب استعمال کیا۔ چونکہ 'محراب' کا لفظ 'حرب' سے بنا ہے جسکے معنی جنگ کے ہیں اور محراب وہ جگہ ہے جہاں جنگ کی جائے۔ چونکہ مسجد کی محراب جھکی ہوتی ہے اور اس کی ہیئت گذائی نمازی کو بارگاہ الٰہی میں جھکنے کی دعوت دیتی ہے اور رکوع کا عمل جسم کے جھکاؤ کا نام ہے لہٰذا انیسؔ یہ کہنا چاہتے کہ اگر کربلا والوں کا رکوع نہ ہوتا تو آج نہ یہ محراب ہوتا نہ مسجدیں۔ آج بھی محراب دیکھ کر ان کا رکوع یاد آتا ہے اور ان کے رکوع کی بدولت آج تک محراب کی شان وشوکت قائم ہے۔

میر انیسؔ نے (وہ تزلزل وہ دعائیں وہ رکوع اور وہ سجود) میں تزلزل اور رکوع دونوں کا ذکر کیا ہے جب کہ رکوع کے لئے یہ لازم ہے کہ قرار وسکون میں انجام دیا جائے لیکن یہ کربلا والوں کا ثبات قدم تھا کہ ایسے زلزلہ خیز ماحول میں جہاں جسم وروح دونوں متزلزل ہو جائیں وہاں بھی رکوع کی ادائیگی میں اسی ثبات قدم اور سکون قلب سے کام لیا کہ رکوع کی شرعی ہیئت پر شکن نہ آسکی۔ دل جلال الٰہی سے لرزتا رہا اور جسم حکم الٰہی سے انتہائی سکون وقرار کی کیفیت میں رہا۔

سجدہ

ے خم ہو گئے سجود میں گہہ صورت ہلال [1]

ے سجدے کے لئے خاک پہ جھک جاتے تھے شبیر [2]

---

[1] مراثی انیسؔ : نولکشور۔ جلد ۱ ص ۱۱۱

[2] " " : " " ۴ ص ۴۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ے سجدے ہیں اور دعائیں ہیں اور حق کا ذکر ہے [1]
ے سجدے کا اشتیاق جو تھا قبلہ رو گرے [2]
ے سجدہ بھی اسی خاک سے ممتاز رہے گا [3]
ے ماؤں کے ساتھ سجدے میں بچے بھی جھکتے تھے [4]

میر انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں اسلامی عبادت کے اس اہم ترین جز کی منظر کشی کی ہے جو بندے کے جذبۂ تسلیم کا اظہار ہے اور جسے فقہ کی اصطلاح میں سجدہ کہا جاتا ہے جہاں بندہ خود کو پروردگار کے حوالے کرنا حاصل زندگی تصور کرتا ہے۔ نماز کے ارکان میں سجدہ پانچواں رکن واجب ہے۔ ہر رکعت میں دو سجدے واجب ہوتے ہیں۔ اور یہ دونوں سجدے مل کر نماز کا رکن بنتے ہیں۔ ان دونوں میں سے کسی سجدے کو سہواً یا عمداً چھوڑ دینے سے نماز باطل ہو جاتی ہے [5]۔ سجدے کے واجبات سات ہیں [6] ۱۔ اس قدر جھکنا کہ پیشانی اور پاؤں ایک سطح پر آجائیں۔ ۲۔ سات اعضاء کا زمین پر رکھنا یعنی پیشانی، دونوں ہتھیلیاں دونوں گھٹنے، دونوں پاؤں کے انگوٹھے۔ ۳۔ زمین یا زمین سے اگنے والی ان چیزوں پر سجدہ کرنا جو کھائی یا پہنی نہ جاتی ہوں۔ ۴۔ ذکر سجدہ۔ ۵۔ ذکر سجدہ کرتے

[1] مراثی انیس : نول کشور ۔ جلد ۱ ص۸۰
[2] " " : " " ۔ جلد ۴ ص۱۲۴
[3] " " : " " ۔ جلد ۱ ص۵۵
[4] " " : " " ۔ جلد ۴ ص۲۸۳
[5] سید ابوالقاسم خوئیؒ : توضیح المسائل ص۱۰۸
[6] " " " : " " ص۱۰۷ تا ۱۰۹

وقت قرار کی حالت میں ہونا۔ ۶۔ جب تک ذکر ختم نہ ہو جائے ساتوں اعضاء کو زمین پر رکھے رہنا۔ ۷۔ پہلے سجدے سے سر اٹھا کر بیٹھنا پھر دوسرے سجدے کے لئے جھک جانا۔

میر انیسؔ نے مندرجہ مصرعوں میں (سجدے کے لئے خاک پہ جھک جاتے تھے شبیر، سجدے ہیں اور دعائیں ہیں اور حق کا ذکر ہے، خم ہو گئے سجود میں گہہ صورت ہلال، سجدہ بھی اسی خاک سے ممتاز رہے گا) کربلا والوں کی اس عظمت سجدہ کا ذکر کیا ہے جہاں ہجوم الم کے ماحول میں بھی زمین اور آسمان کے متزلزل ہونے کے باوجود حیات و موت کی کشمکش میں بھی کوئی مجاہد فرض کی ادائیگی سے غافل نہیں ہے۔ نگاہوں کے سامنے دشمن کا لشکر ہے لیکن خاصانِ خدا سر سجدے میں رکھ کر یادِ الٰہی میں ڈوب کر اپنے خالق حقیقی کی طرف متوجہ ہیں۔ اور دوران مناجات مصیبتوں کے ٹلنے کی دعا نہیں ہے بلکہ دعا ہے تو بہ زبان قرآن یہ ہے کہ۔ "الٰہی ہم پر صبر کو انڈیل دے اور ہمارے قدموں کو ثبات عطا کر" [1]

میر انیسؔ نے اس مصرعے میں (سجدہ بھی اسی خاک سے ممتاز رہے گا) ایک عظیم نکتہ کی طرف قاری کے ذہن کو متوجہ کیا ہے۔ چونکہ خاک پر سجدہ کرنا مستحب ہے اور اگر خاک خاک شفا ہو تو سجدہ کا ثواب اور بڑھ جاتا ہے۔ خاک شفا وہ خاک کربلا ہے جس میں بہتّر مجاہدین اسلام کا طیب و طاہر لہو شامل ہے۔ خاک شفا سے بہت سے فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ جن کا ذکر روایات میں موجود ہے۔ اسے میت کے ساتھ قبر میں رکھنا فشار قبر سے محفوظ رکھتا ہے۔" امام رضا سے منقول ہے کہ جو شخص خاک شفا کی تسبیح کو ہاتھ میں لے کر ذکر الٰہی کرے تو پروردگار اس کے

[1] قرآن: سورۂ بقرہ آیت ۲۸۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چھ ہزار گناہ مٹا دیگا۔ اور چھ ہزار حسنات اس کے حساب میں لکھے گا۔"[۱] خاک شفا کی تمام خصوصیات کو مدنظر رکھتے ہوئے میر انیسؔ نے مندرجہ ذیل بند میں اس کی فضیلت کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا ہے۔ ؎

آب رخ مومن کی طرح پاک ہے یہ خاک　　　غربت میں ردائے تن صد چاک ہے یہ خاک
ہر درد کا درماں تہہ افلاک ہے یہ خاک　　　اکسیر جہاں گرد ہے یہ خاک ہے وہ خاک
سجدہ بھی اسی خاک سے ممتاز رہے گا
جو اس پہ جھکے گا وہ سرفراز رہے گا[۲]

انیس نے مذکورہ بالا بند میں یہ بھی واضح کر دیا ہے کہ واقعۂ کربلا سے پہلے خاک کربلا کا کوئی ذاتی وصف نہیں تھا بلکہ مجاہدین راہ خدا کے بدن سے گرے ہوئے پسینہ کے قطرے اور ان کا پاکیزہ لہو جب اس خاک میں شامل ہوا تو یہ خاک خاک شفا بنی اور ان تشنہ لب جانبازوں نے اس خاک پر تپتی ہوئی دھوپ میں سر سجدے میں رکھ کر اسے اتنا باعظمت بنا دیا کہ اب اگر کوئی اس خاک شفا پر سجدہ کرے تو اس کے سجدے کا مثل کوئی دوسرا سجدہ نہ ہوگا۔ اسی لئے انیسؔ کو کہنا پڑا کہ "سجدہ بھی اسی خاک سے ممتاز رہے گا۔"

میر انیسؔ نے اس مصرعہ میں (ماؤں کے سجدہ میں بچے بھی جھکتے ہیں) واقعہ کربلا میں ماؤں کے ذاتی کردار کی بلندی اور ان کی آغوش تربیت کے پروردہ بچوں کی حیرت انگیز نفسیات کو لفظ سجدہ میں نظم کر دیا ہے۔ بچے اپنے دور کمسنی میں ماؤں کو اپنے رزق کا مصدر سمجھتے ہیں اور نعمت دنیا پانے کی فریاد ماں سے

---

۱ شیخ عباس قمی : مفاتیح الجنان۔ ترجمہ شیخ اختر عباس ص ۴۴۳
۲ مراثی انیسؔ : نول کشور ج ۱ ۔ ص ۵۵

ہی کرتے ہیں۔ ماں [illegible] پورا کر دے تو مطمئن ہو جاتے ہیں اور ماں سوال رد کر دے تو مچل جاتے ہیں لیکن کربلا [illegible] وہ بچے ماں کی نہ جانے کون سی تربیت کے ڈھالے ہیں کہ دنیا کی ہر نعمت سے کہیں زیادہ نعمت [illegible] ندگی پر مطمئن ہو گئے ہیں اور جس انہماک سے ماؤں کی بزرگی سجدے میں جھک رہی ہے اس [illegible] انہماک سے بچوں کا بچپن بھی شوق بندگی میں ماؤں کے ساتھ مصروف سجدہ ہے۔

قنوت

؎
حق سے دعا قنوت میں [illegible] ثر کے جام کی[۱]
ہاتھ ان کے جب قنوت میں [illegible] ٹھے سوئے خدا[۲]

میر انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں حق و باطل [illegible] لڑائی ارباب حق و صداقت کے دل کی قوت کا راز "حق" سے دعا کو قرار دیا ہے۔ فقہی [illegible] اصطلاح میں نماز کی حالت میں خدا سے مدعا طلب کرنے کو قنوت کہا جاتا ہے۔ ہر نماز [illegible] کی دوسری رکعت میں دوسری سورہ پڑھنے کے بعد اور رکوع میں جانے سے پہلے [illegible] نوت کا پڑھنا مستحب ہے۔ قنوت میں دونوں ہاتھ منھ کے برابر اٹھائے جاتے ہیں [illegible] ہتھیلیاں آسمان کی طرف ہوتی ہیں، مگر انگوٹھے کھلے ہوتے ہیں۔ اور اس کے بعد کو [illegible] بھی دعا پڑھی جا سکتی ہے یہاں تک کہ صرف ایک دفعہ سبحان اللہ کہے تو یہ بھی کافی ہے[۳] روایات میں ہے کہ جناب ابوذر غفاری نے مرسل اعظمؐ سے پوچھا کہ "یا رسول اللہ [illegible] ترین نماز کون سی

---

۱ مراثی انیس : نول کشور، ج ۱، ص ۱۱۰
۲ " " : " ۔ ج ۴، ص ۷۳
۳ سید ابوالقاسم خوئی : توضیح المسائل، ص ۱۱۴ تا ۱۱۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے تو آپ نے فرمایا جس میں سب سے طویل قنوت پڑھا جائے"۔[1]

میر انیس نے اس مصرعے (حق سے دعا قنوت میں کوثر کے جام کی) میں کربلا والوں کی پاکیزگی اور جہاد نفس کا ذکر کیا ہے جہاں نگاہوں کے سامنے فرات کا دریا بہہ رہا ہے مگر دریا سے دشمنوں کے پہرے ہٹنے کی دعا نہیں ہے بلکہ جام کوثر کی تمنا اس لئے ہے کہ آب دنیا وقتی تشنگی مٹا سکتا ہے لیکن آب کوثر سے لذت دوام وابستہ ہے اور ان کا یہ عمل وعدۂ الٰہی پر بھرپور ایمان کی علامت بھی ہے۔ چونکہ پروردگار نے دنیا کو منزل امتحان اور آخرت کو اجر عظیم عطا کرنے کی منزل قرار دیا ہے۔

میر انیس نے اس مصرعہ میں (ہاتھ ان کے جب قنوت میں اٹھے سوئے خدا) جس نکتہ کو واضح کیا ہے وہ اس کے بعد والے مصرعہ (خود ہو گئے فلک پہ اجابت کے باب وا) سے مل کر قول معصوم کی ترجمانی کرتا ہے۔ روایات[2] میں ہے کہ جب کوئی مرد مومن خلوص نیت سے اللہ کی بارگاہ میں ہاتھ بلند کر کے کچھ مانگتا ہے تو باب اجابت کھل جاتے ہیں لیکن مصرعہ میں تصویرکشی کی گئی ہے اس کا معیار عام مومنین کے اخلاص سے کہیں زیادہ بلند ہے۔ عام مومنین جب خلوص سے ہاتھ کو بلند کر کے کچھ مانگتے ہیں تو باب اجابت کھل جاتے ہیں لیکن یہاں انیس نے اس مصرعہ میں (خود ہو گئے فلک پہ اجابت کے باب وا) لفظ "خود" نظم کر کے عام مومنین اور کربلا والوں کے اخلاص عمل کے درمیان اس امتیاز کو واضح کر دیا کہ یہ وہ ہیں جن کے لئے باب اجابت منتظر ہے کہ کب ان کے ہاتھ اٹھیں اور کب وہ وا ہو جائے۔

---

[1] سید نجم الحسن: الغفاری ص ۱۴۷

[2] اصول کافی (کتاب الدعا) مترجمہ سید ظفر حسن ص ۴۷۴

تشہد

یہ شور کب تھا اشہدان لا الہ کا[1]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں تشہد کے جزوی حصہ کو نظم کر کے کلمۂ شہادتین سے پیدا ہونے والی کیفیت کو اجاگر کیا ہے۔ تشہد واجب نمازوں کی ہر دوسری رکعت دونوں سجدوں سے سر اٹھانے کے بعد اور نماز کی آخری رکعت میں سلام پڑھنے کے پہلے واجب ہے۔ اور وہ کلمۂ شہادتین "اشہدان لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہٗ واشہدان محمد عبدہٗ ورسولہٗ"[2] یہی ہے۔

میر انیس نے اس مصرعہ میں "یہ شور کب تھا اشہدان لا الہ کا" کلمۂ شہادتین کے ساتھ لفظ شور کو اس لئے جوڑ دیا کہ کربلا حق و باطل کی جنگ کا میدان ہے۔ لشکر حسین کی طرف سے برابر اللہ کی وحدانیت کی گواہی کا نعرہ بلند ہو رہا ہے تاکہ بعد میں کوئی یہ نہ کہہ سکے کہ لشکر یزید کو نہیں معلوم کہ مد مقابل آنے والے حق کے پرستار اور توحید کے علمبردار ہیں۔ انیس نے لفظ شور نظم کر کے حسین کی حقانیت کا بیّن ثبوت پیش کر دیا ہے۔ یہاں اس مصرعہ میں "کب" کا لفظ پوری تاریخ حق و صداقت سے سوال کر رہا ہے کہ اگر کلمۂ توحید کو بلند کرنے کا یہ ولولہ نبی یا ولی خدا کے کسی عہد میں ہو تو تاریخ بتائے اور اگر تاریخ خاموش رہ جائے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ نہ کلمۂ توحید یوں بلند ہوا ہے اور کربلا والوں کے علاوہ اس کلمہ کو بلند کرنے والے نہ پیدا ہوئے ہیں نہ ہوں گے۔

---

[1] مراثی انیس: نول کشور، ج-۲، ص ۱۲۸

[2] سید ابوالقاسم خوئی: توضیح المسائل، ص ۱۱۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نمازِ عصر

ہے عصر کا ہنگام مناسب ہے اترنا ؎۱

جنگ اب نہ کرو عصر کا ہنگام ہے بیٹا ؎۲

میر انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں نمازِ عصر کی عظمت کا قرآنی حکم ؎۳ پیش نظر رکھا ہے۔ جس میں نماز کی تاکید ہے۔ واقعہ کربلا میں نماز عصر کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے۔ واجب نمازوں میں نمازِ عصر چار رکعت ہے جو نماز ظہر کی چار رکعت کے بعد ادا کی جاتی ہے۔

میر انیسؔ نے اس مصرعہ (ہے عصر کا ہنگام مناسب ہے اترنا) نماز عصر کی اس اہمیت کی طرف اشارہ کیا ہے جہاں مجاہد راہ خدا نرغۂ اعدا میں گھرنے کے باوجود اپنے فریضہ کی ادائیگی پر زیادہ فکرمند نظر آتا ہے۔ جنگ سے غافل ہو سکتا ہے لیکن نماز عصر سے نہیں۔

میر انیسؔ نے اس مصرعہ میں (جنگ اب نہ کرو عصر کا ہنگام ہے بیٹا) لفظ 'بیٹا' نظم کرکے ایک خاص فضا تیار کی ہے۔ جہاں حسین مصروفِ جہاد ہیں اور غیب میں جہاد کو دیکھنے والے بزرگ موجود ہیں۔ وقت عصر قریب ہے اور جنگ نقطۂ کمال تک پہونچ چکی ہے کہ غیب سے آواز آئی کہ بیٹا جنگ روک دو اس لئے کہ یہ وقت نماز عصر ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا حسینؑ وقت شناس نہ تھے کہ خود جنگ روک

؎۱ مراثی انیس: نول کشور، ج۔۱، ص ۲۰

؎۲ " " : " " ، " ۴ ، " ۶۹

؎۳ قرآن: سورہ بقرہ، آیت ۲۳۸

دیے مصروفِ نماز ہو جاتے۔ لیکن شاعر اگر وقت شناسی کی بات کو حسین کی ذات تک محدود رکھتا تو یہ ظاہر نہ ہو پاتا کہ یہ فرض شناسی حسین کے بزرگوں کی میراث بھی ہے۔ تربیت کا یہ بہترین مرقع ہے کہ باپ بیٹے کی حوصلہ افزائی کر رہا ہے اور اسی دوران اس نقطہ کی طرف توجہ دلا رہا ہے کہ جنگ کے ہنگام میں بھی اوقاتِ نماز کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

سجدۂ شکر

اس خاک پہ ہے شکر کا سجدہ ہمیں کرنا ؎۱

بس شکر کے سجدے کو جھکے سید عالم ؎۲

میر انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں حصول نعمت پر بندہ کا سجدۂ شکر ادا کرنا نظم کیا ہے۔ بندوں کا بندوں کے احسان پر شکریہ ادا کرنا شرافت ہے اور خالق کے احسان پر سجدۂ شکر ادا کرنا عین عبادت ہے۔ ہر نماز کے بعد تعقیبات میں سجدۂ شکر کو مستحب قرار دیا گیا ہے۔ سجدۂ شکر کی کیفیت روایات میں یوں بیان کی گئی ہے کہ ساتوں اعضائے سجدہ کے علاوہ ہاتھوں کی کہنی اور شکم اور سینہ کو بھی زمین تک پہونچائے اور پیشانی سجدہ گاہ پر رکھ کر ایک دفعہ شکراً للہ بھی کہہ دے تو بھی کافی ہے ؎۳

میر انیسؔ نے اس مصرعہ میں (اس خاک پہ ہے شکر کا سجدہ ہمیں کرنا) 'اس' کا لفظ نظم کرکے اس خاک کربلا کی طرف اشارہ کیا ہے جس خاک پر امام حسین کو اپنے وعدۂ طفلی کو پوری شان صبر کے ساتھ وفا کرنے کی نعمت حاصل ہو گئی جس خاک پر

؎۱ مراثی انیس: نول کشور جلد ۱ - صفحہ ۲۰

؎۲ " " " جلد ۱ - صفحہ ۶

؎۳ سید ابوالقاسم خوئی۔ توضیح المسائل صفحہ ۱۱۸

Contact: jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حسین کو شہادت کی لازوال سیادت نصیب ہوئی اور سب سے بڑھ کر خدا اور رسول کی ایسی رضا مل گئی کہ حسین کا دل مطمئن ہوگیا۔ نعمات کی یہ پوری فہرست ایک طرف ہے اور زحمات کی وہ پوری فہرست ایک طرف جس میں مصیبت ہی مصیبت ہے لیکن اگر امام حسین کے قلب پر مصائب کا احساس نعمت کے احساس پر سبقت لے جاتا تو محل صبر ہوتا جائے شکر نہیں۔ حسین کے ظرف کی بلندی کو انیس نے لفظ شکر سے واضح کیا۔ اور میر انیس نے اس مصرعہ میں (بس شکر کے سجدے کو جھکے قبلۂ عالم) لفظ 'بس' استعمال کرکے یہ بات پیدا کی ہے کہ گویا حسین کہہ رہے ہوں کہ بار مصائب اٹھانے میں کامیابی ملنے اور اتمام نعمت ہونے پر شکر کی ادائیگی میں تاخیر مناسب نہیں۔

مصافحہ

> آئے مصافحہ کو جوانان تشنہ کام [1]

میر انیس نے مصافحہ کے عمل کو مذکورہ مصرعوں میں اس انداز سے نظم کیا ہے کہ واقعہ کربلا اخوت کی درسگاہ نظر آتا ہے۔ جذبۂ اخوت سے ایک برادر مومن سے ہاتھ ملانے کے عمل کو شریعت کی اصطلاح میں مصافحہ کہتے ہیں۔ نماز کی ادائیگی کے بعد ایک نمازی کا دوسرے نمازی سے مصافحہ کرنا مستحب ہے۔ مصافحہ ہر مومن کے اندر اخوت کا جذبہ پیدا کرتا ہے جو دل کے صفحہ کو کدورتوں کے داغ سے پاک کرکے اسے سادے صفحہ کی طرح اخلاص و محبت کا ایک پاکیزہ نمونہ بنا دیتا ہے۔

میر انیس نے اس مصرعہ میں (آئے مصافحہ کو جوانانِ تشنہ کام) تین الفاظ

---

[1] مراثی انیس۔ نول کشور۔ ج ۴۔ صفحہ ۷۶

میں انسانی قدر کی عظمت کو نفسیات کے تین مرحلوں سے گذارا ہے۔

۱۔ 'مصافحہ' میں جذبۂ اخوت کا چھپا ہوا نفسیاتی پہلو۔
۲۔ 'جوانان' میں جذبات کی تیزی کا نفسیاتی پہلو۔
۳۔ 'تشنہ کام' میں پیاس کی شدت سے پیدا ہونے والے فقدان ہوش کی نفسیات۔

جوانی اور پیاس نفسیاتی اعتبار سے دو قسم کی دوہری تشنگی ہے۔ ایک کا تعلق وفور جذبات سے اور دوسرے کا تعلق محرومیٔ آب سے۔ دونوں کے مجموعی غلبہ میں انسان اپنے ہوش و حواس کا توازن کھو بیٹھتا ہے اور پھر اس سے انسانی شرافت فرائض کے واجبات کا ادا ہونا امر محال ہو جاتا ہے۔ لیکن میر انیس نے 'جوانان' اور 'تشنہ کام' کے ساتھ مصافحہ کا ذکر کرکے کربلا کے جوانوں کے اس کمال ہوش مندی کی نشاندہی کی ہے۔ جہاں پیاس کی گرمی اور شعلۂ شباب سے اخوت کا احساس ختم نہیں ہوتا بلکہ اس کا حسن عمل دوچند ہو جاتا ہے جب مصافحہ جیسے امر مستحب پر ان کا شعور اتنا بیدار ہے تو امر واجب پر احساس کتنا قوی ہوگا یہ اندازہ لگانا مشکل ہے۔

خضوع و خشوع

> مصروف ہو بہ ہو ہیں خشوع و خضوع میں [1]

انیس نے خضوع و خشوع کی قرآنی اصطلاح کو اردو زبان میں یوں نظم کیا ہے کہ خضوع اور خشوع کے الفاظ کی فقہی جلالت کو بھی باقی رکھا ہے اور محل استعمال کے اعتبار سے معنویت کو بھی نہیں جانے دیا ظاہری اعضاء و جوارح کے جھکنے کو خضوع کہتے ہیں اور جب

---

[1] مراثی انیس۔ نول کشور۔ ج ۲، ص۔ ۳۸۶

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہی کیفیت دل میں پیدا ہو جاتی ہے اسی کا نام خشوع ہے۔ قرآن مجید نے جب صاحبان ایمان کی کامیابی کا ذکر کیا تو خضوع کے بجائے خشوع کو معیار قرار دیتے ہوئے اعلان کیا۔ "کامیاب ہو گئے صاحبان ایمان مگر وہ جو نماز پڑھتے ہیں اور ایسی نماز جس میں خشوع پایا جاتا ہے۔" ۱

میر انیس نے اس مصرعہ میں (مصروف مؤ بہ مؤ ہیں خشوع اور خضوع میں) کربلا والوں کی شان بندگی کا ذکر کرتے ہوئے لفظ خضوع کو پہلے نظم نہیں کیا۔ یہ عام بندوں کا طرز عمل ہوتا ہے کہ خضوع کی کثرت خشوع کی منزل تک پہونچا دیتی ہے یعنی سر جھکانے کی عادت ایک دن دل بھی جھکا دیتی ہے لیکن میر انیس ان پیکر تسلیم و رضا کے کمال عبادت کا ذکر کر رہے ہیں جہاں بندگی کا آغاز ہی خشوع سے ہو رہا ہے۔ چونکہ اطمینان قلب منزل کمال پر ہے جس کا اظہار بدن کے ایک ایک روئیں سے ہو رہا ہے میر انیس نے اسی لئے مذکورہ مصرعہ 'مؤ بہ مؤ' کا فقرہ نظم کیا۔ میر انیس کے اس کمال احتیاط کو دیکھ کے جوش ملیح آبادی نے بھی کربلا والوں کی نماز میں خشوع کا ذکر پہلے اور خضوع کا ذکر بعد میں کیا۔ اپنے ایک سلام کے مطلع ۲ میں دل اور جبیں دونوں کے جھکنے کا ذکر کیا ہے۔

نماز شب

۱ قرآن : سورۂ مومنون - آیت ۱ تا ۲

۲ کیا نماز شاہ تھی ارکان ایمانی کے ساتھ
دل بھی جھک جاتا تھا ہر سجدہ میں پیشانی کے ساتھ
جوش ملیح آبادی کے مرثیے - مرتبہ ضمیر اختر نقوی ص ۱۵۵

ے پڑھ کر نماز شب کو جو سوئے شہ امم ۱
ے میں سن چکی ہوں آپکی صدائے نماز شب ۲

میر انیس نماز شب کی افادیت اور فضیلت کو تاریخ کربلا کے آئینہ میں یوں پیش کیا ہے کہ آج بھی کلام انیس سے ان نماز گذاروں کا مقدس تصور پیدا ہوتا ہے نماز شب ایک مستحب نماز ہے جس کا وقت نصف شب سے شروع ہو کر طلوع صبح صادق تک باقی رہتا ہے۔ نماز شب دو دو کر کے آٹھ رکعت ہے اس کے بعد دو رکعت نماز شفع اور ایک رکعت نماز وتر ہے۔ ان تینوں نمازوں کی تعداد رکعت گیارہ ہے ۱۱ مرسل اعظم نے فرمایا ۳ اس کا پڑھنے والا بیشمار اجر و ثواب کا مستحق ہوگا۔ ہر عمل خیر قبول ہو جاتا ہے۔ چہرے کی رونق اور پاکیزگی نفس میں اضافہ ہوتا ہے۔

میر انیس نے اس مصرعہ (پڑھ کر نماز شب کو جو سوئے شہ امم) اور اس مصرعہ (میں سن چکی ہوں آپکی صدائے نماز شب) میں نماز شب کا ذکر کر کے کربلا والوں کی اس یاد الٰہی کے شوق کا ذکر کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ مصیبتوں میں یاد الٰہی سے غافل ہو جانا عام انسانوں کا کام ہے اور مصائب میں یاد الٰہی کو راحت اور نعمت عظمیٰ تصور کر کے اس کی کثرت میں غرق ہو جانا یہ کربلا والوں کی شان ہے۔

روزہ

ے کل روزۂ ماہ رمضاں رکھیں گے ہم بھی ۴

۱ مراثی انیس : نول کشور ج ۱ - ص ۴۲۱
۲ " " : " " ج ۴ - ص ۲۷۵
۳ شیخ عباس قمی ، مفاتیح الجنان ترجمہ شیخ اختر عباس ص ۱۲۷
۴ مراثی انیس : نول کشور ج ۱ ، ص ۳۷۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ے ہے توڑنا روزے کا گنہ آپ ہیں آگاہ [1]

میر انیس نے روزہ کی اہم ترین عبادت کے ذکر میں قرآنی احکام پر عمل کو کرداروں کا جزو بنانے پر زور دیا ہے جس کی بدولت روزہ فقر و قناعت کا موضوع بن جاتا ہے۔ اسلامی عبادات میں روزہ نماز کے بعد فریضہ کی حیثیت رکھتا ہے روزہ دار کا مرتبہ نگاہ پروردگار میں اتنا بلند ہے کہ حدیث قدسی میں پروردگار ارشاد فرماتا ہے کہ "روزہ صرف میرے لئے ہے اور اس کی جزا میں ہوں" یہ وہ فریضہ ہے جو تنہائی میں بھی ہر شے کے موجود ہونے کے باوجود انسان کو اس کے استعمال سے روکے رہتا ہے۔ روزہ خوف خدا کی بہترین تربیت کا نام ہے۔ "روزے سے مراد طلوع صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب یعنی وقت نماز مغرب تک ان تمام نو۹ باتوں سے بچنا جو روزے کو باطل کر دیتی ہیں"۔[2]

میر انیس نے اس مصرعہ (کل روزۂ ماہ رمضاں رکھیں گے ہم بھی) میں ماہ رمضان کے روزوں کی مناسبت اور شوق بندگی کی منظر کشی کی ہے اور اس کے آگے روزہ توڑنے کو گناہ قرار دیتے ہوئے یہ مصرعہ کہا ے (ہے توڑنا روزہ کا گنہ آپ ہیں آگاہ) تاکہ سنتی روزوں اور واجب روزوں کا فرق نمایاں ہو جائے کفارہ کا قانون سنتی روزوں کے ٹوٹنے پر عائد نہیں ہوتا۔ یہ انیس کی بالغ نظری تھی کہ خالی رمضان کے روزے نہیں کہے بلکہ ماہ رمضان کے روزے کی بات کی کیونکہ قرآن مجید میں 'رمضان' نہیں بلکہ شہر رمضان[3] آیا ہے۔ اس سے شاعر کی فکر پر قرآنی الفاظ کا اثر ترتیب الفاظ کی حد تک پایا جاتا ہے۔

---

[1] مراثی انیس : نول کشور ، ج ۱ ، ص ۵۳

[2] سید ابوالقاسم خوئی ، توضیح المسائل ، ص ۱۶۹

[3] قرآن سورۂ بقرہ آیت ۱۸۵

نیت

ے نیت میں ہے افطار کریں نانا کے ہمراہ [1]

میر انیس نے نیت کو اسی مفہوم میں نظم کیا جو ہر عمل میں خدا کا بندوں سے مطالبہ ہے یعنی نیت کا دار و مدار اخلاص پر ہو ریاکاری پر نہیں۔ نیت نام ہے فقط دو۲ خیالات کے مجموعہ کا اول یہ خیال رہنا چاہیے، کون سا عمل کر رہے ہیں۔ دوئم یہ کہ کس کے لئے کر رہے ہیں۔ نیت کے لئے الفاظ کو زبان سے ادا کرنا ضروری نہیں صرف ارادہ ہی کافی ہے۔

میر انیس نے اس مصرعہ (نیت میں ہے افطار کریں نانا کے ہمراہ) میں نیت افطار کے ساتھ نانا کی ہمراہی کا تذکرہ کر کے اسلام کے ایک امتیازی پہلو کو اجاگر کیا ہے اسلام میں نیت کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ عمل خیر میں دو صورتوں کا امکان ہوتا ہے یا تو عمل خیر کرنے کی توفیق حاصل ہو جائے یا عمل کرنے کا شرف مجبوراً نہ حاصل ہو لیکن دل میں عمل خیر کرنے کی نیت پیدا ہو جائے تو نیت ہی حصول ثواب کا ذریعہ بن جاتی ہے۔ اگر نانا کے ساتھ افطار کا عملی شرف نہ بھی مل سکے تو اس عمل کی نیت ہی سے نفس کی طہارت اور بلندی کا اندازہ ہوتا ہے۔

افطار

ے نیت میں ہے افطار کریں نانا کے ہمراہ [2]

---

[1] مراثی انیس : نول کشور، ج۔ ۱ ، ص۔ ۳۷۴

[2] " " " " " : " "

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میرانیسؔ نے افطار کے عمل کو اپنے کلام میں اس احتیاط سے نظم کیا ہے کہ مستحب عمل سے واجب عمل کی زینت میں اضافہ ہوتا ہے۔ روزہ کا وقت تمام ہوجانے کے بعد افطار کرنا سنت رسول ہے۔ مرسل اعظم سے روایت ہے کہ کسی نے پوچھا "یا رسول اللہ ہر کوئی شخص اتنی حیثیت نہیں رکھتا کہ کسی کا روزہ کھلوائے۔ حضرت نے فرمایا خدا کریم ہے وہ ثواب عطا فرمائے گا۔ اس کو صرف اک ذرا سے دودھ یا ٹھنڈا پانی یا کچھ خرموں سے روزہ کھلوائے جب کہ اس سے زیادہ پر قادر نہ ہو"[1]

میرانیسؔ نے اس مصرعہ (نیت میں ہے افطار کریں نانا کے ہمراہ) میں روزوں میں افطار کی برکت کے لطیف پہلو کی طرف اشارہ کیا ہے۔ جتنی مقدس اور بلند ہستی کے ہمراہ افطار کرنے کا شرف حاصل ہو تو اتنا ہی عمل کا درجہ بڑھ جاتا ہے۔ افطار مومن کے ساتھ ہو تو ثواب کا درجہ اور ہوتا ہے۔ متقی کے ساتھ ہو تو اور زیادہ، نبی کے ساتھ ہو تو ثواب بے شمار ہوجاتا ہے۔ "نانا کے ہمراہ" کا فقرہ بچپن کی نفسیات کا آئینہ دار بھی ہے اور خاتم الانبیاء کی عظمت ذات کا بھی۔

کفارہ

ہے توڑنا روزہ کا گنہ آپ ہیں آگاہ[2]

میرانیسؔ نے مذکورہ مصرعہ میں کفارے کا لفظ اس خوبی سے نظم کیا ہے کہ ایک مصرعہ بھی پڑھنے سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ اسلامی عبادات میں کس فرض کی کوتاہی پر کفارہ عاید ہوتا ہے۔ اگر کوئی انسان جان بوجھ کر کسی عذر شرعی کے بغیر روزہ توڑ دے

---

[1] سید علی نقی نقوی، نظام زندگی، ص ۲۶۳

[2] مراثی انیسؔ : نول کشور جلد ا صـ۳۷۴

تو اس پر کفارہ واجب ہو جاتا ہے۔ روزہ توڑنے کا کفارہ یہ ہے کہ ایک غلام آزاد کرے یا دو مہینہ روزے رکھے یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے۔ اگر ان تینوں اعمال میں سے کچھ ممکن نہ ہو تو بہ مطابق فتوائے آقائے خوئی گنجائش کے مطابق صدقہ دے اور استغفار پڑھے اور احتیاط واجب یہ ہے کہ جب بھی گنجائش ہو جائے کفارہ ادا کرے۔"[1]

میرانیسؔ نے اس مصرعہ میں (ہے توڑنا روزہ کا گنہ آپ ہیں آگاہ) اور اس بند کے دوسرے مصرعہ میں (نیت میں ہے افطار کریں نانا کے ہمراہ) واقعات کے تسلسل کو مدنظر رکھتے ہوئے بچوں کے عام نفسیات، دینی فریضہ اور بزرگوں کی صحبت کے خاموش اثرات کے ذکر کے پردوں میں ایک عظیم حقیقت سے ذہن کو قریب کر دیا ہے روزہ رکھ کر اگر بچہ توڑ دے تو کوئی گناہ نہیں اس لئے کہ روزہ رکھنا ہی اس پر واجب نہیں تھا۔ لیکن "آپ ہیں آگاہ" کا فقرہ نظم کر کے انیسؔ نے کسی غیر معمولی بچے اور غیر معولی بزرگ کی طرف متوجہ کیا ہے اور وہ غیر معمولی بچہ نبی کی نگاہ میں امام ہے اور نبی آگاہ ہیکہ عام بچوں پر حسین کا قیاس نہیں کیا جا سکتا۔ اگر وہ روزہ توڑ دے گا تو یہ امر ارتکاب گناہ ہوگا اور معصوم گناہ سے پاک ہوا کرتا ہے۔

حج

ہے اعدا نے گذرنے نہ دیئے حج کے بھی ایام[2]

ہے پھر کیا ادا زکوٰۃ بھی گر حج سمیت کی[3]

---

[1] سید ابوالقاسم خوئی، توضیح المسائل، ص۔ ۱۷۸، ۱۷۹

[2] مراثی انیسؔ : نول کشور، جلد ا صـ۲۳

[3] " " : " " ۳ صـ۱۱۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ے کیئے ہیں پاپیادہ بیس حج اس نے مدینہ سے [1]

ے عمرہ سے دیا حج کو بدل سرورِ دیں نے [2]

میر انیسؔ نے مذکورہ بالا مصرعوں میں اسلام کی اجتماعی عبادت حج کو اس طرح نظم کیا ہے کہ کہیں سے شاعر کے موضوع سخن میں تسلسل متاثر نہیں ہوسکا جب کہ الفاظ کا انتخاب بھی فریضہ حج کی مناسبت سے کیا گیا ہے۔ حج وہ رکن واجب ہے جس کے بارے میں قرآن مجید میں حکم پروردگار یوں ہے۔ "لوگوں پر حج بیت اللہ واجب ہے، اگر وہ صاحب استطاعت ہیں"[3] حج بیت اللہ کا فریضہ عمر بھر میں صاحب استطاعت پر ایک بار واجب ہے۔ مرسل اعظم نے فرمایا اگر کوئی بغیر کسی عذر شرعی کے حج کو ترک کردے اور مرجائے تو اس کی موت نصرانی یا یہودی کی ہوگی۔[4]

میر انیسؔ نے اس مصرعہ میں (اعدا نے گذرنے نہ دیئے حج کے بھی ایام) چند فقہی امور کو ملحوظ رکھا ہے۔ 'حج کے بھی ایام' کہہ کر حج کے مخصوص ایام کی طرف اشارہ کیا ہے جن کا تعلق ماہ ذی الحجہ کی ۸، ۹، ۱۰ تاریخوں سے ہے۔ میر انیسؔ نے اس مصرعہ میں (عمرہ سے دیا حج کو بدل سرورِ دیں نے) دوسری فقہی حقیقت کو مدنظر رکھا ہے۔ عمرہ ہر زمانہ میں ہوسکتا ہے اور احرام باندھنے کے بعد عمرہ واجب ہوجاتا ہے لہٰذا حالات اگر ناسازگار ہوں اور حرمت کعبہ پر آنچ آنے کا کوئی خطرہ ہو تو حج کو عمرہ

---

[1] مراثی انیسؔ (اسلام) نول کشور ج۔۲، ص ۳۵۷

[2] " " نائب حسین ج۔۳، ص ۹ (نول کشور کے یہاں مصرعہ یوں ہے "عمرہ سے کیا حج کو بدل سرورِ دیں نے" یعنی 'کیا' درج ہے بجائے 'دیا' کے جو سہو کتابت ہے)

[3] قرآن: سورۂ آل عمران : آیت ۹۷

[4] سید ذیشان حیدر جوادی، احکام شرعی۔ ص ۷۲

سے بدل دینا چاہیئے تاکہ فریضہ بھی ادا ہوجائے اور کعبہ کا تقدس بھی محفوظ رہ جائے۔

احرام

ے کھولا پسرِ فاطمہ نے باندھ کے احرام [1]

میر انیسؔ نے احرام کی اصطلاح کو اس طرح نظم کیا ہے کہ احرام باندھنے کی ضرورت اور کھول دینے کی مجبوری کا نفسیاتی احساس پیدا ہوتا ہے۔ حج تمتع کے اعمال میں پہلا عمل ہے۔ احرام باندھنا یعنی دو کپڑے جس میں ایک لنگی جو ناف سے زانو تک ڈھانک دے اور دوسرے چادر جو دونوں شانوں کو ڈھانک لے[2]

میر انیسؔ نے اس مصرعہ میں (کھولا پسرِ فاطمہ نے باندھ کے احرام) احرام باندھنے کے بعد کھولنے کا ذکر اس لئے کیا کہ فقہی اعتبار سے بغیر احرام باندھے حدودِ حرم میں داخلہ حرام ہے۔ امام حسینؑ احرام باندھ کر مکّہ میں داخل ہوئے جب حج کے لئے حالات ناسازگار نظر آئے تو تقدس حرم کے پیش نظر عمرہ کو حج کا بدل قرار دے کر فریضہ عمرہ کی ادائیگی کے بعد احرام کھول دیا۔ انیسؔ نے اس مصرعہ میں 'پسرِ فاطمہ' پر زور دیکر ایک بات پیدا کی ہے کہ احرام باندھ کر حدودِ حرم میں داخل ہوجانے کے بعد بغیر حج کی ادائیگی کے احرام کھول کر واپس چلا جانا کسی جہادِ نفس سے کم نہیں حج کرنے سے اسے محروم ہونا پڑے جس کی سیرت سے احکام اسلام کو دوام ملا۔ یہ ضبط نفس وہی کرسکتا ہے جس کے گھرانے کا شعار یہ رہا ہو کہ اپنے حق کا چھن جانا گوارا کرلے مگر خونریزی نہ ہونے دے۔ انیسؔ نے یہاں 'پسرِ فاطمہ' کہہ کر اسی تاریخی جہادِ نفس

---

[1] مراثیٔ انیس : نول کشور، ج ۱، ص۔ ۲۳

[2] سید احمد علی عابدی، احکام حج، ص۔ ۲۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کا ذکر کیا ہے جہاں اپنے حق کی بربادی گوارا ہے مگر کلمۂ اسلام کی تباہی گوارا نہیں اسی لئے انیس نے اس مصرعہ میں حسین کا ذکر کرتے ہوئے جناب فاطمہ کا حوالہ دیا ورنہ 'پسر فاطمہ' کی جگہ 'پسر مرتضیٰ' کا فقرہ نظم ہو سکتا ہے۔

عمرہ

عمرہ سے دیا حج کو بدل سرور دیں نے[1]

میر انیس نے مذکورہ مصرعے میں عمرہ کا ذکر کرتے ہوئے اس واقعہ کی طرف اشارہ کیا ہے جب امام حسین نے حج کو عمرہ سے تبدیل کر دیا تھا۔ عمرۂ تمتع کے اعمال پانچ ہیں۔"[2] ۱۔ احرام باندھنا، ۲۔ طواف، ۳۔ دو رکعت نماز طواف، ۴۔ صفا و مروہ کے درمیان سعی، ۵۔ تقصیر۔

میر انیس نے (عمرہ سے دیا حج کو بدل سرور دیں نے) اس مصرعہ میں اس فریضہ کی ادائیگی کا ذکر کیا ہے جو حدود حرم میں داخل ہو جانے کے بعد لازم ہو جاتی ہے۔ اگر انسان ایسے دنوں میں مکہ پہونچے جو ایام حج نہ ہوں تو حرم کی حرمت کا تقاضہ یہ ہے کہ عمرہ کا فریضہ انجام دیا جائے۔ انیس نے مذکورہ مصرعہ میں امام حسین کے اس عمرہ کی ادائیگی کا ذکر کر کے فقط ایک تاریخی حقیقت نہیں پیش کی بلکہ اپنی فقہ شناسی کا ثبوت بھی دیا ہے۔

طواف

قدسی طواف کرنے کو آتے تھے صبح و شام[3]

---

[1] مراثی انیس: نائب حسین، ج۔ ۳۔ ص۔ ۹

[2] سید احمد علی عابدی۔ احکام حج۔ ص۔ ۳

[3] مراثی انیس: نول کشور، ج ۱، ص۔ ۱۰۹

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں 'طواف' کا لفظ یوں نظم کیا ہے کہ طواف کا عمل ایک کار مستحب بھی معلوم ہوتا ہے۔ طواف عمرہ کے ارکان میں ہے جو ایک رکن واجب کی حیثیت رکھتا ہے۔ معصومین کے روضہ ہائے اقدس کا طواف ایک امر مستحب ہونے کے باوجود ثواب عظیم کا درجہ رکھتا ہے۔ میر انیس نے اس مصرعہ میں (قدسی طواف کرنے کو آتے ہیں صبح و شام) لفظ 'طواف' فقہی علامت کے طور پر نظم کیا ہے کیوں کہ طواف بھی ایک اظہار بندگی کا نام ہے اور وہ مخلوق جس کو پروردگار نے بے نفس پیدا کیا ہے جس کا کام اطاعت و عبادت الہٰی ہے اس کو اصطلاح قرآن میں ملک کہتے ہیں۔ انیس نے لفظ طواف کو قدسی کے لفظ سے مربوط کر کے آخر میں صبح و شام کا ذکر کر دیا تاکہ اس تسلسل طواف کے ساتھ یہ منظر سامنے آجائے کہ ساکنان عرش بھی فرش پر آکر مصروف بندگی ہیں۔ انیس نے اس مصرعہ میں لفظ 'آتے' نظم کر کے یہ بات پیدا کی ہے کہ جب آکے طواف کرنے والے معصوم ملک ہیں تو جن کے گھر کا طواف کیا جا رہا ہے یہ وہ معصومین ہوں گے جو اگر نہ ہوتے تو نہ عرش و کرسی ہوتے نہ تخلیق ملائکہ یعنی ملک کی عصمت صدقہ ہے ان ارباب عصمت و طہارت کا۔

زکوٰۃ

پھر کیا ادا زکوٰۃ بھی گر حج سمیت کی[1]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں زکوٰۃ کی فقہی اصطلاح کو اس حسن سے نظم کیا ہے کہ بیان کی سلاست میں کوئی فرق نہیں پیدا ہو سکا۔ اسلام کا ایک امتیاز یہ بھی ہے کہ اس نے حقوق اللہ کے ساتھ ساتھ حقوق الناس کی ادائیگی پر بھی زور دیا ہے۔ نماز

---

[1] مراثی انیس: نول کشور، ج۔ ۳، ص، ۱۱۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حقوق اللہ میں شامل ہے اور زکوٰۃ حقوق الناس میں۔ پروردگار نے قرآن مجید میں متعدد مقامات پر اس حقیقت کو پیش کیا ہے۔ ارشادِ الٰہی ہوتا ہے "نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو"۔[۱] زکوٰۃ کی دو قسمیں ہیں، ایک زکوٰۃ بدن جس کو فطرہ کہتے ہیں، دوسرے زکوٰۃ مال۔ میر انیسؔ نے اس نزاکت کو مدِ نظر رکھا ہے۔ خدا نے اپنے حقوق کی ادائیگی تبھی قبول کرنے کا وعدہ کیا ہے جب بندوں کے حقوق بھی ادا ہو جائیں بلکہ بندوں کے حقوق کی ادائیگی کے مسئلہ کو زیادہ سخت بنایا ہے۔ اس لئے حج کی قبولیت کا دار و مدار زکوٰۃ کی ادائیگی پر ہے لیکن خود زکوٰۃ کی روح بندگانِ خدا کے حقوق کے لحاظ میں ہے۔ بندگانِ خدا میں جہاں عام بندے ہیں وہاں کچھ خاصانِ خدا بھی ہوتے ہیں۔ لہٰذا عام بندوں کے لحاظ کی قبولیت کا انحصار خاص بندوں کے حقوق پر ہے جو معصوم عن الخطا اور منصوص من اللہ ہیں اور جن کے حقوق کی اہمیت پر قرآن نے کبھی "اولی الامر"[۲] اور کبھی "قربیٰ"[۳] کے الفاظ سے متوجہ کیا ہے لہٰذا قبولیت کا قانون یوں مرتب ہوگا کہ معصوم بندوں کا حق ادا کرو تاکہ زکوٰۃ قبول ہو اور زکوٰۃ ادا کرو تاکہ حج قبول ہو۔ اسی ترتیب کی نزاکت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے انیسؔ یہ مصرع (پھر کیا ادا زکوٰۃ کبھی گر حج سمیت کی) کے فوراً بعد یہ مصرعہ کہنا ناگزیر سمجھا (شرط قبولیت ہے ولا اہلبیت کی)۔

احکامِ میت

> ہے میت کو اٹھا لیتے ہیں تب کھاتے ہیں کھانا [۴]

---

[۱] قرآن، سورۂ بقرہ، آیت ۸۳
[۲] ": سورۂ انبیاء، آیت ۷۳
[۳] ": سورۂ مدثر، آیت ۲۰
[۴] مراثی انیسؔ، نول کشور ج۔۴، ص ۲۹۴

میر انیسؔ نے اس مصرعہ میں اسلام کے ایک اہم اخلاقی پہلو کو اجاگر کیا ہے۔ اہلِ غم کی تسکین کے لئے حقوق العباد کی عظمت کے تحت اسلام نے یہ اصول بنا دیا کہ لوگ موت کے بعد مرحوم کے ورثاء کی خدمت میں تعزیت پیش کرنے کے لئے حاضر ہوں۔ چوں کہ مرنے والے کے گھر میں چولھا روشن نہیں ہو سکتا جیسا کہ روایت میں ہے کہ۔۔۔ "جب جعفر ابن ابوطالب شہید ہوئے تو رسولؐ خدا نے حضرت فاطمہ زہراؑ سے فرمایا کہ اسماء بنت عمیس (زوجۂ جعفر) کے یہاں تین روز تک کھانا بھیجو اور ان کے گھر کی عورتوں کے پاس تین روز تک جاتے رہو۔ بس یہ امر سنتِ رسول قرار پایا تاکہ اہلِ مصیبت کے ساتھ ایسا ہی کیا جائے"۔[۱]

غسل و کفن

> ہے غسل و کفن امام کو جب دے چکے امام [۲]

میر انیسؔ نے مذکورہ مصرعہ میں جانشین امام کی اس ذمہ داری کو مدِ نظر رکھا ہے جو علمائے فقہ جعفری کے نزدیک متفق علیہ ہے کہ امام کو امام ہی غسل و کفن دیتا ہے۔ میت کو تین غسل ترتیب وار دینا واجب ہے۔[۳] پہلا غسل آبِ سدر یعنی بیری کے پانی سے، دوسرا غسل کافور کے پانی سے، تیسرا غسل خالص پانی سے اس کے بعد میت کو تین پارچوں کا کفن دینا واجب ہے۔[۴] ایک کفنی جو میت کے شانوں سے لیکر آدھی پنڈلی

---

[۱] فروعِ کافی (الشافی) ج۔۱، مترجمہ سید ظفر حسن، ص ۱۸۱
[۲] مراثی انیسؔ، نول کشور، ج۔۱، ص۔ ۴۲۲
[۳] سید ابوالقاسم خوئی، توضیح المسائل، ص۔ ۶۱
[۴] " " " ص۔ ۶۳

www.ziaraat.com jabir.abbas@yahoo.com Sabeel-e-Sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تک جسم کے آگے اور پیچھے کے حصہ کو ڈھانک لے۔ دوسرے لنگی جو ناف اور زانو کے درمیانی حصہ کو ڈھانک سکے۔ تیسرے پوٹ کی چادر جس میں سارا جسم آجائے، طول اتنا ہو کہ دونوں سرے باندھے جاسکیں، اور عرض اتنا ہو کہ ایک سرا دوسرے سرے پر آجائے۔

میر انیس نے اس مصرعہ میں (غسل و کفن امام کو جب دے چکے امام) قانون اسلام کی اس طہارت کی طرف اشارہ کیا ہے جہاں فقہ جعفری کے عقیدہ کی روشنی میں امام معصوم کو امام معصوم ہی غسل و کفن دے سکتا ہے۔ ظاہر ہے کہ جب ایک عام مسلمان مرنے کے بعد اپنے بدن میں وہ زور طہارت پیدا کرے کہ اسلام قانون بنا دے کہ خبردار نجاست کے عالم میں میت کے قریب نہ جانا تو جب گنہ گار جس کی ابتدا بھی نجس ہو اور انتہا بھی نجس ہو اس کی موت اتنی محترم ہے تو جس کے افکار و کردار کے طہارت کی ذمہ داری قرآن میں آیۂ تطہیر[1] نے لی ہو ان کے لئے اگر اسلام یہ قانون معین کر دے کہ امام کو امام ہی غسل دیگا تو کوئی حیرت کی بات نہیں۔ انیس نے مذکورہ مصرعہ میں دو بار لفظ امام کی تکرار سے فقط صوتی آہنگ نہیں بلکہ ایک قانونی حقیقت کو مدنظر رکھا ہے جس سے شاعر کی فقہی بصیرت کا بھی اندازہ ہوتا ہے۔ چونکہ جو اللہ کی طرف سے صاحب منصب بن کر آتا ہے شریعت کی اصطلاح میں وہی نائبین رسول، امام کہے جاتے ہیں۔

پَردَہ

اہل بیت نبوی ہاتھ تھے چہرے پہ دھرے[2]
بالوں سے تو منہ ڈھانپے چلی جاتی ہوں کھائی[3]

---

[1] قرآن : سورۂ احزاب، آیت ۳۳

[2] مراثی انیس : نول کشور، ج ۴، ص ۲۶۱

[3] " " : " "، ج ۴، ص ۲۵۷

میر انیس نے مذکورہ مصرعوں میں پردہ کی فقہی نوعیت کو اسی طرح ملحوظ رکھا ہے جو قرآن میں پیش کی گئی ہے۔ لغت کے اعتبار سے پردہ کے معنی حجاب کے ہیں۔ عورت کے پردے کو فقط اسلام نے واجب نہیں کیا بلکہ اسلام سے قبل بھی دنیا میں پردے کا رواج رہا ہے۔ قرآن مجید میں پردے کا حکم دیتے ہوئے پروردگار ارشاد فرماتا ہے "(اے رسول) کہدو ان مومنوں سے کہ وہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں[1]"، اور عورتوں کو حجاب کا حکم دیتا ہوا قرآن ارشاد فرماتا ہے "اے رسول ایماندار عورتوں سے بھی کہدو کہ وہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں اور اپنے زینت کے مقامات کو ظاہر نہ کریں[2]"

انسان کی خواہشات کا سلسلہ کبھی ختم نہیں ہوتا۔ جس طرح حصول دولت و منصب سے کبھی سیری نہیں ہوتی۔ اسی طرح جنسی جذبات کی تشنگی کبھی ختم نہیں ہوتی جسکی وجہ سے انسان کو ایک احساس محرومیت سے دو چار ہونا پڑتا ہے۔ آرزوؤں میں ناکامی، باطنی نقائص اور نفسیاتی بیماریوں کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ اسلام نے اس مرض کے علاج کے لئے مرد و عورت کے درمیان پردے کو حائل کر کے بے لگام آزادی اور خواہشات و ہیجانات کے طوفان سے شرافت انسانی کو بچایا ہے اور ایسی سخت پابندی لگادی ہے کہ خبردار نامحرم پر نظر بھی نہ کرنا مس کرنا کیسا۔ یہ اعتراض بے بنیاد ہے کہ پردہ عورت کی صلاحیتوں کے اظہار میں رکاوٹ پیدا کرتا ہے۔ حالانکہ بات اسکے بالکل برعکس ہے۔ بے پردگی اور آزاد جنسی تعلقات کی ترویج عورت کی اجتماعی کارکردگی کو مفلوج بناتی ہے۔ اسلام عورت کو پردہ میں رکھ کر اس کی صلاحیت کو پابۂ زنجیر نہیں

---

[1] قرآن : سورۂ نور ۔ آیت ۔ ۳۰

[2] " " " " ۳۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرتا کہ وہ علمی، اجتماعی اور معاشی میدانوں میں کوششوں سے محروم رہ جائے بلکہ اس نے علم و دانش کو مرد و عورت کے لئے مشترک فریضہ قرار دیا ہے۔ اسلام کا مقصد ہے فسادِ نفس کو روکنا۔ اگر فساد نفس پردے کی آڑ میں ہو تو وہ پردہ نہیں مکر ہے۔ اسلام ہر طرح کی آزادی چاہتا ہے مگر عزت و ناموس کی بربادی نہیں۔ تمام فقہائے اسلامی کے نزدیک وعظ و نصیحت کی محافل، اجتماعات میں عورت کا داخلہ ممنوع نہیں ہے اور نہ عورت کے لئے حصول علم و ہنر حرام ہے۔ لیکن ہر قدم پر دو شرائط کو مدنظر رکھنا لازم ہے[1]۔ ۱۔ شرعی ستر پوشی، ۲۔ خود نمائی اور جنسی میلانات کی کیفیت کو ابھارنے والے انداز سے اجتناب۔

میر انیسؔ نے اس مصرعہ میں (اہل بیت نبوی ہاتھ تھے چہرے پہ دھرے) ہاتھوں سے چہرے کے چھپانے کا ذکر اس لئے کیا مخدرات عصمت طہارت جن کے گھر سے پردے کو رواج ملا انکی غیرت کا تقاضہ یہ ہے کہ چادر چھین جانے کے بعد بھی جس صورت سے ہو سکے اپنے چہروں کو نامحرموں کی نگاہوں سے بچائیں۔ چونکہ کمالِ پردہ داری یہ ہے کہ نہ کسی نامحرم کے چہرے پر نظر کرے اور نہ کسی نامحرم کی نظر اپنے تک آنے دے۔ اس کمال احتیاط پر انھیں کی نظر ہو سکتی جن کے گھرانے کی طہارت کا قصیدہ قرآن مجید میں آیۂ تطہیر نے پڑھا ہو۔ اسی لئے انیس نے جب ہاتھوں سے چہرے کا پردہ کرنے کا ذکر کیا تو اس مصرعہ میں 'اہل بیت نبوی' کا فقرہ نظم کر دیا۔

میر انیسؔ نے اس مصرعہ میں (بالوں سے تو منہ ڈھانپے چلی جاتی ہوں بھائی) بالوں سے منہ ڈھانپنے کا ذکر اس لئے کیا کہ فقہ جعفری میں چہرے اور بال دونوں کا پردہ ضروری ہے اور جب حالات ایسے ہوں کہ چہرے اور بال دونوں کے چھپانے کا کوئی ذریعہ نہ رہ جائے تو تقاضائے عقل و حکمت ہے کہ جس چیز سے بھی پردہ ہو سکے کیا جائے۔ لہٰذا اسیران اہل بیت نے چہروں پر بال اسلئے ڈال لئے کہ کم از کم چہرے کا تو پردہ رہ جائے گا۔ چہرے پر بالوں کو نہ ڈالنے سے چہرہ اور بال دونوں بے پردہ رہ جاتے اور مزید یہ کہ اس طرح شخصیت کا پہچاننا مشکل ہو جائے گا جو غیرت داری کا بہترین تقاضہ ہے۔

[1] سید محمد موسیٰ : عورت پردہ کی آغوش میں، ص ۲۲

بابِ پنجم

کلامِ انیس میں تاریخ اسلام کی شخصیات، واقعات اور محاربات

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میر انیس نے تاریخی حقائق میں اسلام کے متفق علیہ واقعات و شخصیات کو نظم کیا ہے۔ ان کے اس پہلو کے جائزہ سے پہلے خود تاریخ اور اصول تاریخ کا مختصر جائزہ لینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

عام طور پر تاریخ کو معدن معلومات کہا جاتا ہے جس کے ذریعہ گزشتہ معاشرت، تہذیب و تمدن اور اخلاق کی آگہی حاصل کی جاتی ہے۔ تاریخ کی تعریف کے ذیل میں ایک عظیم مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے علامہ شبلی تحریر فرماتے ہیں کہ "فطرت کے واقعات نے انسان کے حالات میں جو تغیرات پیدا کئے ہیں اور انسان نے عالم فطرت پر جو اثر ڈالا ہے انھیں دونوں کے مجموعہ کا نام تاریخ ہے"[1]

تاریخ ایک ایسا مآخذ ہے جس کے شکم سے دنیا کے تمام علوم نے جنم لیا ہے اور باشعور ذہن تاریخ کے سمندر میں غوطہ لگا کر گذشتہ حقائق کے لعل و جواہر کو تلاش کر کے یوں تراشتا ہے کہ وہ آئندہ نسلوں کے لئے مشعل راہ اور نشانِ منزل کا کام کرتے ہیں۔ قوم کی زندگی میں تاریخ کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے اگر تاریخ کسی قوم سے گم ہو جائے تو اس کی قومی زندگی بے معنی ہو کر رہ جاتی ہے دنیا کی تمام تاریخوں میں تاریخ اسلام کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے۔ چونکہ اسلامی

---

[1] شبلی نعمانی۔ الفاروق صہ ۳۸

تاریخ کا اولیں محرک قرآن حکیم ہے جس نے حیات انسانی کی فلاح کے لئے انبیاء و مرسلین اور گذشتہ اقوام کا تذکرہ اس طرح کیا ہے جس سے علم تاریخ کے بنیادی عناصر، ماضی کے عبرت انگیز مواد، ان کا ارتقائی پس منظر اور اقوام کے عصری ردعمل، سب کچھ مرتب ہو جاتے ہیں۔ اور تاریخ کی افادیت، اس کا استناد اور مستقبل میں حالات و واقعات کی صورت گری کا شعور پیدا ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں ایک لفظ آیت جو بار بار مختلف معنوں میں آیا ہے۔ سورۂ جاثیہ میں گذشتہ واقعات کے لئے یوں آیا ہے۔ اِنَّ فِی ذَالِکَ لَآیَاتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ ۝[1] (اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو غور و فکر کرتے ہیں۔)

تاریخ کے مآخذ کو عام طور پر تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے[2]۔ ۱۔ آثارِ مطبوطہ۔ ۲۔ آثار منقولہ ۳۔ آثارِ قدیمہ۔

تاریخ میں جہاں بہت سی خوبیاں ہیں وہاں یہ کمزوری بھی پائی جاتی ہے کہ واقعہ کے چشم دید گواہ کون ہیں؟ یہ واقعہ مورخ تک کن افراد کے ذریعہ پہونچا ہے۔ یہ واضح نہیں ہوتا۔ اس لحاظ سے بھی حدیث کا درجہ تاریخ سے بہت بلند ہے حدیث راوی اور نقل کرنے والوں کے پورے حوالہ کے ساتھ ملتی ہے۔ لیکن تاریخ میں اکثر مورخ بقلم خود روایت درج کرتا ہے۔ لہٰذا تاریخی روایت پر اعتماد کرنے سے پہلے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ مورخ دیانت دار ہے کہ نہیں۔ اگر مورخ غیر دیانت دار ہے تو تاریخ اس کے ذاتی قیاسات کی عکاسی کا مجموعہ ہو جائے گی اور واقعہ کا اعتبار ساقط ہو جائے گا اور اس کی صحت مجروح ہو کر آئندہ طبقات

---

[1] قرآن: سورۂ جاثیہ، آیت ۱۳

[2] اکبر شاہ خاں نجیب آبادی: تاریخ اسلام حصہ اول صہ ۲۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کو بے جا طور پر اثر انداز کرے گی۔

مورخین اسلام نے فنِ تاریخ کی تدوین میں کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں۔ تمدن کی کوئی شاخ معاشرت کا کوئی پہلو ایسا نہیں ہے جس کو مسلمانوں کے قلم نے نظر انداز کر دیا ہو چونکہ تاریخ کی روح روایت کی صحت ہے جس کا خیال مسلمانوں نے اس قدر رکھا کہ آج بھی مسلمانوں کے سوا کسی دوسری قوم کو بطور مثال پیش نہیں کیا جا سکتا۔ فن تاریخ کو علم کے درجہ تک پہونچانے کا کام مسلمانوں ہی کی جد و جہد کا مرہون منت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ "آج بھی اصول تاریخ کے بانی ابن خلدون کا نام تمام مورخین عالم سے خراج تحسین حاصل کر رہا ہے اور آئندہ بھی خراج تکریم وصول کرتا رہے گا۔" [1]

علم تاریخ کی تعریف اصول تاریخ کی روشنی میں الفاظ کے تھوڑے رد و بدل کے ساتھ مختلف علمائے تاریخ نے بیان کی ہے اور انھیں بیانات کو جامع طور پر یوں پیش کیا جا سکتا ہے۔ "تاریخ ان خوش گوار اور ناگوار نتائج کا تذکرہ ہے جو متضاد طاقتوں کے ٹکرانے سے ظہور میں آتے ہیں۔" [2]

چونکہ اسلام کا آغاز عربوں کے درمیان ہوا تھا۔ لہٰذا ان کی برائیاں اور اچھائیاں اسلامی تاریخ میں ایک اہم عوامل کی طرح شامل ہوئیں۔ اسلام ان کی برائیوں کی اصلاح اور ان کی اچھائیوں کی تائید کا قائل رہا ہے۔ ان کی اچھائیوں میں قابل ذکر بات یہ بھی ہے کہ عرب دورِ جاہلیت ہی سے ماضی کے واقعات کے تحفظ کی سنجیدہ روایت رکھتا تھا۔ اقوام عالم میں سب سے پہلے یہی عرب مسلمان قوم کے طور پر ابھرے

---

[1] اکبر شاہ خاں نجیب آبادی : تاریخ اسلام ص ۱۳۱

[2] عبد اللطیف انصاری : اسلام اور مسلمانوں کی تاریخ جلد ۱ ص ۷

یہی وہ پہلی قوم ہے جس کی تاریخ روایت اور درایت کے اصول کے تحت ثبوت اور اسناد کے ساتھ پائی جاتی ہے۔ تاریخ اسلام کی ابتدا عربوں سے ہوئی۔ اسلام سے پہلے عربوں میں انساب کا چرچہ تھا۔ وہ اپنے آبا و اجداد کو کئی پشتوں تک یاد رکھتے تھے بلکہ اونٹوں اور گھوڑوں کے بھی نسب نامے اکثر گھروں میں موجود رہتے تھے۔ جب عربوں میں اسلام رائج ہوا تو انہوں نے اپنے بزرگوں کے کارنامے جو نسلوں سے ان کے سینوں میں منتقل ہوتے رہتے تھے اپنے نسب ناموں سے مربوط کر کے ایک مستقل فن تاریخ کی بنیاد رکھ دیا۔ آج وہی تاریخ اسلام دنیا کے سامنے ہے۔ اس کا امتیاز یہ ہے کہ جھوٹ کی آمیزش سے واقعات کو بچایا گیا۔ اور تسلسل کو ضائع نہیں ہونے دیا۔ اسی لئے دنیا کی تاریخوں میں تاریخ اسلام کو معتبر کہنا غلط نہ ہوگا۔

اس سلسلے میں سب سے اہم سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس معتبر تاریخ اسلام سے کیا مراد لیا جائے۔ آیا وہ تاریخ جو قبل بعثت پیغمبر کی تاریخ ہے یا صرف بعد بعثت کی۔ یہاں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ لفظ تاریخ اصل میں واقعات کو ان کے زمانہ وقوع سے وابستہ کر کے ماضی کی تاریخی حقیقتوں کو ملحوظ رکھ کر پیش کرنے کا نام ہے۔ لہٰذا اسلام کی تاریخ میں جب بھی آغاز تاریخ کی بحث آئے گی تو سلسلۂ نبی کی ولادت سے شروع ہوگا۔ جیسا کہ "عیسائیوں نے اپنی تاریخ کا سن اپنے پیغمبر کی ولادت سے شروع کیا۔ دیگر اقوام نے بھی اس نقطہ کا تحفظ کیا۔ یہ صرف مسلمانوں کو کیا ہو گیا تھا کہ انہوں نے ولادت اور وفات دونوں کو چھوڑ کر درمیان سے تاریخ اسلام شروع کر دی۔" [1]

---

[1] سید ذیشان حیدر جوادی : قمر بنی ہاشم ۔ ص ۴۰

Contact: jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اگر اسلام کی تاریخ ولادت پیغمبر کو نظر انداز کرکے ہجرت پیغمبر سے شروع
کی جائے تو قبل کے تمام واقعات تاریخ سے الگ ہو جاتے ہیں۔ جب کہ واقعۂ ہجرت
خود کوئی ابتدائی اقدام نہیں بلکہ پچھلے واقعات کی مسلسل کڑیوں کا ایک نتیجہ ہے لہٰذا
تاریخ کا ایک طالب علم جب تاریخ اسلام کے آغاز پر نظر کرتا ہے تو اس کے سامنے
دو سوالات ابھرتے ہیں۔ ایک یہ کن مجبوریوں کی بنا پر قبل ہجرت کے واقعات کو
تاریخ میں داخل نہیں کیا گیا۔ اور دوسرا سوال یہ کہ اگر داخل کیا گیا ہے تو اسلامی
سن کا آغاز قبل ہجرت کے واقعات سے کیوں نہیں ہوا اور ہجرت ہی سے کیوں ہوا؟

تاریخ اسلام کا آغاز دو حیثیتوں سے دیکھا جا سکتا ہے۔ ایک باعتبار
شخصیت جس کی تحریک سے اسلام ایک مستقل دین کی شکل میں رائج ہوا۔ اور دوسرے
اصول کی حیثیت سے جس کا آغاز حضرت آدم کی نبوت کے آغاز کے ساتھ ہوا۔ اصولی
اعتبار سے اسلام — خدا، آخرت اور نبوت کے بنیادی اصول سے پھیلنے
والے ضابطۂ حیات کا نام ہے۔ یہ اصول ہر دور میں ایک ہی رہے اور کسی دور
میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی لیکن ہر دور میں نبی کی شخصیت بدلتی رہی اور اس دور
کے شعوری ارتقا کے اعتبار سے شریعتوں میں حسب ضرورت ترمیم و اضافہ ہوتا رہا
لیکن دین کے بنیادی اصول ایک رہے۔ چونکہ دین کا تعلق دستوری بنیادوں
سے ہے اور شریعت کا تعلق احکام سے۔ بنیاد نا قابل تغیّر ہوتی ہے اور احکام
حسب ضرورت قابل تغیر ہوتے ہیں۔ نوع انسانی کی تمام ضرورتوں پر مشتمل ایک
جامع شریعت جو آئندہ کے تمام نئے اور پیچیدہ مسائل کے حل کا پورا مواد رکھتی ہو مرسل
اعظم کو عطا کی گئی اور اس کی تشریح و تاویل کے لئے ایک پورا معصوم نظام ہدایت
بھی اسی کے ساتھ لازم و ملزوم کی حیثیت سے دیا گیا۔ جسے رسول نے کمال احتیاط
کے ساتھ امت تک پہونچا دیا۔

تاریخ اسلام کی اسی دوسری حیثیت کو جو بہ اعتبار اصول مرتب ہوگی۔
اس باب میں مدنظر رکھا گیا ہے جس کی رو سے آغاز اسلام میں پہلی نبوت کے تذکرے
سے بات آگے بڑھ کر عہد بہ عہد انبیاء، مرسلین، ان کے اصحاب، مقدس خواتین اور
اسلام کی بقا کے لئے بے مثال قربانیاں پیش کرنے والے کرداروں پر تمام ہوتی ہے
لہٰذا وہ ساری ہستیاں جو اپنے دور میں باطل کے نمائندوں سے نبرد آزما ہوئیں
ان کا ذکر بھی شامل ہے تاکہ تاریخ کی روشنی میں حق و باطل کے معیار کا تعین ہو سکے۔

میر انیس نے اسی تاریخی تسلسل کے پورے اسلامی تناظر میں مرثیہ کا پلاٹ
تیار کیا ہے جس میں مجموعی طور پر مندرجہ بالا تمام ہستیاں اپنے اپنے موقع و محل پر
ان کے گردش قلم سے یوں ابھری ہیں کہ قاری کا ذہن تاریخ کے پورے تسلسل سے
بیک وقت ہم آہنگ ہو جاتا ہے اور شخصیت اور اصول دونوں صدیوں کے
طول و عرض کے باوجود ایک محور پر گردش کرنے لگتے ہیں۔

"انبیائے کرام"

حضرت آدمؑ

آدم کو کیا فوج ملائک نے جو سجدہ [1]

میر انیسؔ نے مذکورہ مصرعہ میں حضرت آدم کا ذکر اس سجدہ کی روشنی
میں نظم کیا ہے جو بحکم رب العزت ملائکہ بجا لائے تھے

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲، نول کشور ص۳۳

Contact: jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"حضرت آدم سب سے پہلے نبی ہیں۔ آدم کا نام آدمؑ اس لئے ہے کہ وہ ادیم عرض یعنی روئے زمین سے پیدا ہوئے۔ اور جب آدم کا جسم خاک سے بن گیا تو اللہ نے کہا اب ہم اس میں روح پھونکنے والے ہیں۔ اے فوج ملائکہ تم سب کے سب سجدہ میں گر پڑنا۔ تمام ملائکہ نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے سجدہ نہیں کیا۔ آدم کو اللہ نے زمین پر اپنا پہلا خلیفہ بنا کر بھیجا۔ یہ سلسلۂ نبوت کی پہلی کڑی ہے جو بنی نوع انسان کی ہدایت کے لئے اس زمین پر آئی تھی۔"[1]

جب حضرت آدم کا وقت وفات قریب آیا تو اپنے بیٹے حضرت شیث کو قریب بلایا۔ ان کو اپنا ولی عہد مقرر فرمایا اور وصیت نامہ بھی لکھ دیا۔ حضرت آدمؑ نے اپنی وفات سے گیارہ دن پہلے اپنے بیٹے شیث کو ولی عہد مقرر کر دیا۔ اور وصی ہونے کا مضمون لکھ دیا۔ اور اس تحریر کو شیث کے حوالے کر دیا اور ان کو حکم دیا کہ اس تحریر کو قابیل اور اس کی اولاد سے چھپا لینا کیوں کہ اس نے حسد سے ہابیل کو قتل کر دیا تھا۔[2]

حضرت نوح :

؎ طوفاں کی بلا نوح پہ آئی تھی سو رد کی [3]

میر انیس نے جناب نوح کا ذکر اس طوفان کے ذیل میں کیا ہے جو جناب نوح کی بدعا کا نتیجہ تھا۔

---

[1] باقیات انیس : اکبر حیدری۔ ص ۳۱

[2] تاریخ طبری : جلد ۱ ص ۸۶

[3] مراثی انیس : جلد، نولکشور ص ۹۹

حضرت نوح کا نام شکر تھا۔ آپ اپنی قوم پہ بہت توجہ کیا کرتے تھے اس لئے ان کا نام نوح پڑ گیا تھا۔ ساڑھے نو سو برس تبلیغ و ہدایت کی۔ صرف چالیس مرد اور چالیس عورت ایمان لا سکے۔ نوح نے جب قوم کے مظالم سہہ کر اللہ کی بارگاہ میں بد دعا کی تو تنور سے پانی ابلنے لگا اور ساری امت نوح تباہ و برباد ہو گئی سوائے ان افراد کے جو کشتی میں سوار تھے۔ آسمان سے موسلا دھار بارش اور تنور سے ابلتا ہوا پانی دیکھ کر نوح کا بیٹا کنعان پہاڑ پر چڑھ گیا اور بولا کہ میں تمھاری کشتی پر نہیں آؤں گا۔ میں پہاڑ پر رہوں گا یہ مجھے پانی سے بچا لے گا۔ نوح نے کنعان سے کہا کہ آج کوئی بچانے والا نہیں ہے۔ اگر بچا سکتا ہے تو صرف خدا۔ یہ ماہ رجب کی وہ تاریخ تھی جب تنور سے پانی ابلا تھا۔ نوح بیٹے کے لئے فریاد کرتے رہے مگر اللہ نے جواب دیا کہ وہ تمہارے اہل میں سے نہیں ہے۔ چالیس دن تک برابر پانی برستا رہا۔ اسی طرح چالیس دن تک پانی زمین سے ابلتا رہا۔ چھ مہینے کے بعد پہاڑ دکھائی دینے لگے۔ کے سر کھلے اور نوح کی کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہری۔ یہ پہاڑ ملک شام میں ہے۔[1]

حضرت صالح :

؎ بچہ مرا یہ ناقۂ صالح سے کم نہ تھا [2]

میر انیس نے مذکورہ مصرع میں جناب صالح کا تعارف اس ناقہ کے ذکر سے وابستہ کرکے پیش کیا ہے جسے ان کی امت نے پیر قطع کرکے بے رخی سے ہلاک کر دیا تھا۔

---

[1] اختر حجازی : قصص الانبیاء ص ۳۸ تا ص ۴۵

[2] مراثی انیس : جلد ۱، نولکشور ص ۸۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب قوم ثمود نے حضرت صالحؑ سے مطالبہ کیا کہ ہم آپ کو نبی تب مانیں گے جب پہاڑ سے اونٹنی پیدا کر دیں اور یہی اونٹنی دعویٰ نبوت کی دلیل بن گئی حضرت صالحؑ اللہ کی طرف سے نبی بن کر انسانوں کی ہدایت کے لئے اس دنیا میں بھیجے گئے۔ جب قوم ثمود سے حضرت صالحؑ نے کہا اللہ کی عبادت کرو۔ اور اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے اور بے شبہ تمہاری طرف ہدایت اور معجزہ آچکا ہے۔ یہ ہے اونٹنی خدا کی بھیجی ہوئی تمہارے واسطے آیت اور نشانی ہے۔ اس کو چھوڑ دو تاکہ یہ خدا کی زمین پر گھوم پھر کر اپنا رزق کھائے اور اس کو تکلیف نہ پہنچاؤ ورنہ تمہارے اوپر عذاب دردناک نازل ہوگا۔ مومنین نے جواب دیا کہ صالحؑ جن پیغامات کے ساتھ بھیجے گئے ہیں ہم ان پر ایمان لا چکے مگر ان لوگوں نے جو مغرور تھے کہا کہ جس پر تم ایمان لائے ہو ہم لوگ اس کو نہیں مانتے پھر ان لوگوں نے ناقہ کے پیر قطع کر دیئے اور اپنے پروردگار کے حکم سے سرکشی کی اور حضرت صالحؑ سے کہا کہ وہ عذاب لاؤ جس کا وعدہ کرتے ہو۔ اگر تم پیغمبر ہو۔ تو ان لوگوں کو زلزلہ نے گھیر لیا۔ بعض کہتے ہیں کہ صاعقہ کی صدا آئی۔ صاعقہ ایک ایسی آواز تھی جس کی شدت سے زمین کو زلزلہ ہوا اور وہ اپنے مکانوں میں مر کر سرد راکھ کی مانند ہوگئے۔" [1]

جو لوگ صاحب ایمان تھے جناب صالحؑ نے وقت وفات ان پر اپنے بیٹے کو وصی اور جانشین بنایا۔ [2]

---

[1] علامہ مجلسی : حیات القلوب جلد ۱ مترجمہ بشارت حسین کامل ص۱۹۷

[2] تاریخ طبری : جلد ۱ ص۱۱۹

حضرت ابراہیم (خلیل اللہ) :

مقبول جس طرح ہوئی قربانئ خلیل [1]

میر انیسؔ نے مذکورہ بالا مصرعہ میں جناب ابراہیم کا تذکرہ ان کے بیٹے جناب اسمٰعیل کی مقبول قربانی کے ذکر کے ساتھ نظم کیا ہے۔

حضرت ابراہیم کا شمار الوالعزم پیغمبروں میں ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کا امتحان مال، ان کی جان اور اولاد سے لیا۔ اور جب یہ امتحان میں کامیاب ہوگئے تو اللہ نے ابراہیم کو امامت کا عہدہ بھی عطا کر دیا۔ قرآن مجید میں جناب ابراہیم کا امتحان جان سے ہوا اور آپ آتش نمرود میں ڈالے گئے لیکن تبلیغ حق سے باز نہیں آئے۔ جناب ابراہیم نے خواب دیکھا کہ ہم اپنے بیٹے اسمٰعیل کو ذبح کر رہے ہیں۔ نبیوں کا خواب وحی الٰہی کا درجہ رکھتا ہے۔ باپ نے بیٹے کے گلے پر چھری رکھ دی اور قربانی قبول ہوگئی۔ ادھر سے ایک دنبہ آیا جو اسمٰعیل کی جگہ ذبح ہوگیا۔ قرآن مجید کی سورۂ الصّٰفّٰت میں ابراہیم اور اسمٰعیل کے جذبۂ ایثار و قربانی کا واقعہ تفصیل سے موجود ہے۔ ابراہیم اور اسمٰعیل کی یاد میں ایک سنّت قائم ہوگئی کہ ہر سال اس کی یاد تازہ ہوتی رہے۔ اس ایک دنبہ اور ایک نبی کی یاد میں کروڑہا جانور قربان ہوتے ہیں۔ [2]

حضرت خضر :

اک شور تھا کہ خضر علیہ السلام آئے [3]

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ نولکشور ص۲۴

[2] اختر حجازی : قصص الانبیاء ص۷۹ سے ص۸۳ تک

[3] مراثی انیس : جلد ۲ نولکشور ص۱۶۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میر انیس نے مذکورہ بالا مصرعہ میں جناب خضر کا تذکرہ ان معجزات اور اس علم کے پیش نظر کیا ہے جسے اللہ نے انھیں بطورِ خاص عطا فرمایا تھا۔

حضرت خضر پیغمبر مرسل تھے۔ خدا نے ان کو ایک قوم کی جانب مبعوث کیا تھا۔ وہ اس قوم کو خدا پرستی یگانہ کی طرف بلاتے تھے اور پیغمبروں اور کتاب خدا کی طرف دعوت دیتے تھے۔ ان کا معجزہ یہ تھا کہ جس خشک لکڑی پر بیٹھتے یا تکیہ کرتے وہ بھی سبز ہو جاتی۔ اس میں پتیاں نکل آتیں اور شگوفے پیدا ہو جاتے اسی سبب سے انھیں خضر کہتے ہیں۔ ان حضرت کا نام طالیہ تھا۔ اللہ نے ان کو طوفان اور دریا پھاڑنے کا معجزہ عطا فرمایا ہے۔ جناب موسیٰ میں ایک قسم کی خودستائی جو شریعت کا لازمہ ہے پیدا ہو لی۔ آپ نے دل میں سمجھا کہ مجھ کو گمان نہیں کہ خدا نے مجھ سے زیادہ جاننے والا کسی کو پیدا کیا ہوگا۔ حق تعالیٰ نے جبریل کو وحی کی کہ میرے بندے موسیٰ کو قبل اس کے کہ اس کو غرور ہلاک کرے کہہ دو کہ دو دریا کے ملنے کی جگہ پر ایک عابد ہے اس کے پاس جاؤ اور علم حاصل کرو۔ موسیٰ اپنے جوان کے ساتھ جو یوشع بن نون تھے۔ دو دریاؤں کے محل اجتماع پر گئے اور وہاں حضرت خضر کو پایا۔ وہ عبادت الٰہی میں مشغول تھے۔[1]

حضرت یعقوب :

یعقوب کو اس داغ میں کب ہوش رہا ہے [2]

میر انیس نے مذکورہ بالا مصرعہ میں جناب یعقوب کا ذکر اس المیہ کی وساطت سے کیا ہے جو ان کے فرزند جناب یوسف کی وقتی جدائی سے متعلق ہے۔ حضرت

[1] علامہ مجلسی : حیات القلوب۔ مترجمہ سید بشارت حسین۔ صـ۵۰۱

[2] مراثی انیس جلد ۴ ، نول کشور صـ۱۵

یعقوب حضرت اسحٰق کے فرزند تھے اور حضرت ابراہیم سے بہت مشابہ تھے۔ ایک مرتبہ پروردگار عالم کا حکم ہوا اے یعقوب اس راہب و عابد کے پاس جاؤ۔ جب یعقوب اس راہب کے پاس گئے تو وہ راہب جناب ابراہیم کو دیکھ چکا تھا۔ جب راہب کی نظر جناب یعقوب پر پڑی تو سمجھا کہ جناب ابراہیم ہیں۔ جلدی سے کھڑا ہو گیا اور خلوص و محبت کی بنا پر حضرت کی گردن میں ہاتھ ڈال کر کہا کہ خلیل اللہ مرحبا۔ یعقوب سمجھ گئے کہ مجھ کو حضرت ابراہیم سمجھ رہا ہے۔ یعقوب نے کہا اے راہب تجھے غلط فہمی ہوئی ہے۔ ان کو کافی عرصہ ہوا انتقال کئے ہوئے۔

حضرت یوسف :

میں یوسف کنعانِ رسالت کی ہوں تصویر [1]

میر انیس نے مذکورہ بالا مصرعہ میں جناب یوسف کا ذکر بطورِ تلمیح کیا ہے۔

حضرت یوسف فرزند یعقوب تھے ان کی پرورش ان کی دوسری ماں نے کی تھی۔ کیوں پانچ برس کی عمر میں ہی یوسف کی ماں کا انتقال ہو گیا تھا۔ اپنے گیارہ بھائیوں میں بارہویں بھائی کی حیثیت سے جناب یوسف انتہائی خوبصورت تھے۔ ایک دن حضرت یوسف نے اپنے باپ سے خواب میں بیان کیا کہ مجھے گیارہ ستارے چاند اور سورج سجدہ کر رہے ہیں۔ یعقوب نے کہا کسی سے نہ بیان کرنا۔ خاص کر اپنے بھائیوں سے اللہ نے تمہیں برگزیدہ قرار دیا ہے اور تم پر نعمتیں ختم کر دی ہیں۔ یہ بات تمہارے باپ دادا کو حاصل رہی ہے۔ جب برادران یوسف نے اس بات کو محسوس کیا کہ سب سے زیادہ ہمارے باپ یوسف کو چاہتے ہیں۔ نتیجتاً یہ سب نے طے کیا کہ یوسف کو جان

[1] مراثی انیس : جلد ۱ نولکشور صـ۱۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے ختم کر دینا چاہیئے۔ انھیں میں سے ایک بھائی نے مشورہ دیا کہ قتل نہ کرو بلکہ رہ گزر کے کسی ایسے کنویں میں ڈالو کہ کوئی قافلہ پانی بھرنے آوے اور انھیں کنویں سے باہر نکال کر بازار میں فروخت کر دے۔ اور بالآخر یہی کیا۔ جناب یوسف شباب کی منزل میں اپنے لاثانی حسن و جمال کے حامل تھے۔ یہی وجہ تھی کہ عزیز مصر کی زوجہ زلیخا حضرت یوسف پر عاشق ہو گئی۔[1]

حضرت موسیٰ :

؎ موسیٰ سے رموز لن ترانی پوچھ [2]

میرانیسؔ نے مذکورہ بالا مصرعہ میں جناب موسیٰ کا ذکر لن ترانی کی تلمیح کے ساتھ کیا ہے۔ حضرت موسیٰ کا شمار اولوالعزم پیغمبروں میں سے ہے۔ آپ پر اللہ کی کتاب توریت نازل ہوئی۔ جناب موسیٰ کوہ طور پر اللہ کے نور سے محو کلام ہوتے تھے۔ اسی لئے آپ کو کلیم اللہ کہتے ہیں ــــ اللہ نے حضرت موسیٰ کو دو معجزے عطا کئے۔ ایک "عصا" دوسرے "ید بیضا"، جب فرعون کے دربار میں جادوگروں نے رسّی کو سانپ بنا دیا تو موسیٰ کے عصا نے اژدھا بن کر تمام جادوگروں کے سانپوں کو نگل لیا اس وقت تمام جادوگر سجدے میں گر پڑے۔ دوسرے "ید بیضا" جناب موسیٰ کے ہاتھ میں ایک سفید نور تھا کہ جب ہاتھ کھول دیتے تھے تو تمام جہان روشن ہو جاتا تھا۔ ان کے باپ کا نام عمران تھا اس لئے آپ کو موسیٰ عمران بھی کہتے ہیں۔[3]

۱؎ اختر حجازی: قصص الانبیا صـ۱۰۲ تا صـ۱۱۶

۲؎ مراثی انیس: جلد ۴، نول کشور صـ۲۱۲

۳؎ اختر حجازی: قصص الانبیا صـ۲۰۵

حضرت الیاس :

؎ آئی یہ ندا حضرت الیاس کی یکبار
صدقے ترے اے فوج حسینی کے علمدار [1]

میرانیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں حضرت الیاس کا ذکر جب جناب عباس سوکھی ہوئی مشک لے کر گھاٹ پر آچکے ہیں اولاً بحیثیت منادی اور ثانیاً بحیثیت شاہد نظم کر کے جناب الیاس کو اللہ نے جو منصب عطا کیا تھا اس کا اظہار کیا ہے۔ حضرت الیاس وہ نبی ہیں جب لوگوں نے حضرت الیاس کی تکذیب کی اور خدا کی عبادت سے انکار کیا۔ بنی اسرائیل اس زمانہ میں بت پرستی میں مبتلا تھے۔ لوگوں نے آپ کی ہدایت قبول نہیں کی تو آپ پہاڑی پر چلے گئے۔ آپ نے بد دعا کی۔ سخت قحط پڑا۔ تین سال تک بارش نہ ہوئی۔ اس وقت کے بادشاہ نے آپ کو گرفتار کرنے کے لئے فوج روانہ کی۔ ایک آگ ظاہر ہوئی جس نے سب کو ہلاک کر دیا۔ اور جناب الیاس کو اللہ تعالیٰ نے آسمان پر اٹھا لیا۔[2]

حضرت ایوب :

؎ تو صبر کے رتبے میں ہے ایوب سے بہتر [3]

میرانیسؔ نے مذکورہ مصرعہ میں صبر ایوبی کا موازنہ صبر حسینی سے کر کے

۱؎ مراثی انیس: جلد ۳ صـ۱۱۵ نول کشور

۲؎ باقر مجلسی: جلال العیون۔ جلد ۱ صـ۶۲ مترجمہ سید عبد الحسین

۳؎ مراثی انیس: جلد ۴، نول کشور صـ۶۵

Contact: jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب ایوب کی مکمل سیرت اور کردار کا احاطہ کر لیا ہے۔ حضرت ایوب دمشق میں رہتے تھے۔ آپ کا شجرۂ نسب یوں بیان کیا جاتا ہے۔ ایوب بن موص بن وازح بن عیص بن اسحاق بن ابراہیم۔ جناب ایوب کی بیوی بہت مالدار تھیں۔ رحمہ ان کا اسم مبارک تھا۔ آپ کے چھبیس لڑکے پیدا ہوئے۔ ایوب کی عمر مبارک ترانوے سال تھی جب آپ کا وقت وفات قریب آیا تو آپ نے اپنے بیٹے حومل کو اپنا وصی مقرر کیا۔ [1]

حضرت داؤد:

آہن کو ابھی موم کریں صورت داؤد [2]

میرانیس نے مذکورہ مصرعہ میں جناب داؤد کا ذکر ان کے اس معجزے کے ضمن میں جس میں آپ لوہے کو موم کر دیا کرتے تھے مقام مثال میں کیا ہے۔ جناب طالوت نے بادشاہ جالوت کافر سے لڑنے کے لئے آپ کو اپنا جانشین بنا کر لڑنے کے لئے بھیجا۔ جناب داؤد غالب آئے اور جالوت کو قتل کیا۔ اس وقت جناب داؤد کی عمر پینتیس ۳۵ سال تھی۔ اس کے بعد آپ مبعوث بہ رسالت ہوئے ـــ خداوند کریم نے آپ کو زبور کتاب عطا فرمائی [3] جب داؤد کو اللہ نے معجزے عطا فرمائے اور ان کو تعلیم کی۔ طیور کی زبان اور آہن کو نرم بنانے کی قوت۔

۱؎ جلاء العیون: جلد ۲ صہ ۵۹۔ باقر مجلسی۔ مترجمہ سید عبدالحسین
۲؎ مراثی انیس: جلد ۴ نولکشور صہ ۱۱۹
۳؎ باقر مجلسی: جلاء العیون جلد ۱ صہ ۶۳ مترجمہ سید عبدالحسین

حضرت سلیمان:

ذرے کو کیا آپ نے خورشید درخشاں
اک مور کو حضرت نے دیا تخت سلیمان [1]

میرانیس نے مذکورہ مصرعوں میں مور اور تخت سلیمان کی تلمیحات کا صرف سرے تذکرے میں کر کے گویا جناب سلیمان اور چیونٹی کے درمیان جو گفتگو ہوئی تھی پوری کی پوری نظم کر دی۔ حضرت سلیمان حضرت داؤد کے انتقال کے بعد اپنے باپ کی حکومت اور علم نبوت کے وارث ہوئے [2] حضرت داؤد کے انیس ۱۹ لڑکے تھے جن میں سب سے بڑے بیٹے جناب سلیمان تھے۔ تمام روئے زمین پر شمال سے جنوب اور مشرق سے مغرب تک تمام وحوش وطیور، انس وجن پر آپ کی حکومت تھی اور تمام حشرات الارض بھی زیر فرمان تھے۔ چالیس سال تک آپ نے حکومت کی۔ آخری عمر میں چار سال بیت المقدس کی تعمیر میں صرف کئے۔ اور خود نگرانی فرمایا کرتے تھے۔ عصا کے سہارے کھڑے تھے کہ روح قبض ہوگئی۔ ایک عرصہ کے بعد جب دیمک نے عصا کھا لیا تب لوگوں کو پتہ چلا کہ حضرت سلیمان کا انتقال ہوگیا۔ وفات کے وقت آپ کی عمر انسٹھ سال کی تھی۔ [3]

حضرت یونس:

ماہی کے شکم میں رہے کب یونس بیدار [4]

۱؎ مراثی انیس: جلد ۳ نولکشور صہ ۳۳
۲؎ تاریخ کامل: جلد ۱ صہ ۸۸
۳؎ باقر مجلسی: جلال العیون، جلد ۱ صہ ۶۳ مترجمہ سید عبدالحسین
۴؎ مراثی انیس: جلد ۱ نولکشور صہ ۴۱

Contact: jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میر انیسؔ نے مذکورہ مصرعہ میں اسیری اہل حرم کو عارضی ہونے کے ثبوت میں جناب یونس اور شکم ماہی کو بطور تلمیح صرف کر کے جہاں قید و بند کے عارضی ہونے کی دلیل دی ہے وہیں یہ بھی دکھایا ہے کہ جس طرح ایک دن مچھلی نے انھیں نگل لیا تھا۔ اسی طرح انھیں ایک دن بالکل صحیح و سالم اگل بھی دیا۔ حضرت یونس بہت مشہور پیغمبر و میں ہیں۔ انھیں نینوا شہر کی طرف اللہ تعالیٰ نے نبی بنا کر مبعوث کیا حضرت یونس قوم سے عاجز آ کر اسے چھوڑ کر چلے گئے راستہ میں ایک دریا تھا۔ ایک بیٹے کو کنارے چھوڑ کر اور ایک بیٹے کو کندھے پر لے کر عورت کا ہاتھ پکڑا اور وہ دریا میں داخل ہوئے پانی کے تیز بہاؤ نے ان کے بیٹے اور بیوی کو بہا دیا۔ کشتی پر سوار ہوئے تو دریا کی طغیانی سے کشتی چکرانے لگی۔ لوگوں نے کہا اس کشتی میں مالک سے بھاگا ہوا غلام ہے۔ قرعہ اندازی میں حضرت یونس کا نام نکلا اور لوگوں نے انھیں دریا میں ڈال دیا۔ اور ایک مچھلی نے ان کو نگل لیا۔ مچھلی کے بطن میں پہونچ کر یونس نے اپنے رب کو پکارا۔ دعا قبول ہوئی۔ مچھلی نے حضرت یونس کو اگل دیا۔ وہاں کوئی سایہ دار درخت نہ تھا اللہ کی قدرت نے بیل کے درخت کو خلق کیا اور ایک ہرن کو حکم ہوا کہ یونس کو روز دودھ پلایا کرے۔ جب جناب یونس روبہ صحت ہوئے تو پھر خدا کا حکم ہوا کہ وہ اپنی قوم میں جا کر ہدایت کریں [1]

حضرت عیسیٰ :

ع عیسیٰ نفس تھے مردوں کو اک دم میں بخشی جاں [2]

---

[1] اختر حجازی : قصص الانبیا۔ ص ۱۶۸

[2] مراثی انیسؔ : جلد ۲ نول کشور ص ۳۸۵

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں حضرت علی کے مردوں کو زندہ کر دینے کی بات عیسیٰ نفس کی تلمیح کو بطور حقیقت استعمال کر کے کہی ہے جس سے اگر ایک طرف علی کی معجزہ نمائی سامنے آتی ہے تو دوسری طرف قم باذن اللہ کی روشنی میں حضرت عیسیٰ کی پوری زندگی کا مطالعہ ہو جاتا ہے۔ جناب عیسیٰ مریم کے بیٹے ہیں اور اولوالعزم پیغمبروں میں آخری پیغمبر ہیں۔ آپ بغیر باپ کے پیدا ہوئے تھے اس لئے آپ کو روح اللہ بھی کہتے ہیں۔ اللہ نے آپ پر انجیل کتاب نازل کیا۔ اور معجزات بھی عطا کیا۔ اور اندھے، اور کوڑھی اور گونگے اور اور بیماروں کو ہاتھ لگا کر شفایاب کر دیتے تھے اور مردوں کو ٹھوکر مار کر زندہ کر دیتے تھے۔ قوم یہود آپ کی دشمن ہو گئی اور جب اس نے آپ کو پھانسی دینا چاہا تو خدا نے چھت کے راستہ سے آسمان پر اٹھا لیا اس وقت آپ کی عمر انتالیس سال کی تھی۔ [1]

پنجتن پاک

محمد مصطفیٰ :

اللہ نے رتبے تو محمدؐ کو یہ بخشے ۔۔۔ ہیں سارے رسولوں سے زیادہ شرف انکے
ہر چند کہ سب مورد آفات بلا تھے ۔۔۔ پر ایسے مصائب کبھی کسی نے نہیں دیکھے
کیا کیا نہ دیئے رنج انھیں اہل جفا نے
آرام نہ پایا کبھی محبوب خدا نے [2]

پرورش :

---

[1] باقر مجلسی : جلاء العیون، ج ۱، ص ۶۵ مترجمہ سید عبد الحسین

[2] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص ۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پہلے تو مصیبت یہ ہے شاہ دوسرا کی — تھے بطن میں مادر کے کہ والد نے قضا کی
جس دم چھ برس کے ہوئے قدرت سے خدا کی — مادر نے بھی لی راہ گلستان قضا کی

دو صدمے ہوئے دریتیمی کے جگر پر
دادا کے سوا کوئی نہ باقی رہا سر پر

بن باپ کے فرزند کا تھا پالنا مشکل — دادا رہا ہر امر میں پوتے کا مکفّل
جب آٹھ برس کا ہوا وہ سرو معادل — دادا کو بھی در پیش ہوئی گور کی منزل

پھر راحت و آرام کی صورت کہوں کیا تھی
تنہائی کی آفت تھی یتیمی کی بلا تھی [1]

رسول کے فضائل :

ہوتا نہ تھا مگس کا تن پاک تک گذر — سایہ کبھی نہ جسم کا پڑتا تھا خاک پر
ہوتا تھا دھوپ میں جو گذر اس جناب کا — رہتا تھا فرق پاک پہ سایہ سحاب کا [2]

معجزۂ شق القمر :

دو کر دیا انگشت سے احمد نے قمر کو [3]

میر انیس نے مذکورہ مصرعوں میں مرسل اعظم کی زندگی کے واقعات و کرامات کو نظم کیا ہے۔ "جب رسول خدا کی ولادت ہوئی تو ان کے والد کا انتقال پہلے ہی ہو چکا تھا۔ آپ بطن مادر میں ہی میں تھے کہ ان کے والد حضرت عبداللہ کا انتقال ہو گیا۔ آپ کی عمر آٹھ سال کی ہوئی کہ دادا عبد المطلب کا انتقال ہو گیا۔

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص۳
[2] " " : جلد ۱ " " ص۲۳۵
[3] " " : " " " ص۳۰۹

دادا کے انتقال کے بعد آپ اپنے چچا ابو طالب کے ساتھ رہنے لگے۔" [1]

رسول کریم کے جسمانی اوصاف کے سلسلے میں مختلف روایات ملتی ہیں۔ جناب حلیمہ سے روایت ہے کہ "میں ایک دن آپ کی تلاش میں گئی۔ جب میں وہاں پہونچی تو محمد کو اپنی جگہ پایا ایک نوران سے ساطع تھا۔ میں نے پیار کرکے پوچھا کہ تم پر کیا گزری۔ فرمایا غم نہ کرو اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ مجھے ان کے بدن سے مشک کی خوشبو آتی تھی۔" [2]

سرور عالم کے جسم کی لطافت اور تقدس کے پیش نظر "حضرت کے بدن پر مکھی نہیں بیٹھتی تھی اور نہ کوئی گزندہ کیڑا ہی آپ کے پاس آتا تھا۔" [3] آپ کے جسم اقدس کے ذیل میں یہ روایت ملتی ہے۔ "آفتاب میں آپ کا سایہ نہ ہوتا جس کسی کے ساتھ چلتے بقدر ایک انگلی اس سے بلند ہوتے اور ہمیشہ دھوپ میں آپ کے سر پر ابر سایہ فگن رہتا تھا۔" [4]

جب کفار مکہ نے مرسل اعظم سے کہا کہ ہم آپ کی رسالت کے قائل اس وقت ہوں گے جب آپ چاند کو دو حصوں میں بانٹ کر دکھا دیں۔" آں حضرتؐ نے ان لوگوں کو شق القمر کا معجزہ دکھایا۔ یعنی چاند دو ٹکڑے ہو گیا۔ اور کوہ حرا ان ٹکڑوں کے بیچ میں نظر آیا۔ [5]

---

[1] ابو الحسن علی ندوی : نبی رحمت ص۱۰۶
[2] مناقب شہر آشوب : مجمع الفضائل۔ مترجمہ ظفر حسن ص۴۷
[3] " " : " " ص۴۸
[4] حیات القلوب : علامہ باقر مجلسی : جلد ۲ ص۲۱ مترجمہ سید بشارت حسین
[5] قرآن۔ سورۂ قمر آیت۔ ۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت علی :

عیسیٰ کی والدہ کو نہ مطلق رضا ملی — بنت اسد کو یہ ہوا فرمان ایزدی

ولادت :

کب رتبہ تھا یہ اور پیمبر کے واسطے — دیوار کعبہ شق ہوئی حیدر کے واسطے [1]
جب آتے تھے محبوب خدا خانۂ عم میں — تعظیم علی کرتے تھے مادر کے شکم میں [2]
اللہ نے پیدا کیا کعبہ میں علی کو [3]

آغوش رسول میں :

یہ کہہ کے لیا گود میں حیدر کو نبی نے — دیکھا رخ شہ صلے علیٰ کہہ کے علی نے
دی جب کہ زباں منہ میں رسول عربی نے — چوسا اسے تا دیر محمد کے وصی نے
تاثیر لعاب دہن خیر ورا سے
معمور ہوا صدر علی علم خدا سے [4]

تلاوتِ قرآن پاک :

رسول کی آغوش میں — کی اس طرح تلاوت قرآن کہ یاد ہے [5]

معجزات وکرامات :

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص۳۵
[2] باقیات انیس : جلد ۱ اکبر حیدر آبادی ص۱۱
[3] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور ص۷
[4] باقیات انیس : جلد ۱ اکبر حیدری ص
[5] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص۳۷

اعجاز صغیر السن میں ہوئے بارہا عیاں — اژدر کو چیرا مہد میں واقف ہے اک جہاں
ہم نام حق تھے نام خدا جب ہوئے جواں — عیسیٰ نفس تھے مردوں کو اک دم میں بخشی جاں
کس سے بیاں ہو علم امام جلیل کے
استاد فضل حق سے ہوئے جبرائیل کے [1]

دے کر رکاب میں قدم پاک کو قرار — قرآن شروع کرتا تھا وہ شیر کردگار
کس کا بغیر مصحف ناطق یہ کام تھا — پہونچا ادھر جو پاؤں تو قرآں تمام تھا [2]

جسدم یہ فرشتوں کو ہوا حکم خدا کا — تب آہنی زنجیر سے خورشید کو کھینچا
پنہاں ہوئی تاریکیٔ شب دن ہوا پیدا — مولا نے خوشی ہو کے کیا شکر کا سجدہ [3]

سیرت وکردار :

دن کو تو رکھا کرتے تھے روزہ شہ ابرار — راتوں کو عبادت میں رہا کرتے تھے بیدار [4]
ہر جنگ میں دشمن سے کبھی کی نہیں سبقت — خود سوتے تھے قاتل کو جگایا شب ضربت [5]

ہر شب کو قیدیوں کی خبر لینے جاتے تھے — دو دن کے بعد نان جویں آپ کھاتے تھے [6]

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص۳۸
[2] " " : " " ص۳۵
[3] " " : " " ص۱۴
[4] باقیات انیس : جلد ۱ اکبر حیدری ص۱۰۵
[5] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور ص۳۳
[6] " " : " " ص۲۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ے قاتل کے یداللہ نے بندھوائے کھلے ہاتھ [1]

صبح ضربت :

انیسویں تاریخ کی لکھی ہے جو اخبار مسجد میں گئے بہر عبادت شہ ابرار
جب سجدۂ اول میں گئے حیدر کرار قاتل نے لگائی سر پُرنور پہ تلوار
سر ہو گیا دو ٹکڑے محمد کے وصی کا
پھر دوسرے سجدے کو اٹھا سر نہ علی کا [2]

وصیت :

پاس اپنے بلا کر مجھے بابا نے کیا پیار اور ہاتھ مرا ہاتھ میں شہ نے دیا اک بار
فرمایا حسن سے مرے نو بیٹے کا مختار عباس رہا اک تو حسین اس کا ہے سردار
فرمایا تھا مجھ سے کہ امام اپنا سمجھنا
آقا سے کہا تھا کہ غلام اپنا سمجھنا [3]

شہادت :

چہرے سے رویدہ ہوئے جب موت کے آثار سیدھے ہوئے قبلہ کی طرف حیدر کرار
لب پہ صلواۃ اور کلمہ جاری تھا ہر بار ہنگام قضا ہاتھ اٹھا کر بہ دل زار
فرزند و اقارب میں لگا چھاتی سے سب کو
دنیا سے سفر کر گئے اکیسویں شب کو [4]

---

[1] مراثی انیس : جلد ۴ ، نول کشور ص ۲۵

[2] باقیات انیس : جلد ۱ ، اکبر حیدری ص ۱۱۳

[3] مراثی انیس : جلد ۱ ، نول کشور ص ۲۹۸

[4] باقیات انیس : جلد ۱ ، اکبر حیدری ص ۱۱۵

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں حضرت علی کی ولادت کے واقعات، معجزات و کرامات، سیرت و کردار اور شہادت کے واقعات کو نظم کیا ہے۔ روایت میں ہے کہ جب حضرت علی اپنی مادر گرامی فاطمہ بنت اسد کے شکم مبارک میں تھے تو جب رسول خانہ بنت اسد میں تشریف لاتے تھے تو جناب فاطمہ بنت اسد فوراً احتراماً کھڑی ہو جاتی تھیں۔

ایک دن ابوطالب نے کہا اے بنت اسد محمد تمھارے بیٹے کے مانند ہیں۔ تم اس قدر تعظیم و تکریم کیوں کرتی ہو۔ اس معظمہ نے جواب دیا کہ یہ تعظیم میری طرف سے اختیاری نہیں ہے۔ جب محمد میری طرف آتے ہیں (تو میرے بطن میں) جو بچہ ہے مجھے مجبور کرتا ہے تعظیم کرنے پر۔ ورنہ ہمارے رحم کا بچہ نہایت بیقراری کی وجہ سے ہلاک ہو جائے۔[1]

جب حضرت علی کی ولادت کا وقت قریب آیا تو جناب فاطمہ بنت اسد خانۂ کعبہ کے قریب آکر دیوار کعبہ سے اپنے شکم کو مس کر کے یہ دعا کر رہی تھیں "اے پروردگار میں تجھ پر اور جو نبی و رسول اور کتابیں تو نے بھیجی ہیں ان سب پر ایمان رکھتی ہوں اور میں اپنے جد بزرگوار حضرت ابراہیم کی باتوں کی تصدیق کرتی ہوں۔ جنہوں نے خانۂ کعبہ کو بنایا تھا —— واسطہ دے کر سوال کرتی ہوں میرے لئے اس وضع حمل کو آسان کر دے عباس اور یزید بن تعنب کہتے ہیں کہ جب فاطمہ اس دعا سے فارغ ہوئیں تو ہم نے دیکھا کہ خانہ کعبہ کی پچھلی دیوار پھٹی اور فاطمہ اس شگاف سے کعبہ کے اندر داخل ہو گئیں اور حکم خدا سے شگاف بھی دوبارہ مل گیا۔[2] تین روز تک فاطمہ بنت اسد کعبہ میں مقیم رہیں اور جب چوتھا دن ہوا تو کعبہ کی دیوار اسی جگہ شق ہوئی جہاں پہلے ہوئی تھی اور فاطمہ بنت اسد اس حالت میں باہر آئیں کہ ان کا بیٹا اسد الغالب علی ابن ابیطالب۔

---

[1] ملا محمد صالح کوکب دری سنی الحنفی۔ (مناقب مرتضوی) مترجمہ سید محمد سبطین ص ۲۲۱

[2] سید صفدر حسین احسن المقال جلد ۱ ص ۱۷۳ منتہی الآمال شیخ عباس قمی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان کے ہاتھوں پر تھا اور وہ کہہ رہی تھیں۔ اے لوگو! خدا نے اپنی مخلوق میں سے مجھے چن لیا اور مجھے ان خواتین برگزیدہ پر فضیلت دی جو مجھ سے پہلے گذر چکی ہیں جب میں اپنے بیٹے کو لے کر باہر آنا چاہتی تھی ہاتف غیبی نے مجھے پکار کر کہا کہ اے فاطمہ اس بزرگ و برتر بیٹے کا نام علی رکھنا کیوں کہ میں خدائے علی و اعلیٰ ہوں میں نے اسے اپنی قدرت و عز و جلال سے پیدا کیا ہے"۔ [1]

حضرت علی کی تاریخ ولادت کے بارے میں معتبر اور صحیح روایت یہ ہے کہ آپ "۱۳ رجب ۳۰ عام الفیل خانہ کعبہ میں ہوئے"۔ [2]

حضرت علی کے معجزات اور کرامات کے سلسلے میں بہت سے واقعات تاریخ میں درج ہیں۔

کلۂ اژدر کا دو پارہ کرنا: خانہ کعبہ میں ایک اژدہا رہا کرتا تھا جب وہ گہوارہ کی طرف بڑھ کر ان سے قریب ہوا تو علی نے گہوارے میں پڑے پڑے اژدہے کے منہ میں بے خوف اپنا ہاتھ ڈال کر اس کے جبڑے پھاڑ ڈالے۔ [3]

چونکہ علی وارث قرآن تھے اور قرآن ان کے سینہ میں محفوظ تھا لہٰذا آپ کی شان یہ تھی کہ "امیرالمومنین جب وقت رکاب میں پاؤں رکھتے قرآن مجید کی تلاوت شروع کرتے اور جب دوسرا پاؤں دوسری رکاب میں پہونچتا تھا تو ختم کرتے تھے۔

حضرت علی کے اختیار و اقتدار کی شان فقط یہ نہیں تھی کہ زمین والے ان کے تابع فرمان تھے بلکہ نظام شمسی بھی ان کے قبضۂ قدرت میں تھا۔" اسماء بنت عمیس

---

[1] سید صفدر حسین احسن المقال جلد ۱ ص۱۲۴ منتہی الآمال شیخ عباس قمی

[2] سید نجم الحسن: چودہ ستارے ص۱۴۳

[3] روضۃ الشہدا: اردو ترجمہ، صائم چشتی ص۳۵۱

اور حضرت ابوہریرہ سے اس حدیث کو روایت کیا ہے کہ رسول کریم پر ایک دفعہ وحی الٰہی نازل ہوئی اور رسول کریم اپنا سر حضرت علی کی گود میں رکھ لیٹ گئے حضرت علی نے عصر کی نماز نہیں پڑھی تھی کہ آفتاب غروب ہو گیا۔ رسول کریم نے ان سے پوچھا کہ یا علی تم نے نماز پڑھی۔ عرض کیا یا رسول اللہ نہیں پڑھی۔ اس وقت رسول کریم نے بارگاہ الٰہی میں دعا کی آفتاب کو پلٹا دے۔ اسماء بنت عمیس روایت کرتی ہیں کہ آفتاب دوبارہ پلٹ آیا۔ [1]

معتبر مورخین نے ردّ شمس کے واقعہ کو مختلف مواقع کے اعتبار سے نقل کیا ہے۔ ایک روایت اس وقت سے متعلق ہے کہ جب حضرت علی جنگ حنین میں جا رہے تھے کہ "جب حضرت علی نے فرات کے نیچے اترنے کا قصد کیا تو نماز عصر کا وقت آ گیا تھا آپ نے ایک جماعت اصحاب کے ساتھ نماز عصر ادا کی مگر بعض اصحاب جو اپنی سواریوں کو دریا میں اتار رہے تھے ان کی نماز فوت ہو گئی۔ جب حضرت علی نے اس کے متعلق اصحاب کا قیل و قال سنا تو خدائے عز و جل سے دعا کی خدایا آفتاب کو پھر طالع فرما تاکہ یہ لوگ نماز ادا کر لیں چنانچہ آپ کی دعا سے آفتاب بار دیگر طالع ہوا جب سب لوگ نماز ادا کر چکے تب پھر غروب ہو گیا۔ [2]

حضرت علی کی عبادت اور بندگی کا یہ عالم تھا کہ آپ عابد شب زندہ دار کہے جاتے تھے۔ "رات رات بھر عبادت خدا کرتے تھے۔ ایک ایک ہزار تکبیروں کی آواز علی کی زبان سے سنی گئی تھی۔ اسی طرح دن دن بھر روزہ رکھتے تھے۔ کم سے کم صرف تین لقمہ کھا کر بسر کرتے تھے۔ آپ شب زندہ دار قائم اللیل اور صائم النہار تھے۔ [3]

---

[1] ارجح المطالب: عبیداللہ امرتسری ص۶۹۵

[2] تاریخ احمدی: شیخ احمد حسین ص۲۵۶

[3] " " " ص۲۷۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چونکہ امام کی شان یہ ہوتی ہے کہ چاہے اس کے گھر میں فاقے ہوتے ہوں مگر وہ امت کے حال سے بے خبر نہیں رہتا۔ علی کی شان یہ تھی کہ راتوں میں کاندھے پر روٹیاں رکھ کر مسکینوں اور یتیموں اور بیواؤں کے گھر پہونچایا کرتے تھے۔ جب انیس رمضان کو عبدالرحمٰن بن ملجم کی ضربت سے زخمی ہو گئے اور یہ خبر کوفے میں پھیل گئی تو" اصباع نامی شخص رو کر کہتے تھے کہ اب ہمارا پرسان حال کون ہوگا۔ بیواؤں، یتیموں کی دستگیری کون کرے گا۔ اصباع روتے روتے کبھی بیہوش ہو جاتے اور کبھی ہوش میں آجاتے۔" [۲]

حضرت علی کی فرض شناسی کا کمال یہ تھا کہ جب انیس[۱۹] رمضان کی صبح کو مسجد کوفہ میں تشریف لائے تو دیکھا ابن ملجم" ہزار درہم کی زہر سے بجھی ہوئی تلوار پہلو میں چھپائے تھا اور پیٹ کے بل لیٹا ہوا تھا۔ فرمایا اٹھ نماز پڑھ۔ اگرچہ میں جانتا ہوں تو کس ارادے سے آیا ہے اور کیا چیز زیر دامن چھپائے ہوئے۔ جب نافلہ صبح کی پہلی رکعت کے سجدے سے سر اٹھایا تو شبیب ابن بجیرہ نے تلوار سے حملہ کیا مگر تلوار ستون مسجد سے ٹکرائی۔ اس کا وار ناکام رہا۔ پھر عبدالرحمٰن بن ملجم نے زہر میں بجھی ہوئی تلوار سر پہ ماری جس سے فرق مبارک شگافتہ ہو گیا۔ آپ نے بے ساختہ فرمایا بسم اللہ و علیٰ ملت رسول اللہ فُزتُ برب الکعبہ۔ رب کی قسم میں کامیاب ہو گیا ہوں۔ لوگو مجھے یہودیہ کے بیٹے ابن ملجم نے قتل کر ڈالا [۲]

حضرت علی کی کریم النفسی کا عالم یہ تھا کہ قاتل ابن ملجم گرفتار کر لیا گیا تو آپ نے فرمایا اس کی مشکیں کھول دو۔ امام حسن کو ہدایت فرمائی کہ میں زندہ رہوں تو مجھے اختیار ہے۔ تم ایک ضربت کے بدلے ایک ہی ضربت لگانا اور ہاتھ پیر نہ کاٹنا۔ قید

---

[۱] تاریخ احمدی : شیخ احمد حسین صفحہ ۲۷۸

[۲] سیرت امیرالمومنین : مفتی جعفر حسین صفحہ ۴۰۸ تا صفحہ ۴۰۹

کے زمانے میں جو خود کھانا وہی اسے بھی کھلانا۔ جو خود پینا وہی اسے بھی پلانا۔ [۱]

انیس[۱۹] اور بیس[۲۰] رمضان حضرت علی مسلسل بستر علالت پر کروٹیں بدلتے رہے اور زہر کا اتنا کاری اثر ہوا کہ اکیس رمضان کی شب حضرت علی کی حالت زیادہ متغیر ہو گئی۔ عمرو بن نعمان جراح کو آپ کے حجرۂ مبارک میں لایا گیا۔ جراح نے جراحت حیدر کرار کو دیکھا تو سر سے پگڑی اتار کر پھینک دی اور کپڑے پھاڑ کر کہنے لگا کہ افسوس یہ زہر میں بجھی ہوئی تلوار کا زخم مرہم سے درست ہونے والا نہیں افسوس آپ جیسا مقتدار، پیشوا اور عالم حکمراں اب کہاں سے ملے گا [۲]

پھر حضرت علی نے وصیت فرمایا۔ بیٹا حسن گھر کا خیال رکھنا۔ سب کو حسن کے حوالے کرنے کے بعد" حضرت عباس کا ہاتھ حضرت حسین کے ہاتھ میں دیا۔ بیٹا تم انھیں آقا سمجھنا اور حضرت حسین سے کہا کہ یہ تمہارا غلام ہے کربلا میں کام آئے گا۔" [۳]

وصیت کے بعد علی پر غشی طاری ہوئی" جناب علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ اکیس رمضان المبارک ہفتہ کے روز مقام شہادت پر فائز ہوئے۔" [۴]

حضرت فاطمہ زہرا :-

کیا پیش خدا صاحب توقیر ہے زہرا خاتون جناں مالک تطہیر ہے زہرا

---

[۱] سیرت امیرالمومنین : مفتی جعفر حسین - صفحہ ۴۰۸ روضۃ الشہدا۔ ترجمہ صائم چشتی صفحہ ۳۷۹

[۲] روضۃ الشہدا : ترجمہ صائم چشتی صفحہ ۳۸۵

[۳] سیرت امیرالمومنین : مفتی جعفر حسین صفحہ ۴۰۹

[۴] روضۃ الشہدا : ترجمہ صائم چشتی صفحہ ۳۸۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ام الحسن اور مادر شبیر ہے زہرا — سرتا بقدم نور کی تصویر ہے زہرا
شوہر کو جو پوچھو تو شہنشاہ عرب ہے
بیٹی ہے نبی کی یہ حسب ہے یہ نسب ہے [1]

القاب :

ہے صدیقہ و راضیہ و مرضیہ واطہر [2]

مرسل اعظم کا بیٹی کی تعظیم کرنا :

ماں باپ پہ واجب نہیں فرزند کی تکریم — اس امر میں سب خلق پہ زہرا کو ہے تقدیم
لکھا تھا کہ جب آتی تھیں زہرا پئے تسلیم — خود اٹھ کے رسول عربی کرتے تھے تعظیم
الطاف محمد ہوں یہ جس باب کرم پر
دروازہ گرادیں اسی بی بی کے شکم پر [3]

شہادت :

تھا ایک تو غم فاطمہ کو ہجر پدر کا — اور دوسرے اسقاط ہوا حمل پسر کا
حیدر کو پکڑے گئے وارث جو تھا گھر کا — اس دن سے عجب حال تھا اس خستہ جگر کا
پھر اٹھ کے نہ دروازے سے باہر گئی زہرا
جس حجرے میں بیٹھی تھی وہیں مرگئی زہرا [4]

میر انیس نے مذکورہ مصرعوں میں حضرت فاطمہ زہرا کے اوصاف کمالات

---

[1] مراثی انیس : جلد ۳ ۔ نولکشور ص۴۳
[2] " " : " ۲ ۔ " ص۱۳
[3] " " : جلد ۳ ۔ نولکشور ص۴۳
[4] " " : " ۳ ۔ " ص۲۳

اور شہادت کے واقعات نظم کئے ہیں ۔ مرسل اعظم کی بیٹی فاطمہ زہرا کو پروردگار نے معصومہ پیدا کیا ۔ فقہ جعفری کے اعتبار سے اسلام کے ہادی کا معصوم ہونا ضروری ہے ۔ اسی لیئے مرسل اعظم کے بعد تعلیمات رسول کے تحفظ کا فریضہ ائمہ طاہرین انجام دیتے رہے ۔ جس طرح مردوں کی ہدایت کے لئے یہ معصوم سلسلہ اللہ کی طرف سے جاری ہوا تھا ۔ اسی طرح عورتوں کی ہدایت کے لئے کسی معصومہ کی ضرورت تھی لہذا پروردگار عالم نے فاطمہ زہرا کو عالم نسواں کی ہدایت کے لئے اس دنیا میں بھیجا تھا ۔ قرآن مجید کی متعدد آیات سے عصمت و فضیلت فاطمہ زہرا ثابت ہے ۔ قرآن کی آیۂ تطہیر اور آیۂ مرج البحرین اور آیۂ نساءنا و نساءکم کے متعلق ہے کہ اس سے مراد فاطمہ زہرا ہیں ۔ [1]

حضرت فاطمہ زہرا کے اوصاف و کمالات کا اظہار ان کے القاب سے بھی ہوتا ہے ۔

یونس بن ظبیان نے حضرت ابو عبد اللہ امام جعفر صادق سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے جناب فاطمہ زہرا کے نو نام منتخب فرمائے یعنی فاطمہ [1] ، صدیقہ [2] ، مبارکہ [3] ، طاہرہ [4] ، زکیہ [5] (مرضیہ [6]) ، راضیہ [7] محدثہ [8] ، زہرا [9] ۔ [2]

مرسل اعظم کا ہر عمل سنت ہے ۔ رسول کا فاطمہ زہرا کی تعظیم [3] کے لئے کھڑے ہو جانا یہ سنت کیوں نہ بن سکا ۔ آج دنیا کا کوئی مسلمان ایسا نہیں ہے

---

[1] مناقب ابن شہر آشوب : (مجمع الفضائل) مترجمہ سید ظفر حسن ص۴۸۲
[2] علامہ باقر مجلسی : بحار الانوار ۔ جلد ۳ ، مترجمہ سید حسن امداد ص۲
[3] جامع الترمذی : حصہ اول و دوم ۔ ص۸۱۳ ۔ ترجمہ بدیع الزماں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جو اپنی بیٹی کی تعظیم کے لئے کھڑا ہو جائے تاکہ سنت رسول پر عمل کرنے کا ثواب حاصل ہو جائے۔ لیکن آج تک کسی مسلمان کا اپنی بیٹی کی تعظیم کے لئے کھڑا ہونا اس بات کا ثبوت ہے کہ مرسل اعظم کا تعظیم فاطمہ باپ اور بیٹی کے رشتہ کی بنیاد پر نہیں تھا بلکہ عظمت فاطمہ تھی جس کے پیش نظر تعظیم کے لئے رسول کا کھڑا ہو جانا فرض رسالت میں شامل تھا۔ یعنی یہ عمل امت کے لئے اس واسطے سنت نہ بن سکا اب نہ رسول جیسا کسی کا باپ ہو سکتا ہے اور نہ فاطمہ جیسی کسی کی بیٹی ہو سکتی ہے۔ بنگاہ رسالت میں وجود فاطمہ نعمت عظمیٰ کی حیثیت رکھتا تھا اسی لئے تعظیم کرتے تھے۔

لیکن انقلاب زمانہ یہ کہ بعد رسول ابھی چند دن گزرے تھے کہ آپ کے گھر پر حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں گھر کا دروازہ آپ کے پہلو پر گرا اور جناب محسن شکم مادر میں شہید ہو گئے۔[1] نبی کی بیٹی یوں زخمی ہوئی کہ چند دن تک اس دنیا زندہ رہیں۔ جناب فاطمہ زہرا کی تاریخ وفات کے بارے میں تین روایتیں ملتی ہیں۔ روایات میں آیا ہے کہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال مبارک کے بعد ڈھائی ماہ ایک قول کے مطابق تین ماہ یا پانچ دن گزر گئے، اور ایک روایت کے مطابق چھ ماہ گزر گئے۔ مگر باپ کے غم میں جناب سیدہ کے آنسوؤں کی روانی میں کوئی کمی نہ آئی۔ آپ کو اپنے باپ کے فراق میں روتے رہنے کے سوا کوئی کام نہیں تھا اور سوائے غم رسول تقدیم صحابہ بر علی اور تصرف در فدک کے آپ کو کوئی غم نہ تھا۔[2]

---

[1] علی شریعتی : فاطمہ ہے فاطمہ ۔ صـ ۲۲

[2] روضۃ الشہدا : مترجمہ صائم چشتی صـ ۳۰۹

حضرت امام حسن

منصب امامت واخلاق واطوار :

مسجد میں قتل جب شہ خیبر شکن ہوئے — زینت وہ سریر امامت حسن ہوئے
سبط رسول جب کہ امام زمن ہوئے — ممنون فیض عام سے سب مرد و زن ہوئے

چرچا تھا خوبیوں کا فلک سے زمیں تلک
خُلقِ حسن کا شور تھا عرش بریں تلک [1]

اخلاق واطوار :

کیا خلق حسن رکھتا تھا وہ صاحب توقیر [2]
مظلومی شبیر ہے خلق حسنی ہے [3]

شہادت :

ٹکڑے لگا دیئے تھے حرم نے اِدھر اُدھر — بازو کو کوئی تھامتی تھی اور کوئی سر
فرمایا طشت لاؤ زہر کا ہوا اثر — رہ رہ کے کاٹتا ہے کوئی تیغ سے جگر

سینہ سے منہ میں ٹکڑے کلیجے کے آتے ہیں
نانا بلا گئے تھے سو دنیا سے جاتے ہیں

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور صـ ۴۱۹

[2] " " : " ۱ " " صـ ۳۱۵

[3] " " : " ۲ " " صـ ۳۱۶

[4] " " : " ۱ " " صـ ۴۲۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بعد شہادت

بعد از فنا بھی درپۂ ایذا شریر تھے
فرزند فاطمہ کے جنازے میں تیر تھے [1]

میر انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں امام حسن کے حالات زندگی نظم کئے ہیں۔" امیر المومنین [illegible] آپ اور عالمین کی عورتوں کی سردار جناب فاطمہ بنت محمد کے فرزند ارجمند جناب امام حسن آپ کی کنیت ابو محمد ہے۔ آپ مدینہ میں ۱۵ رمضان المبارک کی رات ۳ھ میں پیدا ہوئے۔ امام حسن کو ان کے والد گرامی امیر المومنین نے اپنے اہل و عیال اپنی اولاد اور اپنے اصحاب پر وصی اور جانشین مقرر کیا۔ [2]

چونکہ امام حسن ذمہ دار دین تھے۔ لہٰذا آپ نے بھی دین کو خطرہ سے بچاتے ہوئے سیرت رسول اللہ پر عمل پیرا ہو کے والی شام سے صلح کی اور جب آپ سے کسی نے پوچھا کہ آپ نے صلح کیوں کی تو آپ نے جواب دیا کہ" ہم اللہ تعالیٰ کے خزانوں کو تقسیم کرنے والے ہیں نہ کہ سونے چاندی کو اور ہم اس کے اس علوم کو جاننے والے ہیں جنہیں کوئی نہیں جانتا۔ اگر میں صلح نہ کرتا تو میرے سارے محبان ضائع ہو جاتے۔ تو جانتا ہے کہ میرا لشکر اہل کوفہ پر مشتمل تھا جنہوں نے میرے والد محترم کو شہید کیا۔ اور میری رہائش گاہ کو لوٹ لیا اور مجھ پر خنجر پھینک کر زخمی کر دیا۔ خدائے تعالیٰ اور اپنے جد امجد محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی مجھے قسم ہے کہ اگر میں تمام پہاڑوں اور درختوں کو ساتھ لے کر جاتا تو بالآخر بادشاہت کو اسی کے سپرد کرتا کیونکہ رسول اللہ کا خواب اسی پر دلالت کرتا تھا۔ [3]

---

[1] مراثی انیس : جلد ۳ ، نول کشور ص۱۲۱

[2] شیخ مفید علیہ الرحمۃ الارشاد (تذکرۃ اطہار) مترجم سید صفدر حسین ص۲۲۶

[3] روضۃ الشہدا : مترجم [illegible]

امام حسن کے اخلاق و اطوار کی یہ شان تھی کہ کوئی مسافر حدیہ ہے کہ سب و ستم کرنے والے کو بھی آپ نے اپنے دریائے خلق و کرم سے محروم نہیں رکھا ایک۔ راستہ سے آپ کا گزر ہو رہا تھا کہ" ایک شامی نے حضرت کو سوار دیکھا تو گالیاں دینے لگا۔ آپ خاموش رہے۔ جب وہ بکواس کر چکا تو آپ نے اس سے فرمایا کہ میں سمجھتا ہوں کہ تو مسافر ہے اور شاید تجھے اشتباہ ہوا ہے۔ اگر تو ہم سے عتاب چاہتا ہے تو ہم عتاب کرتے۔ اور ہدایت چاہتا تو ہدایت کرتے اور اگر تجھے سواری درکار ہے تو ہم سواری دیں گے۔ اگر بھوکا ہے تو ہم سیر کریں گے۔ اگر برہنہ ہے تو ہم لباس پہنائیں گے۔ اگر محتاج ہے تو غنی کریں گے۔ اگر جلا وطن ہے تو پناہ دیں گے۔ اگر کوئی حاجت ہو تو پورا کریں۔ جب تو ہم تک آیا ہے تو اب تو ہمارا مہمان ہے ہمارے پاس کشادہ جگہ ہے۔ صاحب جاہ ہیں۔ جب اس نے یہ سنا تو رو دیا اور بولا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ روئے زمین پر خلیفۂ خدا ہیں (اَللّٰہُ یَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَہ) آپ کا اور آپ کے باپ کا میں سب سے بڑا دشمن تھا لیکن اب سب سے بڑا دوست ہوں۔" [1]

متذکرہ بالا روایت کو میر انیسؔ نے بھی نظم کیا ہے جو دس بند پر مشتمل ہے۔ [2]

امام حسن نے صلح کر کے سیرت رسول اللہ پر عمل کیا تھا لہٰذا آپ کے ساتھ بھی وہی سازش کی گئی جو مرسل اعظم کے ساتھ کی گئی تھی یعنی آپ کو زہر دغا سے شہید کیا گیا۔ جب حکومت معاویہ کو دس سال گزر گئے تو اس نے یزید کو اپنا ولی عہد

---

[1] مناقب ابن شہر آشوب (مجمع الفضائل) مترجمہ ظفر حسن ص۲۶-۵۲۵

[2] مراثی انیس : جلد ۱ ، نول کشور ص۲-۴۱۹ بند ۳ تا ۱۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بنا! جیا! تو جعدہ بنت اشعث زوجہ امام حسین کو خفیہ پیغام بھیجا کہ اگر تو امام حسن کو زہر دیدے تو میں تیری شادی یزید سے کر دوں گا اور ایک لاکھ درہم اس کو رشوت میں بھیجے۔ اس نے اس فریب میں آکر حضرت کو زہر دیدیا"۔ ۱؎

زہر کا اثر اتنا کاری ہوا کہ "آپ کے سامنے طشت رکھ دیا گیا جس میں آپ کا جگر اور آنتیں ٹکڑے ٹکڑے ہو کر حلق سے باہر آگئیں۔ جب اس طشت کو اٹھایا گیا تو اس میں آپ کے جگر کے بہتر ۷۲ ٹکڑے تھے"۔ ۲؎ جب امام حسن کا تابوت لے کر امام حسین اور بنی ہاشم روضۂ رسول اللہ کے قریب پہونچے تو دشمنان آل محمد نے تیروں کی بارش شروع کر دی" یہاں تک کہ ستر ۷۰ تیر جنازۂ امام حسن سے باہر نکل گئے۔ یہ دیکھ کر بنی ہاشم نے چاہا کہ شمشیر کھینچیں اور جنگ کریں۔ حضرت امام حسین نے فرمایا۔ میں تم کو خدا کی قسم دیتا ہوں کہ میرے برادر کی وصیت کو ضائع نہ کرو اور ایسا نہ کرو کہ خون ریزی ہو۔ بعد اس کے ان اشقیا سے خطاب کیا کہ اگر میرے برادر کی وصیت نہ ہوتی تو ضرور ان کو یہاں تمہاری ضد پر دفن کرتا۔ پس جنازۂ امام حسن کو لے کر گئے جنت البقیع کی طرف اور وہاں فاطمہ زہرا کے بغل میں دفن کر دیا"۔ ۳؎

حضرت امام حسین :

بس اتنے میں نازل ہوئے جبرئیل خوش انجام
کی عرض کہ فرماتا ہے یہ خالق علّام
پیارا ہے نہایت ہمیں زہرا کا گل اندام

۱؎ مناقب ابنِ شہر آشوب (مجمع الفضائل) مترجمہ ظفر حسن ص۲۶۵–۵۲۵
۲؎ روضۃ الشہدا : مترجم صائم چشتی ص۴۲۵
۳؎ باقر مجلسی : جلال العیون جلد ۱ ص۴۳۸–۴۳۷ مترجمہ سید عبدالحسین

یا ختم رُسل ہم نے حسین اس کا رکھا نام
یہ حسن میں سردار حسینان زمن ہے
مشتق تو ہے احسان سے تصغیر حسن ہے ۱؎

تاریخ ولادت :

شعبان کی تاریخ سوئم روز ولادت ہے ۲؎

کمال طہارت :

کہ عرض یہ اسماء نے کہ خاصۂ داور
نہلا لوں تو لے آؤں اسے حجرے سے باہر
ارشاد کیا احمد مختار نے ہنس کر
لے آکہ نواسہ ہے مرا طاہر و اطہر
اس چاند کو تاج سر افلاک کیا ہے
یہ وہ ہے خدا نے جسے خود پاک کیا ہے ۳؎

شہادت :

(امام حسین کی شہادت سے متعلق مصرعے پانچویں باب میں شہادت مظلوم کے منظر کے ذیل میں تفصیل سے پیش کئے ہیں۔)

انیس نے مذکورہ مصرعوں میں امام حسین کی ولادت کے متعلق واقعات اور آپ کے اسم گرامی کا تعین مشیئت الٰہی سے ہوا۔ ان تمام تاریخی حقائق کو نظم کیا ہے۔

امام حسین کی تاریخ ولادت باسعادت" مدینہ منورہ میں تاریخ سوئم ماہ شعبان سال چہارم ہجرت واقع ہوئی"۔ ۴؎ امام حسن اور امام حسین دونوں کی

۱؎ مراثی انیس : جلد ۱، نول کشور ص۷
۲؎ " " : " " ص۴
۳؎ " " : " " ص۷
۴؎ باقر مجلسی : جلال العیون : مترجمہ سید عبدالحسین۔ جلد ۲ ص۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حالات زندگی میں یہ واقعہ ملتا ہے کہ آپ کا نام مشیت ایزدی [1] کے مطابق حسن اور حسین رکھا گیا۔ چونکہ ہارون کے بیٹوں کا نام شبیر و شبر تھا اس لئے عربی زبان کے اعتبار سے اس کا ترجمہ حسن اور حسین ہوتا ہے۔

ولادت امام حسین کے بعد پیغمبر اسلام نے اسمار سے کہا "اے اسمار میرے بیٹے کو میرے پاس لے آؤ۔ اسمار نے جواب دیا کہ یا رسول اللہ ابھی غسل مولود نہیں ہوا تو پیغمبر اسلام نے جواب دیا کیا تم اس بچہ کو پاک کرو گی؟ بیشک اللہ نے اسے پاک و صاف کر کے بھیجا ہے۔" یہ روایت اسمار بنت عمیس کے علاوہ رسول کی چچی کی طرف بھی منسوب ہے اور مختلف کتب میں درج ہے [2] امام حسین کی ولادت کے بعد آسمان کے ملائکہ رسول اللہ کی خدمت میں تہنیت اور مبارکباد پیش کرنے کے لئے حاضر ہوئے۔" جب جبریل کا گزر کسی جزیرے میں جزائر دریا کی طرف سے ہوا۔ وہاں ایک فرشتہ کو دیکھا جس کا نام فطرس تھا اور وہ حاملان عرش الٰہی سے تھا۔ اور حق تعالیٰ کی نافرمانی میں خدا اس پر غضبناک ہوا۔ جب فطرس نے دیکھا کہ جبریل معہ ملائکہ آتے ہیں تو پوچھا اے جبریل کہاں کا ارادہ ہے۔ جبریل نے کہا خدا نے محمد کو ایک نعمت دی ہے میں وہیں جاتا ہوں کہ اپنی طرف سے خدا کی طرف سے مبارکباد دوں۔ فطرس نے کہا اے جبریل مجھے بھی اپنے ساتھ لے چلو۔ شاید رسول خدا میرے لئے دعا کریں۔ یہ سن کر جبریل فطرس کو اٹھا لائے اور جب جناب رسول خدا کی خدمت میں پہونچے اور خدا اور اپنی طرف سے مبارکباد پیش کی اور فطرس کا حال آں حضرت سے بیان کیا۔ آں حضرت نے ارشاد

---

[1] باقر مجلسی : جلال العیون : مترجمہ سید عبدالحسین۔ جلد ۲ صفحہ ۹

[2] سید محمد رضی : شہادت کبریٰ صفحہ ۳

فرمایا کہ فطرس سے کہو کہ اپنے کو اس فرزند مسعود سے مس کرے اور اپنی جگہ واپس جائے۔ جب امام حسین سے فطرس نے اپنے جسم کو مس کیا تو اس کے پر نکل آئے اور اڑ کر اپنی جگہ چلا گیا۔ [1]

صحابی رسول ابو ہریرہ راوی حدیث کا بیان ہے کہ میں نے اپنی آنکھوں سے یہ دیکھا کہ رسول کریم لیٹے ہوئے ہیں اور امام حسین نہایت کمسنی کے عالم میں سینۂ مبارک پر ہیں ـــــ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے امام حسین کا منہ چوم کر خدا کی بارگاہ میں عرض کی کہ اے میرے پالنے والے میں اسے بے حد چاہتا ہوں۔ تو بھی اسے محبوب رکھ۔ ایک روایت میں ہے کہ آں حضرت امام حسین کا لعاب دہن اور ان کی زبان چوستے تھے، جس طرح کھجور کوئی چوسے۔ [2]

حضرت امام حسن اور امام حسین (حسنین) کے مشترک فضائل ـــــ

جنت سے لباس آنا۔ ؎ رخت تو عید کے دن خلد سے آیا تھا مجھے [3]

رسول کا ناقہ بننا۔ ؎ ہم اونٹ بنیں اور تمھیں کاندھے پہ چڑھائیں [4]

خوش نویسی کا مقابلہ۔ ؎ روح الامیں نے آن کے موتی کو دو کیا [5]

میر انیس نے مذکورہ مصرعوں میں امام حسن اور امام حسین کے مشترک فضائل کو نظم کیا ہے۔ یہ وہ روایتیں ہیں جن پر عالم اسلام کا اتفاق ہے۔ عید کی شب بچوں

---

[1] باقر مجلسی : جلال العیون، جلد ۲ مترجمہ سید عبدالحسین صفحہ ۹۲-۹۱

[2] عبیداللہ امرتسری : ارجح المطالب صفحہ ۳۵۹ و صفحہ ۳۶۱

[3] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور صفحہ ۲۶

[4] " " : " ۱ " " صفحہ ۳۷۲

[5] " " : " ۳ " " صفحہ ۲۲۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے اپنی مادرِ گرامی جناب فاطمہ زہرا سے عرض کی کہ" مادرِ گرامی اطفال مدینہ عید کے دن زرق برق کپڑے پہن کر نکلیں گے اور ہمارے پاس بالکل لباس نو نہیں۔ ہم کس طرح عید منائیں گے۔ ماں نے کہا بچو گھبراؤ نہیں۔ تمہارے کپڑے درزی لائے گا۔ عید کی رات آئی۔ بچوں نے پھر ماں سے کپڑوں کا تقاضا کیا۔ ماں نے وہی جواب دے کر نونہالوں کو خاموش کر دیا۔ ابھی صبح نہیں ہونے پائی تھی کہ ایک شخص نے دق الباب کیا۔ دروازہ کھٹکھٹایا۔ فضہّ دروازے پر گئیں۔ ایک شخص نے ایک بقچۂ لباس دیا۔ فضہّ نے سیدہ عالم کی خدمت میں اسے پیش کیا۔ اب جو کھولا تو اس میں دو چھوٹے چھوٹے عمامے، دو قبائیں دو عبائیں غرض کہ تمام ضروری کپڑے موجود تھے۔ ماں کا دل باغ باغ ہو گیا۔ وہ تو سمجھ گئیں کہ یہ کپڑے جنت سے آئے ہیں۔ لیکن منہ سے کچھ نہیں کہا۔ بچوں کو جگایا۔ کپڑے دیئے۔ صبح ہوئی۔ جب بچوں نے کپڑوں کے رنگ کی طرف توجہ دی تو کہا۔ یہ تو سفید کپڑے ہیں۔ اطفال مدینہ رنگین کپڑے پہنے ہوں گے۔ اماں جان ہمیں رنگین کپڑے چاہیئے۔ حضورِ انور کو اطلاع ملی۔ تشریف لائے۔ فرمایا گھبراؤ نہیں۔ تمھارے کپڑے ابھی ابھی رنگین ہو جائیں گے۔ اتنے میں جبریل آفتابہ لئے آ پہونچے۔ انھوں نے پانی ڈالا۔ محمد مصطفٰے کے ارادے سے کپڑے سرخ اور سبز ہو گئے۔ سبز جوڑا حسن نے پہنا اور سرخ جوڑا حسین نے زیب تن کیا[۱] دوسری فرمائش بچوں نے اپنے نانا جان سے کی کہ نانا جان کل اہل مدینہ کے بچے اپنے ناقہ پر سوار ہو کر آئیں گے ہمارے پاس کوئی سواری نہیں ہے۔ رسول نے کہا بچو گھبراؤ نہیں تمھاری سواری کا انتظام

---

[۱] سید نجم الحسن : چودہ ستارے صفحہ ۲۱۹-۲۱۸۔ شیخ عباس قمی منتہی الآمال ترجمہ : صفدر حسین نجفی صفحہ ۳۴۳

ہو جائے گا۔ چنانچہ عید کے دن" روایت ہے۔ رسول خدا نے حسنین کو اپنی پشت پر سوار کیا حسن دائیں طرف اور حسین بائیں طرف اور فرمایا تمہاری تمام سواری سواریوں سے بہتر ہے اور تمہارا باپ تم سے افضل ہے۔[۱] ملا حسین کاشفی اس روایت کے ذیل میں یہ بھی تحریر فرماتے ہیں کہ جب حسنین پشت رسول پر سوار ہو گئے۔ ایک شخص نے کہا نعم المرکب۔ اے لڑکے یہ کتنی اچھی سواری ہے۔ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نعم الراکب ہو۔ یعنی یہ سوار بھی بہت اچھا ہے"۔[۲]

ایک دن حسن اور حسین نے ایک تختی لکھی اور اپنی مادرِ گرامی فاطمہ کی خدمت میں حاضر ہوئے کہ فیصلہ ہو جائے۔ انہوں نے فرمایا کہ علی کے پاس جاؤ۔ حضرت علی نے رسول اللہ کے پاس بھیج دیا۔ اور رسول کریم نے ارشاد فرمایا اے نورِ نظر یہ فیصلہ تو میری بیٹی فاطمہ ہی کرے گی۔ بچے دوڑتے ہوئے پھر ماں کی خدمت میں حاضر ہوئے ماں نے گلے لگایا اور کہا۔ اے میرے دل کی امیدو۔ تم دونوں کا خط بہترین ہے لیکن بچے نہ مانے اور یہی کہتے رہے۔ مادرِ گرامی دونوں کو سامنے رکھ کر فیصلہ کیجئے ماں نے کہا اچھا بیٹا لو اپنا گلوبند توڑ دیتی ہوں۔ اس کے دانے چنو فیصلہ خدا کرے گا سات دانوں کا گلوبند ٹوٹا۔ زمین پر دانے بکھرے۔ بچوں نے ہاتھ بڑھائے اور تین تین دانوں پر دونوں نے قبضہ کر لیا۔ ایک دانہ جو رہ گیا اس کی طرف دونوں کے ہاتھ برابر بڑھے۔ حکم خداوند عالم ہوا اے جبریل دانوں کے دو ٹکڑے کر دو۔ ایک حسن نے لیا اور ایک حسین نے اٹھا لیا۔[۳]

---

[۱] شیخ عباس قمی منتہی الآمال (احسن المقال) جلد ۱ مترجم سید صفدر حسین نجفی صفحہ ۳۴۴

[۲] روضۃ الشہدا : مترجم صائم چشتی صفحہ ۱۴

[۳] سید نجم الحسن : چودہ ستارے صفحہ ۲۱۸ عبید اللہ امرتسری ارجح المطالب صفحہ ۳۶۱-۳۵۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

واقعات اور محاربات

شبِ ہجرت :

ہجرت زمینِ کعبہ سے جب مصطفےٰ نے کی
اس روز مصطفےٰ کی مدد مرتضےٰ نے کی [1]

میر انیس نے مذکورہ مصرعوں میں تاریخ اسلام کے اس مشہور واقعہ کی طرف اشارہ کیا ہے جو ہجرت پیغمبر سے متعلق ہے۔ اسلامی سن کا آغاز ہجرت پیغمبر سے ہوتا ہے جب کفار مکہ قتل محمد کے درپے ہوئے تو مرسل اعظم کو حکم ربی ہوا کہ ہجرت کر جاؤ چنانچہ مرسل اعظم نے مکہ چھوڑنے کا قصد کیا اس وقت آپ کے پاس کفار مکہ کی بہت سی امانتیں تھیں۔" آپ نے جناب امیر کو بلا کر فرمایا کہ مجھ کو ہجرت کا حکم ہو چکا ہے تم میرے بستر پر میری چادر اوڑھ کر سو رہو۔ صبح کو سب کی امانتیں جا کر دے آنا۔ یہ سخت خطرہ کا موقع تھا۔ جناب امیر کو معلوم ہو چکا تھا کہ قریش آپ کے قتل کا ارادہ کر چکے ہیں اور آج رسول اللہ کا بستر خواب قتل گاہ کی زمین ہے۔ لیکن فاتح خیبر کے لئے قتل گاہ فرش گل تھا۔" [2] حضرت علی نے یہ حکم پا کر سجدۂ شکر ادا کیا اور رات بھر بستر پیغمبر پر سوتے رہے دوسری روایت کے مطابق حضرت علی تلوار لے کر کھڑے ہوگئے مگر کوئی جرأت نہ کر سکا۔ سب بھاگ گئے [3] دوسرے دن علی کفار مکہ کی امانتیں واپس کر کے

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص۲۷
[2] شبلی نعمانی : سیرۃ النبی جلد ۱ ص۱۹۷
[3] تاریخ طبری : جلد ۲ ص۲۴۵

مدینہ کے لئے روانہ ہو گئے۔

جنگ بدر :-

فیصل لڑائی بدر کی شیرِ خدا نے کی [1]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں اسلام کی پہلی جنگ جنگ بدر کا ذکر کرتے ہوئے حضرت علی کے فاتح جنگ بدر ہونے کا ذکر کیا ہے۔

اسلام کی پہلی جنگ جنگ بدر ہے۔ مدینہ منورہ سے تقریباً آٹھ میل پر بدر ایک گاؤں تھا۔ جب یہ خبر ملی کہ ابوسفیان تیس ہزار سواروں کے ساتھ حملہ کرنے کے لئے آرہا ہے۔ یہ سن کر حضرت رسول خدا تین سو تیرہ ہمراہیوں کے ساتھ مقام بدر پر جا اترے۔ بعض روایت کی بنیاد پر اسلامی لشکر کے سپاہیوں کی تعداد تین سو تیرہ تھی۔ بعض روایت کی بنیاد پر جنگ بدر میں اس قدر آدمی تھے جتنے طالوت کے ساتھ تھے۔ ابن عباس سے روایت ہے کہ جنگ بدر میں ستتر ۷۷ مہاجرین اور دو سو چھتیس ۲۳۶ انصار تھے۔ رسول اللہ کے علمبردار علی ابن ابیطالب تھے اور انصار کا علم سعد ابن عبادہ کے پاس تھا۔ [2] یہ جنگ سترہ ۱۷ رمضان المبارک سنہ ۲ھ میں ہوئی۔ آخر کار مسلمانوں کو خدا نے فتح عطا کی۔ کفار مکہ مارے گئے" جن میں اکثر کو حضرت علی نے قتل کیا۔ اس لڑائی میں ابوجہل اور اس کا بھائی عاص، عتبہ شیبہ ولید بن عتبہ نیز اسلام کے بہت سے پرانے دشمن مارے گئے [3]

جنگ احد :-

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲، نول کشور ص۲۷
[2] تاریخ طبری : جلد ۱ ص۶۳
[3] سید علی حیدر : تاریخ ائمہ ص۱۱۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنگ احد بھی فتح اسی مقتدا نے کی [1]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں اسلام کی معروف جنگ جنگ احد کا تذکرہ اور اس میں حضرت علی کی فتح وظفر نظم کیا ہے۔ جنگ احد ۳ھ میں واقع ہوئی۔ جنگ بدر کا بدلہ لینے کے لئے ابوسفیان نے تین ہزار فوج سے مدینہ پر چڑھائی کی۔ یہ لڑائی کوہ احد کے قریب ہوئی جو مدینہ سے چھ میل کے فاصلہ پر ہے۔ "نبی کریم بھی ایک ہزار صحابہ کو ساتھ لے کر چلے۔ احد کے مقام پر دونوں لشکر صف آرا ہوئے مشرکین کے نشان بردار طلحہ بن عثمان تھے۔ اس نے اپنے لشکر سے نکل کر کہا۔ اے گروہ اصحاب محمد تمہارا یہ گمان ہے کہ تم مارو گے تو غازی کہلاؤ گے اور مرو گے تو شہید ہو جاؤ گے۔ کیا کوئی تم میں سے ایسا ہے جس کو میری تلوار جنت میں پہونچا دے یا اس کی تلوار مجھے جہنم کو روانہ کر دے۔ یہ سن کر علی ابن ابی طالب نے ایسی ضرب لگائی کہ اس کا پاؤں کٹ گیا۔ جب علی نے مشرکین کے علمبرداروں کو تہہ تیغ کر دیا یہی وہ جنگ ہے کہ جب حضرت علی کی تلوار ٹوٹ گئی تو آسمان سے ذوالفقار نازل ہوئی ابورافع سے روایت ہے کہ علی کی شان جہاد دیکھ کر حضرت جبریل نے رسول اللہ سے عرض کیا کہ یہ ہمدردی۔ آپ نے فرمایا بیشک علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں۔ جبریل نے کہا اور آپ لوگوں کا تیسرا میں ہوں۔ نیز صحابہ نے یہ آواز سنی لاسیف الاّ ذوالفقار وَلا فتیٰ الا علی۔ تلوار صرف ذوالفقار ہے اور جوان مرد صرف علی ہیں [2] اسی جنگ میں شیطان نے ایک آواز بلند کی کہ محمد مارے گئے۔ اس آواز کو سنتے ہی مسلمانوں کے حوصلے پست ہو گئے اور دشمنوں کے حوصلے بلند ہو گئے

[1] مراثی انیس: جلد ۲، نول کشور ص۲۷

[2] تاریخ طبری: جلد ۱ ص۷۴

جبکہ آں حضرت نے مسلمانوں کو تاکید کر دی تھی کہ لڑائی فتح ہو جائے مگر پشت کے تیراندازوں کا دستہ اپنی جگہ سے نہ ہٹے۔ لیکن اس آواز کو سننے کے بعد تیراندازوں کا وہی دستہ اپنی جگہ سے ہٹ گیا۔ غرض فتح ہو کے شکست ہو گئی۔ پتھر سے آں حضرت کے دندان مبارک بھی شہید ہو گئے۔ اور جناب حمزہ بھی شہید کر دیئے گئے۔ اس وقت حضرت علی جہاد میں مصروف تھے۔ کبھی دشمن کا مقابلہ کرتے تھے اور کبھی رسول کی حفاظت بھی کرتے تھے [1] اس روایت کے منظر کو میر انیس نے مندرجہ ذیل مصرعوں میں نظم کیا ہے۔

جس وقت احد میں ہوئے کفار صف آرا — اصحاب نبی کر گئے میداں سے کنارا

جب حضرت حمزہ کو سیہ کاروں نے مارا — اسلام کا لشکر متفرق ہوا سارا

انصار و مجاہد سبھی اس وقت جُدا تھے

یا احمد مختار تھے یا شیر خدا تھے [2]

ابلیس کا قتل محمد کی آواز بلند کرنا اور اس آواز کے بلند ہونے کے بعد مسلمانوں کا ردعمل، سرکار دو عالم کے دندان مبارک کا شہید ہونا اور حضرت علی کی ضربت کی شان کو میر انیس نے مندرجہ ذیل مصرعوں میں یوں پیش کیا ہے۔

ناگاہ یہ ابلیس جفا کار پکارا

اے قوم مبارک ہو محمد گیا مارا [3]

پتھر سے لوٹے گوہر دندان مصطفےٰ [4]

[1] سید علی حیدر: تاریخ ائمہ ص۱۲۱

[2] مراثی انیس: جلد ۲ ص۱۶ نول کشور

[3] 〃 〃 : 〃 ۲ ص۱۶ 〃

[4] 〃 〃 : 〃 ۱ ص۲۳۵ 〃

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنگ احد میں ایک تہائی مسلمان مارے گئے اور ایک تہائی مسلمان زخمی ہوئے اور ایک تہائی بھاگ کھڑے ہوئے۔ کچھ مدینہ چلے گئے کچھ پہاڑ پر چڑھ گئے اور اگرچہ پیغمبران کو پکارتے رہے کہ میرے پاس آجاؤ مگر نہ آئے۔"[1] یہی وہ موقع تھا کہ جب آسمان سے "لاسیف الا ذوالفقار" کی آواز غیب سے آئی جس کو میر انیس نے یوں نظم کیا ہے۔ ؎

؎ لاسیف ولافتیٰ کی صدا آسماں سے ہے [2]
؎ اللہ نے کی آپ ثنا ضرب علی کی [3]

جنگ بیرالالم :-

جس وقت سرِ چاہ علی کے قدم آئے — جنات ہزاروں تہہ تیغ دو دم آئے
فریاد کناں ساکن بیرالالم آئے — یا شیر خدا دین محمد میں ہم آئے

دیکھئے گا سزا پھر اگر اس راہ سے نکلیں
یوسف کی قسم ہو جو کبھی چاہ سے نکلیں [4]

میر انیس نے مذکورہ بند میں جنگ بیرالالم کی نقشہ کشی کرتے ہوئے حضرت علی کا جناتوں پر فتح یاب ہونے کا ذکر کیا ہے۔ حذیفہ یمانی سے مذکور ہے کہ رسول خدا جنگ سے واپسی میں ایک اجاڑ وادی سے گزرے۔ آپ نے پوچھا یہ کون سا

---

[1] سیرت امیر المومنین : مفتی جعفر حسین ۔ ص ۱۹۸
[2] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص ۲۵
[3] " " : جلد ۳ " " ص ۸۴
[4] " " : جلد ۴ " " ص ۱۹۹

مقام ہے تو معلوم ہوا کہ اسے وادئ کثیب ارزق کہتے ہیں۔ اس جگہ ایک کنواں ہے کہ اس میں جنات رہتے ہیں۔ ان پر حضرت سلیمان کو قابو حاصل نہ ہو سکا۔ ادھر سے تبع یمانی گزرا تھا۔ اس کے دس ہزار سپاہی انھیں جنوں نے مار ڈالا آپ نے فرمایا کہ اچھا اگر ایسا ہے تو پھر یہیں ٹھہر جاؤ۔ پھر کہا کہ دس آدمی جا کر جنوں کے کنویں سے پانی لائیں۔ صحابی گئے۔ سارا جنگل آگ بن گیا۔ لیکن ابو العاص صحابی پیچھے ہٹنے کے بجائے بڑھے اور تھوڑی دیر میں جل کر راکھ ہو گئے اتنے میں جبریل نازل ہوئے اور انھوں نے سرور کائنات سے کہا کسی اور کو بھیجنے کے بجائے آپ علم دیکر علی کو بھیجئے۔ حضرت علی روانہ ہوئے رسول نے دست دعا بلند کیا۔ عفریت برآمد ہوا اور بڑے غصہ میں رجز پڑھنے لگا۔ آپ نے ذوالفقار سے اسے دو ٹکڑے کر ڈالا۔ اس کے بعد آگ کے شعلہ اور دھوئیں کے طوفان کنویں سے برآمد ہونے لگے۔ حضرت علی کنویں کی جگت پر چڑھ گئے۔ کنویں میں ڈول ڈالا گیا وہ بھی باہر پھینکا گیا۔ غرض کہ اسی طرح تین بار ہوا۔ بالآخر اصحاب نے رسی پکڑلی اور علی کنویں میں اترے۔ تھوڑی دیر کے بعد رسی کٹ گئی اور علی اور اصحاب کے مابین رشتہ منقطع ہو گیا۔ اصحاب سخت پریشان ہوئے اور گریہ کرنے لگے۔ اس کے بعد یہ صدا آئی۔ اعطا الامان۔ اے علی ہمیں پناہ دو آپ نے فرمایا کلمہ پڑھو امان لو۔ اس کے بعد رسی ڈالی گئی۔ حضرت امیر المومنین بیس ہزار جنوں کو قتل کر کے چوبیس ہزار قبائل جنات کو مسلمان بنا کر کنویں سے برآمد ہوئے[1] جنگ میں حضرت علی کے کنویں کی جگت پر کھڑے ہونے کے منظر کو میر انیس نے یوں نظم کیا ہے۔ ؎

---

[1] ۔ سید نجم الحسن : چودہ ستارے ص ۱۲۵-۱۲۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ع کہتی تھیں پریاں سلیمان کی قسم
حضرت یوسف کھڑے ہیں چاہ پر [1]

جنگ خندق :

ع خندق کو اسی تیغ نے لاشوں سے بھرا تھا [2]
ع خندق کی طرح بہنے لگے خون کے نالے [3]

میر انیس نے مذکورہ بالا مصرعوں میں جنگ خندق جس کو مورخین نے جنگ احزاب بھی لکھا ہے حضرت علی کی شمشیر زنی کی تعریف نظم کی ہے۔

جنگ خندق کا دوسرا نام قرآن کی زبان میں احزاب ہے۔ دونوں نام اپنے اندر ایک وجہ تسمیہ رکھتے ہیں۔ خندق تو اس لئے نام پڑا کہ مرسل اعظم نے لشکر کفار اور لشکر اسلام کے درمیان خندق کھدوائی تھی۔ اور احزاب اس لئے نام پڑا کہ اس معرکہ میں کئی قبیلے کے لوگ شامل ہو کر اسلام کے مدمقابل آئے تھے۔ چونکہ حزب کی جمع ہے احزاب، جس کے معنی گروہ کے ہیں۔ یہ جنگ ۵ھ میں واقع ہوئی ابوسفیان نے اس جنگ میں متعدد قبائل کو اپنے ساتھ لیا۔ یہ سب اور اہل قریش مل کر اٹھارہ ہزار کی جمعیت ہو گئی۔ اور مسلمانوں کی تعداد صرف تین ہزار تھی۔ [4]

یہ وہ جنگ ہے جس میں لشکر کفار کا ایک بہادر سردار اعمر ابن عبدود

---

[1] میر انیس : جلد ۳ نول کشور ص۹۵
[2] " " : " ۴ " " ص۱۵۵
[3] " " : " ۱ " " ص۵۷
[4] مناقب ابن شہر آشوب (مجمع الفضائل) مترجمہ ظفر حسن ص۸۹

خندق کو پار کر کے اور لشکر اسلام کے قریب آکر یہ آواز بلند کرنے لگا کہ کوئی ہے جو میرے مقابلہ پر آئے۔ ادھر سے سوائے علی کے کوئی اس کے مقابلہ پر نہ گیا۔ حضرت علی نے اس سے کہا کہ اے اعمر تم ہمیشہ یہ کہا کرتے تھے کہ اگر قریش کا کوئی شخص میرے سامنے دو باتیں پیش کرے گا تو اس میں سے ایک ضرور مان لوں گا۔ اس نے کہا یہی میرا عہد ہے۔ حضرت علی نے فرمایا تو مسلمان ہو جا۔ اس نے انکار کیا۔ پھر فرمایا گھوڑے سے نیچے آجا وہ گھوڑے سے نیچے اترا اور علی کے مقابلہ پر بڑھا۔ ایک نے دوسرے پر پینترے بدل کر وار کئے آخر حضرت علی نے اسے قتل کر دیا [1] اعمر ابن عبدود کے بعد مشرکین نے پیغام بھیجا کہ ایک ہزار دینار دیں گے اور اعمر کی لاش ہمیں دے دیں۔ حضرت نے فرمایا اٹھا کر لے جاؤ ہم مردوں کی قیمت نہیں کھاتے [2]

حضرت اعمر ابن عبدود کا سر لے کر پیغمبر اسلام کی طرف روانہ ہوئے تو روایت ہے کہ حضرت ابوبکر نے استقبال کیا اور حضرت علی کے سر پر بوسہ دیا اور مہاجرین والانصار نے کہا کہ جب تک ہم زندہ ہیں آپ کے شکر گزار رہیں گے [3]

یہی وہ جنگ ہے کہ جب علی اعمر ابن عبدود کے مقابلے پر چلے تو مرسل اعظم نے کہا۔ آج کل ایمان کل کفر کے مقابلہ پر جا رہا ہے۔ اور جب ضربت علی نے اعمر ابن عبدود کے سر کو دو پارہ کر دیا تو پیغمبر نے سند دی کہ علی کی ایک ضربت ثقلین کی عبادتوں پر بھاری ہے [4] میر انیس نے اعمر ابن عبدود کے قتل کا منظر علی کے زور بازو سے

---

[1] تاریخ طبری : جلد ا ص۸۸ [2] مناقب ابن شہر آشوب (مجمع الفضائل) مترجمہ ظفر حسن ص۸۹
[3] مناقب شہر آشوب (مجمع الفضائل) مترجمہ ظفر حسن ص۱۰۴
[4] سید علی حیدر : تاریخ ائمہ ص۱۳۳، تاریخ احمدی ص۱۲۱-۱۱۹۔ سیرت المومنین ص۲۲۵۔ مناقب ابن شہر آشوب (مجمع الفضائل) مترجمہ ظفر حسن ص۱۰۱-۱۰۰

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یوں پیش کیا ہے۔ ؎

واللہ اس سے زور عیاں لاتعد ہوا
قتل اس کے ہاتھ سے عمر ابن عبدود ہوا [1]

اس کے دوسرے مرثیہ میں علی کی فتح کا اعلان میر انیس نے یوں کیا ہے ؎

اتنے میں فتح کر کے پھر شاہِ بحر و بر ڈالا قدم پہ اسپ نبی کے عدو کا سر
حیدر کو پیار کرنے لگے سید البشر فرمائی یہ حدیث زباں سے پکار کر
جس سے خدا خوشی ہے علی کی وہ حرب ہے
افضل عبادت دو جہاں سے ضرب ہے [2]

جنگِ خیبر:۔

؎ گویا درِ خیبر کو علی کھول کے نکلے [3]
؎ خیبر کی طرح قلعہ گردوں کو الٹ دیں [4]

میر انیسؔ نے مذکورہ بالا مصرعوں میں حضرت علی کی لاجواب شجاعت کیطرف اشارہ کیا ہے جو انہوں نے جنگ خیبر میں دکھائی تھی۔

خیبر کی جنگ ۷ھ میں یہودیوں سے ہوئی تھی۔ مدینہ سے تقریباً پچاس میل کے فاصلہ پر یہودیوں کی بستی تھی۔ وہاں بہت سے قلعوں میں یہودی آباد تھے ان تمام قلعوں میں قموس نامی قلعہ کو بڑی اہمیت حاصل تھی اور یہی قلعہ تاریخ و

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲، نول کشور صـ۲۷
[2] " " : " ۲، " " صـ۴۶
[3] " " : " ۱، " " صـ۱۸
[4] " " : " ۱، " " صـ۶۶

و حدیث میں قلعہ خیبر کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ خیبر عبرانی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی قلعہ و حصار کے ہیں۔ جب پیغمبر اسلام کو معلوم ہوا کہ یہودی مدینہ پر حملہ کرنے کی تیاری کر رہے ہیں تو آپ لشکر اسلام کو لے کر خیبر کے نواح میں پہونچ گئے۔ لشکر اسلام کو دیکھتے ہی وہ اپنے اپنے قلعوں میں داخل ہو گئے۔ پھر پیغمبر اسلام نے نعرۂ تکبیر بلند کیا اور یہ فرمایا "خیبر برباد ہو گیا۔ جب ہم کسی قوم کی سرحد پر اترتے ہیں تو جن لوگوں کو ڈرایا گیا تھا ان پر کیا برا وقت پڑا۔" [1] جب کئی روز تک لوگ مسلسل جاتے رہے اور قلعۂ خیبر فتح ہونے کی نوبت نہ آئی تو رسول خدا نے فرمایا کہ "یہ علم کل اس کو دوں گا جو مرد ہوگا۔ کرار ہوگا۔ راہ فرار اختیار کرنے والا نہ ہوگا۔ وہ خدا اور رسول کو دوست رکھتا ہے اور خدا و رسول اس کو دوست رکھتے ہیں اور اس کے دونوں ہاتھوں پر اللہ فتح دے گا۔" [2]

رات بھر صحابہ پریشان رہے کہ یہ علم کس کو ملتا ہے۔ صبح کو دفعتاً رسول خدا نے پوچھا کہ علی کہاں ہیں لوگوں نے کہا کہ وہ آشوب چشم میں مبتلا ہیں۔ غرض حسب طلب علی حاضر ہوئے۔ پیغمبر نے علی کو علم دیا۔ علی علم اسلام لے کر میدان میں آئے۔ باب خیبر کو اکھاڑ کر پھینک دیا۔ اس منظر کو انیسؔ نے یوں نظم کیا ہے۔ ؎

جب تک نہ گئی فوج خدا قلعہ میں بالکل
تھامے رہے اک ہاتھ سے در صاحبِ دُلدُل

اور مرحب علی کے مقابلہ پر یہ کہتا ہوا آیا کہ میں مرحب ہوں۔ میری ماں نے میرا نام رکھا ہے میں جنگ آزمودہ ہوں۔ تو حضرت علی نے فرمایا۔" میں وہ ہوں کہ میری ماں نے میرا نام

---

[1] صحیح مسلم : جلد ۱ صـ۴۵۹
[2] تاریخ طبری : جلد ۱ صـ۹۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حیدر رکھا ہے۔ میں تلوار سے تمہیں اس طرح قطع کروں گا جس طرح 'آک' کا درخت کاٹا جاتا ہے۔ میں نہایت تندخو بہادر شیر نیستاں ہوں ۔۔ دونوں نے ایک دوسرے پر وار کئے مگر حضرت علی نے بڑھ کر ایسا وار کیا کہ جس سے تلوار اس کے پتھر کے خود اور سر کو چیرتی ہوئی مرحب کے ڈاڑھوں تک اتر گئی۔ [1]

فتح مکہ : کعبہ میں علی کی بت شکنی

خالی کیا علی نے بتوں سے خدا کا گھر — عزّہ کہاں ہیں لات وہبل آج ہیں کدھر
غل تھا علی ہیں دوش محمد پہ جلوہ گر — مصحف پہ مصحف آج ہے اور نور نور پر
سب سے علی کا مرتبہ اعلیٰ ہے دیکھ لو
شیر خدا کی شان دوبالا ہے دیکھ لو [2]

میر انیس نے مذکورہ بند میں فتح مکہ کی منظر کشی کرتے ہوئے حضرت علی کی بت شکنی کو نظم کیا ہے۔ فتح مکہ ۸ھ میں ہوئی جب مرسل اعظم ہزار فوج اسلام لے کر مکہ میں داخل ہوئے اور سب سے پہلے پیغمبر نے بت شکنی کی طرف توجہ فرمائی تاکہ خانہ کعبہ بتوں سے پاک ہو جائے۔ نبیٔ خدا نے علی سے کہا تم میرے کاندھوں پر سوار ہو کر بتوں کو توڑو گے۔ پیغمبر خدا نے اپنے کاندھوں پر علی کو بلند کیا تو بڑا بت ہبل جو آہنی میخوں سے گڑا ہوا تھا۔ جھٹکا دے کر اکھاڑ لیا اور زمین پر پھینک دیا اور وہ ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔ یہ انجام دیکھ کر علی مسکراتے ہوئے اترے اور کہا یا رسول اللہ میں اتنی بلندی پر سے کودا ہوں مگر ذرا چوٹ نہیں آئی فرمایا رَفَعَكَ مُحَمَّدٌ وَ

---

[1] تاریخ طبری : جلد ۱ ص ۱۱۱

[2] مراثی انیس : نول کشور ج۔ ۲ ص ۱۲۷

انزل رباى جبریل۔" اے علی چوٹ کیوں کر آتی جب کہ محمد نے تمہیں بلند کیا اور جبریل امین نے تمہیں اتارا ہے۔" [1]

جنگ حنین :-

نور نگاہ فاتح بدر و حنین ہے [2]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں جنگ حنین کا ذکر کرتے ہوئے حضرت علی کی فتح کو نظم کیا ہے۔ حنین مکہ سے تین فرسخ کے فاصلہ پر طائف کی طرف ایک وادی کا نام ہے۔ اسی مقام پر یہ جنگ ۸ھ میں واقع پذیر ہوئی۔" بنی ہوازن اور بنی ثقیف کی باغیانہ کوشش نے مسلمانوں سے جنگ کی نوبت پیدا کر دی تھی۔ اس مقام کا محاصرہ بیس دن تک رہا۔ [3] یہ جنگ مسلمانوں کے لئے بڑی آزمائش کا مرحلہ تھا چونکہ لشکر اسلام میں فتح مکہ کے نتیجے میں مسلمان ہونے والوں کی ایک تعداد ایسی تھی جو اسلام کی سربلندی کے لئے جان کا خطرہ مول لینے کے لئے تیار نہ تھی مگر اکثریت انھیں مسلمانوں کی تھی جو ہر موقع پر اسلام کے سینہ سپر رہے مگر فتح مکہ کے پہلے کے مسلمان ہوں یا بعد کے کسی نے بھی اسلام کی شکست میں کسر نہ اٹھا رکھی تھی۔ اگر اس موقع پر پیغمبر اکرم اور ان کے گنتی کے چند اقارب بھی میدان سے ہٹ جاتے تو ایسی شرمناک شکست ہوتی کہ سابقہ فتوحات پر بھی پانی پھر جاتا۔ [4] اسی جنگ میں سب سے زیادہ

---

[1] مفتی جعفر حسین : سیرت امیر المومنین ص ۲۶۵

[2] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور ص ۵

[3] شیخ احمد حسین : تاریخ احمدی۔ ص ۴۳-۱۴۲

[4] مفتی جعفر حسین : سیرت امیر المومنین۔ ص ۲۷۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ثبات قدمی کا مظاہرہ حضرت علی نے کیا اور بھاگے ہوئے مسلمان پھر واپس آئے کافروں سے جنگ ہوئی اور مسلمان کامیاب ہوگئے۔" اس جنگ میں ستر کافر اور چار مسلمان مارے گئے۔ کافروں کو زیادہ تر حضرت علی نے قتل کیا۔"[1]

جنگ جمل :

ع — پائی نہ اماں لشکر صفین و جمل نے [2]

میرانیس نے مذکورہ مصرعہ میں جنگ صفین اور جنگ جمل میں حضرت علی کی تیغ زنی سے مقابلہ پر آنے والے لشکروں کی شکست واضطراب کو نظم کیا ہے۔ جنگ جمل ۳۶ھ میں واقع ہوئی۔ جب حضرت علی برسر اقتدار ہوئے تو طلحہ و زبیر اور حضرت عائشہ ان سب کا ہاتھ عثمان کے قتل میں تھا۔ اس لئے اپنے دامن سے اس داغ کو مٹانے کے لئے حضرت علی پر قتل عثمان کا اتہام لگایا اور ایک کثیر تعداد مخالفین کی تیار کر کے بصرہ کی طرف روانہ ہوگئیں۔ اس جنگ کا نام جمل اس لئے پڑا کہ یہ جنگ اونٹ پر سوار ہو کر لڑی گئی۔ چونکہ جمل کے معنی اونٹ ہوتے ہیں حضرت عائشہ اونٹ پر سوار ہو کر اس جنگ میں گئی تھیں۔

محمد بن ابی بکر نے اپنی بہن (عائشہ) کو لڑائی سے روکا تھا اور وہ حضرت علی کے لشکر میں تھے۔ ام المومنین کی فوج کی تعداد تیس ہزار تھی اور حضرت علی کا لشکر بیس ہزار تھا۔[3] دوران جنگ حضرت علی نے حکم دیا کہ اسے محمد بن ابو بکر اپنی ہمشیرہ حضرت عائشہ

---

[1] سیرت ابن ہشام: جلد ۲ صـ ۲۶۱
[2] مراثی انیس: جلد ۴ نول کشور صـ ۱۵۹
[3] سید ظفر حسن: سوانح عمری حضرت علی صـ ۱۰۴

کے قریب پہنچواؤ اور عرض کرو کہ علی کا حکم ہے کہ عائشہ کا ہودج مقتولین کے درمیان سے اٹھا لیا جائے۔" حضرت علی کے اس حکم کے بعد محمد بن ابی بکر ایک جماعت کے ساتھ ہودج کے قریب پہنچے اور ہودج کے اندر اپنا ہاتھ ڈالا۔ حضرت عائشہ نے پوچھا کون ہے۔ محمد نے جواب دیا تمہارا اچھا بھائی۔[1] جنگ فتح کرنے کے بعد" جناب امیر نے جناب عبداللہ ابن عباس کو بصرہ کا گورنر بنا دیا۔ سولہ رجب ۳۶ھ کو اپنے پورے لشکر کے ساتھ کوفہ روانہ ہوئے۔"[2]

جنگ صفین :

ع — پائی نہ اماں لشکر صفین و جمل نے [3]

جنگ صفین ۳۶ھ میں ہوئی۔ یہ جنگ بھی انتقام خون عثمان کا بہانہ تھی۔ تاریخ مروج الذہب میں ہے کہ حضرت علی کی روانگی کوفہ سے صفین کی طرف پچیس شوال ۳۶ھ کو ہوئی۔[4] یہ جنگ لیلۃ الہریر کے نام سے مشہور رہے۔ معاویہ کے لشکر کی تعداد ایک لاکھ بیس ہزار تھی اور حضرت علی کے لشکر کی تعداد پچاس ہزار اسی جنگ میں فرات کے گھاٹ پر معاویہ کا قبضہ ہو گیا تھا۔ جس کے نتیجہ میں علی کی فوج پر پانی بند کر دیا گیا تھا۔ لیکن جب علی کا لشکر فرات پر قابض ہوا اور دشمن کی فوج پیاس سے جاں بلب ہوئی تو حضرت نے اپنے لشکر کے جانبازوں کے پاس کہلا

---

[1] تاریخ طبری: جلد ۳ صـ ۲۶۶
[2] آقائی سید علی حیدر: تاریخ ائمہ صـ ۲۰۲
[3] مراثی انیس: جلد ۴ نول کشور صـ ۱۵۹
[4] شیخ احمد حسین: تاریخ احمد صـ ۲۵۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بھیجا۔ اپنی ضرورت کا پانی لے کر اپنے لشکر کے ساتھ واپس لوٹ آؤ اور پانی پر کوئی روک ٹوک نہ کرو کیوں کہ اللہ نے ان کی سرکشی اور ظلم کے باعث ہی تمہاری مدد فرمائی ہے۔ [1] "ایسی گھمسان جنگ ہوئی کہ معاویہ کے نوے ہزار اور حضرت علی کے بیس ہزار آدمی مارے گئے۔ [2]

ناصرانِ اسلام اور اصحابِ رسول

حضرت ابوطالب :

ے بولے یہ محمد سے ابوطالب والا [3]

میرانیس نے اس مصرعہ میں رسول کے چچا ابوطالب کی حمایتِ رسول کے پس منظر میں ان کے ہم کلام ہونے کو نظم کیا ہے۔ حضرت ابوطالب کے باپ کا نام عبدالمطلب تھا۔ باپ کی وفات کے بعد مکہ کی سرداری اور کعبہ کی تولیت آپ کے حصّہ میں آئی۔ چونکہ مرسل اعظم کی ولادت سے پہلے ہی ان کے پدر بزرگوار حضرت عبداللہ کا انتقال ہوگیا تھا۔ لہٰذا آپ کی پرورش آپ کے دادا عبدالمطلب نے کی اور جب عبدالمطلب کی زندگی کا آخری دور آیا تو آپ نے مرسل اعظم کی پرورش کی ذمہ داری حضرت ابوطالب کے حوالہ کر دی۔ یہ عمل ابوطالب نگاہ خدا میں اتنا پسندیدہ ہوا کہ قرآن مجید میں خدا کو کہنا پڑا

---

[1] تاریخ طبری : جلد ۳ صفحہ ۲۷۲

[2] آقائی سید علی حیدر : تاریخ ائمہ ۔ صفحہ ۲۰۶

[3] مراثی انیس : جلد ۲ ، نول کشور صفحہ ۳۵

(الم یجدک یتیماً فاٰوی) یعنی اے میرے حبیب تم یتیم تھے تو خدا نے پرورش کے لئے پناہ دی۔ اس پناہ کے متعلق مفسرین نے لکھا ہے کہ وہ حضرت ابوطالب کی پناہ تھی۔ یعنی محمد رسول کریم کو پناہ دینے والے حضرت ابوطالب تھے۔ ان کی پناہ کو خدا نے اپنی پناہ و حفاظت قرار دیا ہے۔ اس سے حضرت ابوطالب کی توحید پرستی اور بلندیٔ مرتبہ کا اظہار ہوتا ہے۔ [1]

حضرت عقیل :-

ے عاقل کمال تھا پسر حضرت عقیل [2]

میرانیس نے مذکورہ مصرعہ میں جناب ابوطالب کے فرزند عقیل کی فراست اور دانائی کا تذکرہ کیا ہے۔ حضرت ابوطالب کے دوسرے فرزند حضرت عقیل تھے۔ یہ عمر میں حضرت علی سے بیس سال بڑے تھے حضرت عقیل کے بارے میں "رسول خدا فرماتے تھے کہ میں تم کو دو محبتوں کی وجہ سے بہت زیادہ محبوب رکھتا ہوں۔ ایک تو خاندانی قرابت کی وجہ سے کہ تم میرے چچا زاد بھائی ہو۔ اور دوسرے اس وجہ سے کہ میرے چچا حضرت ابوطالب کو بہت دوست رکھتے ہو" [3] مکہ کے مشرکوں نے جناب عقیل کو بھی مجبور کر کے بدر کی جنگ میں بھیجا تھا۔ جس میں آپ کو قید کر لیا گیا تھا تو آپ کے چچا حضرت عباس نے اپنے پاس سے آپ کا فدیہ دیکر آپ کو چھڑایا تھا۔ آپ واقعہ حدیبیہ کے قبل ہی اپنا اسلام ظاہر کر کے ۸ھ میں مدینہ آگئے تھے۔ جنگ حنین

---

[1] محمد بشیر انصاری : تاریخ اسلام صفحہ ۳۵

[2] مراثی انیس : جلد ۱ ۔ نول کشور صفحہ ۵۴

[3] سید علی حیدر : تاریخ ائمہ صفحہ ۹۵

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں جناب عقیل رسول خدا کے ساتھ ثابت قدم رہے۔ آپ میں جہاں تمام خصوصیات تھیں وہاں ایک امتیازی وصف یہ بھی تھا کہ آپ بہت بڑے نسّابہ تھے۔ قریش سے زیادہ عقیل خود ان کے حسب ونسب سے واقف تھے۔ اور ان کے بارے میں صاف، صاف باتیں بیان کردیتے تھے۔ "آپ کے پاس ایک بوریا تھا جو آپ کے لئے رسول اللہ کی مسجد میں بچھا دیا جاتا تھا۔ لوگ نسب اور واقعات عرب کی معلومات حاصل کرنے کی غرض سے آپ کے پاس کثرت سے پہونچا کرتے تھے"۔[۱]

حضرت جعفر طیار :۔

ع اک حضرت حمزہ تھے تو اک جعفر طیار [۲]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں جناب حمزہ اور جناب جعفر طیار کی انفرادیت کو نظم کیا ہے۔ حضرت ابوطالب کے تیسرے فرزند کا نام جعفر ہے۔ آپ عمر میں حضرت علی سے دس سال بڑے تھے۔ آپ صورت میں رسول خدا سے بہت مشابہ تھے۔ "ابوطالب نے نبی و علی کو نماز پڑھتے دیکھا تو جعفر سے کہا تم بھی اپنے چچا کے بیٹے کے پہلو میں مل کر نماز پڑھ لو اور تم ان کے بائیں طرف کھڑے ہو جانا[۳]" جناب جعفر نے دو ہجرتیں کیں۔ ایک ہجرت حبش کی طرف اور دوسری مدینہ کی طرف۔ جناب جعفر کو مرسل اعظم نے غزوہ موتہ میں لشکر اسلام کے ساتھ بھیجا۔ غزوۂ موتہ میں بہت سخت لڑائی ہوئی۔ یہاں تک کہ زید بن حارثہ شہید ہو گئے ان کے بعد جعفر طیار نے جھنڈا لیا اور لڑے یہاں تک کہ وہ بھی شہید ہو گئے۔ اسلام میں

---

[۱] سید علی حیدر : تاریخ ائمہ ص۹۶

[۲] مراثی انیس : جلد ۳ ۔ نول کشور ص۵۱

[۳] سید علی حیدر : تاریخ ائمہ ص۹۳

وہ پہلا شخص ہے کہ جنھوں نے گھوڑے کے پیر کاٹے جب لڑائی ہو رہی تھی تو جعفر کے دونوں ہاتھ کٹ گئے اور جھنڈا انھیں کے پاس رہا۔ انھوں نے اس کو پھینکا نہیں بلکہ اس کو دانتوں سے پکڑ لیا رسول خدا فرماتے تھے کہ اس کے عیوض اللہ نے انھیں دو پر دیئے ہیں۔ جن سے وہ جنت میں اڑتے پھرتے ہیں[۱] میر انیس نے اس حقیقت کو یوں نظم کیا ہے ؎

ہاتھوں کے بدلے حق نے جواہر کے پر دیئے [۲]

حضرت حمزہ :۔

ع اک حضرت حمزہ تھے اک جعفر طیار [۳]

میر انیسؔ نے مذکورہ مصرعہ میں جناب حمزہ کا ذکر جناب جعفر طیار سے پہلے اس لئے کیا ہے کہ جناب حمزہ با عتبار سن بھی بزرگ ہیں اور شہادت میں بھی جناب جعفر کے پیش رو ہیں۔ حضرت حمزہ، حضرت عبدالمطلب کے فرزند اور مرسل اعظم کے چچا تھے۔ "ان کی ماں ہالہ بنت وہب حضرت آمنہ مادر رسولِ خدا کی چچا زاد بہن تھیں۔ اس طرح آپ آں حضرت کے خالہ زاد بھائی بھی ہوئے۔ آپ کو اور آں حضرت کو ثویبہ نے دودھ پلایا تھا۔ اس طرح آپ آں حضرت کے رضاعی بھائی بھی ہوئے۔"[۴] جناب حمزہ نے بھی مدینہ سے ہجرت کی اور جنگ بدر میں لشکر اسلام میں شامل ہو کر بڑے کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ غزوۂ احد میں کافروں کو قتل کیا اور آخر کار وحشی نامی حبشی نے نیزہ مار کر آپ

---

[۱] ۔ سید علی حیدر : تاریخ ائمہ ص۹۹

[۲] ۔ مراثی انیس : جلد ۴ ، نول کشور ص۸۰

[۳] " " : " ۳ ، " " ص۵۱

[۴] سید حیدر علی : تاریخ ائمہ ص۹۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کو بتاریخ ۵ شوال ۳ھ مطابق ۶۲۵ء کو شہید کر دیا۔ آں حضرت کو بہت صدمہ ہوا آپ کی لاش کے پاس جا کر کھڑے ہوئے اور فرمایا۔ اے چچا اللہ آپ پر رحم کرے بیشک آپ بڑے صلۂ رحم اور نیکی کرنے والے تھے۔ جب آں حضرت نے حضرت حمزہ کو مقتول پایا تو بہت روئے۔" [1]

حضرت مالک اشتر:

شور عالم میں ہے کہ مالک اشتر تھے کون [2]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں مالک اشتر کی شجاعت کے عام شہرہ کو استفہامی انداز میں پیش کیا ہے۔ حضرت مالک اشتر حضرت علی کے مشہور اور جانباز صحابی تھے۔ آپ کا نام مالک اور لقب اشتر تھا۔ نہج البلاغہ میں حضرت علی نے حضرت مالک اشتر کے فضائل بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے۔" مالک کیا شخص تھا۔ خدا کی قسم اگر وہ پہاڑ ہوتا تو ایک کوہ بلند ہوتا۔ وہ پتھر ہوتا تو ورہ سنگ گراں ہوتا۔ نہ تو اس کی بلندیوں تک کوئی پہنچ سکتا ہے اور نہ کوئی پرندہ وہاں تک پر مار سکتا ہے۔[3]" حضرت مالک اشتر نے شجاعت کے جوہر جنگ جمل اور جنگ صفین میں دکھائے اور مالک اشتر کے کمال عرفان کی شان تھی کہ جنگ صفین میں حضرت علی کو جنگ روکنے پر مجبور کیا گیا کہ اب جنگ روک دیجئے، تو حضرت علی سے لشکر کے سپاہیوں نے کہا کہ آقا مالک اشتر کو بھی واپس بلا لیجئے۔ اور جب علی کا قاصد مالک اشتر کے امام کا حکم نامہ لے کر پہنچا تو

---

[1] سید علی حیدر: تاریخ ائمہؑ ص۹۳

[2] مراثی انیس: جلد ۱۔ نول کشور ص۱۰۱

[3] نہج البلاغہ: ترجمہ جعفر حسین ص۹۱۲ تا ص۹۱۳

آپ نہایت مغموم و محزون واپس آئے۔" [1] مالک کی عظمت و کردار کا تذکرہ کرتے ہوئے علامہ ابن الحدید کی شرح نہج البلاغہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ مالک اشتر شجاع، بہادر اور امیر المومنین کی محبت میں ثابت قدم اور پختہ تھے [2] مالک اشتر کے بارے میں حضرت علی کی حدیث مشہور ہے کہ "جب آپ کے انتقال کی خبر حضرت علی نے سُنی تو فرمایا کہ وہ میرے لئے ایسے ہی تھے جیسا میں حضرت رسول خدا کے لئے تھا۔" [3]

حضرت قنبر:-

قنبر کا جو مولا ہے غلام اس کا ہوں [4]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں حضرت علی کی غلامی پر افتخار کے اظہار کے لئے قنبر کی غلامی سے آقا تک اور آقا سے اپنی غلامی تک خط افتخار کھینچا ہے۔ حضرت قنبر امیر المومنین کے مشہور غلام تھے۔ جب کسی نے جناب قنبر سے پوچھا کہ تم کس کے غلام ہو تو قنبر نے جواب دیا کہ "میں اس کا غلام ہوں جو دو تلوار دل سے جہاد کرتا اور دو نیزوں سے لڑتا تھا۔ جس نے دونوں قبلہ کی طرف نماز پڑھیں۔ دونوں بیعتیں اور دونوں ہجرتوں کا شرف حاصل کیا اور لمحہ کے لئے کبھی کافر نہیں رہا [5] جناب قنبر کو جب ظالم و جابر بادشاہ حجاج بن یوسف نے گرفتار کروایا اور محبت علی کے جرم میں قتل کا حکم دیتے ہوئے قنبر سے کہا کہ تم کس طرح قتل ہونا پسند کرو گے تو جناب قنبر

---

[1] سید علی حیدر: تاریخ ائمہ ص۲۶۸

[2] سید سعادت حسین: اصحاب امیر المومنین کی قربانیاں ص۷

[3] سید علی حیدر: تاریخ ائمہ ص۲۲۷

[4] مراثی انیس: جلد ۱ نول کشور ص۳۶

[5] سید علی حیدر: تاریخ ائمہ ص۲۲۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے جواب دیا کہ قیامت میں تو جس طرح قتل ہونا پسند کرے۔" میں تو شہیدوں کا درجہ پاؤں گا۔ اور تو ظالموں اور بدبختوں کے گروہ میں ہو جائے گا۔ حجاج نے حکم دیا اور آپ فوراً قتل کر دیئے گئے۔" [1]

حضرت بلال :-

غلام سمجھیں اگر قنبر و بلال مجھے [2]

میر انیس نے مذکورہ بالا مصرعہ میں علی کے غلاموں کی غلامی کو بھی سبب افتخار محسوس کراتے ہوئے قنبر و بلال کا ذکر کیا ہے۔ جناب بلال کا وطن حبش تھا۔ ابتدا میں مکہ کے کسی قریش کے غلام تھے۔ مرسل اعظم پر یقین و ایمان لانے کے بعد اہل وطن نے آپ پر بڑے مظالم ڈھائے۔ "لوہے کی گرم اور آتشیں سلاخوں کو بلال کے جسم میں پیوست اور راسخ کر دیا گیا۔ مگر ہر سختی اور مصائب پر بھی حضرت بلال اسلام کے سچے طرف دار رہے۔" [3] جب مرسل اعظم نے ہجرت کی تو بلال بھی مدینہ چلے گئے۔ کافی میں حضرت امام جعفر صادق آل محمد سے روایت ہے کہ جب جبریل امین اذان کا حکم لے کر رسول اللہ کے پاس نازل ہوئے اس وقت آں حضرت کا سر مبارک جناب امیر کی گود میں تھا۔ جناب جبریل نے اذان و اقامت کہی اور جب رسول اللہ بیدار ہوئے تو پوچھا اے علی تم نے بھی سُنا۔ عرض کی ہاں۔ فرمایا بلال کو تعلیم کر دو۔ پس حضرت علی نے بلال کو بلا کر اذان تعلیم کر دی اور اسی وقت سے بلال "مؤذن"

---

[1] سید علی حیدر : تاریخ ائمہ صفحہ ۲۲۷

[2] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور صفحہ ۳۴

[3] ابوالحسن علی ندوی : محمد رسول اللہ صفحہ ۱۱

مقرر ہو گئے۔" [1] بلال کی اذان مرسل اعظم کو اتنی پسند تھی کہ جب لوگوں نے شکایت کی کہ بلال کا تلفظ درست نہیں ہے وہ "س" کی جگہ "ش" کہتے ہیں تو مرسل اعظم نے جواب دیا کہ "سینو بلال شینو عنداللہ۔" [2]

حضرت سلمان :

زہد میں حضرت سلماں کے برابر تھا کون [3]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں جناب سلمان فارسی کے زہد و تقویٰ کی بلندی کو نظم کیا ہے۔ حضرت سلمان فارس کے رہنے والے تھے اس لئے آپ کو سلمان فارسی بھی کہتے ہیں۔ "آپ پہلے ایران میں مجوسی (آگ پوجنے والے) تھے۔" [4] بعد میں مسلمان ہوئے اور بزم پیغمبر میں حاضر ہونے کے بعد ایمان کے اس درجہ پر پہونچے کہ جب حضرت سلمان کے بارے میں کسی نے پوچھا تو آپ نے فرمایا "اولین و آخرین (سب) کا علم حاصل ہے۔ وہ ایسے دریا ہیں جو خشک نہیں ہوتا۔ 'السلمانُ مِنّا اھل البیتِ' سلمان ہم اہلبیت میں سے ہیں۔" [5] ایک دن حضرت علی نے سلمان سے ان کے ایمان آوری کی وجہ پوچھی تو انہوں نے جواب دیا کہ میرا دل محمد کی طرف خود بخود کھنچ رہا تھا۔ جب سلمان کے بارے میں فرمایا کہ سلمان ایمان کے دس درجوں پر فائز ہیں۔ حضرت علی نے اپنے

---

[1] سید علی حیدر : تاریخ ائمہ صفحہ ۱۱۲-۱۱۱

[2] سید علی نقی : مجموعہ تقاریر صفحہ ۹ جلد اول

[3] مراثی انیس : نائب حسین جلد ۱ صفحہ ۴۰۹

[4] سید علی حیدر : تاریخ ائمہ صفحہ ۱۶۲

[5] " " : " " صفحہ ۱۶۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دورِ حکومت میں جناب سلمان کو مدائن کا گورنر مقرر کرکے بھیجا۔ گورنر کے عہدہ پر فائز ہونے کے بعد سلمان کے زہد و قناعت کی یہ شان تھی کہ معمولی بوریہ، مٹی کا لوٹا، پھٹی ہوئی عبا کے ساتھ جب سلمان مدائن پہونچے تو" لوگوں نے پوچھا کہ کہیں راستہ میں آ ئی ہوئی گورنر کی سواری آپ کو نہیں ملی۔ انھوں نے جواب دیا کہ جس گورنر کا آپ لوگ انتظار کر رہے ہیں وہ میں ہی ہوں — دارالامارہ میں قیام رہے گا۔ کہا فقیروں کو دارالامارہ سے کیا کام۔ مجھے کسی مسجد میں پہونچا دو میں وہیں قیام کر دوں گا۔" [۱]

حضرت ابوذر :

نار دوزخ سے ابوذر کی طرح حر تھا حر [۲]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں دو الگ الگ کرداروں کو ایک سانچہ میں ڈھال دیا ہے۔ حر کی مثال ابوذر سے دے کر ابوذر کون تھے، کیا تھے، بیاں کر دیا۔

حضرت ابوذر مرسل اعظم کے محترم صحابیوں میں ہیں۔"آپ کا نام جُندب تھا۔ آپ کے والد جنادہ بن سفیان قبیلہ غفّار کے ایک شخص تھے۔ جب آں حضرت مکہ میں تھے تب ہی آپ مسلمان ہوئے۔ مسلمان ہونے میں آپ کا چوتھا یا پانچواں نمبر تھا۔" [۳]

علامہ شبلی کی تحقیق کے مطابق " اسلام لانے والوں میں جناب ابوذر کا نمبر چھٹا یا ساتواں تھا۔ ان کے اسلام لانے کا واقعہ یہ ہے کہ وہ پہلے سے بت پرستی چھوڑ چکے تھے۔ اور غیر متعین طریقہ سے جس طرح ان کے ذہن میں آتا تھا خدا کا نام لیتے تھے۔

---

[۱] مقبول احمد : سلمان محمدی صـ۹۷

[۲] مراثی انیس : جلد ۱ ، نولکشور صـ۹۳

[۳] سید علی حیدر : تاریخ ائمہ صـ۱۵۹

جب آں حضرت کا حال سُنا تو اپنے بھائی کو بھیجا کہ وہ صحیح خبر لائیں۔ وہ مکہ میں آئے اور آں حضرت کی خدمت میں حاضر ہو کر قرآن مجید کی سورتیں سنیں۔ واپس جا کر ابوذر سے کہا میں نے ایک شخص کو دیکھا کہ جس کو لوگ مرتد کہتے ہیں وہ مکارم اخلاق سکھاتا ہے اور کلام سناتا ہے۔ وہ شعر نہیں کوئی اور چیز ہے۔ تمھارا طریقہ اس سے بہت ملتا جلتا ہے۔ ابوذر کو تسکین نہیں ہوئی۔ خود مکہ میں آئے۔ زبان مبارک سے آپ کا ارشاد سُنا اور اسلام قبول کر لیا۔ وہ تمام عمر دنیاوی تعلقات سے الگ رہے۔ ان کا عقیدہ تھا کہ جو شخص زر و مال جمع کرتا ہے وہ مسلمان نہیں۔ چنانچہ اس بنا پر حضرت عثمان نے اپنے زمانے میں ان کو مدینہ سے دور بھیج دیا تھا۔" [۱]

جناب ابوذر کے بارے میں مرسل اعظم نے ارشاد فرمایا کہ" زمین نے فرش نہیں بچھایا اور آسمان نے سایہ نہیں کیا کسی ایسے صادق پر جیسے ابوذر ہیں"۔ [۲]

حضرت ابوذر کی وفات عالم غربت میں 'ربذہ' جاتے وقت ہوئی۔

حضرت مقداد :

کون مقداد تھے سلمان اباذر تھے کون [۳]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں حسن استفہام سے مصرعہ میں جناب مقدادؓ جناب سلمان اور جناب اباذر کا ذکر ایک ساتھ کیا ہے۔ حضرت مقداد کے باپ کا نام اسود تھا یہ قبیلہ کندہ کے رہنے والے تھے اس لئے آپ کو ابن اسود کِلی کہتے ہیں۔ یہ ہجرت سے

---

[۱] علامہ شبلی نعمانی : سیرۃ النبی جلد ۱ صـ۱۵۲

[۲] سید نجم الحسن الغفّاری صـ۱۰۲

[۳] مراثی انیس : نائب حسین ۔ جلد ۱ صـ۴۰۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۲۳ سال قبل پیدا ہوئے اور آپ کی عمر ستر سال ہوئی۔"[۱] دورِ طفلی میں فنونِ جنگ سے ایک خاص دلچسپی تھی۔ زمانہ جاہلیت میں یہ بھی حالتِ کفر میں تھے لیکن جب مرسلِ اعظم نے تبلیغ اسلام کا سلسلہ شروع کیا اور سارا عرب پیغمبر کے خون کا پیاسا ہو گیا پھر جب ایک مدت گزر جانے کے بعد لوگوں کو صداقتِ رسول اور کردارِ مرسلِ اعظم کی حقانیت کا اندازہ ہوا" تو بتوں کی پوجا ترک کرکے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰہِ کہنے لگے اور اپنے آبائی مذہب کو چھوڑ دیا۔ اس وقت مقداد رضی اللہ عنہ کو دعوتِ اسلام کی خبر پہونچتی رہی۔ چونکہ فضلِ خدا سے نورِ ایمان دل میں پھیل چکا تھا۔ فوراً ہی پہلی ہی ملاقات میں اسلام قبول کر لیا۔ اور رسول اللہ کے ساتھی بن گئے۔"[۲] صادقِ آلِ محمد امام جعفر صادق علیہ السلام نے حضرت مقداد کی منزلت کو بیان کرتے ہوئے حدیث فرمائی ہے کہ مقداد ایمان کے آٹھویں درجہ پر فائز تھے۔"[۳] جب کسی نے مرسلِ اعظم سے پوچھا۔" یا حضرت وہ کون سے لوگ ہیں جن سے محبت کرنے کا بذریعہ وحی حکم ہوا ہے فرمایا ان میں ایک بھائی و حقیقی جانشین علی ابن ابیطالب ہے۔ دوسرے مقداد تیسرے ابوذر غفاری، چوتھے سلمان فارسی۔"[۴] جناب مقداد نے اپنی ساری حیات رسول اور آلِ رسول کی محبت میں گزاری اور ہجرت کے تیسرے سال موضع جرف میں انتقال کیا اور مدینہ کے قبرستان جنت البقیع[۵] میں سپردِ خاک ہوئے۔

---

۱ سید ولی حیدر : کتاب الصحابہ صہ ۲۴
۲ 〃 〃 〃 : 〃 〃 صہ ۲۶
۳ 〃 〃 〃 : 〃 〃 صہ ۲۴
۴ 〃 〃 〃 : 〃 〃 صہ ۳۴
۵ 〃 〃 〃 : 〃 〃 صہ ۴۵

حضرت عمار :

؎ صدق و گفتار میں عمار کا ہمسر تھا کون [۱]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں استفہامیہ انداز میں جناب عمار رضوی کی خوبیوں کو آسمان پر پہونچا دیا ہے۔ حضرت عمار مرسلِ اعظم کے جلیل القدر صحابہ میں تھے علامہ شبلی تحریر فرماتے ہیں" عمار یمن کے رہنے والے تھے۔ ان کے والد یاسر مکہ میں آئے ابو حذیفہ مخزومی نے اپنی کنیز سے جس کا نام سمیہ تھا شادی کر دی۔ عمار اسی کے پیٹ سے پیدا ہوئے۔ یہ جب اسلام لائے تو ان سے پہلے صرف تین شخص اسلام لا چکے تھے قریش ان کو جلتی زمین پر لٹاتے اور اس قدر مارتے کہ یہ بیہوش ہو جاتے۔"[۲] آپ کو عمار یاسر اس لئے کہتے ہیں کہ آپ کے والد کا نام یاسر تھا۔ جنگ صفین میں حضرت عمار یاسر مولائے کائنات کے لشکر میں شامل تھے اور مصروفِ جہاد بھی ہوئے اور جوشِ شجاعت کا مظاہرہ کرنے کے بعد جب زخموں سے چور ہوئے تو دشمن کو للکارا اور کہا ـــــ واللہ اگر یہ لوگ ہم کو ماریں اور مقامِ پیغمبر تک مارتے ہوئے لے جائیں تو بھی میں یہی سمجھوں گا کہ میں حق پر ہوں اور یہ لوگ باطل پر ہیں۔"[۳] اور جب لڑتے لڑتے پیاس کی شدت کا احساس بڑھا تو حضرت عمار نے کہا ـــ" پینے کی چیز میرے سامنے لاؤ۔ لوگ دودھ لے گئے۔ جناب عمار دیکھ کر کہنے لگے حضرت رسولِ خدا نے فرمایا تھا کہ دنیا میں تمہارے پینے کی آخری چیز دودھ ہوگا،

---

۱ مراثی انیس : جلد ۱ - نائب حسین صہ ۴۰۹
۲ شبلی نعمانی : سیرۃ النبی جلد ۱ صہ ۱۶۸
۳ سید علی حیدر : تاریخ ائمہ صہ ۱۶۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس کے بعد انہوں نے لڑنا شروع کیا اور شہید ہو گئے۔"[۱]

مقدس خواتین

حضرت حوّا :-

؎ حوّا کا افتخار ہے مریم کا فخر ہے[۲]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں جو ایک بند کی بیت کا آخری مصرعہ ہے بنت رسول جناب فاطمہ کی مدح جناب حوّا اور جناب مریم کا ذکر کرکے کیا ہے ظاہر ہے کہ بنت رسول کی عظمتوں کا اگر کچھ اندازہ ہو سکتا ہے تو اسی وقت جب انسان جناب حوّا اور جناب مریم کی عظمتوں سے حتی الامکان واقف ہو۔

حضرت حوّا حضرت آدم کی زوجہ تھیں۔ پروردگار نے "حوا کو آدم کی باقی ماندہ اس طینت سے پیدا کیا جو ان کے پہلو اور پسلیاں بنانے سے بچ گئی تھیں"[۳] جناب حوا کی خلقت کا ذکر کرتے ہوئے امام جعفر صادق ارشاد فرماتے ہیں کہ "یہ وحی کے ذریعہ مخلوق ہوئیں[۴] جب پروردگار عالم مٹی سے آدمؑ کو بنا چکا" تو سب سے پہلے جناب آدمؑ نے انگور کھائے۔ خدا نے ان کو نیند دے دی اور حوا کو پیدا کرکے ان کے درمیان کر دیا۔ جب حوا نے حرکت کی تو آدمؑ جاگ گئے اور اپنی ہی

[۱] سید علی حیدر : تاریخ ائمہ صـ۱۶
[۲] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور صـ۵۳
[۳] بشیر احمد انصاری : تاریخ اسلام ، جلد ۱ صـ۱ تا صـ۱۲
[۴] باقر مجلسی : حیات القلوب۔ جلد ۱ صـ۵۹ مترجمہ بشارت حسین

صورت کی خوبصورت عورت کو دیکھا۔ آدمؑ نے خدا سے دریافت کیا یہ کون ہے اور کس لئے اس کو پیدا کیا ہے۔ خدا نے جواب دیا کہ یہ تمہاری زوجہ ہے تمہاری مونس و رفیق ہے تم ان کے پاس جاؤ چنانچہ آدمؑ خود ان کے پاس گئے اس لئے کہ مرد خود زوجہ کے پاس جاتا ہے۔ حضرت آدمؑ کا نکاح جبریل امین نے پڑھایا[۱] جب شیطان کے شر کے سبب سے جناب آدمؑ کو جنت سے نکلنا پڑا تو آپ کے ساتھ حوّا بھی زمین پر آئیں۔ خدا نے انھیں حکم دیا کہ وہ مکہ کی طرف سفر کریں۔ وہ زمین ہند کی سرزمین سراندیپ میں اترے اور وہاں سے مکہ کی طرف روانہ ہوئے۔ حضرت جبریل کو خدا نے حکم دیا کہ آدمؑ اور حوا کے لئے ایک خیمہ جنت سے لے کر جاؤ اور وہ خیمہ اس جگہ لگا دو جہاں کعبہ ہے[۲] جناب حوا سے ہی نوع انسان کی نسل کا آغاز ہوا۔ آپ کے بڑے فرزند کا نام قابیل اور چھوٹے کا نام ہابیل تھا۔ جب قابیل نے ہابیل کو قتل کر دیا تو جناب حوا کو پروردگار نے تیسرا بیٹا عطا کیا جس کا نام شیث تھا اور یہی جناب آدمؑ کے وصی اور جانشین قرار پائے۔ حضرت حوّا کی وفات حضرت آدمؑ کے ایک سال پندرہ دن کے بعد ہوئی اور وہ بھی زمین مکہ میں اپنے شوہر حضرت آدمؑ کے پہلو میں دفن ہوئیں۔"[۳]

حضرت سارہ :-

؎ دادی شرف آسیہ مریم و سارا[۴]

[۱] بشیر احمد انصاری : تاریخ اسلام۔ جلد ۱ صـ۱۳
[۲] " " : " ۔ جلد ۱ صـ۱۱
[۳] " " " : " " " "
[۴] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور صـ۱۷۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں بنت ختم المرسلین جناب فاطمہ کا مرتبہ بتانے کے لئے تین ایسی خواتین کا نام لیا ہے جن میں سے ایک نے جناب موسیٰ کی پرورش کی ایک جناب عیسیٰ کی ماں ہیں اور ایک جناب ابراہیم کی بیوی اور جناب اسحاقؑ کی ماں ہیں لیکن ان میں سے کوئی بھی فاطمہ کی ہمسر نہیں۔ بلکہ فاطمہ ان سب کے لئے عزت و شرف کا سبب ہیں۔

حضرت سارا حضرت ابراہیم کی زوجہ اولیٰ تھیں۔ آپ کے والد کا نام لاج تھا۔ چونکہ حضرت ابراہیم شہر سارہا میں پیدا ہوئے تھے اور زمین بابل میں ایک عرصہ تک قیام رہا اور جب جناب سارہ سے عقد ہو گیا تو انہوں نے اپنی ساری دولت ابراہیم کے حوالے کر دی۔ حضرت ابراہیم نے اپنی محنت و مشقت سے سرمایہ میں کافی اضافہ کر لیا۔ اور حضرت سارہ کی ہی ملکیت کی بدولت سارہا کے سب سے بڑے رئیس ہو گئے۔ قحط سالی کی وجہ سے سارہا سے مصر کی جانب روانہ ہو گئے اور ایک صندوق بنا کر اس میں سارا کو بٹھایا اور اپنا تمام مال و غلہ ساتھ لیا۔ جب اس زمین سے گزرے یہاں ایک ظالم کا تسلط تھا۔ اس کے کارندوں نے حضرت ابراہیم کو روک لیا اور کہا کہ آپ ہمارے بادشاہ کی زمین سے نہیں گزر سکتے جب تک کہ بادشاہ کا حصہ اس میں سے ادا نہ کریں یہاں تک کہ صندوق کے پاس پہونچے کہ جس میں بی بی سارا بیٹھی تھیں۔ آپ نے فرمایا کہ تم لوگ اس کے نزدیک نہیں جا سکتے جب تک میری جان باقی ہے۔ انہوں نے بادشاہ کو خبر کی اور بادشاہ نے ابراہیم کو طلب کیا۔ جب آپ وہاں پہونچے تو اس نے صندوق کا پردہ ہٹا دیا۔ دیکھا کہ ایک حسین و جمیل عورت بیٹھی ہے۔ اس نے ارادہ کیا کہ ہاتھ بڑھائے جناب ابراہیم نے خدا سے دعا کی اور اس کا ہاتھ خشک ہو گیا۔ اس نے پوچھا کہ یہ کون ہے۔ آپ نے کہا یہ خالہ کی لڑکی ہے۔ میری بہن ہے۔ اس نے کہا آپ

دعا کریں کہ میرا ہاتھ درست ہو جائے۔ آپ سے معافی چاہتا ہوں۔ آپ نے دعا کی اس کا ہاتھ درست ہو گیا۔[1] جناب سارہ کی عمر گزرتی رہی۔ یہاں تک کہ حضرت ابراہیم ستّر سال سے زیادہ کے ہو گئے اور کوئی اولاد پیدا نہ ہوئی تو سارا نے جناب ابراہیم سے کہا کہ آپ ہاجرہ سے عقد کر لیں تاکہ نسل باقی رہے۔ جناب ہاجرہ سے عقد کے بعد جناب اسمٰعیل پیدا ہوئے۔ جناب کی ولادت کے بعد پروردگار نے جناب سارہ کو بھی حضرت اسحٰق جیسی اولاد عطا کی۔

حضرت آسیہ :

ے   دادی شرف آسیہ و مریم و سارہ [2]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں جناب آسیہ، جناب مریم اور جناب سارہ کے اسمائے گرامی کو نظم کیا ہے۔ حضرت آسیہ فرعون کی زوجہ تھیں اور آپ ایمان کے اس درجہ پر تھیں کہ آپ ہی کی آغوش تربیت میں حضرت موسیٰ کی پرورش ہوئی۔

"آسیہ کے بارے میں یہ ہے کہ وہ بنی اسرائیل سے تھیں اور مومنہ اور مخلصہ تھیں۔ فرعون کے محل میں پوشیدہ طور پر خدا کی عبادت کرتی تھیں۔[3] جب فرعون کو یہ پتہ چلا کہ آسیہ ہم کو خدا نہیں مانتی بلکہ موسیٰ کے خدا کا کلمہ پڑھتی ہے تو اس نے جناب آسیہ کی مادر گرامی کو طلب کیا اور جناب آسیہ کی شکایت کی کہ تم اپنی بیٹی کو سمجھا دو۔" ماں نے ہر چند سمجھایا مگر کچھ فائدہ نہ ہوا تو فرعون کے حکم سے ان کو جلادوں نے چار میخوں

---

[1] بشیر احمد انصاری : تاریخ اسلام جلد ۱ ص ۳۷

[2] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور ص ۱۷۷

[3] علامہ مجلسی : حیات القلوب جلد ۱ مترجم سید بشارت حسین ص ۳۳۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پر کھینچا اور عذاب کیا۔ یہاں تک کہ وہ شہید ہوگئیں۔" [1]

حضرت مریم :-

ہے   وادی شرف آسیہ و مریم و سارہ [2]

حضرت مریم کے والد کا نام عمران تھا" یہ عمران حضرت موسیٰ کے پدر عمران کے علاوہ تھے۔ بلکہ یہ عمران ماثان کے صاحبزادے تھے۔" [3] حضرت مریم کے لئے بہشت سے میوہائے خلد آتے تھے۔" جب ذکریا مریم کے پاس جاتے ان کے پاس بے فصل کے میوے دیکھتے اور پوچھتے کہ اے مریم یہ کہاں سے آئے ہیں۔ وہ کہتی تھیں خدا کے پاس سے۔ وہ جس کو چاہتا ہے بے حساب روزی دیتا ہے [4] جناب مریم کو پروردگار نے پاک و پاکیزہ پیدا کیا ہے۔ ان کی عصمت و طہارت کی ضمانت خود قرآن مجید [5] میں پروردگار نے دی ہے۔ چونکہ حضرت مریم معصومہ تھیں اور کسی غیر معصوم کے ساتھ معصومہ کا عقد نہیں ہو سکتا۔ اس لئے کہ شوہر حاکم ہوتا ہے اور زوجہ محکوم۔ مشیت کے اسی قانون کے پیش نظر جناب مریم کا کوئی شوہر نہ ہو سکا۔ لیکن اس کے باوجود پروردگار نے جناب مریم کو عیسیٰ جیسا معصوم نبی عطا کیا۔ جب قوم یہود نے عصمت مریم پر طنز کیا کہ بغیر شوہر کے اولاد کہاں سے پیدا ہو گئی تو حضرت عیسیٰ حکم خدا سے گویا

---

[1] علامہ مجلسی : حیات القلوب جلد ۱ مترجمہ سید بشارت حسین صفحہ ۴۳۴

[2] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور صفحہ ۱۷۷

[3] علامہ مجلسی : حیات القلوب۔ جلد ۱ مترجمہ سید بشارت حسین صفحہ ۴۰۹

[4] " " : " " " " " صفحہ ۴۱۰

[5] قرآن : سورۂ آل عمران آیت ۴۵

ہوئے۔" میں خدا کا بندہ ہوں۔ اس نے مجھے پیغمبر بنایا ہے اور مجھے کتاب عطا کی ہے خدا کی قسم میں تم پر حد جاری کر دوں گا۔ تم نے میری ماں کو بدی سے نسبت دی ہے۔" [1]

حضرت خدیجہ :

ہے   مریم ہے کہ سارا ہے خدیجہ ہے کہ زہرا [2]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں جناب مریم جناب سارہ کے علاوہ جناب خدیجہ اور جناب فاطمہ کے اسمائے گرامی نظم کئے ہیں۔

حضرت خدیجہ مرسل اعظم کی سب سے پہلی زوجہ تھیں۔ آپ کا شمار عرب کے عظیم ترین تجار گھرانے میں ہوتا تھا۔ خدیجہ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزی بن قصی ایک عقلمند اور شریف بی بی تھیں۔ آپ اپنے زمانے میں سب سے بہتر نسب و شرف کے اعتبار سے عظیم تر اور مالی اعتبار سے امیر ترین خاتون تھیں۔ آپ کی قوم (رؤسا و شرفاء عرب) آپ سے نکاح کی بے حد خواہش مند اور حریص تھی [3] جب آں حضرت کی عمر ۲۵ سال کی تھی اور جناب خدیجہ کی عمر شریف چالیس سال تھی، اس وقت آپ کا عقد ہوا۔ مرسل اعظم حضرت خدیجہ کے کمال کردار کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ " خدا کی قسم ان سے بہتر مجھے کوئی عورت نہیں ملی۔ وہ مجھ پر اس وقت ایمان لائیں جب اور لوگ کافر تھے۔ اس وقت میری تصدیق کی جب دوسرے مجھے جھٹلاتے تھے۔ اور اپنے مال سے میری اس وقت مدد کی جب سب لوگ مجھے محروم رکھتے

---

[1] علامہ باقر مجلسی : حیات القلوب۔ جلد ۱ مترجمہ سید بشارت حسین صفحہ ۴۲۳

[2] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور صفحہ ۲۲۶

[3] سید کرار حسین : ملکۃ العرب صفحہ ۱۳۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تھے اور خدا نے مجھے انھیں سے فرزند عطا کیے۔" [1]

حضرت فاطمہ

؎ تھا ایک تو غم فاطمہ کو ہجر پدر کا [2]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں جناب فاطمہ کا ذکر کرتے ہوئے ان کے مصائب اور احساس غم کی منظر کشی کی ہے۔

حضرت فاطمہ مرسل اعظم کی اکلوتی بیٹی تھیں ان کی ولادت ۲۰ جمادی الثانی ۵ سنہ بعثت مکہ میں ہوئی۔ مرسل اعظم آپ کو اتنا عزیز رکھتے تھے کہ آپ کی کنیت ام ابیہا قرار پائی۔ آٹھ سال تک آں حضرت کے ساتھ مکہ معظمہ میں رہنے کے بعد مدینہ چلی آئیں۔ ۲ سنہ ھ میں آپ کی شادی حضرت علی سے کی گئی۔ اس وقت آپ کی عمر تقریبًا دس سال تھی۔ جب کسی سفر میں آں حضرت تشریف لے جاتے تو سب سے آخر میں جناب سیدہ سے رخصت ہوتے اور جب سفر سے واپس آتے تو سب سے پہلے جناب سیدہ سے ملتے۔ جب تک زندہ رہیں حضرت رسول خدا کی جدائی میں روتی رہیں [3] دنیا کی تمام خواتین میں فاطمہ کو سب سے زیادہ افضلیت حاصل ہے۔ حضرت عائشہ کہتی تھیں "سوائے حضرت رسول خدا کے فاطمہ سے افضل ہونے میں کسی کو نہیں پایا۔ آں حضرت نے چار خط کھینچ کر کہا کہ بہشت کی کل عورتوں سے چار ہی عورتیں سب سے افضل ہیں۔ خدیجہ، آسیہ، فاطمہ، مریم۔ حضرت

---

[1] سید علی حیدر : تاریخ ائمہ" صد ۱۴۶

[2] مراثی انیس : جلد ۳ نول کشور صد ۲۳

[3] سید علی حیدر : تاریخ ائمہ" صد ۱۵۱

عائشہ کہتی تھیں کہ جناب سیدہ بالکل اسی طرح چلتی تھیں جس طرح حضرت رسول خدا چلتے تھے۔ [1] حضرت فاطمہ کے پانچ اولادیں ہوئیں۔ حسن، حسین، محسن، زینب اور ام کلثوم، محسن نے بچپن ہی میں انتقال کیا۔ حضرت امام حسن، امام حسین حضرت زینب اور ام کلثوم اہم واقعات کے لحاظ سے تاریخ اسلام میں مشہور ہیں [2]

حضرت ام البنین :-

؎ ام البنیں سے رو کے علی نے کہی یہ بات [3]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں حضرت علی کو زوجہ جناب عباس کی مادر گرامی حضرت ام البنیں کا ذکر کیا ہے۔

حضرت ام البنیں حضرت علی کی زوجہ تھیں" آپ دختر حزام کلابیہ تھیں جن کا ننھیال اور ددھیال دونوں انتہائی بہادر خاندان تھا۔ [4] جب علی نے جناب عقیل سے کہا کہ بھائی میں ایک ایسے گھرانے کی خاتون سے عقد کرنا چاہتا ہوں جس سے ایک بہادر بیٹا پیدا ہو۔ جناب عقیل نے فاطمہ کلابیہ کو تجویز کیا اور کہا عرب میں اس کے بزرگوں سے زیادہ بہادر اور شہسوار کوئی نہیں ہے۔ حضرت علی نے ان سے شادی کر لی جن سے چار بیٹے ہوئے ـــ عباس، عبداللہ، جعفر، عثمان۔ انھیں چار بیٹوں کی وجہ سے جناب فاطمہ کی کنیت ام البنین ہوئی [5]

---

[1] سید علی حیدر : تاریخ ائمہ" صد ۱۵۵

[2] شبلی نعمانی : سیرۃ النبی جلد ۲ صد ۳۴۲

[3] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور صد ۴۹

[4] سید علی حیدر : تاریخ ائمہ" صد ۲۲۲

[5] " " : " " صد ۲۲۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب آپ کو مدینہ میں یہ خبر ملی کہ میرے چاروں بیٹے فرزندِ فاطمہ حسینؑ ابن علیؑ پر کربلا میں قربان ہو گئے تو آپ کی زبان پر یہ فقرہ آیا "اے لوگو مجھے ام البنین (فرزندوں کی ماں) نہ کہو اس لئے کہ اس سے مجھے شیر یاد آجاتے ہیں"[۱]

حضرت زینب :

ثانی کوئی زہرا کا نہ ہوگا نہ ہوا ہے
ہاں حضرت زینب کو جو کہیئے تو بجا ہے[۲]

حضرت زینب حضرت علی کی بڑی بیٹی تھیں اور پیغمبر اسلام کی بڑی نواسی جب آپ کی والدہ گرامی جناب فاطمہ زہرا کی وفات ہوئی تو آپ بہت کمسن تھیں۔ ان کے بعد آپ اپنے والد ماجد حضرت علی کے سایۂ تربیت میں پروان چڑھیں اور حضرت نے آپ کی شادی اپنے حقیقی بھتیجے عبداللہ ابن جعفر سے کی[۳] آپ کی ولادت ۶ھ میں ہوئی۔" زینب پیدا ہوئیں تو علی نے رسول کو خوش خبری دی اور خوش خبری ظاہر کی۔ آپ اس صاحبزادی کا نام تجویز فرمادیں — فرمایا فاطمہ کی اولاد میری اولاد ہے مگر اس معاملہ میں میں پروردگار کے حکم کا منتظر ہوں۔ جبریل آئے اور کہا کہ خدا نے فرمایا ہے کہ اس لڑکی کا نام زینب رکھا جائے[۴] جناب زینب نے اپنی زندگی میں بے حد مصائب برداشت کیے اور کربلا میں بھی اپنے بھائی

[۱] سید علی نقی نقوی : شہید انسانیت ص۵۶۷
[۲] مراثی انیس : جلد ۳ نول کشور ص۴۳
[۳] سید علی نقی نقوی : شہید انسانیت ص۵۵۵
[۴] سید محمد حسن جعفری ، مظلومہ کربلا ص۲۷

امام حسین کے مقصد کی محافظ بنی رہیں۔ یہاں تک کہ کوفہ و شام کے بازاروں اور درباروں سے گزرنا پڑا۔ روایت میں ہے کہ جب مرسل اعظم جناب زینب کو گود میں لے کر رونے لگے تو آپ سے جناب فاطمہ نے گریہ کا سبب پوچھا تو رسول نے ارشاد فرمایا "اے جان پدر میری یہ بچی تیرے بعد متعدد تکلیفوں اور مختلف مصائب میں مبتلا ہوگی۔ جناب سیدہ یہ سن کر بے اختیار گریہ کرنے لگیں اور انہوں نے پوچھا کہ اس کے مصائب پر گریہ کرنے کا ثواب کیا ہوگا۔ فرمایا وہی ثواب ہوگا جو میرے بیٹے حسین پر متاثر ہونے کا ہوگا۔"[۱]

حضرت ام کلثوم :

اللہ نے سونپا تمہیں اے زینب و کلثوم[۲]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں رخصت آخر کے وقت امام حسین کا جناب زینب اور جناب ام کلثوم سے وداع ہونے کا منظر پیش کیا ہے۔

حضرت ام کلثوم حضرت زینب سے عمر میں چھوٹی تھیں۔ آپ بھی علیؑ و فاطمہ کی بیٹی ہیں۔ رسول اللہؐ کے زمانے کے آخر میں متولد ہوئیں اور تقریباً دو سال کی عمر میں اپنے نانا رسول خدا اور اس کے چند ہی مہینے کے بعد اپنی والدہ گرامی کے سایہ عاطفت سے محروم ہو گئیں۔ اپنے چچازاد بھائی محمد بن جعفر بن ابی طالب کے ساتھ آپ کا عقد ہوا[۳] آپ بھی اپنی بہن زینب کے دوش بدوش مقصد اسلام کی بقا

[۱] سید نجم الحسن : چودہ ستارے۔ ص۲۶۶
[۲] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص۳۴۳
[۳] سید علی نقی نقوی : شہید انسانیت ص۵۶۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں شریک رہیں۔" مدینہ کی زندگی، کربلا کے واقعات، دوبارہ گرفتاری اور مدینہ سے اخراج سب میں حضرت زینب کے ساتھ رہیں۔ ان کی وفات حضرت زینب سے دو ماہ بیس دن قبل ہوئی۔ وہ شام میں دفن ہوئیں"۔[1] جناب ام کلثوم صبر و تحمل کے ساتھ عزم و ہمت میں اپنی بہن زینب کے مثل تھیں۔ جناب زینب کی طرح جناب ام کلثوم کو بھی فصاحت و بلاغت اپنے باپ سے ورثہ میں ملی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ "بازار کوفہ میں زینب کبریٰ کے خطبہ کے بعد آپ نے بھی بصیرت افروز تقریر فرمائی تھی۔[2]

حضرت فضہ :-

؎ فضہ کے عیوض کرتی تھیں خود آسیہ سائی[3]

میر انیسؔ نے مذکورہ مصرعہ میں جناب فاطمہ کے درس مساوات کا ذکر کرتے ہوئے گھر کی کنیز حضرت فضہ کا ذکر کیا ہے۔

حضرت فضہ جناب فاطمہ زہرا کی کنیز تھیں۔ یہ حبش کی رہنے والی تھیں ان کے بارے میں شیخ جعفر بن محمد بن جعفر نزاری لکھتے ہیں " وہ حبشہ کے بادشاہوں میں ایک بادشاہ کی دختر نیک اختر تھیں"۔[4] مرسل اعظم نے جناب فضہ کو اپنی بیٹی کی کنیزی میں دیا تھا۔ لیکن امور خانہ داری میں فضہ کے ساتھ جناب فاطمہ بھی شریک رہتی تھیں

---

۱ سید نجم الحسن : چودہ ستارے ، ص ۲۶۹

۲ سید علی نقی نقوی : شہید انسانیت ص ۵۶۲

۳ مراثی انیسؔ : نول کشور ج ۲ ص ۴۴

۴ سید نجم الحسن : چودہ ستارے ص ۱۰۷

ایک دن گھر کا کام فضہ کرتیں تو ایک دن فاطمہ خود کرتیں۔ جناب فاطمہ کی تربیت کا یہ اثر تھا کہ فضہ آیات قرآنی سے اتنا مانوس ہو گئیں تھیں کہ بیس سال تک قرآن مجید کے علاوہ کچھ بولی ہی نہیں۔ یعنی جو گفتگو کرتی تھیں (قرآن مجید کی آیات میں کرتی تھیں)[1] جناب فضہ کو اتنی طویل عمر ملی کہ آپ واقعہ کربلا میں اہل حرم کیساتھ شریک تھیں اور بعد شہادت حسین اسیر ہو کے شام کے دربار تک گئیں۔ جناب فضہ کی تاریخ ولادت کا کوئی سراغ نہیں ملتا لیکن وفات کے بارے میں اتنا ضرور ہے کہ آپ نے "حضرت زینب کبریٰ کی وفات کے تھوڑے عرصہ بعد انتقال کیا تھا اور انھیں کے قریب شام میں دفن ہوئی تھیں"۔[2]

حضرت فاطمہ کبریٰ :-

؎ اپنا منہ فاطمہ کبریٰ کو نہ دکھلاؤں گا[3]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں امام حسین کی بڑی بیٹی جناب فاطمہ کبریٰ کا ذکر کیا ہے۔ جناب فاطمہ کبریٰ امام حسین کی بڑی بیٹی تھیں۔ آپ کا نام فاطمہ تھا لیکن بڑی بیٹی ہونے کی وجہ سے آپ کو فاطمہ کبریٰ کہا جاتا تھا۔ چونکہ اکثر محققین کے قول کے مطابق امام کی چار صاحبزادیاں تھیں جن میں سے ایک مدینہ میں چھوڑ دی گئی تھیں اور تین آپ کے ساتھ تھیں[4] جن میں فاطمہ کبریٰ بھی شریک ہیں۔ امام حسین نے کربلا میں اپنے بھائی امام حسن کی نصیحت پر عمل کرتے ہوئے اپنی اسی بیٹی کا عقد جناب

---

۱ سید نجم الحسن : چودہ ستارے ص ۱۱۳

۲ " " " ص ۱۱۵

۳ مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص ۲۰۹

۴ سید علی نقی نقوی : شہدائے کربلا جلد ۳ ص ۷۹-۷۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قاسم کے ساتھ کر دیا تھا۔ جیسا کہ سید علی نقی نقوی تحریر فرماتے ہیں۔ برکات کے صندوق میں سے بزرگوں کا لباس نکالا اور وہ قاسم کو پہنا کر اپنی صاحبزادی کا جو قاسم کو منسوب تھیں عقد قاسم کے ساتھ پڑھ دیا۔" [1]

حضرت فاطمہ صغریٰ :۔

؎ ہم آج سے آوارہ وطن ہوتے ہیں صغریٰ [2]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں امام حسین کی چھوٹی بیٹی جناب صغریٰ کا ذکر کیا ہے جن کا نام فاطمہ تھا۔ جناب فاطمہ صغریٰ امام حسین کی منجھلی دختر تھیں" امام حسین مدینہ سے کرب و بلا کے سفر پر روانہ ہو رہے تھے تو فاطمہ صغریٰ بہت بیمار تھیں اس لئے مجبوراً انھیں گھر پر چھوڑنا پڑا۔ بزرگ خواتین میں حضرت عباس کی والدہ ام البنین اور ام المومنین ام سلمہ فاطمہ صغریٰ کے پاس تھیں [3]۔ "جناب فاطمہ صغریٰ باپ کے غم میں روز بروز نڈھال ہوتی جاتی تھیں۔ یہاں تک کہ جب اہل حرم قید شام سے چھوٹ کے مدینے پہونچے تو جناب فاطمہ صغریٰ اپنی پھوپھی زینب کو پہچان نہ سکیں۔

حضرت سکینہ بنت الحسین :۔

؎ زینب نے کہا شام سے روتی ہے سکینہ [4]

---

[1] سید علی النقی نقوی : شہدائے کربلا جلد ۳ ص۹۸

[2] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور ص۲۶

[3] صالحہ عابد حسین : خواتین کربلا کلام انیس کے آئینہ میں ص۹۴

[4] مراثی انیس : جلد ۱ نولکشور ص۶۱

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں جناب زینب کے بین کا حوالہ دیتے ہوئے امام حسین کی چھوٹی بیٹی حضرت سکینہ کی گریہ کا ذکر کیا ہے۔ جناب سکینہ امام حسین کی سب سے چھوٹی دختر تھیں۔ آپ رباب مادر علی اصغر کے بطن سے تھیں۔ واقعہ کربلا میں آپ بہت کمسن تھیں"۔ [1] آپ کی عمر واقعہ کربلا کے وقت لگ بھگ چار سال بتائی جاتی ہے [2]۔ "جناب سکینہ کے بارے میں حضرت امام حسین فرماتے تھے" وہ گھر مجھے اچھا نہیں لگتا جہاں میری سکینہ نہ ہو۔ امام مظلوم کی شہادت کے بعد جناب سکینہ نے کبھی ظلم وستم اور مصائب وآلام برداشت کئے اور قید خانہ شام میں آپ نے وفات پائی۔

•

"اعوان وانصار امام حسین"

حر ابن یزید الریاحی :۔

؎ بخدا فارس میدان تہور تھا حر [3]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں حر کے تہور کا ذکر کیا ہے۔ تہور وہ بڑھی ہوئی شجاعت ہے جو عام شجاعت سے بالاتر ہے

حر کا نام حر بن یزید الریاحی تھا۔ مرسل اعظم کے مشہور صحابی زید بن عمر بن قیس بن عتاب جو "احوص" کے نام سے مشہور تھے اور شاعری میں باکمال تسلیم

---

[1] سید علی نقی نقوی : شہید انسانیت ص۵۶۵

[2] صالحہ عابد حسین : خواتین کربلا کلام انیس کے آئینہ میں ص۱۰۸

[3] مراثی انیس : جلد ۱ ۔ نول کشور ص۹۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com
www.ziaraat.com
Sapeel-e-Sakina

Presented by: Rana Jabir Abbas

کئے جاتے تھے۔ وہ حر کے چچا زاد بھائی تھے۔ ابن زیاد نے حضرت حر کو ایک ہزار لشکر کا سردار بنا کر امام حسین کے مقابلہ میں بھیجا تھا۔ روز عاشور یہی حر امام حسین کے لشکر میں شامل ہو کر لشکر یزید سے مصروف کارزار ہوا۔ اور درجہ شہادت پر فائز ہوا۔ لاش حر پر حضرت امام حسین نے نہایت شفقت کا مظاہرہ کیا۔ اور سر کو اپنی آغوش میں اٹھا لیا۔ جناب حر نے آنکھیں کھول کر چہرۂ امام پر نگاہ کی اور امام حسین کو بے بسی کے عالم میں چھوڑ کر جنت کا راستہ لیا۔[1]"

حضرت سعید بن عبداللہ :۔

وہ سعید وفادار سعید ازلی ہے [2]

انیس نے مذکورہ مصرعہ میں لشکر حسین کے سپاہی سعید کا ذکر کیا ہے۔

کوفہ کے معزز محبان علی میں آپ کا شمار ہوتا تھا۔ شجاعت و عبادت میں آپ کو ایک خاص درجہ حاصل تھا۔ نماز ظہر کے وقت امام حسین نے سعید و زہیر ابن قین کو بطور محافظ اپنے سامنے کھڑا کیا تھا۔ سعید نے یہ صورت اختیار کی کہ جو تیر آپ کی طرف آنے لگتا تھا اسے بڑھ کر اپنے اوپر روکتے یہاں تک کہ زخموں کی کثرت سے زمین پر گر کر جاں بحق ہو گئے۔[3]"

حضرت زہیر ابن قین :۔

---

[1] سید نجم الحسن : بہتر ستارے۔ ص ۱۴

[2] مراثی انیس : نول کشور جلد ۱ ص ۴۲

[3] سید علی نقی نقوی۔ شہید انسانیت ص ۴۵۹

تولی زہیر قین نے شمشیر بے نظیر [1]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں جناب زہیر قین کے جوش شجاعت کا تذکرہ کیا ہے آپ کوفہ کے رہنے والے تھے اور متعدد جنگوں میں شریک ہو چکے تھے۔ جب حج ادا کرنے کے بعد کوفے کی سمت واپس جا رہے تھے تو راستے میں امام حسین کا ساتھ ہو گیا اور وہیں سے امام حسین کے ساتھ کربلا کے لئے روانہ ہو گئے۔" مورخین کا اتفاق ہے کہ صبح عاشور جب امام حسین نے اپنے چھوٹے سے لشکر کی ترتیب دی تھی تو میمنہ جناب زہیر کے ہی سپرد کیا تھا۔ نماز ظہر کی جدوجہد میں بھی آپ کا بڑا حصہ ہے۔ آپ نے پے در پے دشمنوں پر کئی حملے کئے اور ایک سو بیس[120] اشقیا کو فنا کے گھاٹ اتار دیا اور بالآخر شہید ہوئے۔[2]"

ابوثمامہ صائدی :۔

بگڑے ابوثمامہ سعید فلک سریر [3]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں ابوثمامہ صیدادی کے لشکر یزید پر غیظ و غضب کے اظہار کا ذکر کیا ہے۔ آپ کا شمار حضرت علی کے صحابیوں میں تھا آپ نے حضرت علی کے ساتھ متعدد جنگوں میں شجاعت اور دلیری کا ثبوت دیا۔ حضرت علی کے بعد حضرت امام حسن کی خدمت میں رہے اور جب مسلم بن عقیل امام حسین کے سفیر بن کر کوفہ پہونچے تو ان کی پوری امداد کی۔ حضرت مسلم کی شہادت کے بعد روپوش رہے اور پھر حضرت امام حسین کی خدمت میں آ گئے۔ معرکۂ کربلا میں "نماز ظہر کے لئے آپ نے

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص ۱۴۸

[2] سید نجم الحسن : بہتر تارے۔ ص ۹۶

[3] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص ۱۴۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عین ہنگامہ کارزار میں امام حسین سے درخواست کی کہ نماز با جماعت ہونا چاہیئے چنانچہ امام مظلوم نے نماز پڑھائی۔ جنگ کے موقع پر شمشیر زنی کی بالآخر آپ کے چچازاد بھائی قیس ابن عبداللہ صائدی نے آپ کو شہید کر دیا۔"[1]

عابس بن ابی شبیب شاکری :-

ع عابس کو غیظ لشکر بدخو پر آ گیا [2]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں عابس بن ابی شبیب شاکری کی ہمت مردانہ کا ذکر کیا ہے۔ آپ کوفہ کے رئیس قوم اور عابد شب زندہ دار تھے۔ جناب مسلم بن عقیل کی کوفہ میں آپ نے بڑی مدد کی۔ کربلا پہونچ کر آپ نے غلام شوذب کو امام حسین پر قربان کر دیا۔ اور پھر امام سے اجازت لے کر خود بھی میدان کارزار میں اتر آئے اور آواز دی "کیا کوئی مرد میدان نہیں جو ایک مرد میدان کے مقابلہ کو نکلے مگر فوج یزید میں سے ایک بھی شخص باہر نہیں نکلا۔ عمر سعد نے کہا اس بہادر کو پتھروں سے مار لو۔ عابس نے خود زرہ بکتر اتار پھینک دیا اور تلوار سونت کر صف مخالف پر ٹوٹ پڑے۔ تھوڑی دیر کی جنگ کے بعد ایک بڑے حصہ لشکر نے ان کو چاروں طرف سے گھیر کر شہید کر دیا۔"[3]

ہلال ابن نافع :-

---

[1] سید نجم الحسن : بہتر ستارے ص۶۹
[2] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص۱۴۸
[3] سید علی نقی نقوی : شہید انسانیت، ص۴۷۲

ع غصہ سے بل ہلال کے ابرو پہ آ گیا [1]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں ہلال بن نافع کا ذکر کیا ہے اور ہلال کی مناسبت ابرو کو نظم کر کے اپنی شاعرانہ فن کاری کا ثبوت دیا ہے۔ آپ حضرت امیر علیہ السلام کے پروردہ تھے۔ جرأت و شجاعت نیز فن سپہ گری میں یگانہ روزگار تھے۔ علم حدیث اور فن کتابت میں مہارت کاملہ رکھتے تھے۔ اہل بیت محمد کی محبت میں اپنے پورے قبیلہ کے پیش رو تھے۔ جنگ جمل، صفین اور نہروان میں حضرت علی کے ہمرکاب تھے۔"[2] جب شب عاشور امام حسین موقع جنگ دیکھنے گئے تو آپ بھی ان کے ساتھ شریک تھے۔" میدان جنگ میں پہونچنے کے بعد بڑے بڑے بہادروں کو فنا کے گھاٹ اتار دیا۔ آپ کے ترکش میں اسّی تیر تھے جن سے ستّر دشمنوں کو قتل کیا۔ جب شمر نے دیکھا کہ ہلال قابو میں نہیں آتے تو چاروں طرف سے حملہ کر دیا یہاں تک کہ آپ کے بازو شکستہ ہو گئے اور آپ شہید کر دیئے گئے۔[3]

حضرت حبیب ابن مظاہر :-

ع جوڑا کماں میں ابن مظاہر نے ایک تیر [4]

میر انیس نے مذکورہ بالا مصرعہ میں حبیب ابن مظاہر کے عزم جہاد اور شجاعت کو نظم کیا ہے۔ یہ حضرت امام حسین کے بچپن کے دوستوں میں تھے۔ آپ کو خط لکھ کر

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ ص۱۴۸
[2] حسین بخش : اصحاب الیمین ص۸۸
[3] نجم الحسن : بہتر تارے ص۵۲-۵۳
[4] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص۱۴۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت امام حسین نے کربلا بلایا تھا۔ آپ اعلیٰ پائے کے محدث بھی تھے۔ حضرت محمدؐ اور حضرت علیؑ کے کارنامے اچھی طرح دیکھا تھا۔ امام اول کے ساتھ کئی لڑائیوں میں شریک ہونے کا شرف بھی حاصل تھا۔[1] حضرت امام حسین نے حبیب کو خط میں رجل الفقیہ لکھ کر مخاطب کیا تھا۔ چونکہ حبیب ابن مظاہر فقیہ تھے۔ علم فقہ کے ماہرین میں سے تھے[2] ظہر عاشور کے موقع پر حصین ابن نمیر کے یہ کہنے پر کہ حسین کی نماز قبول نہ ہوگی آپ نے بڑھ کر گھوڑے کے منہ پر ایک تلوار لگائی تھی اور پھر امام سے اجازت لے کر میدان میں نکلے اور نبرد آزمائی میں مشغول ہوگئے۔ یہاں تک کہ ساٹھ دشمنوں کو قتل کر کے شہید ہوگئے[3] حبیب کے لاشہ پر امام حسین نے کہا مجھے اپنی جان کی قسم لے حبیب آپ فاضل و قابل ترین شخصیت ہیں۔ آپ حافظ قرآن ہیں۔ آپ کو قرآن خوانی پر اتنی قدرت تھی کہ ایک رات میں پورے قرآن کی تلاوت کر لیتے تھے۔[4]

عامر بن ابی سلامہ والانی :-

؎ عامر سا جواں یاور فرزند علی ہے [5]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں عامر بن ابی سلامہ والانی کے ناصر امام ہونے کا ذکر کیا ہے۔ آپ حضرت امام حسین کے اعوان و انصار میں تھے "جب ابن زیاد نے

---

[1] حسین بخش : اصحاب الیمین ص۲۶

[2] " " : " " ص۲۶

[3] سید نجم الحسن : بہتر تارے ص۷۷

[4] سید اولاد حیدر فوق بلگرامی : ذبحِ عظیم ص۱۹۲

[5] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور ص۴۲

قیس جعفی کو کربلا جانے والے راستوں کی ناکہ بندی پر تعینات کیا تھا تاکہ کوئی شخص امام حسین کی مدد کے لئے نہ جا سکے لیکن جب عامر شوق شہادت کے خمار میں نکلا۔ اس کو روکنے کی کوشش کی گئی۔ اس شیر بیشۂ شجاعت نے ایک حملہ میں ان کے حوصلے پست کر دیئے اور وارد کربلا ہوئے اور روز عاشور درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔ یہ امیر المومنین کے مایہ ناز غلاموں میں سے تھے اور جنگ جمل اور صفین و نہروان میں حضرت شاہ ولایت کے ہمرکاب رہے۔[1] عامر نام کے چار جانبازوں کا ذکر تاریخ کربلا میں ملتا ہے[2] جو امام حسین کے لشکر میں شامل ہو کر شہید ہوئے۔ عامر بن حسانؑ۔ عامر بن خلیدہؑ عامر بن مالکؑ[3]۔ عامر بن مسلم عبدیؑ[4]۔

اسد کلبی :

؎ بولے اسد کہ زجر کے قابل ہیں یہ شریر [3]

میر انیسؔ نے مذکورہ مصرعہ میں اسد کلبی کے غیظ و غضب کا ذکر بڑے فنکارانہ انداز میں کیا ہے۔ جب حضرت امام حسین نے فضائے کربلا میں آخری استغاثہ بلند کیا تو "انصار" میں سے جن پندرہ آدمیوں کا نام لے کر پکارا ان میں سے ایک اسد کلبی بھی ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بھی شہدائے کربلا میں سے ہیں[4] اس کے علاوہ کہیں صراحت سے تاریخ میں کچھ نہیں ملتا۔

---

[1] حسین بخش : اصحاب الیمین ص۶۸

[2] " " : " "

[3] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص۱۴۸

[4] حسین بخش : اصحاب الیمین، ص۱۰

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت قاسم :-

ے قاسم ہیں نہ عباس نہ اکبر ہیں نہ اصغر [1]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں حضرت قاسم، حضرت عباس، حضرت علی اکبر اور حضرت علی اصغر کا ذکر ایک ساتھ کیا ہے۔ جناب قاسم امام حسن کے بھتیجے تھے۔ جنگ کربلا میں آپ کی عمر ۱۳ برس کی تھی۔" آپ میدان جنگ میں آئے تو دشمن کی فوج کے سپاہی کا بیان ہے کہ ایسا معلوم ہوا کہ چاند کا ٹکڑا نمودار ہو گیا [2] آپ نے میدان کارزار میں ہمت مردانہ کا ثبوت دیا۔ اور درجۂ شہادت پر فائز ہوئے آپ کی لاش فوج کی بھگدڑ سے پامال ہو گئی۔

حضرت عباس :-

ے قاسم ہیں نہ عباس نہ اکبر ہیں نہ اصغر [3]

حضرت عباس حضرت علی کے فرزند اور حضرت امام حسین کے بھائی تھے۔ آپ کی والدہ کا نام ام البنین تھا۔ میدان کربلا میں امام حسین نے آپ کو اپنے لشکر کا علمبردار بنایا تھا۔ آپ کو کربلا میں جہاد کی اجازت نہیں ملی۔ صرف پانی لانے کے لئے نہر فرات کی جانب روانہ ہوئے تھے۔" آپ اپنی کوشش میں کامیاب بھی ہوئے اور نہر پر پہونچ کر مشکیزہ بھر لیا۔ چونکہ آپ خود بھی بہت پیاسے تھے لیکن پانی پینے کے لئے چلو میں

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور ص۱۲

[2] سید علی نقی نقوی : شہید انسانیت ص۵۰۰

[3] مراثی انیس : جلد ۱، نول کشور ص۱۲

پانی بھر کر پھینک دیا۔ اور اسی طرح بھرا ہوا مشکیزہ سنبھالے نہر سے نکلے اور خیمہ گاہ کی طرف روانہ ہو گئے [1]" اسی وقت دشمنوں کے حملہ سے جناب عباس کے دونوں بازو کٹ گئے۔ مشک سکینہ پر تیر لگا اور سر پر گرز آہنی لگنے سے گھوڑے پر سے زمین پر گر پڑے آپ نے امام حسین کو آواز دی۔ امام حسین نے اس آواز کو سن کر جگر تھام لیا اور فرمایا الان انکسر ظہری۔ ہائے میری کمر ٹوٹ گئی۔

حضرت علی اکبر :-

ے قاسم ہیں نہ عباس نہ اکبر ہیں نہ اصغر [2]

آپ حضرت امام حسین کے منجھلے بیٹے تھے اور حضرت علی کی شہادت کے دو سال بعد مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کی والدہ کا نام ام لیلیٰ تھا اور" آپ صورت و سیرت میں پیغمبر اسلام کے بہت مشابہ تھے۔ آپ کا نام نامی علی ابن الحسین، کنیت ابو الحسن اور لقب اکبر تھا [3]" آپ کے حسن و جمال کی تعریف میر انیس نے یوں کی ہے ے

بیٹا بھی وہ دیا جو شبیہ رسول ہے [4]

جناب علی اکبر نے میدان کربلا میں ایک سو بیس [12] دشمنوں کو قتل کیا اور سینے پر برچھی کا پھل لگنے کے بعد گھوڑے سے زمین پر گرے اور امام حسین کو مدد کے لئے

---

[1] سید علی نقی نقوی : شہید انسانیت ص۵۰۹

[2] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور ص۱۲

[3] سید نجم الحسن : بہتر تارے ص۱۰۱

[4] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور ص۳۰

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پکارا۔ شہادت کے وقت آپ کی عمر اٹھارہ سال کی تھی۔

حضرت علی اصغر:-

قاسم ہیں نہ عباس نہ اکبر ہیں نہ اصغر [۱]

آپ حضرت امام حسین کے سب سے چھوٹے فرزند تھے آپ کی ماں کا نام رباب تھا۔ میدان کربلا میں آپ کی عمر تقریباً چھ ماہ تھی۔ یوم عاشور حضرت امام حسین کی آواز استغاثہ کو سن کر علی اصغر نے اپنے کو جھولے سے گرا دیا۔ خیمہ میں رونے کا کہرام برپا ہوا تو امام حسین نے اہل حرم سے رونے کا سبب پوچھا اور جب پورا واقعہ معلوم ہوگیا تو امام حسین حضرت علی اصغر کو گود میں لے کر فوج یزید کے سامنے آئے اور سوال آب کیا تو "سوال آب پر عمر سعد کے حکم پر حرملہ نے کمان میں تیر جوڑ کر علی اصغر کے گلے کو تاکا۔ "فانقلب الصبی یدی الامام" تیر کا لگنا تھا کہ حضرت علی اصغر امام حسین کے ہاتھوں پر ابدی نیند سو گئے۔" [۲]

حضرت عون ابن عبداللہ:-

عباس علی عون و محمد کو بلاؤ [۳]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں حضرت امام حسین کے بھانجوں یعنی جناب عون و محمد کا ذکر کیا ہے۔ حضرت عون حضرت امام حسین کے بھانجے تھے۔ آپ عبداللہ ابن جعفر کے

---

[۱] مراثی انیس : جلد ۱۔ نول کشور صد ۱۲

[۲] سید نجم الحسن : بہتر تارے صد ۱۰۳

[۳] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور صد ۵۰

فرزند تھے۔ آپ کی مادر گرامی زینب بنت علی تھیں۔ آپ جعفر طیار کے پوتے اور حیدر کرار کے نواسے تھے۔ "جب عون بن عبداللہ میدان میں آئے تو رجز کے اشعار پڑھے جس میں انہوں نے کہا کہ میں شہید اسلام حضرت جعفر طیار کا پوتا ہوں۔ آپ نے حملے شروع کر دیئے پیاسے ہونے کے باوجود تیس سوار اور اٹھارہ پیادوں کو واصل جہنم کیا۔" [۱]

حضرت محمد بن عبداللہ:-

عباس علی عون و محمد کو بلاؤ [۲]

آپ بھی حضرت امام حسین کے ساتھ اپنے بھائی جناب عون کی طرح معرکۂ کربلا میں شریک تھے۔ بعض مورخین کے نزدیک آپ بھی جناب زینب ہی کے بطن سے تھے۔ اور اپنے بھائی عون بن جعفر کے بعد میدان میں تشریف لائے اور دشمنوں سے نبرد آزما ہوئے۔ لیکن بعض مورخین کے نزدیک آپ کی والدہ کا نام خوصا بنت حفصہ بن ثقیف تھا۔ اپنی کمسنی کے باوجود آپ نے دس دشمنوں کو قتل کیا بالآخر آپ عامر ابن نہشان ملعون کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ [۳]

حضرت مسلم بن عقیل:-

مسلم مرے بھائی کی بھی کچھ تجھ کو خبر ہے [۴]

---

[۱] سید نجم الحسن : بہتر تارے صد ۹۴

[۲] مراثی انیس : جلد ۳ صد ۵۰ نول کشور

[۳] سید نجم الحسن : بہتر تارے صد ۹۵

[۴] مراثی انیس : جلد ۲ نولکشور صد ۶۶

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں جناب مسلم بن عقیل کے متعلق حضرت امام حسین کی قلبی بے چینی اور استفسار حال کا مضمون نظم کیا ہے۔ حضرت مسلم حضرت عقیل کے فرزند تھے اور حضرت علی کے بھتیجے تھے۔ حضرت امام حسین نے حضرت مسلم بن عقیل کو اپنا سفیر بنا کر کوفہ روانہ کیا تھا۔ جب جناب مسلم کوفہ پہونچے تو اٹھارہ ہزار اہل کوفہ نے حضرت مسلم کے ہاتھ پر بیعت کی۔ لیکن جب ابن زیاد والی کوفہ بن کر کوفہ پہونچا تو کوفے کا رنگ بدل گیا اور جناب مسلم کی گرفتاری کی تدبیر ہونے لگی۔ جب جناب مسلم ایک مومنہ طوعہ کے گھر پناہ گزیں تھے تو ابن زیاد نے محمد اشعث کی سرکردگی میں مسلم کی گرفتاری کے فوج روانہ کر دی۔ آپ نے ایک سخت حملہ کر کے دشمنوں کو گھر سے باہر نکال دیا۔ آپ نے جنگ جاری رکھی اور رجز پڑھنے لگے "میں نے قسم کھائی ہے نہ قتل ہوں گا مگر آزادی کی حالت میں[1]" بالآخر جناب مسلم کو فریب دیکر گرفتار کر لیا گیا اور ابن زیاد کے سامنے لایا گیا۔ ابن زیاد نے جناب مسلم کے قتل کا حکم دے دیا۔ اور بعد شہادت آپ کے پیروں میں رسّی باندھ کر آپ کی لاش کو گلیوں میں پھرایا گیا۔

دشمنانِ خدا و رسول

ابلیس :-

ع ناگاہ یہ ابلیس جفا کار پکارا[2]

---

[1] سید علی نقی نقوی : شہادت انسانیت ، ص۵۸۳

[2] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص۱۶

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں ابلیس کا ذکر کیا ہے جو انسان کو شر کی دعوت دیتا ہے۔ ابلیس کا تعلق قوم جن سے ہے۔ چونکہ اس دنیا میں انسانوں کی آبادی سے پہلے قوم جن آباد تھی اور ان میں باہمی قتل و غارت گری کی وجہ سے پروردگار نے اس قوم کے زمین پر تسلط کو ختم کر دیا۔ انھیں میں ایک جن تھا جس کا نام ابلیس تھا۔ فرشتے زمین سے اس کو آسمان پر اٹھا لائے۔ بزم ملائکہ میں ابلیس بھی رہ کر بندگیٔ معبود کرتا تھا لیکن جب پیکر آدمؑ کو سجدہ کرنے سے انکار کر دیا تو پروردگار نے اپنے حکم کی نافرمانی کے تحت اس کو جنت سے باہر نکالا اور وقتِ معلوم تک مہلت دیدی۔

شداد :-

ع شداد کو آخر کو نہ مہلت دی خدا نے[1]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں شداد جیسے با اختیار اور ذی اقتدار کا موت کے سامنے بے اختیار ہونے کا ذکر کیا ہے۔ شداد کا تعلق قوم عاد سے تھا۔ یہ حضرت ہود کے عہد نبوت میں موجود تھا۔ عاد کے دو بیٹے تھے۔ ایک کا نام شدید تھا اور دوسرے کا نام شداد تھا۔ دونوں ہی ہفت اقلیم کے بادشاہ تھے۔ شدید کی بادشاہت سات سو برس رہی۔ اس کے مر جانے کے بعد شداد بادشاہ ہوا۔ حضرت ہود سے شداد نے جنت کا ذکر سن کر زمین پر بھی ایک جنت بنوائی اور جب جنت بن کر تیار ہو گئی اور شداد جنت کا جائزہ لینے کے لئے جنت کے دروازے پر آیا تو جنت میں داخل ہونے سے پہلے ہی ملک الموت نے اس کی روح قبض کر لی۔ خدا کے مقابلے میں خدائی دعویٰ کرنے والے کا

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص۲۲۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہی حشر ہوتا ہے کہ اپنی ہی بنائی ہوئی جنت سے محروم رہ جاتا ہے۔

نمرود :۔

ع نمرود کو برباد کیا حرص و ہوا نے [1]

میر انیسؔ نے مذکورہ مصرعہ میں طاقت نمرود کو کمزور و تباہ کرنے میں اس کے حرص و ہوس کا ذکر کیا ہے۔ نمرود کنعان کا بیٹا تھا۔ اس کی مادری زبان عربی تھی اس نے شام و ترکستان بھی فتح کر کے ہندوستان اور روم پر بھی قبضہ کر لیا تھا۔ مشرق و مغرب اسکی فرمانروائی میں تھا۔ نمرود نے ایک ہزار سات سو برس دنیا پر بادشاہت کی اور رعایا پر خدا بن کر حکومت کرتا رہا۔ چونکہ یہ دور حضرت ابراہیم کا تھا۔ آپ نے اس کی جھوٹی خدائی سے انکار کیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ نمرود نے جناب ابراہیم کو دہکتی ہوئی آگ میں ڈال دیا لیکن قدرت الٰہی سے آتش گلزار ہوگئی۔ جناب ابراہیم بچ گئے اور نمرود کے حصّہ میں سوائے ذلت اور رسوائی کے کچھ نہ آیا۔

فرعون :۔

ع فرعون کو کس طرح کیا غرق خدا نے [2]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں فرعون کے دریائے نیل میں غرق ہو جانے میں درسِ عبرت کو نظم کیا ہے۔ یہ مصر کا بادشاہ تھا۔ اس نے بھی خدائی کا دعویٰ کیا۔ جب نجومیوں کے ذریعہ فرعون کو اطلاع ملی کہ بنی اسرائیل سے ایک ایسا بچہ پیدا ہوگا جو

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ ۔ نول کشور ص ۲۲۵
[2] " " : " " ص ۲۲۵

تیرے تخت حکومت کو الٹ دیگا۔ تو اس نے اس پیشن گوئی کے بعد بنی اسرائیل میں پیدا ہونے والے ستر ہزار بچوں کو تہ تیغ کروا دیا لیکن مصلحت الٰہی کے تحت بنی اسرائیل کے پیغمبر حضرت موسیٰ کی پرورش قصر فرعون میں ہوئی۔ زوجہ فرعون آسیہ نے آپ کو پالا جب جناب موسیٰ کے متعلق فرعون کو معلوم ہوا کہ یہ ہماری خدائی کے قائل نہیں تو فرعون نے حضرت موسیٰ اور قوم بنی اسرائیل پر بڑے بڑے مظالم کئے۔ آخر جناب موسیٰ مصر سے مدائن روانہ ہوئے۔ فرعون نے اپنے لشکر کے ساتھ جناب موسیٰ کا تعاقب کیا اور مع لشکر دریائے نیل میں غرق ہو کے فنا ہوگیا۔

قارون :۔

ع کیا ہوگئے قارون کے وہ چالیس خزانے [1]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں دولت کی بے ثباتی کو قارون کے کثیر خزانے کے فنا ہو جانے کو نمایاں کیا ہے۔ قارون حضرت موسیٰ کا خالہ زاد بھائی تھا فرعون نے اس کو بنی اسرائیل پر حاکم بنایا تھا۔ مال کی زیادتی کی وجہ سے وہ نہایت مغرور اور متکبّر تھا۔ اس کے پاس چالیس خزانے تھے جس کی کنجیاں ساٹھ خچروں پر بار ہوتی تھیں احکام الٰہی کی نافرمانی کرنے والے قارون نے جب جناب موسیٰ کی تضحیک کی تو حضرت موسیٰ نے اس کے حق میں بددعا کی جس کا اثر یہ ہوا کہ قارون مع اپنے خزانے کے زمین میں دھنستا چلا جا رہا تھا۔ قارون نے ستّر مرتبہ حضرت موسیٰ سے معافی مانگی مگر موسیٰ کا غصہ بڑھتا گیا۔

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص ۲۲۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابولہب

ے یہ خیر میں رسول وہ شر میں ابولہب [1]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں رسول کو خیر کی علامت اور ابولہب کو شر کی علامت قرار دیا ہے۔ حضرت عبدالمطلب کے تیرہ [13] لڑکوں میں ایک ابولہب بھی تھا۔ یہ ابتدا ہی سے اسلام دشمن تھا۔ اور آخر تک کفار قریش کی جماعت میں شریک رہا۔ مرسل اعظم پر مصائب و تکالیف ڈھانے میں پیش پیش تھا۔ پروردگار عالم نے قرآن مجید میں اس کے لئے کلمہ بد نازل فرمایا" اے ابولہب ٹوٹے تیرے ہاتھ اور اس کا ستیاناس ہو جائے [2]"۔ دعوت ذوالعشیرہ میں یہ بھی موجود تھا۔ جب مرسل اعظم نے اپنی نبوت کا اعلان کیا تو اس نے ہاتھ میں پتھر اٹھا کر شور مچانا شروع کیا۔ کیا تم نے ہم کو اسی کام کے لئے بلایا تھا۔ جواب میں سورۂ لہب نازل ہوئی تھی۔ اس کی بیوی بھی مرسل اعظم سے سخت عداوت رکھتی تھی۔ اور آپ کے سر مبارک پر بالائے بام سے کوڑا پھینکتی اور راستہ میں کانٹے بچھاتی تھی۔

عمر عبدود :۔

ے قتل اس کے ہاتھ سے عمر عبدود ہوا [3]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں حضرت علی کے ہاتھوں عرب کے ناقابل تسخیر

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص۳۳۸

[2] تفسیر قرآن : سورۂ لہب آیت ۱ مترجم ظفر حسین ص۲۲۸

[3] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص۲۷

شجاع عمر عبدود کے قتل کا ذکر کیا ہے۔ یہ عبدود کا بیٹا تھا۔ اس کا تعلق قوم یہود سے تھا۔ جنگ خندق میں لشکر اسلام کے مدمقابل آیا تھا۔ اس کی جرأت و ہمت کے بارے میں یہ مشہور ہے کہ کسی لڑائی میں اونٹ کے بچہ کو سپر بنا کر اپنا دفاع کرتا رہا۔ جنگ خندق میں حضرت علی کے ہاتھوں قتل ہوا۔

مرحب :۔

ے نے لات نے مرحب کو بچایا نہ ہبل نے [1]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں مرحب کی ہلاکت کا ذکر کرتے ہوئے باطل خداؤں کی بے بسی کا ذکر کیا ہے۔ مرحب عقیدے کے اعتبار سے یہودی تھا۔ اس کی شجاعت و دلیری کے بارے میں مشہور ہے کہ جنگ خیبر میں حضرت علی کے مقابلہ میں آیا تو دو زرہ، دو خود اور دو تلوار لئے ہوئے تھا۔ اس کی زبان پر رجزیہ فقرہ تھا۔" خیبر جانتا ہے کہ میں مرحب ہوں۔ میری ماں نے میرا نام مرحب رکھا ہے۔ اسی جنگ خیبر میں مرحب حضرت علی کے ہاتھوں قتل ہوا۔

عنتر :۔

ے عنتر کو جلایا ہے اسی تیغ اجل نے [2]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں ذوالفقار حیدری کی تعریف کرتے ہوئے عنتر کے فنا ہو جانے کا ذکر کیا ہے۔ عنتر مرحب کا بھائی تھا۔ اس کا شمار بھی نامور پہلوانوں میں

---

[1] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور ص۱۵۹

[2] " " : " " "

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تھا۔ جب حضرت علی نے باب خیبر کی چولیں ہلا دیں تو مدمقابل آنے والوں میں عنتر وہ شخص تھا جو مرحب سے پہلے آیا اور حضرت علی کے ہاتھوں قتل ہوا۔

یزید :۔

؎ جس دم یزید شام میں مسند نشین ہوا [1]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں زوال خلافت کی تاریخ کا نقطہ آغاز یزید کی مسند نشینی کو قرار دیتے ہوئے یزید کا تذکرہ کیا ہے۔

یزید امیر معاویہ کا فرزند تھا۔ برسر اقتدار آنے کے بعد اس نے حضرت امام حسین سے بیعت کا مطالبہ کیا۔ اور حسین کے انکار بیعت کے نتیجہ میں یزید نے حسین اور اہل بیت رسول پر وہ مظالم کیے جس کی نظیر تاریخ عالم میں کہیں نہیں ملتی۔ یزید کی ماں کا نام میسونہ بنت بجدل کلبیہ تھا۔ یزید کا نعرہ تھا۔ "دین محمد ایک کھیل اور بنی ہاشم کی اختراع کے علاوہ کچھ اور نہیں۔ یہ نہایت فاسق، فاجر، ظالم اور بد طینت شخص تھا۔ اس کی بدکرداری اور خباثت پر تمام علماء اسلام کا اتفاق ہے۔

پسر سعد :۔

؎ خوش ہو کے پکارا پسر سعد جفا کار [2]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں لشکر یزید کے سپہ سالار پسر سعد کا ذکر کیا ہے اس کا نام عمر تھا۔ سعد کا فرزند ہونے کی وجہ سے اس کو پسر سعد یا ابن سعد بھی کہتے ہیں۔ یہ

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ ، نول کشور صـ۴۳

[2] " " : جلد ۱ " " صـ۲۱۵

لشکر یزید کا سب سے بڑا سردار تھا اور حکومت 'رے' کی لالچ کے تحت کربلا میں امام حسین کا سر قلم کرنے کے لئے چالیس ہزار فوج لے کر آیا تھا۔

شمر بن ذالجوشن :۔

؎ شمر آیا سناں آیا حر آیا عمر آیا [1]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں شمر بن ذالجوشن، سناں بن انس، حر بن یزید الریاحی اور عمر سعد کا کربلا کے میدان میں وارد ہونے کا ذکر کیا ہے۔ شمر ذالجوشن کربلا میں تمام مظالم میں برابر کا شریک تھا۔ اسی نے سجدے کی حالت میں حضرت امام حسین کے سر کو قلم کیا تھا۔

حصین ابن نمیر :۔

؎ حصین ابن نمیر روسیاہ نے تب کہا ہنس کر [2]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں حصین ابن نمیر دشمن آل محمد کا ذکر کیا ہے۔ حصین ابن نمیر نے حبیب ابن مظاہر کا سر تن سے جدا کر کے گھوڑے کی گردن میں لٹکایا تھا۔ اور بعض کے نزدیک اسی ملعون نے حضرت علی اکبر پر نیزے سے وار کیا تھا جس سے آپ گھوڑے سے زمین پر گر پڑے تھے [3]

حرملہ بن کاہل اسدی :۔

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور صـ۴۱

[2] " " : " ۲ " " صـ۳۵۷

[3] علامہ باقر مجلسی : بحار الانوار۔ جلد ۱ صـ۵-۲۴۹ ۔ مترجمہ طیب آغا جزائری

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ے نکلا پرے سے حرملۂ خانماخراب [1]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں حرملہ کے ظلم و ستم پر اسکے خانماخراب ہونے کا ذکر کیا ہے۔ حرملہ عرب میں چالیس پہلوانوں کے برابر سمجھا جاتا تھا۔ اس کا تعلق قبیلۂ بنی اسد سے تھا یہ عرب کے مشہور تیر اندازوں میں تھا۔[2] امام حسین نے لشکر یزید کے سامنے جب حضرت علی اصغر کو ہاتھوں پر لے کر سوال آب کیا تھا تو پسر سعد نے اسی ملعون جس کا نام حرملہ تھا حکم دیا تھا کہ حسین کے کلام کو قطع کردے۔ حرملہ نے تین پھل کا تیر معصوم علی اصغر پر مارا اور علی اصغر شہید ہو گئے۔

سنان :-

ے شمر آیا، سنان آیا، حر آیا، عمر آیا [3]

میر انیس نے مذکورہ مصرعہ میں شمر، حر، اور عمر سعد کے ساتھ ظالم اور شقی سنان کا بھی ذکر کیا ہے۔ جب حضرت امام حسین پشت فرش سے زمین کربلا پر تشریف لائے تو "امام کو شہید کرنے بہت سے لوگ چلے مگر بے ہمت ہو کر لوٹ آئے۔ پھر دو آدمی رہ گئے۔ ایک سنان ابن انس، دوسرا شمر بن ذوالجوشن۔[4] دوسری روایت کی روشنی میں یہی وہ ملعون[5] ہے کہ جب امام حسین پشت فرس پر ڈگمگا رہے تھے تو اس نے ایک نیزہ گردہ پر مارا اور دوسرا سینۂ مبارک پر مارا اور ایک تیر گلوئے مبارک پر لگایا۔

---

[1] مراثی انیس : جلد ا نول کشور صـ ۸۸

[2] تاریخ شہادت علی اصغر : صـ ۶۵-۶۴ مصنف سید آغا مہدی

[3] مراثی انیس : جلد ا نولکشور صـ ۴۱

[4] فیروز حسین قریشی : جامع التواریخ فی مقتل الحسین جلد ا صـ ۲۲

[5] علامہ باقر مجلسی : بحار الانوار جلد ا صـ ۲۷۹ مترجمہ سید طیب آغا جزائری

http://fb.com/ranajabirabbas

باب ششم

واقعاتِ کربلا کا تاریخی منظر نامہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

میر انیس نے واقعہ کربلا کے منظر نامے میں تمام عوامل کو مدنظر رکھا[۱]۔ اور تصورات، معتقدات اور واقعیت کی خلیج کو اپنی غیر معمولی فنی و تخلیقی بصیرت کے ذریعہ نہ صرف عبور کیا ہے بلکہ وہ صراط مستقیم تیار کر دی ہے جو آئندہ نسلوں کو فنی گمرہی سے محفوظ رکھے گی۔ انہوں نے تاریخ فلسفہ اور مذہب کے درمیان باہمی توازن برقرار رکھتے ہوئے اپنے تخلیقی و فنی جوہر کی نادر مثالیں پیش کر دی ہیں جن میں بعض اہم مباحث کی نشاندہی زیر نظر باب میں کی گئی ہے۔

میر انیس نے واقعہ کربلا کی تعبیر و تشریح میں خیر و شر کا رزم نامہ تیار کیا ہے۔ خیر و شر کے درمیان تصادم کسی مخصوص دور تک محدود نہیں ہے بلکہ ہر دور میں یہ جنگ برقرار رہی ہے۔ البتہ اس کے عنوان وقت کے تقاضوں کے اعتبار سے بدلتے رہے ہیں۔ قبل تاریخ کے دور سے عصر حاضر کے خیر و شر کے تصادم پر نظر ڈالی جائے تو بقول گوپی چند نارنگ اسلام کی تاریخ میں بالخصوص اور انسانیت کی تاریخ میں بالعموم کوئی قربانی اتنی عظیم، اتنی ارفع اور اتنی مکمل نہیں ہوئی جتنی حسین ابن علی کی شہادت جو کارزار کربلا میں واقع ہوئی۔ پیغمبر اسلام محمد مصطفےٰ کے نواسے اور سیدۃ النساء اور حضرت علی مرتضیٰ کے جگر گوشہ حسین کے گلے پر جس وقت چھری پھیری گئی اور کربلا کی سرزمین انکے خون سے لہولہان ہوئی تو درحقیقت وہ خون ریت پر نہیں گرا بلکہ سنت رسول اور دین ابراہیمی کی بنیادوں کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے سینچ گیا۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہ خون ایک ایسے نور میں تبدیل ہو گیا جسے نہ کوئی تلوار کاٹ سکتی ہے۔ نہ نیزہ چھید سکتا ہے اور نہ زمانہ مٹا سکتا ہے۔ اس نے مذہب اسلام کو جس کی حیثیت اس وقت ایک نوخیز پودے کی سی تھی استحکام

بخشا اور وقت کی آندھیوں سے ہمیشہ کے لئے محفوظ کر دیا[۱]۔"

جب ٹکراؤ دو متضاد اصولوں میں ہوتا ہے تو مصالحت کے امکانات ختم ہو جاتے ہیں۔ کربلا کی جنگ حقیقتاً دو مختلف نظریات کی جنگ تھی۔ ایک نظریہ کا علمدار یزید تھا جس کا اعلان تھا کہ "دین محمدؐ ملک گیری کے لئے بنی ہاشم کا ایک کھیل ہے۔ نہ کوئی خبر آئی نہ کوئی وحی نازل ہوئی[۲]" اور دوسری طرف حق پرستی، حق شناسی اور قیام حق و صداقت کے علم بردار حسین تھے۔ "حسین کا فلسفۂ زندگی وہی تھا جس کی امام حسین کو آپ کے والد بزرگوار حضرت علی ابن ابی طالب کی طرف سے —— مخصوص وصیت ہوئی تھی کہ "سچائی کتنی ہی تلخ کیوں نہ ہو۔ اس پر قائم رہو اور ہر مشکل کا مقابلہ کرو"[۳]۔

امیر معاویہ کی وفات کے بعد جب یزید برسر اقتدار آیا تو اس نے والئ مدینہ ولید کو ایک خط لکھا۔ اس خط میں تو صرف امیر معاویہ کے وفات کی اطلاع ہے" اور اس کے ساتھ ایک چھوٹا سا پرچہ بھی ابن ولید کو بھیجا گیا جس کا مضمون یہ تھا "حسین اور عبداللہ ابن عمر اور عبداللہ ابن زبیر کو پہلے بیعت پر سختی سے مجبور کرو۔ اور بغیر بیعت لئے ہوئے انھیں ذرا بھی موقع نہ دو۔ والسلام[۴]"

یزید کے حکم کی تعمیل میں ولید نے حضرت امام حسین کو شب میں طلب کیا اور یزید کا پیغام سُنایا اور مطالبۂ بیعت کیا تو آپ نے جواب دیا کہ مجھ جیسا شخص خفیہ بیعت نہیں کر سکتا۔ عام لوگوں کو اس مقصد کے لئے جمع کیجئے۔ میں بھی ان کے ساتھ آؤں گا"[۵]

---

[۱] گوپی چند نارنگ : سانحۂ کربلا بطور شعری استعارہ۔ ص۱۸۱
[۲] غلام حسین نجفی : کردارِ یزید ص۲۱۹ سید سعید اختر۔ کربلا شناسی ص۲۵
[۳] سید علی نقی نقوی : شہید انسانیت ص۲۰۱
[۴] " " " : " ص۲۰۴
[۵] عمر ابوالنصر : الحسین ص۵۲ مترجمہ شیخ محمد احمد

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب امام حسین فیصلہ کو دوسرے دن پر چھوڑ کر جانے لگے اور مروان بن حکم نے حسین کا یہ طرزِ عمل دیکھا تو بول اٹھا۔" ولید کیا غضب کرتے ہو اگر حسین اس وقت تمھارے ہاتھ سے نکل گئے، اور بیعت نہ کی تو ایسا موقع ہاتھ نہ آئے گا۔ بہتر ہے کہ ان کو گرفتار کر لو۔ یہ گھر سے نہ جانے پائیں جب تک کہ بیعت نہ کر لیں یا قتل نہ کر دیئے جائیں ـــ یہ سن کر امام حسین کو غصّہ آگیا اور یہ کہتے ہوئے اٹھ کھڑے ہوئے کہ کیا مجال ہے تیری یا ولید کی جو مجھے قتل کرے۔ غلط کہا تو نے، بخدا اور گنہگار ہوا۔"[1]

اپنے دور کی سب سے برگزیدہ شخصیت حضرت امام حسین اگر یزید کی بیعت کر لیتے تو یزید کے کردار و اعمال کو فرزند رسول کی اطاعت کے بعد یقیناً حق بجانب ہونے کی سند مل جاتی اور یزید اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاتا۔ مناسب ہوگا کہ اصرار بیعت و انکار بیعت پر غور کر لیا جائے۔

اگر امام حسین بیعت کر لیتے تو ......

۱۔ خیر نے شر کی بیعت کر لی۔

۲۔ یزید کے تمام کردار و عمل کے لئے سند مہیا ہو جاتی اور اس کے دعویٰ خلافت کے پیش نظر وہی کردار و عمل اسلام کے نمائندہ کرداروں میں شامل ہو جاتا۔

۳۔ دینی اقدار [illegible] قناعت، تسلیم و رضا وغیرہ آئینی افسانہ بن جاتے اور بوالہوسی، سرکشی اور تشدد سکۂ رائج الوقت تو بنتا ہی دل سے خراج عقیدت بھی لے لیتا۔

لیکن امام حسین نے بیعت سے انکار کر کے ثابت کر دیا کہ:۔

۱۔ ایمان کی کائنات بہت وسیع اور مستحکم ہے۔

[1] [illegible] علی نقی نقوی: شہید انسانیت ص۲۰۸

۲۔ خیر بظاہر کمزور سہی لیکن طاقت کا حقیقی سرچشمہ اسی میں ہے

۳۔ مادّی وسائل کا تعلق جس حیات سے ہے اس کے بعد ایک مستقل حیات ہے جو ایمان سے آب و غذا حاصل کرتی ہے۔ یہی وہ حیات ہے جو ظالم کی دسترس سے بہت دور رہی اور رہتی دنیا تک سنجیدہ اذہان فکری کا سرمایہ قرار پائی۔

۴۔ خلافت کی آڑ لے کر بھی ملوکیت اسلام کی نقیب نہیں بن سکی اس لئے کہ ملوکیت اور اسلام دو الگ الگ حقیقتوں کے نام ہیں۔

اب اگر حضرت امام حسین مدینہ ہی میں قیام کرتے تو اس کی ذمہ داری کون لیتا کہ مدینۂ رسول کی حرمت قائم رہ جائے گی۔ اور یہ زمین خون حسین سے رنگین نہ ہوگی حسین کے سامنے اپنے بھائی کا کردار تھا کہ جب حضرت امام حسن خلق مجسّم ہو کے ان کے مظالم سے محفوظ نہ رہ سکے تو یہ فرزند رسول سمجھ کر مجھے کیسے چھوڑ دیں گے۔ لہٰذا حسین نے اس حقیقت کو محسوس کرتے ہوئے یہ فیصلہ کیا کہ جس طرح امام حسن کی شہادت سے انکار کیا جاتا رہا ہے اور اصل قاتل کا چہرہ چھپا رہا، میں اپنے اقدام سے ظالموں اور قاتلوں کو بے نقاب کر دوں گا۔ اسی لئے مدینہ کی گلیوں کو چھوڑ کر آپ نے کربلا کے میدان کا انتخاب کیا۔ اور مقصد کی یہی وہ عظیم فتح تھی جس کو حسین نے سر کٹا کر حاصل کیا۔ ولید کے دربار سے واپس آنے کے بعد حسین نے سامان سفر طے کیا اور منزل مقصود کے لئے تیار ہو گئے تاکہ نانا کا دین محفوظ رہ سکے جیسا کہ روایت میں ہے کہ "اگلے دن ۲۸ رجب ۶۰ھ رات کے وقت حضرت امام حسین بھی اپنے بیٹوں، بہنوں، بھتیجے، بھانجوں اور دوسرے اہل بیت کو لے کر مدینہ سے مکہ کو روانہ ہو گئے اور جب وطن چھوڑ رہے تھے تو آپ کی زبان مبارک پر قرآن کی وہی آیت تھی کہ جب جناب موسیٰ خوف و ہراس کے عالم میں شہر سے باہر نکلے تو آپ کی زبان پر یہ فقرہ تھا ـــ خدایا مجھے ظالموں

[1] عمر ابو النصر: الحسین، ص۵۳ مترجم محمد احمد پانی پتی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے نجات دے [1]"

چونکہ حسین ذمہ دار دین تھے لہٰذا آپ کا کوئی عمل آیات قرآنی کے خلاف نہیں ہو سکتا تھا۔ اسی لئے شاعر مشرق علامہ اقبال نے کہا ؎

رمز قرآں از حسین آموختیم
ز آتش او شعلہ ہا اندوختیم [2]

امام حسین کا اقدام فقط دفاعی نہیں تھا بلکہ ظالموں اور جابروں کے خلاف ایک مسلسل جہاد اور روح اسلام کی بازیابی اور آئین شریعت کا تحفظ بھی تھا۔ لہٰذا قرآن و شریعت سے انحراف کو اپنے جہاد کا ہدف احتجاج بناتے ہوئے یزید سے برسرپیکار ہوئے۔ چونکہ ارشاد الٰہی ہے کہ "حدود الٰہی سے تجاوز کرنے والوں کی اطاعت نہ کرو۔ یہ وہ لوگ ہیں جو روئے زمین پر فساد برپا کرتے ہیں۔ اور اصلاح نہیں کرتے۔" [3]

دوسرے مقام پر پروردگار اس حقیقت کو یوں بیان کر رہا ہے "جو لوگ بندگانِ خدا پر ظلم کرتے ہیں اور زمین پر ناحق فتنہ و فساد کرتے ہیں ان کے خلاف آواز بلند کرنا ہر شخص کا فریضہ ہے۔" [4]

انھیں آیات کے پیش نظر جب امام حسین کے خطبہ کا جائزہ لیا جائے جو آپ نے لشکر یزید سے مخاطب ہو کر فرمایا تھا تو امام حسین کے مقصد کی صحیح ترجمانی ہوتی ہے

---

[1] سید یحییٰ نوری : مترجم سید ذیشان حیدر جوادی۔ فلسفۂ انقلاب حسین ص ۹۵
[2] علامہ اقبال : رموز بیخودی، ص - ۱۲۸
[3] قرآن : سورۃ شعراء آیت ۵۲ - ۵۱
[4] قرآن : سورۂ شوریٰ - آیت ۴۲

آپ نے لشکر یزید سے مخاطب ہو کر یوں کہا :-

" اے لوگو! رسول خدا نے ارشاد فرمایا ہے کہ جو کوئی ایسی حکومت کو دیکھے جس نے ظلم و جور کو اپنا شعار بنا لیا ہو اور قوانین الٰہی سے تجاوز کر رہا ہو، سنت رسول کے خلاف عمل پیرا ہو ——— تو اس پر واجب ہے کہ اپنے گفتار و کردار سے اس کے ظلم و ستم کا سدّباب کرے۔ جو کوئی یہ فرض پورا نہ کرے تو خداوند قدوس کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اس شخص کو اس حکومت کے ارکان کے ساتھ عذاب میں مبتلا کر دے۔ ——— پھر فرمایا کہ جان لو یہ لوگ (یزید اور اس کے معاونین) کھلّم کھلّا دین اسلام کو تباہ و برباد کر رہے ہیں اور خدا نے جو حلال کیا تھا اس کو حرام اور جو حرام کیا تھا اس کو حلال قرار دے رہے ہیں۔" [1]

اصحاب رسول کے مرثیے آج بھی "رجال و سیرت کی کتابوں میں درج ہیں۔ استعاب ابن عبد میں حضرت حمزہ عم رسول اعظم، عثمان بن مطعون، سعد بن معاذ، ابو فراش وغیرہ کے تراجم میں ایسے مراثی کا تذکرہ ملتا ہے۔ الدرۃ فی المغازی والمراثی العقد الفرید میں ابن عبداللہ نے صحابۂ کرام، تابعین کے غم انگیز مراثی اور دردناک نوحے درج کئے ہیں۔" [2] رسول نے اپنے عم محترم حضرت حمزہ کی شہادت پر آنسو بہانے اور گریہ کرنے اور اس پر نوحہ و ماتم و مرثیہ پڑھنے کو اپنی سنت بنا کر شہید کے غم میں مرثیہ کہنے کا جواز مہیا کر دیا ——— " ابن مسعود صحابی سے مروی ہے کہ جب رسول حضرت حمزہ کی لاش پر پہونچے تو آپ بلند آواز سے یہ نوحہ فرماتے تھے ۔ اے حمزہ، اے رسول کے چچا، اے خدا کے شیر، اے خدا کے رسول کے شیر، اے حمزہ، اے نیکیوں کو بجا لانے والے حمزہ

---

[1] طبری : جلد ۴ ص ۳۰۴
[2] سید یحییٰ نوری (مترجم سید ذیشان حیدر جوادی) فلسفۂ انقلاب حسین ص ۳۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اے مصیبتوں کو دور کرنے والے، اے حمزہ، اے رسول سے کرب و مصیبت ہٹانے والے۔"[1]

دین کی راہ میں جناب حمزہ کی شہادت اور مظلومیت اپنے دور میں انہیں سید الشہداء بنا گئی لیکن جب مظلومیت اپنی پوری ہمہ گیری کے ساتھ واقعہ کربلا میں ظہور پذیر ہوئی تو تا صبح قیامت تک کے لئے حسین سید الشہداء ہو گئے اور سنت رسول کی اتباع میں حسین پر گریہ بقائے دین اور اشاعت اسلام کا مستقل ذریعہ ہو گیا۔ چنانچہ انیس نے واقعہ کربلا کے مفصل خاکے کو اپنے مرثیہ کا موضوع بنا کر ادب کی عظیم خدمت کے ساتھ ساتھ رسول کرام کی سنت اور صحابہ کرام کی سیرت کو بھی زندہ رکھا۔

واقعہ کربلا تاریخ میں بھی ہے اور مقاتل میں بھی لیکن اس سے یہ خیال نہ پیدا ہونا چاہیئے کہ مقاتل تاریخ سے الگ کوئی چیز ہے بلکہ "مقتل تاریخ ہی کے ایک جز کا نام ہے۔ تاریخ کے دامن میں ہر خشک و تر اور ہر امر دین و دنیا کا انبار لگا رہتا ہے علمائے اعلام نے واقعات کربلا کی مستقل اہمیت کے پیش نظر اس حصہ کو تاریخ سے الگ کر کے از سر نو مرتب کر دیا اور اسے مقاتل کا نام دے دیا ہے ورنہ یہ براہ راست تاریخ کا ایک جزو تھا۔ جسے کسی طرح بھی اس سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔"[2]

چونکہ واقعۂ کربلا امام حسین کی مدینے سے روانگی اور اہل حرم کا مدینہ واپس آنا تمام واقعات کو اپنے دامن میں لئے ہوئے ہے۔ زیر نظر باب میں تمام تفصیلات کا شامل کرنا بہت دشوار ہے اور اس مختصر باب میں وہ تمام تاریخی مناظر نہیں پیش کئے جا سکتے جو واقعات کربلا کا جزو ہیں۔ واقعات کربلا کو تسلسل کے ساتھ امیر احمد علوی نے اپنی کتاب

[1] سید سعید اختر رضوی : کربلا شناسی ص ۱۲۴

[2] سید ذیشان حیدر جوادی : قمر بنی ہاشم ص ۲۴

'واقعات کربلا'، اور پروفیسر مسعود حسن رضوی ادیب نے 'رزم نامہ انیس' میں پیش کیا ہے۔

میر انیس نے ان تمام واقعات کو اپنے کلام میں جگہ دی ہے جو معتبر تاریخ اور مستند مقاتل میں موجود ہیں۔ یہ اعتراض درست نہیں ہے کہ انیس نے تاریخ سے انحراف کر کے اپنے ذہنی اختراع سے ایسے واقعات نظم کر دیئے ہیں جن کی سند معتبر کتب تاریخ سے فراہم نہیں کی جا سکتی۔ بلکہ صحیح صورت حال یہ ہے کہ شاذ و نادر واقعات کو انیس نے اپنی عظیم تخلیقی و فنی صلاحیتوں کے ذریعہ ان کا ایسا دلکش منظر پیش کیا ہے کہ بادی النظر میں اس کا اندازہ نہیں ہو پاتا کہ کتب تاریخ کی سیر کی جا رہی ہے یا انیس کے چشمۂ فیض سخن سے سیراب ہو کر قارئین وجد کی کیفیت محسوس کر رہے ہیں۔ چونکہ تاریخ کی بعض کڑیاں ایسی ہوتی ہیں کہ جن کو شاعر اپنے چشم تصور سے دیکھ کر نظم کر دیتا ہے۔ میر انیس کا کمال یہ ہے کہ واقعات کو نظم کے سانچے میں یوں ڈھال دیا ہے کہ روایت کی روح نہیں بدلی لیکن پیکر ضرور بدل گیا ہے اس لئے کہ انیس شاعر تھے مورخ نہیں۔

کلیم الدین احمد نے اپنی نئی کتاب "میر انیس"[1] میں انیس کی شاعری کے نقائص کو نمایاں کرنے کی ناکامیاب کوشش کی ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ کلیم الدین احمد مرثیہ کی حقیقی روح سے ناآشنا ہیں۔ میر انیس پر اعتراضات کی شکل میں اٹھائے گئے سوالات کے آئینے میں مرثیہ کے پلاٹ میں متحرک قدروں سے خود کلیم الدین احمد کی ناواقفیت بہت صاف دیکھی جا سکتی ہے۔ اس منزل پر کسی مزید بحث کو چھیڑنا راقم الحروف کے موضوع سے بالکل الگ ہے۔ اس سلسلے میں موصوف کے میر انیس سے متعلق اعتراضات کا مکمل جواب پروفیسر عقیل رضوی نے اپنی کتاب "مرثیہ کی سماجیات"[2] میں دیا ہے۔

تلاش بسیار کے باوجود بعض واقعات ایسے ہیں کہ جن کی سند تاریخ سے نہیں تلاش کی جا سکتی۔ ممکن ہے کہ آئندہ کی تحقیق و تلاش میں یہ مسئلہ بھی حل ہو جائے۔ سر دست ان میں سے بعض واقعات کی اس باب کے آخری جز میں نشاندہی کی جائے گی۔ (بقول ڈاکٹر فضل امام):۔

"انیس ہی کی عظمتیں ہیں جہاں ہر مرثیہ "ضرب لا فتیٰ" کا نیا شاہکار نظر آتا ہے اور مستقبل کی اردو نظم کی بے پناہ وسعتوں کا پیش رو بھی قرار پاتا ہے۔"[3]

[1] کلیم الدین احمد : میر انیس

[2] سید محمد عقیل رضوی : مرثیہ کی سماجیات ص ۱۶۷ تا ۱۸۷

[3] فضل امام : انیس، شخصیت اور فن ص ۳۲۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

موجودہ باب میں کلام انیس کی روشنی میں واقعۂ کربلا کا ترتیب وار جائزہ لیتے ہوئے مدینہ سے امام حسین کی روانگی، مدینہ سے مکہ اور مکہ سے کربلا کا سفر، درمیان کے واقعات، بندش آب، معرکۂ کارزار، جانبازوں کی شہادت، تاراجیٔ خیام، اسیریٔ اہل حرم، قید سے رہائی کے مناظر پیش کئے گئے ہیں۔

واقعہ کربلا کی پیشین گوئی

پھر پھر کے دیکھتے تھے شہنشاہِ مشرقین ۔۔۔ گہ جانبِ حسن تو کبھی جانبِ حسین
بیٹھے جو زانوؤں پہ وہ زہرا کے نورِ عین ۔۔۔ تھا تن کو لطف قلب کو راحت جگر کو چین
جھک جھک کے منہ رسول زمن چومنے لگے
ان کا گلا تو ان کا دہن چومنے لگے [1]

رسول کے اس عمل پر جب فاطمہ نے دریافت کیا کہ آپ حسن کے دہن اور حسین کے گلے کو کیوں بوسہ دے رہے ہیں تو رسول نے جواب دیا۔ ے

بولے جگر کو تھام کے محبوبِ ذوالجلال ۔۔۔ تجھ سے سُنا نہ جائے گا اے فاطمہ یہ حال
کس منھ سے میں کہوں کہ قلق ہے مجھے کمال ۔۔۔ زہرا شہید ہوئیں گے تیرے یہ دونوں لال
ماتم کی یہ خبر ابھی جبرئیل لائے تھے
سارے ملک حسین کے پرسے کو آئے تھے [2]

انیس نے مذکورہ بند میں وہ منظر پیش کیا ہے جو اس روایت کا ترجمان ہے جس میں

[1] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور ص ۳۸۵
[2] 〃 〃 : 〃 ۱ 〃 〃 ص ۳۸۸

زید بن ارقم کے حوالے سے وارد ہوا ہے کہ "میں نے کئی بار دیکھا کہ رسول خدا اپنے ایک زانو پر حضرت حسن کو اور دوسرے زانو پر حضرت حسین کو بٹھائے ہوئے تھے۔ حسن کے منھ کا اور حسین کے گلے کا بوسہ لے رہے تھے [1] اور یہی روایت حضرت ام سلمہؑ سے یوں بھی ہے دوسرے مقام پر وارد ہوا ہے کہ جب رسول خدا سے جناب فاطمہ زہرا نے امام حسن کا دہن چومنے اور امام حسین کا گلا چومنے کا سبب پوچھا تو پیغمبر اسلام نے جواب دیا کہ یہ تمہارے دونوں بچے شہید کئے جائیں گے اور حسن کے جگر کے بہتر ٹکڑے زہر کے اثر سے دہن اقدس سے گریں گے اور حسین کے گلوئے خشک پر خنجر چلے گا۔ جب حضرت ختمی مرتبت نے حضرت فاطمہ سے ان کے چھوٹے بیٹے کی شہادت کا تذکرہ فرمایا تو جناب سیدہ بہت تڑپیں، بہت روئیں۔ کہا۔ بابا کیا یہ واقعہ جب پیش آئے گا تو آپ ہوں گے۔ پیغمبر نے کہا "نہیں"۔ علی ہوں گے۔ "نہیں"۔ میں ہوں گی۔ "نہیں"۔ کہا کہ (بابا) پھر کون ہوگا۔ جو میرے حسین کی مصیبت پر روئے گا، ماتم کرے گا، کفن و دفن کون کرے گا۔ جواب میں جناب رسالتمآب نے فرمایا۔ اے فاطمہ میری امت کی عورتیں میرے اہل بیت کی عورتوں پر اور میری امت کے مرد اہل بیت پر روئیں گے اور ایک گروہ بعد ایک گروہ کے میرے شیعوں سے ہر سال تیرے فرزند کے غم کو تازہ رکھے گا۔ [3]

مدینہ سے روانگی

فرزند پیمبر کا مدینہ سے سفر ہے ۔۔۔ سادات کی بستی کے اجڑنے کی خبر ہے

[1] حسین بخش : اصحاب الیمین ص ۲۶۸
[2] علامہ مجلسی : بحار الانوار ج ۱ ۔ مترجم طیب آغا جزائری ص ۴۲
[3] 〃 〃 : 〃 〃 〃 ص ۲۶-۱۲۶ 〃 〃 〃

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

در پیش ہے وہ غم کہ جہاں زیر و زبر ہے　　گل چاک گریباں ہے صبا خاک بسر ہے
گل رُو صفتِ غنچہ کمربستہ کھڑے ہیں
سب ایک جگہ صورتِ گلدستہ کھڑے ہیں [1]

امام حسین کا مدینہ سے روانگی کے وقت قبر رسول خدا، قبر جناب فاطمہ اور قبر امام حسن سے رخصت ہونے کا عزم ہے

رخصت کو ابھی قبر پیمبر پہ ہے جانا　　کیا جانیئے پھر ہو کہ نہ ہوئے مرا آنا
اماں کی لحد پر ابھی ہے اشک بہانا　　اس مرقدِ انور کو ہے آنکھوں سے لگانا
آخر تو لیئے جاتی ہے تقدیر وطن سے
چلتے ہوئے ملنا ہے ابھی قبر حسن سے [2]

بھائی حسن کی قبر سے رخصت ہونے کے بعد حسین اپنی دختر فاطمہ صغریٰ سے جو بیماری کی وجہ سے باپ کے سفر میں ہمراہ نہ ہو سکی رخصت ہونے لگے تو جناب صغریٰ نے باپ سے منت کی ہے

وہ بات نہ ہو گی کہ جو بے چین ہو مادر　　ہر صبح میں پی لوں گی دوا آپ بنا کر
دن بھر مری گودی میں رہیں گے علی اصغر　　لونڈی میں سکینہ کی نہ سمجھو مجھے دختر
میں یہ نہیں کہتی کہ عماری میں بٹھا دو
بابا مجھے فضہ کی سواری میں بٹھا دو [3]

امام حسین نے فاطمہ صغریٰ کو جواب دیا کہ بیٹی حکم خدا ہی ہے۔

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور ص۲۳
[2] 〃 〃 : 〃 ۱ 〃 〃 ص۲۵
[3] 〃 〃 : 〃 ۱ 〃 〃 ص۲۷

منہ تکنے لگی ماں کا وہ بیمار بصد غم　　چتون سے عیاں تھا کہ چلیں آپ ہوئے ہم
ناں کہتی تھی مختار ہیں بی بی شہِ عالم　　میرے تو کلیجہ پہ چھری چلتی ہے اسدم
وہ درد ہے جس درد سے چارہ نہیں صغرا
تقدیر سے کچھ زور ہمارا نہیں صغرا [1]

انیس نے مذکورہ بند میں امام حسین کی وطن سے روانگی کا منظر پیش کرتے ہوئے مزارات معصومینؑ سے وداع ہونے کے بعد امام حسین کی مریض بیٹی جو عزم سفر سے پہلے مرض تپ میں مبتلا تھی اس وجہ سے مریض دختر کو سمجھا بجھا کر ان کی نانی ام سلمہ کے پاس چھوڑ گئے تھے۔ روانگی کے وقت ضعف و ناتوانی کی وجہ سے عصا پکڑے ہوئے۔ بدن میں رعشہ تھا۔ دو قدم چلتی تھیں اور بیٹھ جاتی تھیں۔ حسین نے فرمایا۔ اس آفت رسید کو میرے پاس لاؤ۔ عباس اور علی اکبر نے سینے سے لگایا ـــــ امام نے بیمار بیٹی کو تسلی دی اور کہا بیٹا مشیت خدا ہی ہے۔ [2]

امام حسین کا مکہ پہونچ کر حج کو عمرہ سے بدلنا

کعبہ میں کبھی ایکدن نہ ملا شاہ کو آرام　　کوفے سے چلے آتے تھے نامے سحر و شام
اعدا نے گذرنے نہ دیئے حج کے بھی ایام　　کھولا پسر فاطمہ نے باندھ کے احرام
عازم طرف راہ الٰہی ہوئے حضرت
تھی ہشتم ذی الحجہ کہ راہی ہوئے حضرت [4]

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور ص۲۷
[2] سید محمد مہدی۔ لواعج الاحزان جلد ص۱۱۲
[3] زاہد حسین : سفینۃ البکاء ص۷
[4] مراثی انیس : جلد ۱ ص۳۲

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حسین آنے والے چند حاجیوں کی سرگرمی سے منصوبۂ قتل کا اندیشہ محسوس کرتے ہوئے تقدس کعبہ کے خیال سے حج کو عمرہ سے بدل کر کوفہ کی طرف روانہ ہو گئے ؎

مضطر تھے شب ہشتم ذی الحجہ کو شبیر — تھا قصد مصمم کہ سوئے کوفہ ہو رہ گیر
کرتے تھے کبھی یاس سے رو رو کے یہ تقریر — اب یاس سے کہاں دیکھئے لئے جاتی ہے تقدیر
پھر کر جو وطن جائیں تو جاتا نہ ملے گا
اب ہم کو بجز قبر ٹھکانا نہ ملے گا ؎[1]

میر انیس نے مذکورہ بالا بند میں حضرت امام حسین کے مکہ پہونچ کر حج کو عمرہ سے بدلنے کا منظر پیش کیا ہے۔ چونکہ حجاج کے لباس میں قاتل آستینوں میں خنجر چھپا کر لائے تھے جن کی تعداد تیس[۳۰] تھی۔ قریب تھا کہ امام کو قتل کر دیں۔ آپ نے فوراً حج کو عمرہ سے بدل دیا اور ۸ ذی الحجہ ۶۰ھ کو کوفہ کی طرف روانہ ہو گئے۔[2]

چونکہ امام حسین وارث کعبہ تھے لہٰذا یہ کیسے ممکن تھا کہ اپنے خون کو زمین مکہ پر بہہ جانے دیتے۔ حدود حرم کے جائے امن ہونے کے تقدس کو ضائع کر دیتے اس لئے حسین کوفہ کی طرف روانہ ہو گئے کیوں کہ کوفہ والوں نے بے شمار خطوط لکھ کر حسین کو اپنی ہدایت کے لئے دعوت دی تھی۔

امام حسین کی مکہ سے روانگی کے بعد کے واقعات

حر کے لشکر سے ملاقات :۔

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ ص ۳۷

[2] نواب احمد حسین : تاریخ احمدی ص ۳۲۱-۳۲۰ انتخاب طبری مولانا صفدر حسین ص ۳۶۹

فرمانے لگے تب بہ محبت شہ ذی جاہ — آیا ہوا کس سمت سے اے بندۂ اللہ
کی عرض کہ اے خلق دو عالم کے شہنشاہ — آیا ہے ادھر کوفہ کی سرحد سے ہوا خواہ
سب کچھ مرے لشکر میں ہے پر آب نہیں ہے
پیاسا ہوں تکلم کی مجھے تاب نہیں ہے ؎[1]

حر کی فریاد سن کر امام حسین نے اپنے جانبازوں سے کہا ؎

فریاد جو کی حر نے بصد اشک فشانی — گھبرا کے یہ بولا اسد اللہ کا جانی
حاضر ہے وہ جو کچھ مرے ہمراہ ہے پانی — آ اے حر دیندار بجھا تشنہ دہانی
ہم دوست کی تکلیف گوارا نہیں کرتے
پانی کو تو کافر بھی پیارا نہیں کرتے ؎[2]

دوسرے مرثیہ میں انیس نے حر کے پیاسے لشکر کی کیفیت کو یوں پیش کیا ہے ؎

تھی یہی فصل، یہی دھوپ یہی گرم ہوا — ٹھنڈے پانی پہ گرے پڑتے تھے حر کے رفقاء
بھائیو آؤ جو پانی کی طلب گار رہی ہے
چشمۂ فیض حسین ابن علی جاری ہے ؎[3]

انیس نے مذکورہ بند میں اس روایت کے منظر کو پیش کیا ہے۔ جب امام حسین مکہ سے کوفہ کی طرف روانہ ہو رہے تھے کہ "راستہ میں حر کے لشکر سے ملاقات ہوئی جو پیاس سے بے خود تھا اور حر کے فوج کے ایک سپاہی کے گھوڑے کی پیاس سے حالت خراب تھی امام نے لشکر کے سپاہیوں کو حکم دیا مشک کے دہانے کو الٹ دو۔ اور جانور بھی

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص ۱۲۷

[2] " " : " ۲ " " ص ۱۲۷

[3] " " : " ۱ " " ص ۹۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سیراب کر دیئے گئے۔" [1]

جب حرّ کا لشکر سیراب ہو چکا تو حر نے کہا کہ میں حاکم کا فرستادہ ہوں آپ کو کوفہ چلنا ہوگا اور یہ کہہ کر امام کی لجام فرس پر ہاتھ ڈال دیا۔" تو امام حسین نے کہا، چھوڑ میری لجام فرس کو تیری ماں تجھ پر روئے آخر تیرا کیا مطلب ہے۔ اس فقرے کو سن کر حر نے کہا واللہ اگر عرب میں سے کسی اور نے یہ کلمہ کہا ہوتا تو میں بھی اس کی ماں کا ذکر کرتا چاہے وہ کوئی بھی ہوتا۔ واللہ آپ کی والدۂ گرامی کا ذکر بغیر حد درجہ کی تعظیم کے میری مجال نہیں جو لوں [2]"۔ اس روایت کو میر انیسؔ نے یوں نظم کیا ہے۔

کچھ کہنے یہ تھا حر کہ پکارے شہ ذی شان　　کیا کہتا ہے بیٹھے ترے ماتم کو تری ماں
تھرّا کے کہا حر نے کہ اے قبلۂ ایمان　　سرکار شہنشاہ سے عزت کا ہوں خواہاں
ذلت ہوئی اب منہ کسے دکھلاؤں گا مولا
میں اپنا گلا کاٹ کے مرجاؤں گا مولا [3]

حر کی نگاہ میں مادر حسین کا احترام

کہتا یہ سخن منہ سے جو کوئی مرا ہمسر　　لاتا وہیں نام اسکی بھی ماں کا میں زباں پر
ہیں روشنئ عرش خدا آپ کی مادر　　صدیقہ و راضیہ و مرضیہ و اطہر
فضّہ کے غلاموں کا بھی رتبہ نہیں رکھتا
زہرا کہوں زہرا کو یہ زہرا نہیں رکھتا [4]

---

[1] سید صفدر حسین : انتخاب طبری ص ۸۷-۳۸۶

[2] " " " : " " ص ۳۸۸

[3] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص ۱۳۰

[4] " " : " ۲ " " ص ۱۳۰

انیسؔ نے حر کی نگاہ میں فاطمہ زہرا کے احترام کا اظہار صدیقہ، راضیہ مرضیہ اور اطہر کے الفاظ سے اس لئے کیا ہے کہ یہ القاب [1] جناب فاطمہ زہرا کے ہیں۔

جناب مسلم کی خبر شہادت اثنائے راہ میں :-

حضرت امام حسین کو کوفہ کے راستہ میں دو شخص کوفہ کی طرف سے آتے ہوئے نظر آئے۔ جناب مسلم بن عقیل امام حسین کے سفیر بن کر کوفہ گئے تھے اور جانے کے بعد ایک عرصہ تک ان کی خیریت ملتی رہی لیکن حاکم کوفہ کی اچانک تبدیلی کے بعد کوئی خیریت نہ مل سکی۔ یہاں تک کہ کوفہ کے راستہ سے آتے ہوئے دو شخص دکھائی دیئے تو ایک شخص کو بھیج کر امام حسین نے کوفہ کا حال دریافت کیا۔ [2]

قاصد کوئی نامہ تھا جو مسلم کا نہ لاتا　　تشویش میں تھا حیدرِ کرار کا جایا
ناگاہ اسے اک مرد مسافر نظر آیا　　بھجوا کے کسی کو اسے حضرت نے بلایا
تسلیم کی اس شخص نے جھک کر شہ دیں کو
نعلین مبارک پہ لگا ملنے جبیں کو [3]

لے ہاتھ میں ہاتھ اس کا اٹھے سید والا　　لے جا کے کنارے اسے اس طرح سے پوچھا
اے شخص تو آتا ہے کدھر سے مجھے بتلا　　وہ کہنے لگا کوفہ سے آتا ہوں میں شاہا
شہ نے کہا کوفے کا مسافر تو اگر ہے
مسلم مرے بھائی کی بھی کچھ تجھ کو خبر ہے [4]

---

[1] علامہ مجلسی۔ بحار الانوار جلد ۳ ص ۲۰ ترجمہ سید حسن امداد

[2] فیروز حسین قریشی : جامع التواریخ فی مقتل الحسین جلد ۱ ص ۴۷

[3] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص ۶۶

[4] " " : " ۲ " " ص ۶۶

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام حسین کے اس سوال کا جواب اس شخص نے یوں دیا ؎

روروکے وہ کہنے لگا کس منہ سے کہوں آہ   مسلم کا بھی سر کٹ گیا ہانی کا بھی یا شاہ
اور پاؤں میں لاشوں کے رسن باندھ کے بدخواہ   بازاروں میں کھینچے لئے پھرتے تھے سرِ راہ
دونوں سروں کی شام میں جانے کی خبر ہے
لاشوں کو سر دار چڑھانے کی خبر ہے [1]

انیس نے مذکورہ بند میں جناب مسلم کی شہادت کا ذکر کرتے ہوئے جناب ہانی کا بھی ذکرِ شہادت ساتھ ساتھ کیا ہے۔ چونکہ جناب مسلم کوفہ پہونچ کر جناب ہانی کے مہمان رہے۔ اور جناب ہانی آخری دم تک جناب مسلم کی حمایت کرتے رہے۔ یہاں تک کہ حاکم کوفہ نے مسلم اور ہانی کو شہید کرا دیا۔[2]

شہادت فرزندان مسلم بن عقیل (محمد و ابراہیم)

جناب مسلم کی شہادت کے بعد جب حارث ملعون فرزندان مسلم کو قید کرکے دریا کے کنارے قتل کرنے کے لئے لایا تو بچوں نے کہا۔ ؎

لڑکوں نے کہا مالک و مختار خدا ہے   کرلیویں نمازیں تو ادا اس پہ قضا ہے
وہ بولا نمازوں سے بھلا فائدہ کیا ہے   جانوں کو بچالیں یہ نمازیں تو بجا ہے
وہ بولے کہ یہ شیوہ ہے مشہور ہمارا
سر دینا عبادت میں ہے دستور ہمارا [3]

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ ، نول کشور ص۶۶
[2] علامہ مجلسی و جلاء العیون ، جلد ۲ ص۲۰۵ ، ترجمہ سید عبدالحسین
[3] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور ص۱۱۹

جب حارث ملعون دونوں بھائیوں میں سے ایک بھائی کو قتل کر چکا اور اس کی لاش دریا میں ڈال دی تو ؎

جب تک کہ تڑپتا رہا اس کا تنِ لاغر   ٹھہرا رہا پانی میں بڑے کا تنِ اطہر
چھوٹے کو بھی جب ڈال دیا نہر کے اندر   جا لپٹا بصد شوق برادر سے برادر
گہ ڈوبتے تھے گاہ ابھر آتے تھے دونوں
خورشید سے دریا میں نظر آتے تھے دونوں [1]

انیس نے مذکورہ بند میں جناب مسلم کے بچوں کی شہادت کا ذکر کرتے ہوئے اس روایت کو نظم کیا ہے[2] کہ "جب بچے باپ کی شہادت کے بعد قید کر لئے گئے اور قید سے آزادی کے بعد ایک ہمدرد عورت کی پناہ میں ایک رات رہنے کے بعد اسی عورت کے شوہر حارث کے ہاتھوں گرفتار ہو گئے۔ جس نے بچوں کو دریا کے کنارے لے جا کر قتل کر دیا تھا جب جناب مسلم کے بچے نماز ادا کر چکے اور دعا کے لئے ہاتھ اٹھایا اس ملعون نے بڑے بھائی کی گردن پر تلوار لگائی ــــ اس ظالم نے بڑے بھائی کی لاش پانی میں ڈال دی اور چھوٹے کا سر بھی کاٹ لیا۔ جب دونوں کی لاشیں پانی میں پہنچیں تو باہم بغلگیر ہو کر ڈوب گئیں۔"[3]

امام حسین کا وارد کربلا ہونا :ـ

منہ پھیر کے گھوڑے کے کہا عرض کروں کیا   تھراتا ہوں ہرگز قدم آگے نہیں بڑھتا
کیا جانے زمیں کیسی ہے کیسا ہے یہ صحرا   پوچھے تو کسی سے کوئی کیا نام ہے اس کا

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ نولکشور ص۱۱۹
[2] سید نجم الحسن : چودہ ستارے ص۲۳۵
[3] " " : " " ص۲۳۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پوچھا تو کوئی بولا یہی دشت بلا ہے
نام اس کا ہے اک ماریہ اک کربِ بلا ہے [1]

جناب عباس نے جناب امام حسین سے کہا ؎

گرمی میں ایسی سرد ہوا یا شہ انام — ہے لیٹنے کی جا یہ زمین فلک مقام
مشہور غاضریہ ہے شاید اسی کا نام — جی چاہتا ہے یاں سے سرکیئے نہ ایک گام
ایسی جگہ بس اب نہ ملے گی کسی جگہ
کیا لطف ہے جو قبر بھی ہوئے اسی جگہ [2]

امام حسین نے حکم دیا کہ لشکر یہیں ٹھہر جائے اور خود بھی گھوڑے سے اتر پڑے۔ ؎

اترے اسی میدان بلاخیز میں سرور — استادہ ہوئے خیمۂ ناموس پیمبر
صحرا کی طرف دیکھ کے خوش ہوگئے اکبر — دریا پہ ٹہلنے لگے عباس دلاور
شہ بولے ہوا نہر کی بھائی تمہیں بھائی
ہاں شیر ہو دریا کی ترائی تمہیں بھائی [3]

انیسؔ نے مذکورہ بند میں امام حسین کا وارد کربلا ہونا اور لشکر کو حکم دینا کہ یہیں اتر پڑو یہی ہماری منزل ایفائے عہد ہے۔ "دوسری محرم الحرام کو جناب مظلوم کربلا زمین کربلا پر وارد ہوئے۔ گھوڑے کو آگے بڑھایا مگر گھوڑے نے قدم آگے نہیں بڑھایا یہاں تک کہ حضرت نے سات گھوڑے بدلے۔[4]" امام حسین نے جب وہاں کے لوگوں سے اس زمین کا نام

[1] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور صـ
[2] " " : " ۲ " " صـ۱۴۳
[3] " " : " ۱ " " صـ۱۴۳
[4] سید زاہد حسین : سفینۂ البکا ۔ صـ۲۵۴

پوچھا تو کسی نے کہا کہ اس کو نینوا کہتے ہیں۔ کسی نے کہا غاضریہ کہتے ہیں اور کسی نے کہا اس کو کربلا بھی کہتے ہیں۔" واقعۂ کربلا کے محل وقوع کے ماتحت جو بہت سے نام گوش زد ہوتے ہیں کربلا، نینوا، غاضریہ، شطِ فرات، انھیں ایک جگہ کے نام نہیں سمجھنا چاہیئے۔ بلکہ وہ متعدد جگہیں تھیں جو باہمی قرب کی وجہ سے ایک ہی سمجھی جا سکتی تھیں اور اس لیے محل وقوع واقعہ کے اعتبار سے ہر ایک کا نام تعارف کے موقع پر ذکر کیا جانا صحیح قرار پاتا تھا۔[1]"

فرات کے کنارے خیام حسینی کا نصب ہونا

شہ نے کہا اچھا یہیں خیمے کرو بر پا — منظور نہیں اپنے ہوا خواہوں کی ایذا
ہم چشمۂ الطاف ہیں ہم فیض کے دریا — بالغ ہوا گر اہل شقاوت تو ہمیں کیا
آرام ہمارا انھیں منظور نہیں ہے
خیمے وہ اٹھا دیویں تو کچھ دور نہیں ہے [2]

دریا کے کنارے سے ہوا سرد جو آئی — عباس دلاور سے کہا شہ نے کہ بھائی
خیمہ کے لیے کون سی جگہ تمہیں بھائی — کی عرض بہادر نے کہ بہتر ہے ترائی
لہراتا ہے دل یاں کہ فضا خوب ہے مولا
شیروں کو ہوا نہر کی مرغوب ہے مولا [3]

جب ظالموں نے نہر کے کنارے سے خیام حسینی کو ہٹانے پر زور دیا۔ اور جناب عباس کو جلال آگیا تو امام حسین نے جناب عباس کو یوں سمجھایا ؎

[1] سید علی النقی نقوی : شہید انسانیت صـ۳۲۹
[2] مراثی انیس : جلد ۳ نول کشور صـ۳۰
[3] " " : " ۳ " " صـ۳۰

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بولے یہ برادر سے لپٹ کر شہِ ابرار ہے دھیان کدھر کرتے ہو کن لوگوں سے گفتار
کیا منہہ جو ہٹا دیں تمھیں دریا سے ستمگار لو تھام لو غصہ کو نہیں کرتے ہو گر پیار

اللہ سزا دے گا انھیں بے ادبی کی
لڑنا ہمیں لازم نہیں امت ہے نبی کی [1]

انیس نے مذکورہ بند میں اس منظر کو پیش کیا ہے کہ "جب حضرت مظلوم کربلا، کربلا کی زمین پر پہونچے اور اسی تاریخ میں اہل حرم، انصار، اعزا، واحباب کے خیام دریا کے کنارے نصب کیے گئے۔"[2]

ساتویں محرم سے بندش آب :-

ہفتم سے محرم کی تو پانی بھی ہوا بند فرزند پیمبر کے تڑپنے لگے فرزند
تھی فاطمہ کے مہر میں وہ نہر بھی ہرچند غاصب نہ ہوئے پانی کے دینے پہ رضامند

حق اپنا محمد کے نواسے نے نہ پایا
اک پانی کا قطرہ کسی پیاسے نے نہ پایا [3]

ایک دوسرے مرثیہ میں بندش آب کے بعد اہل حرم کی کیفیت کو انیس نے یوں بیان کیا ہے۔ ؎

ہفتم سے ہوا بند جو پانی شہِ دیں پر مچھلی سے تڑپنے لگے معصوم زمیں پر
صدمہ تھا عجب بادشہِ عرش نشیں پر اک کوہ الم ٹوٹ پڑا جان حزیں پر

---

[1] مراثی انیس: جلد ۳ نول کشور ص۸

[2] علامہ مجلسی: بحار الانوار: جلد ا ص۲۰۴ مترجم، صفدر حسین، انتخاب طبری ص۲۸۶-۸۷، نواب احمد حسین: تاریخ احمدی ص۳۲۴

[3] مراثی انیس: جلد ا نول کشور ص۴۵

گل برگ سے لب خشک تھے سر زانو پہ خم تھا
پردیسیوں کی فکر تھی اطفال کا غم تھا [1]

انیس نے مذکورہ بند میں حسین اور اطفالِ حسین پر بندش آب سے مرتب ہونے والی کیفیات کو نظم کیا ہے۔ "تاریخ کی تصریح ہے کہ امام حسینؑ کی شہادت سے تین روز قبل کا واقعہ ہے۔ پانی کی اس بندش کے بعد جماعت حسینی کے تمام افراد اور بالخصوص صغیر اطفال پر پیاس کا شدید غلبہ ہو گیا۔"[2]

لشکر یزید کی تعداد :-

اس فوج سقر موج[3] کی تعداد ہے دشوار لکھتا ہے کوئی تیس ہزار آئے تھے غدار
اور اس سے فزوں تر بھی ہے کچھ وار د اخبار اکثر کا ہے یہ قول کہ تھے لاکھ ستمگار

لکھتا ہے یہ بعضے کہ چھ لاکھ اہل جفا تھے
کیا بیکس و مظلوم امام دوسرا تھے [4]

انیس نے مذکورہ بند میں لشکر یزید کی تعداد کو نظم کیا ہے۔ یزید کی فوج میں مردم شماری کے اعتبار سے علماء کے نزدیک بیس ہزار تھے جسے ابن طاؤس نے ترجیح دی ہے یا تیس ہزار جس کو علامہ مجلسی نے مانا ہے۔ پینتیس ۳۵ ہزار جس کو ابن آشوب نے لکھا ہے یا ایک لاکھ تک مطابق بعض اہل مقاتل کی تحریر سے بلکہ گزشتہ انتظامات ہی

---

[1] مراثی انیس: جلد ا نول کشور ص۲۹

[2] سید علی نقی نقوی: شہید انسانیت، ص۳۵۱

[3] نول کشور کے یہاں "سقر" کی جگہ سفر درج ہے جو غالباً سہو کاتب ہے۔

[4] مراثی انیس: جلد ۳ نائب حسین ص۲۰۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے ظاہر ہے کہ کوفہ کی تمام قابل جنگ آبادی کربلا میں انڈیل دی گئی تھی جس کے بعد کربلا کی زمین فوجوں کی کثرت سے موجیں مارنے لگی تھی۔" [1]

امام حسین کے لشکر کی تعداد :-

عباس نے کہا کہ نہ پوچھو کچھ اے بہن — کتنی بتاؤں فوج ادھر ہیں چھ لاکھ تن
دو لاکھ نیزہ دار ہیں دو لاکھ تیغ زن — اور ہوں گے دو ہی لاکھ کماندار صف شکن
سب آزمودہ کار قوی تر جوان ہیں
اور کلہم ادھر تو بہتر جوان ہیں [2]

انیس نے مذکورہ بند میں لشکر حسین کی تعداد لشکر یزید کے بالمقابل نظم کیا ہے لشکر حسین کی تعداد کے بارے میں مختلف روایات ہیں۔ بعض روایات کی بنیاد پر شہدائے کربلا میں امام حسین کے اصحاب کی تعداد ایک سو ستر اور بنی ہاشم میں جو افراد حسین کے لشکر میں شامل تھے ان کی تعداد ایک سو چالیس بیان کی گئی لیکن "ایک تاریخی صراحت کے مطابق (لشکر حسین) میں بتیس سواروں اور چالیس پیادوں سے زیادہ نہیں تھے۔ اسی لئے شہدائے کربلا کے لئے بہتر کا لفظ زبان زد خلائق ہے۔" [3]

شب عاشور

جب تین پہر رات عبادت میں گذاری — یاں خاک تھی سوتا تھا ادھر لشکر ناری

---

[1] سید علی نقی نقوی : شہید انسانیت ص ۳۲۸

[2] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص ۲۴۱

[3] سید علی نقی نقوی : شہید انسانیت ۔ ص ۳۷۱

پچھلے سے دعائیں تھیں بس اور طاعت زاری — شہ محوِ وظیفہ تھے حرم کرتے تھے زاری
ہر حال میں حضرت کی نظر سوئے خدا تھی
سجدے کبھی اور کبھی امت کی دعا تھی [1]

ایک دوسرے مرثیہ میں انیس نے شب عاشور میں اہل حرم کے انداز بندگی کو یوں نظم کیا ہے ؎

پڑھ پڑھ کے نمازیں شب عاشور گزاری — خشکیدہ زبانوں پہ رہا شکر ہی جاری
ہر دم یہی نعرہ تھا کہ یا ایزد باری — بے فکر کہ عزت ہے ترے ہاتھ ہماری
خوشنود رہیں فاطمہ وہ کام کریں ہم
پہلے ترے محبوب کے پیارے سے مریں ہم [2]

انیس نے مذکورہ بند میں شب عاشور کو عبادت الٰہی میں بسر کرنے والوں کا کردار پیش کیا ہے۔ "شب عاشور کی ایک رات کی مہلت حسین نے اس لئے لی تھی کہ ہم آج کی رات اپنے پروردگار کی خوب عبادت کریں۔ اور دعاؤں اور استغفار میں مصروف رہیں چنانچہ آپ اور آپ کے اصحاب نے تمام شب اسی عالم میں گزاری کہ وہ مسلسل نماز، دعائیں اور بارگاہ الٰہی میں تضرع اور زاری میں مصروف تھے۔" [3]

صبح عاشور اور اذان علی اکبر :-

سجدوں سے نمازوں سے یہ رخصت کی سحر ہے — رونے کی تزلزل کی عبادت کی سحر ہے
پیارے یہ سحر رنج و مصیبت کی سحر ہے — عاشور محرم ہے شہادت کی سحر ہے

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور ص ۶۱

[2] مراثی انیس : " ۲ " " ص ۱۱۱

[3] سید علی نقی نقوی : شہید انسانیت ص ۳۶۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لٹنے کا تباہی کا پریشانی کا دن ہے
اولادِ پیمبر کی یہ قسمت باقی کا دن ہے [۱]

اسی منظر کو انیسؔ ایک دوسرے مرثیہ میں یوں نظم کیا ہے

جب رات عبادات میں بسر کی شہِ دیں نے — سجدوں سے بہم عشق کی سر کی شہِ دیں نے
دیکھا جو سپیدی کو سحر کی شہِ دیں نے — مڑ کر رخِ انور پہ نظر کی شہِ دیں نے
فرمایا سحر قتل کی ظاہر ہوئی بیٹا
لو اٹھ کے اذاں دو کہ شب آخر ہوئی بیٹا [۲]

انیسؔ نے مذکورہ بند میں صبح عاشور کی منظر کشی کرتے ہوئے خاصانِ خدا کے جذبۂ بندگی کو نظم کیا ہے۔ "صبح عاشور نمودار ہوئی تو صادقین نے نمازِ صبح کا تہیہ کیا حضرت علی اکبر نے اذان کہی اور امام حسین نے نماز باجماعت پڑھائی۔" [۳]

آغازِ جنگ

بیٹھے تھے جانماز پہ شاہِ فلک سریر — ناگاہ قرب آکے گرے تین چار تیر
دیکھا ہر اک نے مڑ کے سوئے لشکرِ شریر — عباس اٹھے تول کے شمشیرِ بے نظیر
پروانہ تھے سراجِ امامت کے نور پر
روکی سپر حضورِ کرامت ظہور پر [۴]

---

[۱] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص ۲۴۴
[۲] " " : " ۲ " " ص ۲۱۱
[۳] سید نجم الحسن : چودہ ستارے ۔ ص ۲۴۴
[۴] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور ص ۶

جنگ کی ابتدا جب فوج یزید کی طرف سے ہو چکی تو حسین کا لشکر اپنی دفاع میں میدان کارزار میں نکل پڑا۔ اور اپنے جذبۂ شجاعت کا آئینہ دار بن گیا۔

ناگاہ تیر ادھر سے چلے جانبِ امام — گھوڑا بڑھا کے آپ نے حجت بھی کی تمام
نکلے ادھر سے شہ کے رفیقانِ تشنہ کام — بے سر ہوئے پروں میں سرِ آن سیاہ شام
ہالا کبھی تھی تیغ کبھی زیرِ تنگ تھی
اک اک کی جنگ مالکِ اشتر کی جنگ تھی [۱]

انیسؔ نے مذکورہ بند میں لشکر یزید سے جنگ کی ابتدا کے منظر کو نظم کیا ہے چونکہ صبح عاشور ابھی حسین نماز جماعت تمام کر کے "مصلے ہی پر بیٹھے تھے کہ اسی ہزار کے لشکر میں حملہ آور ہونے کے آثار نظر آنے لگے" [۲] شب عاشور جب امام کے خیام کے ساتھ خندق میں آگ بھڑک رہی تھی تو ادھر کا ایک سوار سر سے پیر تک لوہے میں غرق اس طرف سے گزرا اور اس خندق کی آگ کو شعلہ ور دیکھ کر انتہائی اشتعال انگیز حملہ کیا۔ معلوم ہوا کہ وہ شمر بن ذی الجوشن ہے۔ مسلم بن عوسجہ نے امام سے عرض کیا کہ اجازت ہو تو اس کو تیر کا نشانہ بنا لوں، کیوں کہ یہ فاسق و فاجر شخص ہے، اور اس وقت بالکل تیر کی زد پر ہے۔ حضرت نے فرمایا۔ نہیں ایسا نہ کرو۔ میں جنگ میں پہل نہیں کر سکتا۔" [۳]

شہادت حر ابن یزید ریاحی

اللہ رے یہ لطف و کرمِ سید والا — مہماں کو جو نہی دور سے آتے ہوئے دیکھا
عباس یہ فرمانے لگے دلبرِ زہرا — اے بھائی ہے مہمان مرادھوپ سے آتا

---

[۱] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور ص ۸۳
[۲] سید نجم الحسن : چودہ ستارے ص ۲۴۴
[۳] سید علی نقی نقوی : شہید انسانیت ص ۳۰۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عزت سے یہاں حرِ وفادار کو لاؤ
سائے میں علم کے مرے غمخوار کو لاؤ ۱؎

حر نے خدمت امام میں پہونچ کر اپنے سر کو امام کے قدموں پر رکھ کر کہا ؎

حر نے کہا صدقے یہ غلام اے شہِ ذی جاہ حق سے مری بخشش کی دعا کیجئے للّٰہ
معبود سے رو رو کے دعا کرنے لگے شاہ اس وقت صدا آئی کہ اے فاطمہ کے ماہ
ناجی ہے وہ فرزند نبی نے جسے بخشا
تو نے جو اسے بخشا تو ہم نے اسے بخشا ۲؎

امام حسین سے اپنے گناہوں کی بخشش کی سند لے کر حر میدان جہاد میں آیا اور جب زخموں سے چور ہو کر گھوڑے سے زمین پر گرا، امام کو آواز دی، امام حسین لاش حر پر پہونچے اور داد نصرت اس عنوان سے دی۔ ؎

ریتی پہ جو مہمان کو تڑپتا ہوا پایا آغوش میں لے کر اسے چھاتی سے لگایا
رومال سے چہرہ کا غبار اس کے چھڑایا قبلہ کی طرف زانو پہ سر رکھ کے لٹایا
رو رو کے یہ فرماتے تھے زانو کو ہلا کر
اے بھائی حسین آیا ہے تو چشم تو وا کر ۳؎

انیس نے مذکورہ بند میں ان معتبر روایات ۴؎ کو نظم کیا ہے جن میں لشکر یزید سے لشکر حسین کی طرف حر کی آمد اس کا امام کے قدموں پر سر رکھ کر طلب بخشش کرنا۔ امام کا معاف کرنا، اور پھر حر کا میدان جہاد میں آکر زخمی ہونا اور گھوڑے سے گرنا، اور امام

۱؎ مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور صـ ۲۲
۲؎ " " : " ۳ " " صـ ۲۳
۳؎ " " : " ۳ " " صـ ۲۶
۴؎ سید نجم الحسن : چودہ ستارے صـ ۲۴۵ نواب شیخ احمد حسن ۔ تاریخ احمد صـ ۵۳-۲۵۲

کا لاش حر پر پہونچنا، ان تمام مناظر کو حسنِ نفسیات کے ساتھ پیش کیا ہے۔

شہادت حبیب ابن مظاہر

حبیب کی میدان جہاد میں آمد اور شان جہاد :۔

اتنے میں رجز پڑھ کے پکارا وہ خوش انجام اے قوم حبیب ابن مظاہر ہے مرا نام
ہوشیار کہ اب میاں سے کھینچی ہے یہ صمصام وار اس کا ہے دشمن کے لئے موت کا پیغام
یہ تیغ نہیں ہے جو دم حرب رکے گی
میں تم سے رکوں گا نہ مری ضرب رکے گی ۱؎

حبیب کا زخموں سے چور ہو کر میدان میں گرنا اور امام حسین کا لاش پر پہونچنا ؎

ناگاہ صفیں چیر کے آئے شہ ذی شاں دیکھا کہ وہ مظلوم کوئی دم کا ہے مہماں
لاشے سے لپٹ کر یہ پکارے بصد افغاں اے دوست مرے تیری محبت کے میں قرباں
دکھلا دو مجھے زخم کہاں کھائے ہیں بھائی
چھاتی سے لپٹ جاؤ کہ ہم آئے ہیں بھائی ۲؎

انیس نے مذکورہ بند میں اس روایت ۳؎ کی طرف اشارہ کیا ہے کہ جس میں حبیب ابن مظاہر کے جذبۂ نصرت اور ضعیفی کے باوجود میدان جہاد میں آکر درجۂ شہادت پر فائز ہونا اور حسین کا اپنے بچپن کا دوست حبیب ابن مظاہر کی لاش پر پہونچ کر مرثیہ پڑھنے کا ذکر ملتا ہے۔

۱؎ مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور صـ ۱۳۴
۲؎ " " : " ۱۰ " صـ ۱۳۷
۳؎ سید علی نقی نقوی : شہید انسانیت صـ ۵۳-۲۵۲

jabir.abbas@yahoo.com
www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہنگام ظہر

تلوار برسیں صبح سے نصف النہار تک — ہلتی رہی زمین لرزتے رہے فلک
کانپا کئے پروں کو سمیٹے ہوئے ملک — نعرے نہ پھر وہ تھے نہ وہ تیغوں کی تھی چمک

ڈھالوں کا زور برچھیوں کا اوج بڑھ گیا
ہنگام ظہر خاتمۂ فوج ہو گیا [1]

باقی نہ تھا ہمدرد نہ یاور شہ دیں کا — بیٹا نہ بھتیجا نہ برادر شہ دیں کا
خالی ہوا تا ظہر کھر اگھر شہ دیں کا — تھا شور کہ ہاں کاٹ لو اب سر شہ دیں کا

عباس نہیں ہیں علم و فوج نہیں ہے
اب فاطمہ کے لال کا وہ اوج نہیں ہے [2]

انیس نے مذکورہ بند میں اس وقت کا منظر پیش کیا ہے کہ جب امام کے اعوان و انصار کی نصف تعداد راہ خدا میں قربان ہو گئی اور نماز ظہر کا وقت آ گیا تو امام کے جاں نثار ابو ثمامہ صیدادی نے کہا کہ مولا! یہ وقت نماز ظہر ہے۔" جب حضرت نے نماز کا نام سنا تو اک آہ سرد دل پر درد سے کھینچی اور سر مبارک جانب آسمان بلند کر کے فرمایا اے ابو ثمامہ تو نے نماز کو یاد کیا خدا تجھے نماز گزاروں میں محسوب کرے یہ اول وقت نماز ظہر ہے [3]"۔
سعید و زہیر امام کے سینہ سپر ہو کر آگے کھڑے ہو گئے امام نے مع اصحاب بعنوان صلوٰۃ نماز خوف ادا کی" جس کے معنی یہ ہیں کہ فوج کے دو حصے ہو جائیں۔ ایک دشمن سے مقابلہ

---

[1] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور صد ۸۴
[2] " " " ۴ " " صد ۱۷۵
[3] علامہ مجلسی : بحار الانوار جلد ۱ مترجم طیب آغا جزائری صد ۲۴۲

کرے اور دوسرا حصہ نماز میں شریک ہو وہ ایک رکعت امام کے ساتھ پڑھے اور باقی نماز تخفیف کے ساتھ فرادا پڑھ کر تمام کرے اور جب یہ نماز ختم کر کے جائے اور دشمن کے سامنے کھڑا ہو جائے تو وہ پہلا حصہ میدان جنگ سے آکر نماز میں شریک ہو [1]

نماز ظہر کے پہلے اور بعد تک انصار حسینی قتل ہوتے رہے۔ یہاں تک کہ حسین کے اعزّا کے شہید ہونے کا وقت آ پہونچا۔

اصحاب کی شہادت کے بعد حسین کے اعزّا یعنی بنی ہاشم کی باری تھی حقیقت میں اصحاب کی وفاداری کا یہ حیرت انگیز کارنامہ تھا کہ جب تک ان میں کا ایک بھی باقی رہا انھوں نے بنی ہاشم میں کسی ایک کو گزند پہونچنے نہیں دی ۔ ان سب کی شہادت کے بعد امام حسین کے بیٹے بھائی بھتیجے اور بھانجے ایک ایک کر کے جام شہادت نوش کرنے لگے۔" [2]

شہادت عون و محمد :۔

تھے مضطرب و بیتاب ادھر حضرت شبیر — اور بیبیاں دروازے پہ تھیں مضطر و دلگیر
سر کھولے تھی قبلہ کی طرف شاہ کی ہمشیر — ہاتھوں کو دھرے ہاتھوں پہ کرتی تھی یہ تقریر

یا رب ابھی اصغر و اکبر نہ جدا ہوں
یا رب مرے بچے مرے بھائی پہ فدا ہوں [3]

ماں کا حکم پا کر بچے میدان جہاد میں آئے اور راہ خدا میں زخموں سے چور ہو کر مدد کے لئے اپنے ماموں (امام حسین) کو پکارا [4]

---

[1] علامہ مجلسی : بحار الانوار جلد ۱ صد ۴۹۱
[2] سید علی نقی : شہید انسانیت صد ۴۹۱
[3] مراثی انیس : جلد ۳ نول کشور صد ۵۰

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ سنتے ہی عباس کو شبیر پکارے　　دوڑو کہ مرے کھلتے بچے بھی دنیا سے سدھارے
زینب نے کہا شور ہے دریا کے کنارے　　لوگو مرے فرزند نے سر ماموں پہ وارے
الطاف و کرم دونوں پہ فرماتے ہیں شبیر
لاشوں کو اٹھانے کے لئے جاتے ہیں شبیر　　[۱]

انیس نے مذکورہ بند میں جناب عون و محمد کی فداکاری اور جناب زینب کے جذبۂ نصرت امام کی منظر کشی کی ہے۔ عون و محمد جب میدان جنگ میں جہاد کے بعد گھوڑے سے گرنے لگے تو امام کو آواز دی "اے ماموں جان ہماری خبر لیجئے۔ امام مظلوم بیتابانہ دوڑے۔ امام کو آتا دیکھ کر شقی بھاگ گئے۔ امام مظلوم نے دونوں کو اٹھایا اور سروں کو زانو پر رکھ کر بیٹھ گئے۔[۲]

شہادت حضرت قاسم :-

جب ہوئے عازم گلگشت شہادت قاسم　　جھک کے مجرا کیا شہ کو ہوئے رخصت قاسم
چڑھ کے تازی پہ بصد شوکت و صولت قاسم　　فوج اعدا پہ چلے شیر کی صورت قاسم
غل پڑا جنگ کو فرزند حسن آتا ہے
لاکھ سے لڑنے کو اک تشنہ دہن آتا ہے　　[۳]

جناب قاسم جب زخموں سے چور ہو کر گھوڑے سے زمین پر گرے حضرت امام حسین لاش کے قریب پہونچے ۔ ے

[۱] مراثی انیس : جلد ۳ نول کشور ص۸۱
[۲] سید زاہد حسین ؛ سفینۃ البکاء ص۱۲۶
[۳] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص۲۰۵

پڑ گیا خیمۂ ناموس نبی میں کہرام　　سر برہنہ چلے داماد کے لاشے پہ امام
پہونچے دولہا کے سرہانے جو بحال ناکام　　دیکھیں کیا لوٹتا ہے خاک پہ وہ گل اندام
تھام کر دل کو پکارے مرے پیارے قاسم
اٹھو ہم آئے ہیں لاشے پہ تمہارے قاسم　　[۱]

انیس نے مذکورہ بند میں حضرت قاسم کی خیمے سے رخصتی اور میدان کارزار میں زخموں سے چور ہو کر گھوڑے سے گرنا۔ امام حسین کا لاش قاسم پر پہونچنا۔ ان تمام مناظر کو پیش کیا ہے۔ انیس نے عروسی جناب قاسم کا منظر جیسا کہ روایت میں ہے نظم کیا ہے ۔" جناب قاسم کا ہاتھ پکڑ کر امام حسین خیمہ کے اندر لائے۔ تبرکات کے صندوق میں سے بزرگوں کا لباس نکالا۔ اسے قاسم کو پہنا کر اپنی صاحبزادی کا عقد پڑھا[۲]"

ایسے مصیبت کے موقع پر امام حسین نے عقد قاسم کا اہتمام اس لئے کیا کہ" شادی ایک آئینی رشتہ ہے جو شرعی قانون کے تحت قائم ہوتا ہے اور امام حسین کے لئے وہ ایک فرض کی حیثیت رکھتا تھا۔ جسے ادا کرنا ضروری تھا۔[۳]"

جناب قاسم چچا سے اجازت لے کر میدان جہاد میں جانے لگے تو امام حسین نے جناب قاسم کے عمامہ کو اپنے ہاتھ سے باندھا اور میدان کی طرف خدا حافظ کہہ کر روانہ کر دیا۔ جب جناب قاسم میدان جہاد میں آئے تو عمر ابن سعد بن نفیل ازدی نے قاسم کو دیکھ کر کہا اس بچہ پر میں حملہ کروں گا۔ لوگوں نے روکا کہ بچہ پر حملہ نہ کر۔ اس کی تلوار سر پر لگی جس سے قاسم منہ کے بھل زمین پر گر پڑے۔ چچا بھتیجہ کی مدد کو دوڑا۔ ابھی نفیل

[۱] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص۱۰۸
[۲] سید علی نقی نقوی : شہدائے کربلا جلد ۳ ص۸۲
[۳] " " " : " " ۳ ص۸۱-۸۰

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قاسم کے پاس موجود تھا۔ حسین نے اس پر وار کرکے اس کا ہاتھ شانے سے کاٹ دیا۔ دشمن کی فوج اسے بچانے کے لئے دوڑی۔ قاسم کی لاش کو گھوڑوں سے صدمہ پہونچا۔"[1]

شہادت حضرت عباس :-

روکر کہا حسین نے اے جان الوداع — اچھا سدھارو لے مرے ذیشان الوداع
بھائی تمہارے عزم کے قربان الوداع — ہم بھی ہیں ایک آن کے مہمان الوداع

بابا سے میری پیاس کی فریاد کیجیو
کوثر پہ جائیو تو مجھے یاد کیجیو [2]

میدان جہاد میں عباس کا کارنامۂ شجاعت :-

حملہ دلیر کا غضب کردگار تھا — گر سامنے تھا شیر تو وہ بھی شکار تھا
تلوار کی ندی تھی فرس بیقرار تھا — مقتل میں گرم معرکۂ کارزار تھا

بہتا تھا خوں بدن سے تو منہ زرد ہوتے تھے
تلوار کی ہوا سے بدن سرد ہوتے تھے [3]

جناب عباس کا ایک ہاتھ قلم ہوگیا ے

اک ہاتھ سے سنبھالے تھے مشکیزہ و علم — بہتا تھا خون ضعف کبھی بڑھتا تھا دم بدم
گھوڑے پہ سیدھے ہوتے تھے گاہے تو گاہے خم — فریاد الغیاث ستم پر ہوا ستم

---

[1] سید علی نقی : شہدائے کربلا جلد ۳ ص۸۱-۸۰
[2] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور ص۳۳۴
[3] ″ ″ : ″ ۱ ″ ″ ص۳۳۶

تیغہ کسی کا شیر کے شانے پہ پھر پڑا
وہ ہاتھ بھی بدن سے جدا ہو کے گر پڑا [1]

جناب عباس کی لاش پر حسین کا نوحہ ے

دشمن کو بھی نہ بھائی کا ماتم خدا دکھائے — پوچھو اسی کے دل سے کہ جس کی ٹوٹ جائے
فرماتے تھے پسر سے یہ رو رو کے ہائے ہائے — اکبر بتاؤ بھائی کو بھائی کہاں سے لائے

عباس کیا جدا ہوئے گھر میرا لٹ گیا
بچپن کا ساتھ ہائے غضب آج چھٹ گیا [2]

انیس نے مذکورہ بند میں اس وقت کے مناظر پیش کئے ہیں کہ جب جناب عباس مشکیزہ و علم لے کر میدان کارزار میں آئے۔ دشمن سے مقابلہ کیا۔ فرات سے پانی بھر کے خیمہ کی طرف روانہ ہوئے تو دشمنوں نے عباس کے داہنے شانے، پھر بائیں شانے پھر گرز آہنی سے سر کو زخمی کیا۔ جناب عباس نے امام حسین کو مدد کے لئے پکارا اور امام حسین لاش عباس پر پہونچ گئے۔" ارباب مقاتل کا بیان ہے کہ حضرت عباس کی آخری آواز آتے ہی امام حسین کے زبان اقدس پر یہ فقرات آگئے۔ "عباس کمر ٹوٹ گئی۔ تدبیر کی راہیں بند ہوگئیں۔"[3]

شہادت جناب علی اکبر

جناب علی اکبر کا امام حسین سے رخصت ہونا ے

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور ص۳۳۹
[2] ″ ″ : ″ ۴ ″ ″ ص۲۷
[3] سید ذیشان حیدر جوادی : قمر بنی ہاشم ص۳۹۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ کہہ کے خود سوار کیا نورِ عین کو   کس صبر سے ادا کیا خالق کے دَین کو
روتا اس آفتاب نے چھوڑا حسین کو   روشن ضیائے حق نے کیا مشرقین کو
قدسی درود پڑھتے تھے چہرے کے نور پر
گھوڑے پہ آپ تھے کہ تجلّی تھی طور پر [1]

جنابِ علی اکبر کا میدان جہاد میں جوشِ شجاعت ؎

تیروں سے رو کنے لگے ڈر ڈر کے جب سوار   صفدر نے بڑھ کے میان سے لی تیغ آبدار
سب کی نظر میں کوندگئی برق ذوالفقار   ٹوٹے علم گرے جو الف ہو کے راہوار
غل تھا کہ سربلند ہے جو وہ بھی پست ہے
اکبر نے دی صدا یہ نشانِ شکست ہے [2]

جنابِ علی اصغر کا میدان سے واپس آکر امام حسین سے سوال آب کرنا اور امام کا جواب دینا۔ ؎

فرمایا شہ نے اے علی اکبر ترے نثار   میں کیا کروں نہیں مرا پانی پہ اختیار
کوثر پہ شیر حق کو تمہارا ہے انتظار   مظلوم باپ تم سے نہایت ہے شرمسار
لائے کہاں سے دل کہ یہ صدمہ اٹھا سکے
تم مانگو اور حسین نہ پانی پلا سکے [3]

جنابِ علی اکبر کا میدان میں واپس آکر پیاس کے عالم میں جنگ کرنا اور زخموں سے چور چور ہو کر گھوڑے گرنا ؎

---

[1] مراثی انیس : جلد ۳ نول کشور ص ۳۴۱
[2] " " : " ۲ " " ص ۳۴۵
[3] " " : " ۳ " " ص ۳۵۳

طے کرکے معرکہ یہ پھرے تھے کہ ناگہاں   چھاتی پہ سامنے سے لگی ظلم کی سناں
دل توڑ کر انی جو ہوئی پشت سے عیاں   نیزہ جگر سے کھینچ کے تڑپا وہ نوجواں
ٹکڑے کبد کے خوں کے دریروں میں بہہ گئے
گھوڑے پہ یا علی و ولی کہہ کے رہ گئے [1]

لاش علی اکبر پر امام کی کیفیت ؎

دوڑے حسین سن کے یہ آواز دردناک   دامن تھا سب قمیص تن یوسفی کا چاک
فرزند لوٹتا نظر آیا بروئے خاک   پس گر پڑے پسر کے برابر امام پاک
تڑپا جو دل تو لخت جگر سے لپٹ گئے
روحی فداک کہہ کے پسر سے لپٹ گئے [2]

لاش علی اکبر پر جناب زینب کا پہونچنا ؎

لکھا ہے کہ نکلا علی اکبر کا ادھر دم   نکلی در خیمہ سے ادھر زینب پُر غم
سر ننگے تھیں پیچھے کئی سیدانیاں باہم   منھ پیٹتی تھی کوئی کوئی کرتی تھی ماتم
ہلتا تھا فلک نالۂ فریاد و بکا سے
اک حشر تھا ہے ہے علی اکبر کی صدا سے [3]

انیس نے مذکورہ بند میں جناب علی اکبر کی رخصت، ان کی جنگ، باپ سے پانی کا سوال، شہادت، لاش پر امام کا مرثیہ، جناب زینب کا بھتیجہ کی لاش پر پہونچنا، ان تمام مناظر کو روایات کی روشنی میں نظم کیا ہے۔ چونکہ جب علی اکبر میدان کارزار میں آنے

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص ۳۵۴
[2] " " : " ۲ " " ص ۳۵۵
[3] " " : " ۳ " " ص ۹۰

www.zaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لگے تو امام حسین نے آسمان کی طرف اشارہ کرکے فرمایا " پالنے والے تو اس قوم پر گواہ رہنا اب وہ جوان ان کی طرف قتل ہونے جارہا ہے۔ جو صورت و سیرت میں گفتار میں بالکل تیرے نبی کی شبیہ ہے [1]" جب جناب علی اکبر میدان کارزار میں پہونچ کر مصروف جہاد ہوئے "تو اس قدر اشقیاء کو قتل کیا کہ کشتوں کے پشتے لگا دیئے [2]" دشمنوں کی ایک کثیر تعداد کو قتل کرنے کے بعد جناب علی اکبر میدان سے واپس پلٹے اور امام حسین کی خدمت میں عرض کرنے لگے " اے پدر بزرگوار شدت تشنگی سے جاں بلب ہوں اور سنگینی اسلحہ اور گرانی آہن سے مجھے تعب شدید ہے اگر تھوڑا سا پانی ممکن ہو تو اپنا حلق تر کروں اور پھر لڑنے جاؤں۔ یہ سن کر حضرت رونے لگے اور فرمایا اے نور نظر اپنی زبان میری زبان میں دے دو۔ یہ فرماکر حضرت نے علی اکبر کی زبان اپنی زبان میں لے کر چوسا اور اپنی انگوٹھی دے کر فرمایا اسے منہ میں رکھو اور مصروف جہاد رہو۔ مجھے امید ہے کہ تم اپنے جد کے ہاتھ سے حوض کوثر سے ایسا سیراب ہوگے کہ پھر کبھی پیاسے نہ ہوگے [3]" جناب علی اکبر میدان کارزار میں دوبارہ آئے۔ تادیر جنگ کرتے رہے اور جب زخموں سے چور ہوکر زمین پر گرے اور باپ کو آواز دی تو امام لاش پر پہونچے اور یہ مرثیہ پڑھا کہ " بیٹا تیرے بعد دنیا کی زندگی پر خاک ہے [4]" امام حسین ابھی لاشۂ علی اکبر پر بیٹھے آنسو بہا رہے تھے کہ " حمید بن مسلم کہتا ہے کہ اس وقت میں نے دیکھا کہ ایک عورت مثل آفتاب تاباں خیمۂ حرم سے نکل کر قتل گاہ کی طرف دوڑی اور لاشۂ علی اکبر سے لپٹ گئیں میں نے پوچھا یہ معظمہ کون ہیں

[1] علامہ مجلسی : بحار الانوار جلد ۱ صـ۲۶۷ مترجم طیب آغا جزائری
[2] " " : " " ۱ صـ۲۶۷ " " " "
[3] " " : " " ۱ صـ۲۶۸ " " " "
[4] سید علی نقی : شہدائے کربلا جلد ۳ صـ۳۶

تو لوگوں نے کہا یہ زینب بنت علی ہیں [1]"

شہادت جناب علی اصغر

راوی نے یہ لکھا ہے کہ اس دم بحال زار — لائے حسین ہاتھوں پہ اک طفلِ شیرخوار
دن میں ہوا قرآن مہ و مہر آشکار — مرجھا گیا تھا پیاس سے لیکن وہ گلعذار
تھا فرط غش سے ننھا سا منکا ڈھلا ہوا
باندھے ہوئے تھا مٹھیاں منہ تھا کھلا ہوا [2]

جناب علی اصغر کو امام حسین ہاتھوں پر اٹھا کے فوج اعدا کے سامنے آئے اور یہ سوال کیا ؎

بولے دکھا کے بچہ کو شاہ فلک سریر — مرتا ہے پیاس سے یہ مرا کودک صغیر
پانی ملا ہے کل سے نہ ممکن ہوا ہے شیر — للہ اس غریب پر کر رحم اے امیر
مہماں ہے کوئی آن کا ہونٹوں پہ جان ہے
اس کا قصور کیا ہے کہ یہ بے زبان ہے [3]

سوال آپ کے بعد فوج اعدا کا سلوک ؎

پیہم پکارتے تھے شہ آسماں جناب — یہ کیا خطا ہے روح نبی سے کرو حجاب
منہ پھیرتے تھے سب کوئی دیتا نہ تھا جواب — نکلا پرے سے حرملۂ خانماں خراب

[1] علامہ مجلسی : بحار الانوار جلد ۱ صـ۲۶۸ مترجم طیب آغا جزائری
[2] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور صـ۸۶
[3] " " : " ۱ " صـ۸۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جلدی کماں میں جوڑ کے سرکش نے تیر کو
تاکا بنگاہ قہر سے حلق صغیر کو [1]

باپ کے ہاتھوں پر بچے کا منقلب ہونا ے

کتنا بچایا شہ نے اجل سے نہ بس چلا
کڑ کی ادھر کمان ادھر چھید گیا گلا!
آنسو بھر آئے آنکھوں میں منکا جونہی ڈھلا
آنکھوں سے شہ نے آنکھیں ملیں منہ سے منہ ملا
جو حسرتیں تھیں دل میں قضا نے نکال دیں
ننھی سی باہیں باپ کے گردن میں ڈال دیں [2]

انیس نے مذکورہ بند میں جناب علی اصغر کی شہادت کا منظر پیش کیا ہے۔ اور واقعات کی بھرپور منظر کشی کی ہے۔ جب حسین کی آواز استغاثہ سن کر علی اصغر نے اپنے کو جھولے سے گرا دیا۔ اور خیمۂ امام میں کہرام برپا ہوا تو امام تشریف لائے اور علی اصغر کی تشنگی دیکھ کر ماں سے بچے کو لیا۔ اور قوم جفا کار کے سامنے آ کر کہا۔" اے قوم جفاکار تم لوگوں کے زعم میں اگر گنہگار ہوں تو میں ہوں اس بچے نے کیا گناہ کیا ہے۔ کاش تم اس کو دو گھونٹ پانی پلا دو کہ یہ شدت تشنگی سے جاں بلب ہو رہا ہے۔ ان سنگ دلوں نے جواب دیا کہ ہم بغیر اجازت ابن زیاد کے تم کو اور تمہارے اطفال کو پانی کا ایک قطرہ نہ دیں گے۔ اسی اثناء میں حرملہ بن کاہل اسدی نے ایسا تیر مارا کہ اصغر علی کے حلق سے گذر کر امام کے بازو پر لگا [3]"

●

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور ص۸۸
[2] " " : " ۱ " ص۸۸
[3] نواب احمد حسین : تاریخ احمدی ص۶۵-۳۶۴

امام حسین کا اہل حرم سے رخصت ہونا

جب آخری رخصت کو حسین آئے حرم سے
سب بیبیاں لپٹیں شہ والا کے قدم سے
حضرت نے کہا قطع محبت کرو ہم سے
جینے کے نہیں ہم علی اکبر کے الم سے
پایا سے نہ جب تک وہ گل اندام ملے گا
تب تک نہ ہمیں قبر میں آرام ملے گا [1]

جناب زینب اور ام کلثوم سے مخاطب ہو کر کہا ے

اللہ کو سونپا تمہیں اے زینب و کلثوم
لگ جاؤ گلے تم سے بچھڑتا ہے یہ مظلوم
اب جاتے ہی خنجر سے کٹے گا مرا حلقوم
ہے صبر کہ اماں کا طریقہ تمہیں معلوم
مجبور ہیں ناچار ہیں مرضی خدا ہے
بھائی نہیں جی اٹھنے کا فریاد و بکا ہے [2]

اس راہ میں لٹ لٹنے کا کچھ دھیان نہ لانا
چھن جائے ردا سر سے تو سر ننگے ہی جانا
پردہ جو نہ ہو بالوں سے چہرہ کو چھپانا
بازو جو بندھیں بہر دعا ہاتھ اٹھانا
مقبول بہن عجز ہے دربار خدا میں
بندھوایا ہے حیدر نے گلا راہ خدا میں [3]

انیس نے مذکورہ بند میں اس وقت کا منظر پیش کیا ہے جب امام حسین راہ خدا میں اپنے فرزند علی اصغر کو قربان کرنے کے بعد خود اپنا سر راہ خدا میں پیش کرنے کے لئے

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ نول کشور ص۳۷۲
[2] " " : " ۲ " " ص۳۷۳
[3] " " : " ۲ " " ص۳۷۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اہل حرم سے آخری رخصت کو تشریف لائے اور اہل حرم سے مخاطب ہو کر کہا۔ "اے پردہ نشینوں میرا آخری پیغام سنو۔ آپ نے اہل حرم پر ایک یاس و حسرت کی نظر کی اور فرمایا میں تم کو صبر کی تلقین کرتا ہوں۔ دامن صبر ہاتھ سے نہ چھوڑنا [1]" اور اس کے بعد کہا "اے زینب و کلثوم، اے فاطمہ، اے سکینہ تم سب پر میرا اسلام ہو [2]" اور جب سلام کر چکے تو اپنی بہن جناب زینب کی طرف پھر مخاطب ہوئے اور کہنے لگے کہ "اے زینب تم کو میری موت کے بعد قید و بند کی مشکلات کا سامنا کرنا ہے۔ بہن نے بھائی کے گلے میں بانہیں ڈال دیں۔ امام نے کہا یہ آخری وداع ہے پھر ملاقات نہ ہو سکے گی۔ اور کہا بہن مجھے نماز شب میں نہ بھولنا [3]"۔

امام حسین کی شان جہاد :-

یہ کہہ کے بڑھے بہر وغا سرور عالی   تیغِ کمرِ حیدر کرار نکالی
دیکھی جو چمک روحوں سے قالب ہوا خالی   ڈھالوں کی گھٹا چار طرف چھا گئی کالی

فرمایا کہ ہاں ضربتِ شمشیر کو دیکھو
لو فاطمہ کے دودھ کی تاثیر کو دیکھو [4]

امام حسین نے فوج دشمن کو یوں للکار کر کہا ہے

باندھیں ہیں صفیں گرد بتاؤ کدھر آؤں   خالی کروں کس صف کو کسے خوں میں بھر آؤں
کس غول میں رہوار کو چمکا کے ہو آؤں   خالق کا غضب آئے ادھر میں جدھر آؤں

---

[1] حسین بخش : اصحاب الیمین صد ۲۴۳
[2] " " : " " صد ۲۴۳
[3] " " : " " صد ۲۵
[4] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور صد ۶۶

پائی ہے ظفر قبضہ پہ جب ہاتھ دھرا ہے
رگ رگ میں مرے زور ید اللہ بھرا ہے [1]

ایک دوسرے مرثیہ میں امام حسین کی شان جہاد یوں نظم کی ہے ہ

یہ کہہ کے بڑھے بہر وغا سرور عالی [2]   غصہ میں نظر شیر سی اس شیر نے ڈالی
پھر نادعلی پڑھ کے جو تلوار نکالی   بجلی سی چمکنے لگی شمشیر ہلالی

حیدر کی طرح آئے صف لشکر کیں پر
بجلی سی گری تیغ ہر اک دشمن دیں پر [3]

دم تن سے جوانوں کے نکلتے ہوئے دیکھا   وہ سرد ہوا جس نے کہ چلتے ہوئے دیکھا
تن شمع کے مانند پگھلتے ہوئے دیکھا   نیزوں کی سنانوں کو اچھلتے ہوئے دیکھا

اس تیغ شرر بار سے بیتاب تھے ناری
تلوار جو تھی آگ تو سیماب تھے ناری [4]

امام حسین مصروف جہاد تھے کہ غیب سے آواز آئی [5]

ناگاہ صدا چرخ سے پیدا ہوئی پیہم   اب روک لے تلوار کو اے سید عالم
کون ایسا ہے جو سامنا تیرا کرے اسدم   آگے سے ترے بھاگ گیا لشکر اظلم

بس خوب لڑے تیغ شرر بار کو روکو
سب فوج چلی جاتی ہے تلوار کو روکو

---

[1] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور صد ۶۶
[2] یہ مصرعہ نول کشور اور نائب حسین دونوں ہی کے یہاں دونوں مرثیوں "برہم ہے مرقع چمنستاں جہاں کا" "دور تجب باغ حسینی پہ خزاں آگئی رن میں" موجود ہے۔ نائب حسین جلد ۴ صد ۳۴۷ اور جلد ۳ صد ۳۱۵
[3] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور صد ۱۵۱
[4] " " : " ۴ " " صد ۱۵۱
[5] " " : " ۴ " " صد ۱۵۱

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آوازِ غیب سن کر حسین نے تلوار نیام میں رکھ لی ؎

آواز کا آنا تھا کہ تلوار کو روکا　　فرمایا کہ جو حکم ترا اے مرے مولا
کیا دخل جواب میں کروں لڑنے کا ارادہ　　میں بندۂ ناچیز تو کونین کا آقا
سر تیغ سے میداں میں کٹانے کی خوشی ہے
دربار میں تیرے مجھے آنے کی خوشی ہے [۱]

انیس نے مذکورہ بند میں امام حسین کی جنگ اور حکم الٰہی پاکر تلوار کو روک لینے کا منظر پیش کیا ہے ۔ "تاریخ شاہد ہے کہ حسین غم زدہ، دل شکستہ و گرسنہ ہونے کے باوجود تن تنہا تلوار کھینچ کر فوج مخالف پر حملہ آور ہوگئے، تو تمام گزشتہ بہادروں کے کارنامے محو ہوگئے۔ اور انسانی حافظہ میں قیامت تک اس شجاعت و جراٴت کی تصویر محفوظ ہوگئی[۲]۔" جنگ کرتے کرتے جب کشتوں کے پشتے لگا دیئے تو ایک مرتبہ آواز غیب آئی کہ "اپنا وعدۂ طفلی پورا کر دو[۳]" آوازِ غیب کا آنا تھا کہ حسین کو وعدۂ طفلی یاد آگیا۔ اور ذوالفقار کو پونچھ کر نیام میں رکھ لیا۔

امام حسین کا گھوڑے سے زمین پر گرنا :

یہ کہتے تھے حضرت کہ لگا پشت پہ بھالا　　قربوس پہ تھرا کے گرے سید والا
جبریل نے قدموں کو رکابوں سے نکالا　　اور ہاتھوں کو گردن میں ید اللہ کے ڈالا
غش ہوگیا طاری جو شہ عرش نشیں پر
بس ٹیک دیا گھوڑے نے گھٹنوں کو زمیں پر [۴]

---

[۱] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور ص ۱۵۱
[۲] سید علی نقی : شہید انسانیت ص ۵۱۸
[۳] سید نجم الحسن : چودہ ستارے ص ۲۵۹
[۴] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور ص ۷

مرکب سے جدا ہوکے جو تڑپے شہ ابرار　　گرد شہ دیں اٹھ[۱] کے لگا پھرنے وہ رہوار
فرمایا کہ منزل پہ تو پہونچا ترا اسوار　　رخصت ہو کہ سر اترے تو ہم بھی ہوں سبک سار
اب تیغ لئے ذبح کو جلاد بڑھے گا
قاتل ترے اسوار کی چھاتی پہ چڑھے گا [۲]

انیس نے مذکورہ بند میں امام حسین کا عرش زین پر سے فرش زمین پر گرنے کا منظر کھینچا ہے۔ جب امام مظلوم زخموں سے چور ہوکر گھوڑے پر ڈگمگانے لگے "ناگاہ ایک پتھر پیشانی اقدس پر لگا۔ اس کے بعد فوراً ابوالحتوف جعفی ملعون نے جبین مبارک پر تیر مارا۔ آپ نے اسے نکال کر پھینک دیا اور خون پونچھنے کے لئے اپنا دامن اٹھانا ہی چاہتے تھے کہ سینۂ اقدس پر ایک تیر سہ شعبہ پیوست ہوگیا۔ اس کے بعد صالح ابن وہب لعین نے آپ کے پہلو پر اپنی پوری طاقت سے ایک نیزہ مارا جس کی تاب نہ لاکر آپ زمین گرم پر داہنے رخسار کے بل (گھوڑے) سے زمین پر گر پڑے[۳]"

حضرت عبداللہ ابن حسن کی شہادت

امام حسین جب زخموں سے چور ہوکر زمین پر گرے تو خیمہ سے ایک بچہ نصرت امام کے لئے برآمد ہوا ؎

ناموس نبی میں تو قیامت تھی یہ برپا　　سر کھولے ہوئے بیٹھی تھی دختر زہرا
راوی نے یہ لکھا ہے کہ میں دیکھتا ہوں کیا　　روتا ہوا اک طفل حسین خیمہ سے نکلا

---

[۱] نول کشور کے یہاں یہ مصرعہ یوں ہے "گرد شہ دیں کے لگا پھرنے وہ رہوار" غالباً لفظ "اٹھ" کا نہ ہونا سہو کاتب ہے۔ [۲] مراثی انیس : نائب حسین جلد ۳ ص ۲۱۹
[۳] سید نجم الحسن : چودہ ستارے۔ ص ۲۵۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

آنکھیں کہیں آہو کی بھی آنکھوں سے بڑی تھیں
منہ چاند سا تھا ہنسلیاں گردن میں پڑی تھیں [۱]

بچہ امام حسین کے پاس پہونچا۔ امام حسین غش کے عالم میں زمین پر پڑے تھے جب آنکھ کھلی تو بچے سے مخاطب ہو کر کہا [۲]

فرمانے لگے کھول کے آنکھیں شہِ ذی جاہ کیوں گھر سے نکل آئے یہ کیا تم نے کیا واہ
ان تیغوں سے اے لال بچائے تمہیں اللہ لو خیمہ میں اب جاؤ کہ عمو ہے سرِ راہ
کٹتا ہے گلا تیغ ستم سے کوئی دم میں
گھر میں تمھیں لے چلنے کی طاقت نہیں ہم میں [۲]

بچہ کی شہادت :

یہ کہتے تھے حضرت کہ بڑھا ایک جفا کار چاہا کہ قریب آن کے حضرت پہ کرے وار
ہاتھ اس نے سرِ شہ پہ سپر کر دیئے یک بار بچے کے کہاں ہاتھ کہاں ظلم کی تلوار
رہتی پہ دم نتھے سے گرے ہاتھ جو کٹ کر
غش ہو گیا شبیر کے سینے سے لپٹ کر [۳]

انیس نے مذکورہ بند میں امام حسین کے فرزند عبداللہ ابن حسن کی شہادت کا منظر پیش کیا ہے۔ "جب امام حسین زخموں سے چور ہو کر زمین پر تشریف لا چکے تھے اس وقت آپ خیمے سے برآمد ہوئے اور امام کی طرف چلے۔ جناب زینب بنت علی

---

[۱] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور صہ ۱۱۶
[۲] " " : " ۴ " " صہ ۱۱۷
[۳] " " : " ۴ " " صہ ۱۱۷

نے آپ کو روکنا چاہا لیکن آپ کسی طرح نہ رکے اور آپ دوڑتے ہوئے امام کے پاس پہنچ گئے۔ اس وقت بحر بن کعب بن عبداللہ تیمی حضرت پر تلوار کا وار کرنا چاہتا تھا کہ آپ نے اس سے کہا "زن خبیثہ کے بیٹے کیا تو میرے چچا کو قتل کرے گا۔ مگر جب اس نے تلوار کا وار کر ہی دیا تو آپ نے تلوار کے وار کو اپنے ہاتھ پر روکا[۱]" امام حسین عبداللہ ابن حسن کو صبر کی تلقین کر ہی رہے تھے کہ "حرملہ نے چلۂ کمان میں تیر جوڑ کر مارا جس سے عبداللہ کی شہادت واقع ہوئی[۲]"

ہنگام عصر اور امام حسین کی شہادت :-

تھا عصر کا ہنگام کہ آفت ہوئی برپا گھوڑے سے گرے شاہ قیامت ہوئی برپا
جن و ملک و انس میں رقت ہوئی برپا دنیا میں اسی دن سے مصیبت ہوئی برپا
دب دب کے جو پیکاں تن شفاف سے نکلے
سر کھول کے پریوں کے پرے قاف سے نکلے [۳]

تڑپے جو زمیں پر کئی بار شہ والا تھا شور کہ لو ہو گئی دنیا تہ و بالا
اٹھتے تھے کہ مارا کسی بے رحم نے بھالا خم ہو گیا وہ فاطمہ کی گود کا پالا
طاقت یہ کہاں تھی کہ جو اٹھتے وہ سنبھل کر
غش ہو گئے رہتی پہ لہو منہ سے اگل کر [۴]

---

[۱] سید علی نقی نقوی : شہید انسانیت ، صہ ۵۲۱
[۲] " " " : " " صہ ۵۲۲
[۳] مراثی انیس : جلد ۱ نول کشور صہ ۴۷۳
[۴] " " : " ۱ " " صہ ۴۷۳

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پسر سعد نے لشکر سے مخاطب ہو کر کہا ؎

بولا یہ فوج سے عمرِ سعد روسیاہ   زینت پہ اب تو غش ہے محمدؐ کا رشکِ ماہ
نکلیں کہیں نہ خیمہ سے زینبؑ بہ اشک و آہ   ہاں کاٹ لو سرِ پسرِ ضیغمِ الٰہ
راحت کا بعدِ فتح سرانجام کیجیو
زہراؑ کے گھر کو لوٹ کے آرام کیجیو[1]

پسر سعد کے حکم کے بعد ؎

خولی علم لئے ہوئے شمشیرِ کیں بڑھا   بڑھتے ہی اس کے اپنے پرے سے حصیں بڑھا
خنجر کمر سے کھینچ کے شمرِ لعیں بڑھا   شہ کی طرف چڑھائے ہوئے آستیں بڑھا
زینبؑ نے دی دہائی تو منہ کو پھرا لیا
زانو سے شہ کا سینۂ زخمی دبا لیا[2]

امام حسینؑ کی شہادت

پھیرا گلوئے خشک پہ خنجر جو ایک بار   آثارِ صبحِ حشر ہوئے رن میں آشکار
شہ رگ پہ جب پہونچ گئی تیغِ ستم کی دھار   چلائے ہاتھ اٹھا کے امامِ فلک وقار
بیکس ہوں، تشنہ کام ہوں تیغوں سے چور ہوں
یارب گواہ رہیو کہ میں بے قصور ہوں[3]

انیس نے مذکورہ بند میں امام حسینؑ کی شہادت کا منظر پیش کیا ہے۔ امام حسینؑ

---

[1] مراثی انیس : جلد ۱ نولکشور صـ۹۰

[2] " " : " ۱ " صـ۹۰

[3] " " : " ۱ " صـ۹۱

جب زخموں سے چور ہو کر زمین کربلا پر آئے تو چاروں طرف سے نرغۂ اعدا نے گھیر کر" ایک دفعہ حضرت پر حملہ کیا۔ حصین ابن منیر نے ایک تیر دہن مبارک پر لگایا ابوایوب عنوی نے ایک تیر حلق پر مارا۔ وزعہ بن شریک نے تلوار لگائی اس کے پہلے سنان ابن انس نے سینۂ اقدس پر تیر مارا ___ شمر نے کہا کیا انتظار ہے جلدی کام تمام کرو۔ خولی ملعون نے کہا " سر حسینؑ جدا کر۔ وہ شقی جب پاس آیا تو دہشت سے کانپنے لگا۔ اور بے ہوش ہو گیا۔ سنان ابن انس نے کہا خدا تیرے ہاتھ توڑے اور بازو تیرے قطع کرے۔ اسوقت شمر ملعون جو برص تھا گھوڑے سے اترا[1]" جب شمر ملعون امام حسینؑ کے پاس آیا تو آپ نے کہا اے ظالم تھوڑی دیر کے لئے تو ٹھہر جا۔" تاکہ میں قبلہ رو ہو کر دو رکعت نماز ادا کرلوں۔ چونکہ نماز میں زخم کھانا میراثِ پدری ہے لہٰذا جب میں نماز میں مشغول ہوں تو تجھے اختیار ہے جو چاہنا کرنا، مگر شمر نے اتنا بھی صبر نہیں کیا کہ امام حسینؑ نماز کو تمام کر لیتے۔ سجدے میں سر رکھتے ہی اس نے ان کا سر تن سے جدا کر دیا[2]۔" امام حسینؑ کا سر ۶۱ھ عاشورِ محرم بروز جمعہ بوقت نمازِ عصر سجدے کے عالم میں جدا ہوا[3]۔"

بعد شہادت سرِ حسینؑ نوکِ نیزہ پر

ملبوس بدن لے گئے سب لوٹنے والے   سینے سے مگر تیر کسی نے نہ نکالے
پہلوئے مبارک میں گڑے رہ گئے بھالے   کیوں چرخ یہ حال اس کا جسے فاطمہؑ پالے

---

[1] علامہ مجلسی : بحار الانوار جلد ۱ صـ۲۸ مترجم آغا جزائری

[2] نواب احمد حسین : تاریخ احمدی صـ۳۷۵-۳۷۴

[3] سید نجم الحسن : چودہ ستارے صـ۲۶ حسین بخش : اصحاب الیمین صـ۲۵۷
سید علی نقی نقوی : شہید انسانیت : صـ۵۲۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شبیر کا سر نیزهٔ خولی کی انی پر
تف دہر پہ اور خاک ہے دنیائے دنی پر [1]

انیس نے مذکورہ بند میں بعد شہادت امام حسین کو نوک نیزہ پر بلند کئے جانے کا منظر پیش کیا ہے۔ "تاریخ کامل میں ہے جب امام حسین شہید ہو چکے تو انکے اور ان کے احباب کے سروں کو اسی دن عمر بن سعد نے خولی بن یزید اور حمید ابن مسلم کے ساتھ عبداللہ ابن زیاد کے پاس روانہ کیا۔[2]

امام حسین کے لاش کی پامالی اور ظلم کی انتہا:۔

عمامۂ حضرت لئے جاتا ہے کوئی آہ — بھاگا ہے کوئی لے کے عبائے شہ ذی جاہ
ہاتھوں سے قبا کھینچ رہا ہے کوئی گمراہ — عریاں ہے زمیں پر تن فرزند ید اللہ
اب لشکر کیں لاش کو پامال کرے گا
بعد اس کے ستم لاش پہ جمّال[3] کرے گا [4]

تاج سر شاہ شہدا لے گیا کوئی — تیروں سے چھنی تن کی قبا لے گیا کوئی
پیراہن محبوب خدا لے گیا کوئی — خاتون قیامت کی ردا لے گیا کوئی
عریاں تھا بدن خاک پہ تھی پشت مبارک
خاتم کے لئے کاٹ لی انگشت مبارک [5]

---

[1] مراثی انیس : جلد ۲ نائب حسین ص۳۰۴
[2] نواب احمد حسین : تاریخ احمدی ص۳۴۷
[3] جمّال دمشقی ہے جس نے بعد شہادت امام کی لاش کے ساتھ ظلم کیا اور ہاتھ قطع کیا۔ (علامہ باقر مجلسی : بحارالانوار : جلد ۲ ص۱۳۹)
[4] مراثی انیس : جلد ۱ نائب حسین ص۴۰۵
[5] " " : جلد ۴ نول کشور ص۷۱

انیس نے مذکورہ بند میں اس وقت کا منظر پیش کیا ہے۔ جب امام مظلوم کی شہادت کے بعد" عمر بن سعد کے حکم سے امام مظلوم کی لاش پر گھوڑے دوڑائے گئے دس آدمی سوار ہو کر گھوڑے پر آگے بڑھے اور امام کی لاش کو پامال کیا۔[1]" لاش کے پامال ہو جانے کے بعد" عمر ابن یزید امام حسین کا عمامہ لے گیا۔ یزید ابن سعل نے آپ کی ردا لے لی۔ محمد ابن اشعث نے جو کچھ کپڑے تھے اتار لئے۔ ان تمام چیزوں میں فقط ایک انگوٹھی باقی تھی اس کو بجدل ابن مسلم کلبی نے ان بے رحمیوں سے اتارا کہ جب وہ کسی طرح نہ اتری تو العیاذ باللہ انگلی کاٹ لی۔[2]

امام کی شہادت کے بعد کائنات میں تلاطم اور گریہ و ماتم

حضرت کو ذبح کر کے ہٹا جب وہ بدگہر — زلفیں پکڑ کے لے چلا سبط نبی کا سر
ٹکرائے کوہ آگیا جنبش میں بام و در — آندھی اٹھی سیاہ کہ اڑ اڑ گئے شجر
غل تھا کہ اٹھ گئی برکت اس جہان سے
قطرے لہو کے گرنے لگے آسمان سے [3]

جنات کے رونے کی صدا آتی تھی پیہم — پریاں پسر فاطمہ کا کرتی تھیں ماتم
دریا میں یہ تھا شور کہ ہے ہے شہ عالم — اڑ اڑ کے پرندے بھی فغاں کرتے تھے باہم
فریاد کا غل اٹھتا تھا ہر بار زمیں سے
ریتی پہ برستا تھا لہو چرخ بریں سے [4]

---

[1] حسین بخش : اصحاب الیمین ص۲۶، سید اولاد حیدر فوق بلگرامی : ذبح عظیم ص۲۳۵
[2] سید اولاد حیدر فوق بلگرامی : ذبح عظیم ص۲۳۴
[3] مراثی انیس : جلد ۳ نول کشور ص۱۸۷
[4] " " : جلد ۱ نول کشور ص۳۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انیسؔ نے مذکورہ بند میں امام حسین کی شہادت کے بعد کائنات کا منقلب ہونا اور ہر گوشۂ قطرت سے گریہ و بکا کی آواز آنا اور مافوق الفطرت اثرات کا ظاہر ہونا نظم کیا ہے۔ کتاب امالی اور علل الشرائع میں روایت ہے " حضرت علی نے فرمایا کہ میرے لعل حسین کے غم میں زمین و آسمان سے خون برسے گا اور تمامی کائنات حتیٰ کہ وحوش صحرا میں مچھلیاں دریا میں، اور طیور ہوا میں اس شہید مظلوم پر روئیں گے۔ اور چاند اور سورج اور ستارے اور آسمان اور زمین، فرشتے، حاملان عرش اس پر گریہ کریں گے [۱]"

جنا توں کا بھی غم حسین میں ماتم کرنے کے سلسلہ میں کئی روایتیں ملتی ہیں لیکن اس مقام پر ایک روایت درج کی جاتی ہے۔ ابن نما نے مثیر الاحزان میں لکھا ہے کہ جن اس امام جن و بشر پر نوحہ کرتے تھے ــــ لوگوں نے شب شہادت امام حسین کسی کی آواز سنی لیکن کوئی دکھائی نہ دیتا تھا۔ اس نے یہ اشعار پڑھے " اے قاتلان حسین از راہ جہل و گمرہی تم کو بشارت ہو کہ بروز قیامت عذاب الہٰی میں گرفتار رہو گے۔ تمامی اہل آسمان و گروہ پیغمبران و فرشتگان ان شہدا کے حال پر گریہ کرتے ہیں [۲]"

اس نفس مضمون سے ایک دوسری روایت جناب ام سلمہ سے نقل کی جاتی ہے۔ جناب ام سلمہ نے فرمایا کہ جب پیغمبر اسلام نے وفات پائی " میں نے جنات کی آواز سنی تھی " آج کی شب نوحۂ جنات میں نے سنا یقین ہے مجھ کو میرا فرزند شہید ہوا اور جنة کو میں نے سنا بین کرتے ہوئے [۳]"

[۱] علامہ مجلسی : بحار الانوار - جلد صـ ۸۹ مترجم طیب آغا جزائری
شیخ احمد حسین : تاریخ احمدی۔ صـ ۳۷۷
[۲] علامہ مجلسی : بحار الانوار جلد ۲ صـ ۱۰۷ مترجم طیب آغا جزائری
[۳] " " " " " " صـ ۱۱۱ " " " "

حضرت سلمٰی فرماتی ہیں کہ " میں حضرت ام سلمہ کے پاس آئی۔ وہ رو رہی تھیں میں نے پوچھا آپ کیوں رو رہی ہیں۔ حضرت ام سلمہ نے فرمایا میں نے رسول اللہ کو خواب میں دیکھا کہ آپ کے سر اور ڈاڑھی پر گرد و غبار ہے۔ میں نے عرض کی یا رسولؐ اللہ کیا بات ہے یہ گرد و غبار کیسا ؟ آپ نے فرمایا ابھی ابھی حسین کی شہادت کے وقت موجود تھا۔" [۱]

قربانیٔ حسین کی یادگار اور وعدۂ پروردگار :

حشر تک روئے گا مظلومی پہ تیرے عالم
تیرا ماتم نہیں ہوئے گا جہاں میں کبھی کم
روضۂ پاک کو تیرے یہ شرف بخشیں گے ہم
آئیں گے جس کی زیارت کو ملک ہو کے بہم
یہ زمیں عرش سے رتبہ میں سوا ہووے گی
خاک تربت کی ترے خاک شفا ہوئے گی [۲]

انیس نے مذکورہ بند میں قربانیٔ حسین کا احترام بنگاہ پروردگار میں کیا ہے۔ " ابو النصر نے اپنے وارث سے اور انہوں نے جعفر ابن محمد سے روایت کی ہے کہ جس دن حضرت امام حسین نے شہادت پائی اس روز ستر ہزار فرشتے ان کی قبر مبارک پر نازل ہوئے۔ یہ فرشتے آپ کی مظلومی اور حالت زار پر قیامت تک نوحہ کناں رہیں گے [۳]"

[۱] ترمذی شریف : جلد ۲ صـ ۳۸۵
[۲] مراثی انیس : نول کشور جلد ۳ صـ ۲۱۷
[۳] شیخ عبد القادر جیلانی : غنیۃ الطالبین۔ صـ ۴۵۸ مترجم اعتقاد حسین صدیقی
محمد باقر مجلسی : جلاء العیون جلد ۲ صـ ۴۵-۱۴۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تاراجیِ خیام

شمر چلایا یہ سنتے ہی کہ لشکرِ شام　　غارت خیمہ کا ہے حکم چلے فوج تمام
دیر کا وقت نہیں ایسا کہیں ہو جائے نہ شام　　جس کے جو ہاتھ لگے لوٹ لے اسبابِ امام
پاسِ ناموسِ نبی کے زر و زیور نہ رہے
ہاں سرِ زینب و کلثوم پہ چادر نہ رہے [1]

یہ سخن سن کے چلے خیموں پہ اعدا کے پرے　　شور تھا رحم نہ ہرگز کوئی رانڈوں پہ کرے
کاٹ کر لاشوں کے سر نوک پہ نیزوں کے دھرے　　نا خدا سے نہ علی سے نہ پیمبر سے ڈرے
آلِ احمد پہ عجب طرح کی آفت آئی
فوج کیا آئی کہ خیموں میں قیامت آئی [2]

انیسؔ نے مذکورہ بند میں امام حسین کی شہادت کے بعد پسرِ سعد کا خیام کو تاراج کرنے کا حکم دینا اور اشقیاء کا درانہ خیموں میں داخل ہونا کے مناظر کو نظم کیا ہے۔ شہادت حسین کے بعد جب اسپ باوفا نے خیام عصمت میں حسین کی شہادت کی خبر پہونچائی تو خیموں میں شور گریہ و زاری برپا ہو گیا۔ "خیمہ میں کہرام عظیم برپا ہی تھا کہ دشمنوں نے خیمہ کا رخ کیا اور پہونچتے ہی خیموں میں آگ لگا دی اور سامان لوٹنا شروع کر دیا۔ اور تمام بیبیوں کے سروں سے چادریں چھین لیں [3]۔"

شامِ غریباں

---

[1] مراثیِ انیس : جلد ۴ نول کشور صفحہ ۲۱۴
[2] " " : " ۴ " صفحہ ۲۱۴
[3] سید نجم الحسن : چودہ ستارے صفحہ ۲۶۱

تاراجیِ خیام کے بعد جو شام آئی اس شام کا نام شامِ غریباں ہے جس میں جلی ہوئی قناتوں پر بیٹھ کر اہلِ حرم نے گریہ و زاری شروع کیا۔ اسی ماحول میں جناب زینب کے بین کو میر انیسؔ نے یوں نظم کیا ہے ؎

ہے کس مقام پر مرے سید کی قتل گاہ　　اے خاک کس نشیب میں ہے فاطمہ کا ماہ
اے عرضِ نینوا مجھے ملتی نہیں ہے راہ　　اے آسماں یہ کیا ہوا دن ہو گیا سیاہ
اے شامِ غم وہ گیسوؤں والا کدھر گیا
اے آفتاب تیرا اجالا کدھر گیا [1]

شامِ غریباں کے سناٹے میں جناب سکینہ امام حسین کی تلاش میں جب مقاتل کی طرف روانہ ہوئیں تو لاشِ حسین سے یہ آواز آئی ؎

صدقے تری مظلومی کے میں اے مری پیاری　　سیلی جو تجھے شمرِ ستمگار نے ماری
خوں بھر ہوا صدمے سے مرے زخموں سے جاری　　اس وقت تلک روح تڑپتی ہے ہماری
مشتاقِ ملاقات ہیں ہم آؤ سکینہ
اس خوں بھری چھاتی سے لپٹ جاؤ سکینہ [2]

انیسؔ نے مذکورہ بند میں شامِ غریباں میں اہلِ حرم کی مظلومیت اور باپ کا مقتل میں بیٹی سے ملاقات کے اشتیاق کو پیش کیا ہے۔ جب جناب سکینہ باپ کی لاش سے جا کر لپٹ گئیں اور جناب زینب نے بچوں کی تعداد شمار کی تو ایک بچی کم تھی۔ "زینب مقتل کی طرف سکینہ کو تلاش کرنے نکلیں۔ ایک نشیب سے سکینہ کے رونے کی آواز آئی۔

---

[1] مراثیِ انیس ، جلد ۲ نائب حسین صفحہ ۴۲ (نول کشور کے یہاں چوتھا مصرعہ یوں ہے:
"اے آسماں یہ کیا ہے کہ دن ہو گیا سیاہ")
[2] مراثیِ انیس : جلد ۴ نول کشور صفحہ ۲۳۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دیکھا کہ سکینہ باپ کے سینے سے لپٹی ہوئی گریہ کر رہی ہیں[1]"

اسیریٔ اہل حرم

کہتا تھا کوئی دشمن دیں بیڑیاں لاؤ — زنجیر ید اللہ کے پوتے کو پنھاؤ
سجاد کے پہلو سے سکینہ کو ہٹاؤ — لپٹا ہوا ہے باپ سے باقر کو چھڑاؤ
سر کاٹ لو فرزند حسین ابن علی کا
تا فاتحہ خواں بھی نہ رہے سبطِ نبی کا[2]

لیوے گی سکینہ جو کبھی نام علمدار — تو سرخ طمانچوں سے کریں گے گل رخسار
ہے ہے مرے بابا جو پکارے گی وہ ہر بار — کس دیوے گا رسی سے گلا شمر ستمگار
بھولے سے بھی نہ اونٹ سے فریاد کرے گی
دیویں گے وہ ایذا کہ بہت یاد کرے گی[3]

چلاتی تھی مقتل کی طرف زینب مضطر — یا سبطِ نبی ٹوٹ گئی آپ کی خواہر
بازو مرے رسی سے بندھے چھن گئی چادر — حلقے میں ستمگاروں کے تنہا ہوں کھلے سر
فریاد ہے منہ اشکوں سے دھونا نہیں ملتا
تم قتل ہوئے اور مجھے رونا نہیں ملتا[4]

انیس نے مذکورہ بند میں اس روایت کو پیش کیا ہے کہ جب گیارھویں

---

[1] سید نجم الحسن : چودہ ستارے ص۲۶۱
[2] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور ص۲۲۷
[3] " " : جلد ۴ " " ص۲۲۸
[4] " " : " ۴ " " ص۲۲۸
[5] سید صفدر حسین : انتخاب طبری ص۴۳۲

محرم کو فوج اشقیا اہل حرم کو قید کر کے مقتل حسین سے یوں گزری کہ بیبیوں کے ہاتھ رسیوں سے بندھے تھے۔ سروں پہ ردائیں نہیں تھیں بچوں کے رخسار طمانچوں سے نیلے پڑ گئے تھے سید سجاد کے ہاتھوں میں ہتھکڑیاں، پیروں میں بیڑیاں اور گلے میں طوق خار دار تھا جب اہل حرم مقتل میں پہونچے" حمید بن مسلم کا بیان ہے کہ میں اس ہولناک مصیبت کا منظر نہیں بھولوں گا۔ جس وقت علی اور فاطمہ کی بیٹی زینب خاتون نے اپنے بھائی کی لاش کو دیکھا اور لوٹتے ہوئے دل سے آہیں بھر بھر کر جگر خراش بین کرنے لگیں اور دردناک آواز سے کہا اے اللہ کے رسول میرے نانا۔ آپ کا مرتبہ تو یہ ہے کہ آسمان کے فرشتے آپ پر درود و صلوٰۃ بھیجتے ہیں۔ اور آپ کا حسین خون میں نہلا دیا گیا اور اس کا بدن ٹکڑے ٹکڑے کر دیا گیا۔ اے نانا دیکھیے آج آپ کی بیٹیاں قیدی بنالی گئیں[1]"

بازار کوفہ میں ہجوم عام اور اہل حرم کا داخلہ دربار میں :-

کوفے میں جب حرم حضرت شبیر آئے — روتے اور پیٹتے با حالت تغیر آئے
ننگے سر بلوے میں سب صاحب توقیر آئے — پہنے زنجیر گراں عابد دلگیر آئے
یوں تو اس شہر میں بندی نہ کبھی آئی تھی
ننگے سر رانڈیں تھیں اور خلق تماشائی تھی[2]

سر بازار عجب طرح کا تھا بلوۂ عام — سیر کو لوگ گھروں سے چلے آتے تھے تمام
جا کہیں خالی نہ تھی بھر گئے تھے کوچہ و بام — کثرت خلق سے مشکل تھا اٹھانا اک گام
کوئی غمگین تھا اور شاد کوئی ہوتا تھا
کوئی ہنستا تھا اسیروں پہ کوئی روتا تھا[3]

---

[1] فیروز حسین قریشی : جامع التواریخ فی مقتل الحسین جلد ۲ ص۳۳
[2] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور ص۲۵۹
[3] " " : " ۴ " " ص۲۵۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب قافلہ دربار کوفہ کے قریب پہونچا تو سعد نے جناب زینبؑ سے دربار میں چلنے کو کہا تو جناب زینب نے جواب دیا ؎

پیٹ کے سر کہا زینب نے کہ او نابہنجار　　میرے بھائی کی طرح میرا بھی سرتن سے اتار
پر نہ لے جا مجھے دربار لعیں میں زنہار　　فاطمہ ماں ہے مری میں ہلوں علی کی دلدار
کھینچ کر تو جو یہاں سے مجھے لے جاوے گا
کیا پیمبر کو کبھی منہ حشر میں دکھلاوے گا [1]

کھولی رسی لئے زینب کی طرف جونہی بڑھا　　دوڑے سجاد یہ کہتے ہوئے کرتا ہے یہ کیا
رو کے پھر حضرت زینب سے یہ عابد نے کہا　　روبرو حاکم اظلم کے چلو بہر خدا
آپ کے رتبہ سے آگاہ یہ جلاد نہیں
بابا صاحبؑ کی وصیت تمہیں کیا یاد نہیں [2]

انیسؔ نے مذکورہ بند میں اس روایت[3] کے منظر کو پیش کیا ہے کہ جب اہل بیت رسول کا لٹا ہوا قافلہ کوفہ پہونچا تو تماشائیوں کا ہجوم ہر طرف تھا اور جب یہ لٹا ہوا قافلہ دربار ابن زیاد کے قریب لایا گیا تو جناب زینب جیسی معصوم ماں باپ کی بیٹی کو دربار عام میں جانے سے فطرتاً تردد ہوا اور دل پر چوٹ پڑی مگر چونکہ مقصد حسین کی اشاعت لازم تھی اس لئے زینب نے بھائی کی وصیت پر عمل کرتے ہوئے دربار میں جانا گوارا کر لیا۔

---

[1] مراثی انیس: جلد ۴ نول کشور ص ۲۶۳

[2] " " : جلد ۱ نائب حسین ص ۳۲۱ (سہو کتابت کی وجہ سے نول کشور کے یہاں دوسرے مصرعہ میں "دوڑے سجاد یہ کہتے ہوئے کرتا ہے یہ کیا" دوسرا "یہ" نہیں ہے۔

[3] حسین بخش: اصحاب الیمین ص ۲۷، محمد باقر مجلسی: علاء العیون ص ۲۷، فرزند حسین قریشی: جامع التواریخ فی مقتل الحسین جلد ۲ ص ۵۵-۵۴ علامہ مجلسی: بحار الانوار جلد ۲ ص

سرِ حسین اور تلاوت قرآن پاک

قرآن پڑھ رہا تھا سر ابن بوتراب　　اور ریش میں کھلا ہوا تھا جا بجا خضاب
روشن تھا بعد قتل بھی رخ مثل آفتاب　　ظاہر یہ تھا لبوں سے کہ پایا نہیں ہے آب
آنکھوں سے یہ عیاں تھا کہ دنیا سے جاتے ہیں
ثابت یہ خشک ہونٹوں سے ہے مسکراتے ہیں [1]

انیس نے مذکورہ بند میں بعد شہادت امام حسین سر حسین نوک نیزہ سے تلاوت کلام پاک کرنے کا منظر پیش کیا ہے۔ صحابئ پیغمبر زید بن ارقم سے روایت ہے کہ "جب سر انور نیزہ پر میرے کوچہ سے گزرا تو میں گھر کے غرفہ میں بیٹھا تھا۔ جس وقت میرے مقابل آیا تو میں نے سنا　　کہ وہ سورۂ کہف کی آیات کی تلاوت کر رہا ہے [2]۔"

دربار یزید میں اہلِ حرم کا داخلہ

کہا ظالم نے کہ ہاں قیدیوں کو لاؤ قریب　　حکم یہ سنتے ہی دوڑے گئے دو چار نقیب
شرم کے مارے ہوا بیبیوں کا حال عجیب　　اپنا سر پیٹ کے بانو نے کہا وائے نصیب
کھینچ کر سب کو ستمگار جو لے جانے لگے
حضرت زینب و کلثوم کو غش آنے لگے [3]

انیس نے مذکورہ بند میں اہل حرم کے دربار یزید میں داخلے کا منظر پیش کیا ہے

---

[1] مراثی انیس: جلد ۴ نول کشور ص ۴۴

[2] علامہ مجلسی: بحار الانوار جلد ۲ ص ۴۴

[3] مراثی انیس: جلد ۴ نول کشور ص ۲۹۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"یزید ملعون جب شام میں ورود سے آگاہ ہوا تو اس نے اپنا دربار سجایا اور ہر قسم کی زینت سے مزین ہو کر اپنے تخت پر بیٹھا اور ملاعین اہل شام کو جمع کیا۔[1]"

پھر اس کے بعد شمر سے کہا کہ اہل حرم کو حسین کے، ہمارے سامنے حاضر کرو۔ اور جب اہل حرم یزید کے سامنے لائے گئے تو اس نے برجستہ کہا "رسول خدا نے میرے آباؤ اجداد اور قبیلے کو جنگ بدر میں قتل کیا تھا، میں نے ان کے خون کا بدلہ ان کی اولاد سے لیا[2]"

دربار یزید میں جناب زینب کا خطاب یزید سے

سن کے یہ آگیا بنت شہ مرداں کو جلال
تھر تھرا کے کہا کیا بکتا ہے او بد اقبال

صاحب عزت و توقیر محمد کی ہے آل
کبھی ہم لوگوں کی عزت پہ نہ آوے گا زوال

ہم کو بے قدر جو سمجھا تو خطا کرتا ہے
دیکھ مصحف میں خدا کس کی ثنا کرتا ہے [3]

انیس نے مذکورہ بند میں اس وقت کا منظر پیش کیا ہے کہ جب یزید نے اہل حرم کو اسیر دیکھ کر کہا کہ کہاں گئے جن پر تم کو ناز تھا۔ اب کوئی بچانے والا تمہاری مدد کے لئے کیوں نہیں آتا۔ اس وقت علی کی بیٹی جناب زینب کو جلال آگیا۔ اور آپ نے یزید کو مخاطب کر کے کہا "آیا تو گمان کرتا ہے یزید! اس حالت میں کہ تو نے ہم پر سختی کی اور اسیر کر کے شہر بہ شہر پھرایا۔ یہ سب بات ہماری خواری و ذلت کا نزدیک خدا کے ہے

---

[1] شیخ عباس قمی منتہی الآمال (احسن المقال) ج۔۱ مترجمہ سید صفدر حسین ص۵۱۰
[2] " " " " " " " " ص۵۱۱
[3] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور ص۲۶۷

اور تیرے لئے سبب کرامت اور بزرگی کا ہے (اے یزید) یہ گمان کر کے تو تکبّر کرتا ہے اور خوش ہوتا ہے۔ کیا تو نے کلام خدا کو بھلا دیا؟ جس میں خدا فرماتا ہے "خبردار جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ گمان نہ کریں کہ جو مہلت انھیں دی گئی ہے وہ ان کے لئے بہتر ہے بلکہ یہ مہلت اس لئے دی گئی ہے کہ وہ اپنے گناہوں کو زیادہ کریں اور ان کے لئے رسوا کرنے والا عذاب ہے[1]۔"

"دیکھ مصحف میں خدا کس کی ثنا کرتا ہے" یہ مصرعہ انیس نے اس رخ سے اس لئے کہا کہ جناب زینب نے آل رسول کی عظمت کردار کے ذیل میں مصحف صامت قرآن مجید کی آیات کے حوالے بھی اپنے خطبہ میں دیئے گئے ہیں۔

سر حسین سے یزید کا بے ادبی کرنا

کئے زینب نے فصاحت سے یہ جس وقت کلام
کانپے سینے میں جگر رونے لگے لوگ تمام

تخت کے نیچے دھرا تھا جو سر پاک امام
متوجہ ہوا اشرار کے ادھر حاکم شام

اور ان ظلم رسیدوں پہ جفا کرنے لگا
لب فرزند پیمبر پہ چھڑی دھرنے لگا [2]

انیس نے مذکورہ بند میں اس وقت کا منظر پیش کیا ہے کہ جب یزید تخت پر بیٹھا تھا اور تخت کے نیچے امام مظلوم کا سر رکھا ہوا تھا جس کو انیس نے ایک سلام میں یوں کہا ہے۔

---

[1] علامہ باقر مجلسی : جلاء العیون جلد ۲ ص۲۸۹
[2] مراثی انیس : نائب حسین جلد ۲ ص۳۸۱ یہاں پر نول کشور کے یہاں 'لوگ' کی جگہ 'لوک' درج ہے جو سہو کاتب ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یزید تخت کے اوپر ہے اور تلے سرِ شاہ
انیسؔ دیکھ زمانے کا انقلاب یہ ہے [1]

اہل حرم کے سامنے امام حسین کے سر کو اپنے سامنے منگا کر اور لوگوں کو جمع کر کے ان کے سامنے امام حسین کے دانتوں پر چھڑی لگانے لگا۔ یہ دیکھ ابو برزہ اسلمی نے کہا اے یزید اپنی چھڑی کو ان دانتوں سے ہٹا لے۔ میں نے بارہا رسول اللہؐ کو انھیں چوستے ہوئے دیکھا ہے۔[2]"

دربار یزید میں امام زین العابدین کا خطبہ

بن روئے نہ عابد سے رہا جاتا تھا
خطبہ سرِ منبر نہ پڑھا جاتا تھا [3]

انیسؔ نے مذکورہ مصرعوں میں اس وقت کے پس منظر کو پیش نظر رکھا ہے۔ جب دربار یزید میں اسیروں کے "درمیان" اور سرِ حسین سے یزید کی بے ادبی اور جناب زینب کے خطبہ سے متاثر ہو کر اہل دربار نے بنی ہاشم کی تقریر سننے کی خواہش ظاہر کی اور یزید کو مجبور ہو کر زین العابدین کو منبر پر بلانا پڑا۔ یہ وہ وقت تھا جب بھوک پیاس، سفر کی تھکان اور طوق و سلاسل میں جکڑے ہونے کی وجہ سے امام کا تقریر کرنا ازبس دشوار تھا لیکن اس دشوار ترین مرحلہ میں بھی نہ زین العابدین روئے اور نہ منبر پر خطبہ دینے میں کسی ناطاقتی کو آڑے آنے دیا۔ اور منبر پر جا کر کہا "اے

---

[1] مراثی انیسؔ : جلد ۳ نول کشور ص ۹۶
[2] نواب احمد حسین : تاریخ احمدی ص ۳۸۱
[3] مراثی انیسؔ : جلد ۴ نول کشور ص ۲۶۹

اہل شام! تم میں سے جو مجھے جانتا ہے وہ جانتا ہے، جو نہ جانتا ہو وہ جان لے کہ میں فرزند رسول مختار ہوں، میں فرزند سردار اخیار ہوں، میں فرزند سردار یثرب و بطحا ہوں سبط رسول حسن مجتبیٰ کا بھتیجا ہوں۔ میں نور دیدۂ مصطفےٰ اسرور سینۂ مرتضیٰ، مبتلائے کرب و بلا حسین شہید کرب و بلا کا بیٹا ہوں۔ اتنا سننا تھا کہ اہل مجلس چیخ مار کر رونے لگے۔ یزید نے خائف ہو کر موذن کو اذان کہنے کا اشارہ کیا۔[1]"

زندان شام اور اہل حرم

جب شام کے زنداں میں ہوئی شام حرم کو
اک آن نہ راحت تھی نہ آرام حرم کو
تھے وردِ زباں وارثوں کے نام حرم کو
رونے کے سوا اور نہ تھا کام حرم کو
رخ زرد تھے دل سینوں میں صدمے سے تپاں تھے
تاریکی سے دم گھٹتے تھے اور اشک رواں تھے [2]

وہ کہنہ خرابہ وہ نئی قید کی آفت
وہ شام تھی رانڈوں کے لئے صبح قیامت
فاقوں سے نہ تھی تن میں کھڑے ہونے کی طاقت
لب خشک تھے اور نرگسی آنکھوں میں نقاہت
صدمہ تھا عجب آل شہ عرش نشیں پر
بچوں کو لئے گود میں بیٹھے تھے زمیں پر [3]

انیس نے مذکورہ بند میں قید خانہ شام کی تاریکی اور اہل حرم کی مظلومیت کا منظر پیش کیا ہے۔ بعد شہادت امام حسین جب قافلہ کوفہ و شام سے گزر کر یزید کے دربار میں پہونچا اور

---

[1] نواب احمد حسن : تاریخ احمدی۔ ص ۳۸۳
[2] مراثی انیس : جلد ۴ نولکشور ص ۲۹۳
[3] " " : " ۴ " " ص ۲۹۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یزید کے سامنے اہل حرم پیش کئے گئے تو یزید نے بھرے دربار میں اہل حرم کی مزید رسوائی اور ذلت کے بعد قید خانہ میں مقید کر دیا۔" ابن بابویہ نے روایت کی ہے کہ یزید ملعون نے حضرت امام زین العابدین کو مع مخدرات مطہرات ایسے مکان میں قید کیا جہاں کچھ سایہ بھی نہ تھا۔ یہاں تک کہ چہرہ ہائے نورانی کے پوست جدا ہو گئے تھے۔[1]"

زندان شام میں سکینہ بنت الحسین کی شہادت

اس قید میں تھا بالی سکینہ کو نہ آرام | سر پیٹتی تھی ہاتھوں سے رو کر سحر و شام
سب بھولی تھی بابا ہی کا بس یاد تھا اک نام | کہتی تھی کہ اماں نہیں جینے کی میں ناکام

پاؤں گی کہاں فاطمہ زہرا کے پسر کو
ہیں ڈھونڈتی آنکھیں مری مظلوم پدر کو [2]

باپ کے فراق میں بچی کی کیفیت ؎

غش ہو گئی بس اتنے میں وہ بیکس و پُر غم | ہر بیبی کو بس ہو گیا اک سکتہ کا عالم
بالو نے کہا ہائے میں اب کیا کروں اسدم | ہاتھوں سے چلی شیفتۂ سید اکرم

جان و جگرِ شاہ مدینہ کو غش آیا
فریاد ہے فریاد سکینہ کو غش آیا [3]

قید خانہ میں کہرام اور یزید کا سر حسین کو بھیجنا :۔

حلقہ کئے گرد اس کے حرم روتے ہیں باہم | کہرام ہے زنداں میں قیامت کا ہے عالم
بولا یہ خبرداروں سے اس وقت یہ اظلم | پہنچا دو خرابے میں سر سید اکرم

---

[1] محمد باقر مجلسی : جلاء العیون۔ جلد ۲ صہ ۲۹۹ (مترجمہ سید عبدالحسین)
[2] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور صہ ۲۷۱
[3] " " : " ۴ " " صہ ۲۷۲

بیتاب ہے مل لے شہ مظلوم کے سر سے
محروم نہ رہ جائے وہ دیدار پدر سے [1]

جناب سکینہ کے آغوش میں سر حسین اور سکینہ کا بین :۔

بیٹی نے کہا صدقے میں اس پیار کے پایا | یہ کس نے گلا آپ کا تلوار سے کاٹا
سر تو ہے یہاں اور تن پر نور ہے کس جا | وہ بازو کہاں ہیں جو مرا ہوتے تھے تکیہ

اب منہ سے نکلتا ہے کلیجہ مرا پھٹ کر
وہ چھاتی کہاں جس سے میں سوتی تھی لپٹ کر [2]

جناب سکینہ کی شہادت ؎

ظالم نے بزور اس سے سر شاہ کو چھینا | اور لے گیا زنداں سے سر شاہ مدینہ
رانڈیں تو لگیں پیٹنے رو کر سر و سینہ | اور مر گئی بس ہائے پدر کہہ کے سکینہ

اک دھوم ہوئی خانۂ زنداں میں بکا کی
تھا شور کہ شبیر کے عاشق نے قضا کی [3]

انیس نے مذکورہ بند میں باپ کے سینہ پر سر رکھ کر سونے والی حسین کی بچی جناب سکینہ کی شہادت کا منظر پیش کیا ہے۔ مقاتل میں جس کی شہادت کا ذکر یوں ملتا ہے کہ ایک دن جناب سکینہ نے خواب میں اپنے بابا کو دیکھا اور جب آنکھ کھلی تو ہائے بابا ہائے بابا کہکر گریہ وزاری شروع کر دیا۔ روتی جاتی تھی اور کہتی جاتی تھی کہ ابھی میرے بابا میرے پاس

---

[1] مراثی انیس : جلد ۳ نائب حسین صہ ۳۱۸ (نول کشور کے یہاں 'پدر' کی جگہ 'پسر' درج ہے جو سہو کاتب ہے)
[2] " " : جلد ۴ نول کشور صہ ۲۷۳
[3] " " : جلد ۳ نائب حسین صہ ۲۲ "لگیں" کی جگہ نول کشور کے یہاں "لگی" ہے۔
[4] محمد باقر مجلسی : جلاء العیون صہ ۲۹۶ ، مرزا قاسم علی۔ نہر المصائب صہ ۹۱۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by: Rana Jabir Abbas

تھے کہاں چلے گئے"۔ سکینہ کے اس دل خراش بین کو سن کر قید خانہ میں ایک کہرام برپا ہوا اور یزید کو جب اس شور کا سبب معلوم ہوا تو اس نے سرِ حسین کو قید خانہ میں بھیج دیا۔ باپ کا سر جب سکینہ کی آغوش میں آیا تو بچی نے بین شروع کر دیئے اور کہا "اے بابا کاش میں پیوند خاک ہو جاتی اور آپ کی ریش مطہر خون میں تر نہ دیکھتی"۔ اس بین کے بعد وہ یتیمہ باپ کا سر انور سینہ سے لگا کر اپنا منہ حضرت کے دہن شریف پر رکھ کر بہ شدت روئیں۔ یہاں تک کہ روتے روتے غش آ گیا۔ جب دیر تک اس یتیمہ کے رونے کی آواز نہ آئی تو اس وقت اہل حرم نے شانہ پکڑ کر ہلایا تو معلوم ہوا کہ شفیقہ پدر کی روح اس دنیا سے مفارقت کر گئی ــــــ بس جب اہل حرم نے یہ حال دیکھا تو باآواز بلند رونا شروع کر دیا۔ ستم رسیدہ اسیروں کے گریہ و بکا سے گویا قیامت برپا تھی"[1]

ہندہ زوجۂ یزید کا خواب

روتے تھے یہ سب نام جو شبیر کا لے کر　　　واں تیغ الم چلتی تھی ہندہ کے جگر پر
دن بھر جو رہی غم سے پریشان و مکدّر　　　کیا دیکھتی ہے خواب میں اک رات وہ مضطر
دروازے کشادہ ہوئے ہیں ساتوں فلک کے
روتے چلے آتے ہیں پرے حور و ملک کے[2]

جس حجرے میں ہے طشت کے اندر سرِ شبیر　　　واں بعد سلام آن کے کرتے ہیں یہ تقریر
اے بادشہ تشنہ دہن کشتۂ شمشیر　　　ملعونوں نے کچھ کی نہ تری عزت و توقیر

---

[1] فیروز حسین قریشی : جامع التواریخ فی مقتل الحسین جلد ۲ صـ ۹۶-۹۷

[2] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور صـ ۳۱۱

ٹوٹی کمر حیدر صفدر ترے غم میں
سر پیٹتے آتے ہیں پیمبر ترے غم میں[1]

یہ کہتے ہیں اور کرتے ہیں زاری وہ فرشتے　　　جو ابر سیہ اترتے ہیں اک اترا فلک سے
اس ابر میں کچھ مرد ہیں اور بیچ میں انکے　　　اک شخص ہے بیتاب جگر ہاتھوں سے پکڑے
عمامہ نہ سر پر ہے نہ کاندھے پہ عبا ہے
منہ آنسوؤں سے تر ہے گریبان پھٹا ہے[2]

چہرہ وہ کہ شرمندہ ہو خورشید درخشاں　　　سنبل کی طرح دوش پہ گیسو ہیں پریشاں
پہونچا جو قریب سرِ شبیر وہ نالاں　　　یوں کہنے لگا چوم کے اس کے لب و دنداں
کس طرح نہ بگڑے دل محبوب خدا ہو
نانا تری مظلومی پہ شبیر فدا ہو[3]

یہ خواب دیکھنے کے بعد ہندہ کی کیفیت

سن کر یہ سخن ہندہ گئی حجرے کے اندر　　　رو کر کہا کیا قہر کیا تو نے ستمگر
یہ خواب ابھی دیکھ کے اٹھی ہوں میں مضطر　　　گھر میں مرے سر پیٹتے آئے ہیں پیمبر
مخدومۂ عالم کا سرِ پاک کھلا ہے
اور احمد مرسل کا گریبان پھٹا ہے[4]

ہندہ کا خواب بیان کرنے پر یزید کا غیظ و غضب کے ساتھ جواب

---

[1] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور صـ ۳۱۱

[2] " " : " ۴ " " صـ ۳۱۱

[3] " " : " ۴ " " صـ ۳۱۱

[4] " " : " ۴ " " صـ ۳۱۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس نے کہا نادم ہوں ہوئی اب تو یہ تقصیر سچ ہے کہ نہ تھا کاٹنا تن سے سرِ شبیر
سر شرم سے زانو پہ جھکا کی جو یہ تقریر تا صبح رہا سوچ میں وہ ظالم بے پیر
اک بار دیا حکم یہ دربار میں آکے
زنداں سے گرفتاروں کو لاؤ کوئی جاکے [1]

انیس نے مذکورہ بند میں ہندہ کے اس خواب کا ذکر کیا ہے جس میں اس نے دیکھا کہ "آسمان کے دروازے کھل گئے اور فوج ملائکہ نازل ہو کے امام حسین کے سر مبارک کے برابر کھڑے ہوتے تھے اور کہتے تھے۔ السلام علیک یا ابن رسول اللہ، السلام علیک یا ابا عبداللہ۔ ناگاہ میں نے دیکھا کہ اک ابر آسمان سے اترا اور اس ابر میں بہت سے لوگ تھے۔ ان میں ایک مرد نہایت ملاحت و صباحت و نور و صفا رکھتا تھا۔ جب وہ زمین پر پہونچے دوڑ کے اس سر انور کے پاس جا کر لب و دنداں کے بوسے لئے اور بہ کمال توجہ و زاری کہتے تھے۔ اے میرے فرزند دلبند تجھے قتل کیا اور تجھے پانی نہ دیا۔ کیا تجھے نہیں پہچانتے تھے۔۔۔ ہندہ کہتی ہے میں اس خواب سے خائف و ترساں چونکی اور جب سر منور کے پاس گئی تو دیکھا کہ نور اس سر منور سے ساطع ہے۔ یزید کو جگا کر اس کو خواب سے مطلع کرنے کا قصد کیا۔ مگر اس کو اس جگہ نہ پایا۔ جب تلاش کیا تو دیکھا ایک اندھیرے مکان میں دیوار کی طرف منھ کئے بیٹھا ہے اور نہایت خوف و دہشت سے کہتا ہے کہ مجھے حسین سے کیا مطلب تھا۔ جب اس نے میرا خواب سُنا اس کا غم و اندوہ زیادہ ہوا اور سر جھکا کے کوئی جواب نہ دیا۔ صبح کو اہل بیت رسالت کو طلب کر کے ان کو شام میں رہنے یا مدینہ کی طرف جانے کا اختیار دیا۔[2]"

اہل حرم کی رہائی

---

[1] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور ص ۳۱۲
[2] محمد باقر مجلسی : جلال العیون جلد ۲ ص ۳۰۰-۳۰۱

تھا شور کہ اے قیدیو دربار میں جاؤ کیا بیٹھے ہو زنداں میں قدم جلد اٹھاؤ
خالق نے کیا رحم اب آنسو نہ بہاؤ حلقے رسنِ ظلم کے ڈھیلے کریں آؤ
حاکم کو دعا دو کہ تمہیں شاد کرے گا
اب قتل نہیں کرنے کا آزاد کرے گا [1]

اس حال سے پہونچے جو وہ بیکس سرِ دربار تعظیم کی مسند سے اٹھا حاکم غدّار
کاٹی گئیں جب بیڑیاں اور طوق گرا بار گردن کو جھکا رونے لگا عابد بیمار
صدمہ سے جو اشک شہ خوش خو نکل آئے
اس وقت تو حاکم کے بھی آنسو نکل آئے [2]

انیس نے مذکورہ بند میں اہل حرم کی رہائی کا منظر پیش کیا ہے۔ جب شام کے لوگ سید الشہداء کی شہادت اور آپ کے اہل بیت کی مظلومیت اور یزید کے ظلم پر مطلع ہوئے اور اہل بیت کے مصائب کا انھیں علم ہوا تو آثار کراہت و ناپسندیدگی ان کے دیکھنے سے ظاہر ہوتے تھے۔ یزید ملعون اس بات کو بھانپ گیا۔ وہ ہمیشہ چاہتا تھا کہ اپنے آپ کو شہادت امام سے بری الذمہ قرار دے اور یہ کام ابن مرجانہ کی گردن پر ڈال دے۔ لہٰذا ہمیشہ اس تدبیر میں کوشاں رہتا تھا اس لئے ایک دن اس نے سید سجاد کو طلب کیا اور کہا ہم نے تم کو رہا کیا چاہے شام میں رہو چاہے مدینہ جاؤ۔[3]"

ظالم کے دربار میں مظلوم کا ماتم

---

[1] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور ص ۳۱۷
[2] " : " ۴ " " ص ۳۱۸
[3] شیخ عباس قمی : منتھی الآمال۔ احسن المقال۔ مترجمہ سید صفدر حسین جلد ۱ ص ۵۲۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عابد نے کہا گو کہ ہیں بے سر و ساماں پر یہ نہیں منظور کہ لیں غیر کا احساں
سب مشکلیں بندوں کی خدا کرتا ہے آساں چھٹنے کی تو خوشی ہے نہ وطن جانے کا ارماں
اک گھر دے وہاں ماتم شبیر کریں گے
سامان عزائے شہ دلگیر کریں گے [1]

انیس نے مذکورہ بند میں اس وقت کا منظر پیش کیا ہے کہ جب رہائی کے بعد یزید نے سید سجاد سے پوچھا کہ یہاں رہو گے کہ وطن جاؤ گے تو امام نے جواب دیا کہ "پہلے تو ہمیں اجازت ملے کہ ماتم و عزاداری امام مظلوم کریں۔ کہنے لگا۔ جو چاہو کرو۔ ایک مکان ان کے لئے مقرر ہوا۔ انہوں نے سیاہ لباس پہنے اور جو کوئی شام میں قریش بنی ہاشم میں سے تھا اس نے ماتم و زاری، تعزیت و سوگواری میں ان کا ساتھ دیا اور ایک ہفتہ برابر ندبہ، نوحہ و زاری کرتے ۔ [2]

کربلا ہو کر ۔ اہل حرم کی مدینہ واپسی

یہ کہتی تھی جو شور ہوا شہر کے اندر آئے سفر کوفہ سے ناموس پیمبر
ام سلمہ دوڑی گئیں سنتے ہی در پر کیا دیکھا کہ روتے ہیں کھڑے عابد مضطر
اونٹوں کو بٹھایا ہے یہ فریاد و فغاں ہے
جو بی بی اترتی ہے سو یہ کرتی بیاں ہے [3]

اہل حرم کی زبانی روداد کربلا کا ذکر اہل وطن سے ۔

---

[1] مراثی انیس : نول کشور جلد ۴ صہ ۳۱۸

[2] سید صفدر حسین نجفی : احسن المقال جلد ۱ صہ ۵۲۸

[3] مراثی انیس جلد ۴ نول کشور صہ ۳۲۳

ہم جیتے رہے مارا گیا فاطمہ کا لال حیدر کا چمن باغیوں نے کر دیا پامال
تلواروں منہ چاند سے رخوں میں ہوئے لال پیاسوں پہ چلیں برچھیاں کیا ان کا کہیں حال
ہم جیتے ہیں قبروں پہ انھیں رو کے ہم آئے
ہم ان کو کہاں پائیں جنہیں کھو کے ہم آئے [1]

اس گھر سے سدھارے تھے جو ہمراہ ہمارے دکھلا گئے ہم سامنے جو سب گئے مارے
نیزوں پہ چڑھا دینے کو سرتن سے اتارے پیاسوں کی بنیں تربتیں دریا کے کنارے
مرکر نہ ملا چین کسی تشنہ دہن کو
چالیسویں تک سب رہے محتاج کفن کو [2]

روداد کربلا سُن کر مادر جناب عباس ام البنین کی کیفیت اور سیدانیوں کا نالہ و ماتم ۔

یہ سنتے ہی بس مادرِ عباس دلاور قبلہ کی طرف گر گئیں سجدے کو زمیں پر
جب کر چکی سجدہ تو وہ کہنے لگی رو کر سب مل کے کرو ماتم فرزند پیمبر
یہ جو کہا غل ہونے لگا سینہ زنی کا
اور ذکر تھا شبیر کی تشنہ دہنی کا [3]

انیس نے مذکورہ بند میں اہل حرم کے قید شام سے رہا ہو کر مدینہ پہونچنا اور مدینہ پہونچ کر سیدانیوں کا روداد کربلا بیان کرنا اور شہر مدینہ میں گریہ و ماتم کا المناک منظر پیش کیا ہے ۔ جب یہ لٹا ہوا قافلہ مدینہ کے قریب پہونچا تو امام

---

[1] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور صہ ۳۲۳

[2] " " : " ۴ " " صہ ۳۲۳

[3] " " : " ۴ " " صہ ۳۲۶

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

زین العابدین نے نزول اجلال فرمایا اور بشیر سے کہا کہ " اے بشیر! خدا رحمت کرے تیرے باپ پر وہ شعر گوئی میں مہارت رکھتا تھا۔ کیا تو بھی شعر کہتا ہے۔ بشیر نے جواب دیا 'یا بن رسول اللہ میں بھی شعر کہتا ہوں۔ حضرت نے کہا مدینہ میں جا کر میرے پدر بزرگوار کی شان میں انشاء کر۔ بشیر کہتا ہے کہ میں نے گھوڑے کو مہمیز کیا۔ اور داخل مدینہ ہوا جب متصل مسجد رسول ہوا تو میں نے صدائے نالہ و فریاد بلند کی اور دو شعر اس مضمون کے پڑھے۔" اے اہل مدینہ اب مدینہ رہنے کے قابل نہ رہا۔ حسین مارے گئے اس مصیبت سے سیلاب اشک میری آنکھوں سے رواں ہے۔ جسم مطہر ان حضرات کا خاک و خون میں پڑا تھا اور سر مبارک نیزہ پر شہر بشہر پھرایا جاتا تھا۔ پھر میں نے کہا ان کے فرزند ارجمند علی ابن الحسین اپنی پھوپھیوں اور بہنوں کے ساتھ تمہارے پاس آتے ہیں اور میں ان کا بھیجا ہوا ہوں۔ بشیر کہتا ہے۔ کوئی مخدّرہ باقی نہ رہیں جو میری آواز سن کر نوحہ کناں سر و سینہ پیٹتی گھر سے باہر نہ نکل آئی ہوں اور کبھی ایسا رونا مدینہ میں نہ ہوا تھا[1]۔"

مذکورہ بند میں انیس نے ان مصرعوں میں ؎

یہ سنتے ہی بس مادر عباس دلاور
قبلہ کی طرف گر پڑی سجدہ کو زمیں پر

اس کیفیت کے منظر کو کھینچا ہے جس میں امام حسین کی شہادت کی خبر سن کر مادر عباس کو اپنے فرزندوں کی نصرت کی تفصیل سننے کا اشتیاق تھا اور جب یہ اطمینان ہو گیا کہ حسین کی نصرت میں آپ کے سارے بیٹے مارے گئے 'بالخصوص ان کے فرزند جناب عباس کے بازو کاٹے گئے' اور جب تک جناب عباس زندہ رہے حسین کو کوئی مار نہ سکا تو جناب مادر عباس نے

[1] علامہ مجلسی : بحار الانوار : جلد ۲ ص ۴۹-۴۸ مترجم طیب آغا جزائری

سجدہ شکر کیا اور پھر اپنے بیٹوں کا غم یاد آتا تھا " ام البنین روزانہ عباس کے کم سن فرزند عبداللہ کو ساتھ لے کر بقیع جاتی تھیں اور اتنا دردناک مرثیہ پڑھتی تھیں کہ مدینہ کے لوگ وہاں جمع ہو جاتے تھے۔ حتیٰ کہ مروان بن حکم کا سا خاندان نبوت کا دشمن بھی اکثر اس مجمع میں دکھائی دیتا تھا۔ اور آپ کے پُر درد اشعار کو سن کر لوگوں کی آنکھوں سے بے ساختہ آنسو جاری ہو جاتے تھے[1]۔"

گزشتہ سطروں میں یہ ذکر آچکا ہے کہ کلام انیس میں چند ایسے واقعات بھی ملتے ہیں۔ جن کی تاریخی سند راقم الحروف کی نگاہ قاصر سے نہیں گزری۔ ذیل میں ان اقتباسات کی نشاندہی کی جاتی ہے۔

آپ کے گھوڑے سے آپ کا ہمکلام ہونا :-

رو کر کہا گھوڑے نے کہ اے عاشق باری — حضرت نے چھڑی پھول کی مجھ کو نہیں ماری
آقا تری کس منہ سے کروں شکر گزاری — اور آج تو ہے آخری حضرت کی سواری
یہ مجھ سے نہ ہوگا کہ میں منھ موڑ کے جاؤں
حضرت کو مصیبت میں یہاں چھوڑ کے جاؤں
بچپن سے ہوئے آپ مری پیٹھ پہ اسوار — بوڑھا ہوا اب زندگی مجھ کو نہیں درکار
اسوار نہ ہوا اور رہے خلق میں رہوار — ہے کون مرا قدر شناس اے شہ ابرار
حضرت نہیں جاتے ہیں نہ گھر جاؤں گا میں بھی
سر اپنا پٹک کر یہیں مر جاؤں گا میں بھی [2]

شاعر کے عقیدے کے مطابق امام معصوم ہوتا ہے اور حسین امام معصوم تھے اس میں کوئی مبالغہ ہے نہ کسی قسم کا کوئی مغالطہ۔ چوں کہ معصوم تمام مخلوقات کی زبان سے واقف

[1] سید علی نقی : شہید انسانیت ص ۵۶۷
[2] مراثی انیس : جلد ۴ نول کشور ص ۱۱

jabir.abbas@yahoo.com
www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوتا ہے جیسا کہ قرآن مجید نے جناب سلیمان کا چیونٹی سے محو کلام ہونے کا ذکر کیا ہے [1]
شاعر کے عقیدے کے مطابق حسین تو فخر سلیمان تھے تو جانور سے حسین جیسے معصوم کا محو کلام
ہونا محو حیرت نہیں بلکہ میر انیس کی امام شناسی اور قرآن فہمی کا گہرا ثبوت ہے
دوران جنگ دشمنوں کا امام حسین سے پناہ مانگتے ہوئے یہ کہنا:۔

لشکر میں یہ تھا شور کہ یا شاہ اماں دو　　اب پاؤں ٹھہرتے نہیں للہ اماں دو
بس رحم کرو سید ذی جاہ اماں دو　　اب بہر شہ خون بداللہ اماں دو
بخشو ہمیں اس تشنہ دہانی کا تصدق
پیارے علی اکبر کی جوانی کا تصدق [2]

جب امام حسین نے شیر غضبناک کی طرح حملہ کیا تو فوج اشقیا اس طرح بھاگی کہ سپاہیوں کو راستہ نہ مل رہا تھا۔ جدھر کا رخ کرتے موت سر پہ کھڑی نظر آتی اس عالم میں دشمنوں کا امام سے پناہ مانگنا بتقاضائے حالات مرتا کیا نہ کرتا کے مصداق تھا لیکن میر انیس نے دشمنوں کی زبان میں اس کیفیت کا جس انداز میں اظہار فرمایا ہے ظاہر ہے کہ وہ تاریخ کے اوراق پر تو نہ مل سکے گا لیکن عقل اس کی عینی گواہ ثابت ہوگی میر صاحب نے جہاں کیفیات کو لفظوں کے قالب میں ڈھال دیا وہیں ے "اب بہر سر خون یداللہ اماں دو" کہہ کر عفو و کرم کے جس عظیم تاریخی واقعہ کو (شب ضربت امیر المومنین کا اپنے قاتل سے حسن سلوک کا مثالی اظہار) کم سے کم لفظوں میں سمیٹ کر پیش کر دیا ہے وہ میر انیس ہی کا حصّہ تھا۔

●

---

[1] قرآن : سورۂ نمل آیت ۱۸
[2] مراثی انیس : جلد ا نول کشور ص۲۷

حرفِ آخر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
www.ziaraat.com jabir.abbas@yahoo.com Sabeel-e-Sakina

Presented by: Rana Jabir Abbas

راقم الحروف کے لئے جس موضوع کا انتخاب ہوا اس کے ساتھ اس نے کہاں تک انصاف کیا یہ پچھلے اوراق کا مطالعہ کرنے کے بعد انصاف پسند قارئین کریں گے۔ مقالہ کے اختتام پذیر ہو جانے کے بعد مزید خامہ فرسائی کی ضرورت تو نہ تھی لیکن چند سطریں سپرد قرطاس اس لئے کی جا رہی ہیں تاکہ گزشتہ صفحات میں جو کچھ لکھا گیا ہے اس کی تلخیص بھی سامنے آجائے۔

عام مذاق کے موضوعات کو مواد شاعری بنانا شاعر کے لئے نسبتاً زیادہ مناسب ہوتا ہے۔ اس لئے کہ وہ پوری آزادی کے ساتھ اپنے جوہر فکر و فن کے شاہکار کو منظر عام پر پیش کر کے قدآور شعراء کی صف میں شامل ہو سکتا ہے۔ لیکن یہ آسانی شاعر کے لئے دشواری میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ جب اس کی شاعری کا جوہر عام مذاق کے بجائے مذہبی مواد کا پابند ہوتا ہے۔ اس منزل دشوار کے پیش نظر اگر مذہبی ذوق کی عائد کی ہوئی پابندی شاعر کو عالمی شعراء کی صف میں لانے سے نہ روک سکے تو ماننا پڑے گا کہ شاعر کا جوہر فکر و فن اتنا کامل تھا کہ وہ حدود و قیود کو عبور کر کے عالمی ادب کا سرمایہ بن گیا میر انیسؔ کی عظمت کا راز یہی ہے کہ انہوں نے مرثیہ جیسی محدود صنف کو اپنی قادرالکلامی اور اپنے مذہبی مواد کی جلالت کو اپنی شاعری میں فکر و فن کے تمام اصناف کا جوہر نچوڑ کر یوں ہم آہنگ کر دیا کہ ایک ہی نقطہ پر غزل، ڈراما، فلسفہ، نفسیات، سماجیات، رزمیہ، المیہ، اور اخلاقیات کے تمام محاسن سمیٹ کر جلوہ گر ہو گئے۔ اور ادب کی ناقدانہ نگاہوں میں عظمت انیسؔ سے انکار کی گنجائش باقی نہیں رہ گئی۔

انسان ایک ناطق مخلوق ہے لہٰذا ادب اس کی تخلیق کا بنیادی عنصر ہے عقل و شعور بھی اس کی تخلیق کا امتیازی پہلو ہیں جس کا خاصہ استدلال ہے اور استدلال ہی مذہب کی روح ہے اور اس کی تخلیق کا ایک کلیدی عنصر ادب ہے۔ یہی وجہ ہے کہ

انسان کی تاریخ آغاز ہی سے مذہب اور ادب دونوں کو مختلف معیار اور مقدار کے ساتھ لے کر آگے بڑھی اور اس کی زندگی سے ان دونوں لاینفک اجزاء کا الگ ہونا اس وقت تک ممکن نہیں جب تک انسان کا وجود باقی ہے۔ مذہب کا استدلال اور ادب کا اظہار جب دونوں یکجا ہوتے ہیں تو مختلف اصناف سخن کی شکل میں ظاہر ہو کر اپنے میلان میں کبھی اخلاقی، نفسیاتی، سماجی، فلسفیانہ اور کبھی شخصی یا غیر آفاقی رنگ اختیار کر لیتے ہیں۔ لہٰذا ادب نہ کبھی مذہب سے جدا ہوا ہے نہ جدا کیا جا سکتا ہے۔

دنیا کے تمام ادب کی طرح اردو ادب بھی استدلال و اظہار کے باہمی اتحاد سے پیدا ہونے والی تجلیوں کا آئینہ دار ہے۔ وہ آئینے اپنی ہیئت اور مواد کی مناسبت سے کبھی غزل، قصیدہ اور مثنوی اور کبھی مرثیہ کی شکل میں ظہور پذیر ہوتے رہے اور عہد بہ عہد ادبی سرمایہ میں اضافہ ہوتا رہا۔ مرثیہ میں مذہب اور ادب کا امتزاج ایک خاص رعنائی کے ساتھ ابھرا اور ایک خاص فضا کا آفریدگار بن گیا۔ چونکہ اردو کی تمام اصناف سخن بالخصوص مرثیہ کی فضا میں مذہب کو کھل کر سانس لینے کا موقع فراہم ہوا اس لئے مذہبی گفتگو قدرے بے حجاب ضرور ہو گئی۔ اور دوسرے اصناف پر ادب کے جو اشاریہ اور علامتی پردے پڑے تھے وہ خود بخود اٹھ گئے اور اشاریوں کی جگہ واقعات اور علامتوں کی جگہ شخصیات نے لے لی۔ لیکن انیس کی قادرالکلامی نے اپنے فن کے نگارخانے میں اس کی بے حجابی کے تقدس کو برقرار رکھا اور واقعات و شخصیات کو آئندہ ادب کے لئے مستقل اشاریہ اور علامت بنا دیا۔ یعنی اب یزید فقط ایک انسان کا نام نہیں رہا بلکہ ظلم کا اشاریہ بن گیا۔ اور حسین ایک بشر نہ رہ گئے بلکہ ثبات و صبر کی علامت بن گئے۔ ان حقائق کے ثبوت اور مزید تفصیلات کے لئے پروفیسر گوپی چند نارنگ کی کتاب "واقعہ کربلا" بطور شعری استعارہ کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔

قرآن سب کی نگاہ میں آسمانی کتاب نہ سہی لیکن ایک عظیم مذہب کی عظیم کتاب

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ضرورسانی جاتی ہے۔ دنیا کی متعدد زبانوں میں اس کا ترجمہ، عربوں کے نزدیک اس کے کلام کی فوق البشری حیثیت، زمانے کی علمی اور تحقیقی ارتقا کے ساتھ اس کی معنویت کا زور، اس میں انسانی حیات کے موضوعات کا ذکر اور اس کے جامع فقرات اس کتاب کی محض مذہبی حیثیت کو نمایاں نہیں کرتے بلکہ اس کی علمی ہمہ گیری، اس کے آفاقی تخاطب اور زبان وبیان کی معجز بیانی کو بھی ظاہر کرتے ہیں۔

کسی مذہبی مواد پر مبنی پلاٹ کے لئے قرآن کی تائید اور اس کی آیات کا اشتمال والتیام ضروری ہوتا ہے لیکن قرآن کی زبان کا اردو منظومات میں ڈھالنا اس لئے مشکل ہے کہ قرآن کی زبان دو حیثیتوں سے اردو کے لسانی مزاج سے مختلف ہے۔ اول یہ کہ وہ عربی ہے یہ عجمی دوئم یہ کہ وہ الہامی ہے اور آسمانی ہے۔ اور یہ بشری ہے لیکن میرانیس نے اپنے مرثیہ کے موضوع کے لئے جہاں قرآنی آیات والفاظ کا نظم کرنا اپنے کلام کی حسن وزیبائی کے لئے ضروری سمجھا وہاں یہ بھی ملحوظ رکھا کہ دونوں زبانوں کے لسانی فرق کی نامانوس گرانی مرثیہ کی منظوم نزاکت پر اثرانداز نہ ہوسکے۔ لہٰذا میرانیس نے قرآنی الفاظ وآیات کی نشست کو اردو زبان کے رواں اور مستعمل محاوروں کی طرح مرثیہ میں یوں جذب کرلیا کہ وہ قاری کے ذہن پر بار ہونے کے بجائے کلام کو سبک خرام بنا گئے۔ اس کے علاوہ میرانیس نے ادب کی بساط سے کردار کو بلند کرنے کے لئے ایمانی اور آفاقی (DIMENSION) کے واسطے قرآنی آیات سے طنابوں کا کام لیا۔ میرانیس نے قرآنی الفاظ، آیات تلمیحات، استعارات اور اشاریات سے قاری کے ذہن کو ایک ایسی کتاب سے جوڑ دیا جس کا ایک سرا زمین پر تو دوسرا سرا آسمانی سرچشمہ۔ (HEAVENLY PROVIDENCE) سے تھا۔ اس طرح میرانیس نے ایک آسمانی شعور میں بھی واقعہ کربلا کو بطور کردار داخل کردیا اور مرثیہ کا پلاٹ اس آسمانی (DIMENSION) کی

شمولیت سے ادبی حلقوں میں اسی معیار کا حامل ہوگیا۔ جو عالمی ادب میں ملٹن یا دانتے کو حاصل ہے۔

قرآن کے بعد مذہبی ایمان واعتبار کی دوسری اہم بنیاد احادیث رسول اور اقوال معصومین ہیں۔ منصب کے اعتبار سے معصوم کبھی نبی اور بعد نبی امام ہوتا ہے۔ ان کے قول کا اعتبار مذہب میں ان کے معصوم ہونے سے پیدا ہوتا ہے معصوم ہونے کے لئے انسان کے شعور کا خدا کی تربیت میں براہ راست ہونا ضروری ہے تاکہ اس کا تصور تمام انسانوں کی طرح تجربات اور خطاؤں کی ٹھوکر صحیح اور غلط کی تمیز کرتا ہوا ارتقائی علم وآگہی کی راہ پر نکل پڑے۔ بلکہ اپنے پہلے اقدام میں علم ومعرفت سے اتنا بھرپور ہو جتنا صدیوں کے تجربات کے بعد عام انسان اپنے اقدام کی صحت پر مطمئن ہوتا ہے۔ چونکہ انسان کا پہلا اقدام اس کے ظہور حیات سے شروع ہوجاتا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ ظاہری حیات سے قبل اس کے شعور کا تعلق کسی چشمۂ آگہی سے ہوچکا ہو ورنہ وہ عوام الناس کی ہدایت میں اپنے نقص آگہی کو دور کرنے کے لئے صدیوں کے تجربات کا محتاج ہوگا اور اس طرح الٰہی نظام ہدایت ہی اپنے بے خطا ہادی سے محروم ہوجائے گا۔ ایسا ہی معصوم بندہ چاہے وہ نبی ہو یا امام اپنے اقوال وکردار کی عظمت سے ذہن انسانی کو غیبی حقائق سے مانوس کرتا ہے مذہب کی اصطلاح میں اسی کے قول کو حدیث اور اس کے کردار کو حجت کہتے ہیں۔

عربی اور فارسی دونوں ادب کا موضوع بن چکے ہیں۔ گلستان وبوستان سعدی جیسے مشہور اخلاقی ادب پاروں میں انھیں کے اقوال کی منظوم ترجمانی کی گئی ہے اس کے علاوہ فلسفۂ اخلاق میں کافی حصہ حدیث پیغمبر کا ہے جو عربی ادب میں ہے۔ میرانیس نے احادیث رسول اور ارشادات ائمۂ معصومین کے اس حصہ کو نظم کیا۔ دنیائے اسلام میں رہبران اسلام کی فضیلت اور اخلاقی درسیات پر مشتمل ہے۔ جو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رسول کے بعد علم و معرفت میں سب سے افضل آل رسول ہیں لہٰذا ان کی فضیلت میں رسول کی زبان سے نکلے ہوئے فقرات میر انیس کی توجہ کا مرکز بن گئے۔ میر انیس کے نزدیک احادیث کا نظم کرنا بھی انھیں لسانی دشواریوں کا مرحلہ تھا جو قرآنی آیات و الفاظ کے نظم کرنے میں پیش آسکتا تھا۔ لیکن انیس نے احادیث رسول کے متن کو بھی احادیث کی شکل میں اس طرح تحلیل کر دیا کہ عربی اور اردو باہم ہم مزاج معلوم ہونے لگے ہیں۔ انیس نے جہاں احادیث کے موضوعات کو اردو ہی میں نظم کیا ہے وہاں اردو فقرے عربی فقروں کا مزہ دیتے ہیں۔ ایسا اس لئے ہے کہ میر انیس نے احادیث کے ترجمہ میں انتہائی دیانت اور فنی ذہانت سے کام لیا ہے اور عربی فقرات کے اردو ترجمہ کی آمیزش سے مرثیہ کے پلاٹ میں استحکام، متانت اور بالیدگی پیدا ہو گئی ہے۔

انسان جنگل سے لے کر تمدن تک چاہے کسی تہذیب کا حامل کیوں نہ ہو اس کا اپنا طریقہ حیات بہر حال ہوتا ہے۔ موجودہ علمی مذاق میں انسان کے طریقہ حیات کا علم علم الانسانیات (ANTHROPOLOGY) کے عنوان سے مطالعہ کا موضوع بنا ہوا ہے۔ انسان اس امر کی طرف متوجہ ہو چکا ہے کہ وہ نوع انسانی کے درمیان صدیوں سے رائج مختلف طریقۂ حیات کا مطالعہ کرے۔ متمدن اور غیر متمدن طریقۂ حیات میں انسان کو ایسے موڑ ملے ہیں جہاں اس نے حیات کی ضرورتوں کے پیش نظر قدیم طریقہ حیات کو جدید طریقہ حیات سے تبدیل کر لیا ہے لیکن اب بھی اپنے موجودہ طریقۂ حیات سے آسودہ نظر نہیں آتا۔ اور یہی ناآسودگی موجودہ ادب کا خاص موضوع بن گئی ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ انسان کو اپنے طریقہ حیات کے لئے کسی ایسے ضابطہ حیات کی تلاش ہے جس میں اس کے جسم و روح کے تمام تقاضے اور اس کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کا ہر سوال پورا ہو سکے۔ اور یہ بات بھی طے شدہ ہے کہ دنیا میں سارے تقاضے کلی طور پر پورے نہیں ہو سکتے۔ اس لئے کہ جسم ہے تو امراض ضرور ہوں گے۔ نفس ہے تو خواہشات بھی ہوں گی۔

عقل ہے تو شعوری مشکلات بھی ہوں گی۔ روح ہے تو موت کے مرحلے سے بھی گزرنا ہوگا لہٰذا یہ سارے تقاضے اپنی کامل تشفی کے لئے اس دنیا سے الگ ایک ایسی دنیا کی ضرورت کا ایک عقلی جواز پیش کرتے ہیں۔ جو دنیاوی نقائص سے پاک ہو لیکن اس دنیا تک رسائی حاصل کرنے کے لئے ایک ایسا مخصوص نصاب لائحۂ عمل درکار ہے جس کے بغیر وہ کائنات نہیں حاصل ہو سکتی، جہاں آسودگیٔ حیات کا کامل اہتمام ہے۔ مذہب اسلام میں اسی لائحۂ عمل یا بنیادی قانون کو فقہ سے تعبیر کیا جاتا ہے جس میں خدا سے بندوں کا رشتۂ بندوں سے بندوں کا تعلق، حقوق و فرائض، تجارت و زراعت، عقد و میراث سے متعلق تمام ان مسائل کی تفصیل ہوتی ہے جن کا تعلق عبادات و معاملات سے ہے چونکہ فقہ کا قانون کسی انسانی نفس یا قانون ساز اسمبلی کا مرتب کردہ نہیں ہوتا لہٰذا اس پر عمل کرنا اس لئے دشوار ہوتا ہے کہ نہ انفرادی اعتبار سے نفس ساتھ دیتا ہے اور نہ معاشرے کا عام مذاق اس کا طرف دار ہوتا ہے۔ اس پر عمل کرنے کا سب سے بڑا محرک انسان کا عرفان و ایمان ہوتا ہے۔ اسی لئے فقیہ وہ انسان ہوتا ہے جو الٰہی قانون پر عمل کرنے کے لئے اپنے عرفان و ایمان سے مجبور ہو کر اور دنیاوی قانون سے برسر پیکار ہونے کے لئے ہر سختی برداشت کرنے پر کمر بستہ ہو۔

ایمان و عمل کی یہی نوعیت جو فقہی پابندی سے عاید ہوتی ہے اسی سے انسانی شرافت و عظمت کے اعلیٰ ترین شاہکار پیدا ہوتے ہیں۔ میر انیس نے اپنے کلام میں کردار کے انہیں شاہکاروں کو پیش کیا ہے جو فقہی خمیر سے پیدا ہوتے ہیں اور ان کا ایمان و عرفان انکو قانون الٰہی پر عمل درآمد کے لئے ہر سختی سے گزر جانے کی ہمت عطا کرتا ہے۔ انیس نے اپنے پلاٹ میں جا بجا فقہی مسلمات کو پیش کرتے ہوئے فقط فقہی مسائل کا تذکرہ ہی کر کے بات نہیں ختم کر دی بلکہ نماز ہے تو تیروں کے سائے میں سجدہ ہے تو زیر خنجر قاتل، سجدۂ شکر ہے تو جوان بیٹے کی میت پر، روزہ ہے تو افطار کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

طلب سے بے نیاز ہو کر، انفاق و ایثار (خمس و زکوٰۃ) ہے تو اپنی پوری بضاعت کے ساتھ، جہاد ہے تو بھوک اور پیاس کے ساتھ، حج اور عمرہ کا ذکر ہے تو حرمت حرم کے تصور کے ساتھ اور پردہ ہے تو بالوں کے سہارے فقہی مسلمات کو میر انیسؔ نے اپنے مرثیہ کے کرداروں میں یوں محفوظ کر لیا ہے کہ جس سے انیسؔ کی فقہہ شناسی کا بھرپور ثبوت فراہم ہوتا ہے۔ انیسؔ نے فقہی جزیات مثلاً وضو، تیمم، اذان، اقامت قیام و قعود، رکوع و سجود اور خضوع و خشوع وغیرہ کو بھی پوری دیانت داری کے ساتھ یوں نظم کیا ہے کہ مسائل فقہہ کی شرعی حیثیت اور نزاکت ابھر کر سامنے آگئی۔

میر انیسؔ نے اپنی شاعری کے لئے جس میدان کا انتخاب کیا وہ اسلام کی مستحکم اور مضبوط فصیل کے حصار میں ہے۔ انیسؔ نے ہر قدم پر اس بات کا خیال رکھا کہ کوئی ایسی بات نہ نظم ہو جائے جو اسلام کے قوانین سے متصادم ہو۔ ایسی صورت میں میر انیسؔ نے جب ماضی کی قابل تذکرہ اور تاریخ اسلام کی شخصیات، واقعات و محاربات پر نظر دوڑائی تو اس میں بھی انتخاب در انتخاب سے کام لیا اور اپنے کلام میں ان تمام تاریخی حقائق کو نظم کرتے ہوئے جس احتیاط کا مظاہرہ کیا ہے وہ اپنی نظیر آپ ہیں۔

کلام انیسؔ جس تاریخی حقیقت کے محور پر گردش کر رہا ہے وہ واقعہ کربلا ہے لیکن کلام انیسؔ میں اس واقعہ کی پشت پر تین اہم تاریخی پہلوؤں کا ارتقا ایک نقطہ پر نظر آتا ہے۔ اوّل حسینؑ کی شخصیت، دوسرے واقعہ کربلا اور تیسرے محاذ حرب و ضرب، تاریخی اعتبار سے امام حسین کی شخصیت اپنی پشت پر متعدد شخصیات کی روایات لئے ہوئے ہے اور واقعہ کربلا کے پس پشت تاریخی واقعات کی طویل فہرست پائی جاتی ہے اور محاذ حرب و ضرب کی پشت پر ہر عہد

میں حق و باطل کے محاربات کی روایت موجود ہے۔ واقعہ کربلا کے محور پر فقط ایک حسین کی شخصیت نہیں ہے بلکہ تہہ در تہہ شخصیات کی طویل تاریخ ہے جو آدم سے لے کر خاتم تک اور خاتم سے لے کر حسین کی ذات تک پھیلی ہوئی ہے واقعات کے اعتبار سے فقط ایک واقعہ کربلا ہی نہیں بلکہ ماضی کا ہر وہ واقعہ جس میں ایثار و قربانی کی انقلابی لہر پائی جاتی ہے وہ بھی موجود ہے کلام انیس میں جو دائرہ شخصیات و واقعات اور محاربات پر محیط ہے وہ اتنا وسیع ہے کہ اگر ان جزیات کی تفصیل لکھی جائے تو موضوعات کا دفتر ہو جائے۔ لہٰذا انیس نے دائرہ کی وسعت میں بھی اختصار کا معجزہ پیدا کرنے کے لئے تلمیحات کی راہ اختیار کی۔ اور تاریخ اسلام کے واقعات انبیاء و مرسلین کے تذکرے، رسول و آل رسول کے فضائل و معجزات، خیر و شر کی نمائندگی، شخصیات اور محاربات کو کہیں بطور استعارہ اور کہیں بطور تلمیح استعمال کیا ہے۔ اس طرح مرثیہ کی جذباتی اور تصوراتی فضا سے قاری کی نگاہ جب ٹکراتی ہے تو ایک ایسا جلوہ (FLASH) پیدا ہوتا ہے جس کی روشنی سے ان صنعتوں کی مٹھی میں چھپے ہوئے اشارے قاری کے چشم تصور میں دور تک پھیل جاتے ہیں۔

واقعہ کربلا متعدد واقعات کی کڑیوں سے مل کر پیدا ہونے والی ایک عظیم تاریخی حقیقت کا نام ہے جس میں سرفہرست قربانیوں کے واقعات ہیں۔ اپنے جلوؤں میں ہر شہادت مرثیہ کی سرخی ہونے کے ساتھ ساتھ واقعہ کربلا کی نظریاتی اور انقلابی روح لئے ہوئے ہے نظریات کا سب سے نمایاں عنصر افادیت اور ابدی حیات ہے جس کی دلیل میں ہر شہید شر کی ہر افتاد کو برداشت کرنے اور غیر وابستہ غیبی خزانوں کے حصول کے لئے اس حیات عارضی کی ہر متاع قربان کرنے پر آمادہ نظر آتا ہے۔ اگر کسی ایک شہید پر واقعہ کربلا منحصر ہوتا تو اسے دیوانگی یا وارفتگی سے تعبیر کیا جا سکتا تھا۔ لیکن پورے ہوش و حواس اور شعور و بیداری کے ساتھ بہتّر افراد

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کا ایک ہی منزل کی سمت رواں ہونے میں مصائب کی آگ اور خون کے دریا سے گذر جانا مجموعی طور پر ایسی غیبی حقیقت پر گواہی EVIDENCE کا ایک ایسا (FLASH) جلوہ پیدا کرتا ہے جس کے بعد خدا، آخرت اور ابدی حیات پر کسی صالح ذہن کا انکار کرنا ناممکن ہو جاتا ہے۔

انقلابی روح میں دوسرا نمایاں انقلابی عنصر مادی فطرت کا انقلاب ہے۔ چونکہ ظلم کی فتح کا راز مادی فطرت کی کمزوری میں منحصر ہے۔ ظالم و جابر کا ذہن خوف بھوک، پیاس اور جان و مال کے نقصان سے مادی فطرت کو اتنا کمزور بنا دیتا ہے کہ جسم سے احتجاج اور انقلاب کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے۔ اگر بھوک اور پیاس سے بلبلایا مجمع کاخ امراء کے در و دیوار توڑنے لگے تو یہ عمل شدید یدحواسی کا نتیجہ تو ہو سکتا ہے لیکن باشعور اور باضابطہ انقلاب کی پہچان نہیں بن سکتا لیکن اسّی برس کے بوڑھے لیکر چھ مہینے کے بچے، مرد و عورت آقا و غلام قریشی و حبشی، عرب و عجم، بھوک و پیاس، خوف و ہراس سفر میں یکساں شریک ہونے کے باوجود شعور کی اعلیٰ ترین محیرالعقول اقدامات سے عزم کی ایک ایسی آہنی دیوار بن جائیں کہ خنجر کند ہو جائیں اور شہ رگ حیات کی تازگی پر کوئی اثر نہ پڑے تو ماننا پڑے گا کہ مادے کی عام فطرت کو بدلنے کے لئے فطرت سے بالاتر کسی اور نامعلوم جوہر کے مالک تھے ہر ذہن میں اسی نامعلوم جوہر کی کرید پیدا کرنا واقعۂ کربلا کا سب سے بڑا کارنامہ ہے۔ کلام انیس میں واقعۂ کربلا ترتیب کے اعتبار سے منتشر ہے لیکن ہر مرثیہ مندرجہ بالا نظریاتی اور انقلابی روح کا آئینہ دار ہے لہٰذا اگر الگ الگ مرثیہ کا جائزہ لیا جائے تو اسی لذت تحسین کے ساتھ ہر مرثیہ پڑھا جا سکتا ہے جتنا کہ پورے مرثیہ کو واقعات کی ترتیب کے ساتھ مرتب کرکے بالیدگیٔ فکر کا احساس ہوتا ہے چونکہ ترتیب نثری مذاق کے لئے بے حد ضروری ہے اور تحقیقی مقالے میں واقعہ کربلا کا تاریخی منظر نامہ پیش کرنا مقالے کے فقط ایک باب میں زیادہ تفصیل سے ناممکن ہے۔ لہٰذا راقم الحروف نے امام حسین کی مدینے سے روانگی سے اہل حرم کی مدینے کو واپسی

تک کے تمام تاریخی مناظر کو کلام انیس کی روشنی میں پیش کیا ہے۔ تاکہ انیس کی فنکاری تاریخی واقعات کے تسلسل کے آئینے میں بھی دیکھی جا سکے۔

کلام انیس میں رزمیہ عناصر کی جان تاریخی واقعات کا وہ مرکزی تسلسل ہے جس کو ادب کی اصطلاح میں (ACTION) سے تعبیر کیا جاتا ہے چونکہ واقعہ کے جزیات کا ایک ایسا سیل رواں ہوتا ہے جس میں شاعر کا حقیقت نگار قلم واقعات کی تصویر کھینچتا ہوا قاری کے حجاب تصور پر فکر کی متعدد سطحیں ابھارتا ہے۔ واقعۂ کربلا کے جن جزیات کو میر انیس مرثیہ کی زمین پر ابھارتے چلے گئے ہیں۔ اس سے قاری کی فکر اخلاقی، ادبی، فقہی، تاریخی اور فوق البشری تمام سطحوں سے ہم کنار ہو جاتی ہے یعنی مناظر اور واقعات مختلف خلیوں سے پیوست ہو کر ایک (ORGANIC UNIT) عضویاتی اکائی بناتے ہیں۔ جو کسی نہ کسی اخلاقی یا مذہبی قدروں کا اشاریہ بن کر متحرک ہو جاتے ہیں۔ اس طرح واقعات و جزیات کا مجموعی تاثر یہ ہوتا ہے کہ قاری کا تصور مرثیہ کی متحرک اکائیوں سے پیدا ہونے والی رزمیہ فضا میں ہجرت کر جاتا ہے جہاں شخصیات و واقعات تحلیل ہو کر پس منظر میں گم ہو جاتے ہیں اور پیش منظر الٰہی قدروں کا رزم گاہ بن جاتا ہے جس سے ایک ایسا مجموعی (ARGUMENT) پیدا ہوتا ہے۔ جو نہ فلسفہ سے ادا ہو سکتا ہے نہ منطق سے اور نہ کسی نثری سرمایہ اور شعری بیان سے سوائے کلام انیس کی شاعرانہ معجز بیانی کے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کتابیات

القرآن الحکیم	مترجمہ مولانا فرمان علی	چاند کمپنی اردو بازار لاہور
اصول کافی (الشافی) جلد ۱	مترجمہ سید ظفر حسن (ج ۱)	شمیم بکڈپو کراچی ۱۹۸۶ء
اصول کافی (الشافی) جلد ۲	〃 〃 〃	
اسلام دین حکمت	مترجمہ ایم اے انصاری	جامعہ تعلیمات اسلامی کراچی ۱۹۸۲ء
اسلام دین فطرت	مترجمہ سید محمد فضل حق	〃 〃 〃 〃
المنجد (عربی اردو لغت)	مجلس ترتیب المنجد اردو	تاج پبلشر دلی
الفاروق	علامہ شبلی نعمانی	مکتبۂ رحمانیہ اردو بازار لاہور
اصحاب امیر المومنین کی قربانیاں	مولانا سعادت حسین خاں	نظامی پریس لکھنؤ
البلاغ المبین حصہ اول و حصہ سوم	آغا محمد سلطان مرزا	نیو شالامار ٹاؤن لاہور
انتخاب حدیث	مرتبہ محمد جعفر شاہ ندوی	ادارۂ ثقافت اسلامیہ لاہور ۱۹۶۳ء
الحسین عمر ابو نصر	مترجمہ شیخ محمد احمد پانی پتی	ایوان کمپنی نخاس کہنہ الہ آباد ۱۹۸۰ء
اصحاب الیمین	علامہ حسین بخش	مکتبۂ انوار النجف میاں والی (پاکستان)
انتخاب طبری	سید صفدر حسین نجفی	امامیہ پبلیکیشنز گنپت روڈ لاہور
اسلام اور مسلمانوں کی تاریخ جلد ۱	پروفیسر خواجہ عبدالطیف انصاری	رضاکار بکڈپو لاہور ۱۹۶۰ء
〃 〃 〃 جلد ۲	〃 〃 〃	〃 〃 ۱۹۶۰ء
المعجم المفہرس (للالفاظ القرآن الکریم)	مرتبہ محمد فواد عبدالباقی	دار الکتب المصر قاہرہ ۱۳۶۴ھ
انیس کی مرثیہ نگاری	نواب جعفر علی خاں اثر	دانش محل لکھنؤ ۱۹۵۱ء
اردو مرثیہ کی روایت	ڈاکٹر مسیح الزماں	کتاب نگر لکھنؤ ۱۹۶۹ء
الارشاد (تذکرۃ الاطہار)	شیخ مفید مترجمہ سید صفدر حسین نجفی	امامیہ پبلیکیشنز لاہور ۱۹۸۵ء
اردو مرثیہ	سفارش حسین رضوی	مکتبہ جامعہ دہلی ۱۹۶۵ء
احسن الحدیث	طالب جوہری	نشاط آرٹ پریس لاہور ۱۹۹۲ء

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اردو مرثیہ	اظہر علی فاروقی	سیلمی پریس۔ الٰہ آباد سنہ ۱۹۵۸ء
ادب اور ادیب	ڈاکٹر اعجاز حسین	ادارۂ انیس اردو الٰہ آباد سنہ ۱۹۶۰ء
انیس شخصیت اور فن	ڈاکٹر فضل امام	ماڈرن پبلشنگ ہاؤس نئی دہلی سنہ ۱۹۸۴ء
بحار الانوار جلد اول	مترجمہ سید آغا الموسوی الحسینی جزائری	رضوی بک ایجنسی کراچی سنہ ۱۹۸۱ء
بحار الانوار جلد دوئم	〃 〃 〃	〃 〃 سنہ ۱۹۸۱ء
بحار الانوار جلد سوئم	مترجمہ سید حسن امداد	محفوظ بک ایجنسی کراچی سنہ ۱۹۸۲ء
بہتر تارے	سید نجم الحسن	امامیہ کتب خانہ مغل حویلی لاہور
بیسویں صدی اور جدید مرثیہ	ڈاکٹر ہلال نقوی	نارتھ ناظم آباد کراچی سنہ ۱۹۹۴
پیاس	سید غلام عسکری	کے۔ کے جمال پرنٹرس بمبئی سنہ ۱۹۷۳ء
تفہیم القرآن جلد ۱	سید ابو الاعلیٰ مودودی	ذکری مکتبہ اسلامیہ دہلی سنہ ۱۹۷۵ء
تفہیم القرآن جلد ۲	سید ابو الاعلیٰ مودودی	ذکری مکتبہ اسلامیہ دہلی سنہ ۱۹۷۵ء بار دوم
تفہیم القرآن جلد ۵	〃 〃 〃	〃 〃 〃 سنہ ۱۹۷۶ء
تفہیم القرآن جلد ۶	〃 〃 〃	〃 〃 〃 سنہ ۱۹۷۷ء
ترجمان القرآن جلد ۱	مولانا ابو الکلام آزاد	ساہتیہ اکادمی نئی دہلی سنہ ۱۹۸۰ء بار سوم
ترجمان القرآن جلد ۲	〃 〃 〃	〃 〃 〃 سنہ ۱۹۸۰ء
تفسیر نمونہ جلد ۴	ناصر مکارم شیرازی مترجمہ سید صفدر حسین نجفی	حوزۂ علمیہ جامع المنتظر لاہور سنہ ۱۹۸۴ء
تفسیر القرآن جلد اول	سید ظفر حسن	شمیم بک ڈپو کراچی سنہ ۱۹۷۷ء
تفسیر القرآن جلد دوئم	سید ظفر حسن	شمیم بک ڈپو کراچی سنہ ۱۹۷۸ء
تفسیر القرآن جلد سوئم	〃 〃	〃 〃 〃 سنہ ۱۹۸۱ء
تفسیر القرآن جلد چہارم	سید ظفر حسن	〃 〃 〃 سنہ ۱۹۸۳ء
تفسیر القرآن جلد پنجم	〃 〃	〃 〃 〃 سنہ ۱۹۸۵ء
تاریخ اسلام حصہ اول	سید علی نقی نقوی	امامیہ مشن لکھنؤ

تاریخ اسلام حصہ دوئم	سید علی نقی نقوی	امامیہ مشن لکھنؤ
تاریخ اسلام حصہ سوئم		
تاریخ اسلام جلد اول معہ جلد سوئم	محمد بشیر انصاری	بک ایجنسی ریلوے روڈ لاہور
تاریخ ائمہ	سید علی حیدر	اصلاح پریس کھجوا۔ بہار سنہ ۱۹۵۶ء
تاریخ اسلام	اکبر شاہ خاں نجیب آبادی	ناز پبلشنگ ہاؤس دہلی
توضیح المسائل	(فتاویٰ سید ابو القاسم خوئی)	تنظیم المکاتب بجنور لکھنؤ
تلمیحات و اشارات اقبال	ڈاکٹر اکبر حسین قریشی	انجمن ترقی اردو ہند علیگڈھ سنہ ۱۹۷۰ء
تاریخ الحدیث	اسرار الرحمٰن بخاری	صدیقی پبلیکیشن لاہور
ترمذی شریف	مرتبہ حکیم مصباح الدین جامعی	ربانی بک ڈپو دہلی
تاریخ احمدی	نواب شیخ احمد حسین خاں بہادر مرتبہ سید نجم الحسن	امامیہ کتب خانہ لاہور
تاریخ شہادت علی اصغر	سید آغا مہدی رحمت	رحمت اللہ بک ایجنسی کراچی
تعارف مرثیہ	ڈاکٹر شجاعت علی سندیلوی	ادارۂ انیس اردو الٰہ آباد سنہ ۱۹۵۹ء
جوش ملیح آبادی کے مرثیے	مرتبہ ضمیر اختر نقوی	نظامی پریس لکھنؤ سنہ ۱۹۸۱ء
جلاء العیون جلد اول	مترجمہ سید عبد الحسین	شیعہ بک ایجنسی لاہور
جامع التواریخ فی مقتل الحسین جلد ۱	مرتبہ فرزند حسین قریشی	افتخار بک ڈپو لاہور
جامع التواریخ فی مقتل الحسین جلد ۲	〃 〃	نامی پریس لاہور
جہان افکار	ڈاکٹر مجاہد حسین رضوی	حسینی نوشین پبلکیشنز حیدرآباد سنہ ۱۹۸۸
چودہ ستارے	سید نجم الحسن	امامیہ کتب خانہ لاہور
حیات القلوب جلد اول	مترجمہ سید بشارت حسین کامل مرزاپوری	امامیہ کتب خانہ لاہور
حیات القلوب جلد دوئم	〃 〃 〃	〃 〃 〃
حیات انیس	امجد علی اشہری	مطبوعہ آگرہ سنہ ۱۹۰۰ء
خدا شناسی	سید مجتبیٰ موسوی لاری	مترجمہ نجم عشروی دفتر فرہنگ اسلامی ایران سنہ ۱۹۸۵ء

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خداشناسی　ناصر مکارم شیرازی　مترجمہ محمد اصغر یزداں　امامیہ پبلیکیشن لاہور

خلاصۃ المصائب　مرتبہ سید تصدق حسین رضوی　کاظمین بک سنٹر لاہور

خطبۂ غدیر　مرتبہ ملک محمد حیدر　علامہ اقبال میڈیکل کالج لاہور ۱۹۸۳ء

دبستان عشق کی مرثیہ گوئی　پروفیسر جعفر رضا　نیشنل کتاب گھر الہ آباد ۱۹۷۲ء

دکن میں مرثیہ اور عزاداری　ڈاکٹر رشید موسوی　چارکمان حیدرآباد ۱۹۷۰ء

ذبح عظیم　سید اولاد حیدر فوق بلگرامی　مقبول پریس موری دروازہ دہلی ۱۳۴۹ء

روح انیس　پروفیسر سید مسعود حسین ادیب　کتاب نگر لکھنؤ ۱۹۷۲ء

رزمنامہ انیس　مرتبہ پروفیسر سید مسعود حسین ادیب　" "　۱۹۵۷ء

روضۃ الشہداء　مترجمہ صائم چشتی　چشتی کتب خانہ فیصل آباد ۱۹۸۶ء بار اول

سانحۂ کربلا بطور شعری استعارہ　پروفیسر گوپی چند نارنگ　ایجوکیشنل پبلیکیشن ہاؤس دہلی ۱۹۸۶ء

سرفراز (انیس نمبر) لکھنؤ　فروری ۱۹۷۲ء

سفینۃ البکاء فی مصائب سید الشہداء　زاہد حسین جارچوی　افتخار بک ڈپو لاہور

سنن ابن داؤد شریف جلد اول　مترجمہ وحید الزماں　اعتقاد پبلشنگ ہاؤس دہلی ۱۹۸۵ء

سنن ابن داؤد جلد دوئم　" " "　" ۱۹۸۵ء

سلمان محمدی　مقبول احمد　سرفراز قومی پریس لکھنؤ ۱۹۷۴ء

سیرت امیر المومنین جلد اول　مفتی جعفر حسین　امامیہ کتب خانہ لاہور

شہادت کبریٰ　سید محمد رضی　ادارۂ نشر علوم دینیہ کراچی

شہدائے کربلا حصہ اول　سید علی نقی نقوی　امامیہ مشن لکھنؤ ۱۳۵۶ھ

شہدائے کربلا حصہ دوئم　" " "　" " " ۱۳۵۶ھ

شہدائے کربلا حصہ سوئم　" " "　۱۳۵۷ھ

شہید انسانیت　" " "　کتاب نگر لکھنؤ ۱۹۹۳ء

شعرا بر اردو وادر عشق علی　ضمیر اختر نقوی　مرکز علوم اسلامیہ یونیورسٹی روڈ گلشن اقبال کراچی ۱۹۹۲ء

صواعق محرقہ (برق سوزاں)　مترجمہ اختر فتح پوری　جمالی ماس پرنٹرس

صحیفۂ کاملہ　مترجمہ مفتی جعفر حسین　حیدری کتب خانہ بمبئی

صحیح بخاری (عربی)　مطبوعہ عثمانیہ مصر ۱۹۳۲ء

صحیح مسلم (عربی)　مطبوعہ مصطفےٰ البابی مصر

صحیح ترمذی (عربی)　مطبوعہ قرآن محل کراچی

عکسی قرآن مجید　مولانا اشرف علیؒ　تاج آفس بمبئی

غنیۃ الطالبین　شیخ عبدالقادر جیلانی　مترجمہ امان اللہ خاں سرحدی　اعتقاد پبلشنگ ہاؤس دہلی ۱۹۷۹ء

فلسفۂ نماز　محسن علی نجفی　امامیہ پبلیکیشنز لاہور ۱۹۸۶ء

فلسفۂ معجزہ　سید ابوالقاسم خوئی　مترجمہ ایم اے انصاری　جامع تبلیغات کراچی

فضائل علی　ابن ابی الحدید معتزلی　مترجمہ سید مرتضیٰ حسین　کاظمیہ کتب خانہ لاہور ۱۹۸۵ء

فلسفۂ انقلاب حسین　سید یحییٰ نوری　مترجمہ سید ذیشان حیدر جوادی　احباب پبلیکیشنز لکھنؤ

فاطمہ ہے فاطمہ　ڈاکٹر علی شریعتی　مترجمہ پروفیسر سردار نقوی　ادارۂ احیاء تراث اسلامی کراچی

فکر بلیغ　شاد عظیم آبادی　نسیم بکڈپو ۱۹۷۴ء

قرآن حکیم اور آخری پیغمبر　ناصر مکارم شیرازی　مترجمہ سید ذیشان حیدر جوادی　احباب پبلیکیشنز لکھنؤ ۱۹۷۶ء

قصص القرآن　سید صدر الدین بلاغی　مترجمہ عبدالصمد صارم الازہری　مکتبۂ معین الادب لاہور ۱۹۸۰ء

قمر بنی ہاشم　سید ذیشان حیدر جوادی　مذہبی دنیا الہ آباد ۱۹۸۰ء

کوکب دری (مناقب مرتضوی)　مترجمہ سید شریف حسین　البرہان بک ڈپو لاہور

کربلا شناسی　سید سعید اختر رضوی　نور اسلام امامباڑہ فیض آباد ۱۹۸۲ء

کردار یزید　غلام حسین نجفی　وفاق علمائے شیعہ پاکستان ضلع نواب شاہ سندھ

لواعج الاحزان جلد-۱　مرتبہ سید نجم الحسن　جنرل بک ایجنسی لاہور ۱۹۶۱ء

مذہب و شاعری　ڈاکٹر اعجاز حسین　اردو مرکز لاہور ۱۹۵۵ء

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مراثی انیس جلد اول نول کشور پریس لکھنؤ سنہ ۱۹۵۸ء (بار ہشتم)

مراثی انیس جلد دوئم نول کشور پریس لکھنؤ سنہ ۱۹۵۸ء (بار ہشتم)

مراثی انیس جلد سوئم نول کشور پریش لکھنؤ سنہ ۱۹۵۸ء (〃 〃)

مراثی انیس جلد چہارم نول کشور پریس لکھنؤ سنہ ۱۹۵۸ء (بار ہفتم)

مراثی انیس جلد اوّل مرتبہ نائب حسین شیخ غلام علی اینڈ سنس لاہور سنہ ۱۹۵۹ء

مراثی انیس جلد دوئم مرتبہ نائب حسین شیخ غلام علی اینڈ سنس لاہور سنہ ۱۹۵۹ء

مراثی انیس جلد سوئم مرتبہ نائب حسین شیخ غلام علی اینڈ سنس لاہور سنہ ۱۹۵۹ء

مراثی انیس جلد چہارم مرتبہ نائب حسین شیخ غلام علی اینڈ سنس لاہور سنہ ۱۹۵۹ء

مراثی انیس جلد اوّل مرتبہ سید علی حیدر نظم طباطبائی نامی پریس بدایوں سنہ ۱۹۳۵ء

مراثی انیس جلد دوئم مرتبہ سید علی حیدر نظم طباطبائی نامی پریس بدایوں سنہ ۱۹۳۵ء

مجموعۂ رباعیات میر انیس مرتبہ سید محمد عباس نول کشور پریس لکھنؤ سنہ ۱۹۴۸ء

مرثیہ نظم کی صنفات میں مرتبہ سید عاشور کاظمی ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس دہلی

منتہی الآمال جلد اول (احسن المقال) مترجمہ سید صفدر حسین نجفی امامیہ پبلیکیشنز لاہور

منتہی الآمال جلد دوئم (احسن المقال) 〃 〃 〃 〃

مفاتیح الجنان شیخ عباس قمی مترجمہ شیخ اختر عباس امامیہ کتب خانہ لاہور۔

مقدمہ تفسیر القرآن سید علی النقی نقوی ادارۂ معارف القرآن نظیر آباد لکھنؤ سنہ ۱۹۷۶ء

مذاہب عالم کا تقابلی مطالعہ چودھری غلام رسول علمی کتب خانہ لاہور سنہ ۱۹۸۱ء

ماتم اور صحابہ، غلام حسین نجفی جامع المنتظر لاہور

مشکواۃ شریف کامل مترجمہ آغا رفیق بلند شہری دارالفرقان جامع مسجد دہلی

معالم العترۃ (ینابیع المودۃ) ترجمہ ملک محمد شریف جنرل بک ایجنسی لاہور

موازنۂ انیس و دبیر علامہ شبلی نعمانی مرتبہ ڈاکٹر مسیح الزماں رام نرائن بینی مادھو کٹرہ الہ آباد سنہ ۱۹۸۱ء

مناقب ابن شہر آشوب (مجموعہ فضائل) مترجمہ سید ظفر حسن شمیم بک ڈپو کراچی

مظلومۂ کربلا، سید محمد حسین جعفری رضوی بک ایجنسی کراچی سنہ ۱۴۰۳ھ

مکتب اہل بیتؑ آقا حسن رضا غدیری موسسہ منزل لاہور سنہ ۱۹۸۶ء

مطالعہ قرآن علامہ السید ذیشان حیدر جوادی تنظیم المکاتب لکھنؤ

مرثیے کی سماجیات ڈاکٹر عقیل رضوی نصرت پبلشر امین آباد لکھنؤ سنہ ۱۹۹۳

نبیؐ رحمت حصہ اول سید ابوالحسن ندوی مجلس تحقیقات نشریات اسلام لکھنؤ سنہ ۱۹۷۸ء

نہر المصائب مرزا قاسم علی کربلائی نول کشور پریس لکھنؤ سنہ ۱۸۹۲ء

نہج البلاغہ مرتبہ مفتی جعفر حسین امامیہ کتب خانہ لاہور

نہج البلاغہ مرتبہ انصار حسین احباب پبلشرز لکھنؤ سنہ ۱۹۷۰ء

نہج الاسرار جلد اول مرتبہ سید غلام حسین رضا آقا احمد بک ڈپو کراچی سنہ ۱۹۷۸ء

نہج الاسرار جلد دوئم مرتبہ سید غلام حسین رضا آقا افتخار بک ڈپو لاہور سنہ ۱۹۸۱ء

نظام زندگی سید علی نقی نقوی امامیہ پبلیکیشن لاہور

نوائے انیس ڈاکٹر محمد احسن فاروقی مطبوعہ کراچی سنہ ۱۹۶۵ء

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas